354	ہفتہ	19	ست بکھا	19:10	6	28	حوت	17:38	بطین	10:16	۳	نحس	
355	اتوار	20	پورباپھادرپد	20:31	7	29			ثریا	08:13	۴	نیک	عرس حضرت پیر سید محبوب علی شاہ (حویلیاں)
356	سوموار	[illegible]	اترپھادرپد	22:32	8	جدی			دبران	06:01	۵	نحس	
357	منگل	[illegible]	اترپھادرپد		9	2	حمل	03:32	ہقعہ	03:41	۶	نیک	
358	بدھ	[illegible]	ریوتی	01:07	10	3			ہنعہ	22:06	۷	نیک	جنگ موتہ ۸ھ
359	جمعرات	[illegible]	اشنی	04:02	11	4	ثور	15:55	ذراعہ	20:57	۸	نیک	
360	جمعہ	[illegible]	بھرنی	07:06	12	5			نثرہ	19:11	۹	نیک	
361	ہفتہ	26	کرتیکا	10:05	13	6			طرفہ	17:53	۱۰	نحس اکبر	
362	اتوار	[illegible]	روہنی	12:48	14	7	جوزا	04:32	جبہ	17:12	۱۱	نحس اکبر	
363	سوموار	[illegible]	مرگسرا	15:09	15	8			زہرہ	17:12	۱۲	نیک	
364	منگل	[illegible]	آردرا	17:01	16	9	سرطان	15:28	صرفہ	17:58	۱۳	نحس	
365	بدھ	[illegible]	پزبس	18:24	17	10			عوا	19:28	۱۴	نیک	
366	جمعرات	[illegible]	پکھ	19:18	18	11	اسد	23:57	سماک	21:35	۱۵	نیک	ولادت باسعادت امام زین العابدینؑ ۳۸ھ

اوقات شرعی برائے لاہور-کراچی

تاریخ	نماز فجر	طلوع آفتاب	نماز ظہرین	غروب آفتاب	نماز مغربین	طلوع آفتاب (کراچی)	غروب آفتاب (کراچی)
	بابت ماہ دسمبر-لاہور					کراچی	
1	05:22	06:43	11:55	05:01	05:12	06:59	05:43
2	05:22	06:43	11:55	05:01	05:12	07:00	05:43
3	05:23	06:44	11:55	05:01	05:12	07:01	05:43
4	05:24	06:45	11:55	05:01	05:12	07:01	05:43
5	05:25	06:46	11:56	05:01	05:12	07:02	05:43
6	05:25	06:46	11:56	05:01	05:12	07:02	05:43
7	05:26	06:47	11:57	05:01	05:12	07:03	05:43
8	05:26	06:48	11:57	05:02	05:13	07:04	05:43
9	05:27	06:49	11:58	05:02	05:13	07:05	05:44
10	05:28	06:50	11:58	05:02	05:13	07:05	05:44
11	05:29	06:51	11:59	05:02	05:13	07:06	05:44
12	05:29	06:51	11:59	05:02	05:14	07:06	05:44
13	05:30	06:52	12:00	05:02	05:14	07:07	05:45
14	05:31	06:53	12:00	05:03	05:14	07:07	05:45
15	05:31	06:53	12:01	05:03	05:14	07:08	05:46
16	05:32	06:54	12:01	05:03	05:15	07:09	05:46
17	05:32	06:54	12:02	05:04	05:15	07:10	05:46
18	05:33	06:55	12:02	05:04	05:16	07:10	05:46
19	05:33	06:55	12:03	05:05	05:16	07:11	05:47
20	05:34	06:56	12:03	05:05	05:17	07:11	05:47
21	05:35	06:56	12:04	05:06	05:17	07:12	05:48
22	05:35	06:57	12:04	05:06	05:18	07:12	05:48
23	05:36	06:57	12:05	05:07	05:18	07:13	05:49
24	05:36	06:58	12:05	05:07	05:19	07:13	05:49
25	05:36	06:58	12:06	05:08	05:19	07:14	05:50
26	05:37	06:59	12:06	05:08	05:20	07:14	05:50
27	05:37	06:59	12:07	05:09	05:20	07:15	05:51
28	05:38	07:00	12:08	05:10	05:21	07:15	05:52
29	05:38	07:00	12:08	05:10	05:21	07:15	05:53
30	05:39	07:00	12:09	05:11	05:22	07:15	05:53
31	05:39	07:00	12:09	05:12	05:23	07:16	05:54

جمادی الاول کا چاند دیکھ کر

سورۂ مزمل (پارہ 29) پڑھیں [illegible]

اسم اعظم: یا کافی (اے کفایت کرنے والے) یا کافی [illegible] 500 بار بعد نماز فجر روزانہ پڑھیں۔

صدقہ: سوا کلو دال [illegible] قبرستان میں پھینک دیں۔

ہدایات حضرت امام رضاؑ: اس ماہ [illegible] کا استعمال کریں [illegible]

استقامت ورجعت سیارگان

سیارہ	تاریخ	برج	مستقیم راجع	دقیقہ درجہ	وقت
یورانس	11 جنوری	ثور	مستقیم	02.39	06:48
عطارد	17 فروری	حوت	رجعت	12.53	05:54
عطارد	10 مارچ	دلو	مستقیم	28.12	08:48
پلوٹو	25 اپریل	جدی	رجعت	24.59	23:53
زحل	11 مئی	دلو	رجعت	01.57	09:08
زہرہ	13 مئی	جوزا	رجعت	21.50	11:44
مشتری	14 مئی	جدی	رجعت	27.14	19:31
عطارد	18 جون	سرطان	رجعت	14.45	09:59
نیپچون	23 جون	حوت	رجعت	20.57	09:32
زہرہ	25 جون	جوزا	مستقیم	05.20	11:48
عطارد	12 جولائی	سرطان	مستقیم	05.29	13:26
زہرہ	15 اگست	ثور	رجعت	10.41	19:27
مریخ	10 ستمبر	حمل	رجعت	28.08	03:22
مشتری	13 ستمبر	جدی	مستقیم	17.24	05:41
زحل	29 ستمبر	جدی	مستقیم	25.20	10:11
پلوٹو	04 اکتوبر	جدی	مستقیم	22.29	18:32
عطارد	14 اکتوبر	عقرب	رجعت	11.40	06:04
عطارد	03 نومبر	میزان	مستقیم	25.53	22:49
مریخ	17 نومبر	حمل	مستقیم	15.14	05:35
نیپچون	29 نومبر	حوت	مستقیم	18.09	05:36

جب کوئی سیارہ اپنے مرکز کے گرد مدار میں حسب فطرت گھوم رہا ہوتا ہے تو سیارے کی اس گردش کو مستقیم کہا جاتا ہے اور جب بھی سیارہ اپنے سے زیادہ طاقتور سیارے کے سامنے آنے کی وجہ سے پیچھے ہٹنا شروع ہو جاتا ہے تو اُس اُلٹ رفتار کو حالت رجعت کہا جاتا ہے۔ مستقیم حالت میں کوئی بھی سیارہ ہو گردش کرتے وقت اپنے بھرپور سعد اثرات ظاہر کریگا۔ ان سعد قوتوں سے کام لینے کیلئے خاص اوقات مستقیم کا جاننا ضروری ہے جبکہ حالت رجعت یعنی اُلٹی چال چلتے ہوئے سیارہ اپنی سعد قوتوں کو کھودیگا یہ نہایت کمزور اور نحس حالت کہلاتی ہے اس دوران ان سیارگان سے متعلقہ امور سے بچنا چاہیے۔ سیارے کی سعد حالت میں عمل خیر کیے جاتے ہیں اور حالت رجعت میں عمل شر کیے جائینگے۔

یونیورسل بک ڈپو، سانگھڑ (سندھ) رہبر بک اکیڈمی، لاڑکانہ (سندھ) ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

Solar & Lunar Eclipses
کسوف و خسوف 2020ء

سال رواں میں 6 گرہن ہونگے جن میں 4 چاند گرہن اور 2 سورج گرہن ہونگے۔
ان گرہن کے وقت آغاز، مکمل اور خاتمہ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ھے

Lunar Total Eclipse — مکمل چاند گرہن

10 جنوری 2020ء بروز جمعۃ المبارک 22 بجکر 07 منٹ 44 سیکنڈ پر برج سرطان کے 19.53 درجہ پر لگے گا۔ یہ گرہن 11 جنوری کو مکمل 00:10 ہوگا اور اسکا خاتمہ 02 بجکر 17 منٹ پر ہوگا۔ یہ گرہن افریقہ، شمالی امریکہ کا کچھ حصہ مشرق میں جنوبی امریکہ، پیسفیک، بحر اوقیانوس، بحر ہند، آرکٹک میں دیکھا جاسکے گا۔ (نوٹ) اس گرہن کا دورانیہ 4 گھنٹہ 40 منٹ ہوگا۔

Lunar Total Eclipse — مکمل چاند گرہن

05 جون 2020ء بروز جمعۃ المبارک 22 بجکر 45 منٹ پر برج قوس کے 15.42 درجہ پر لگے گا یہ گرہن 06 جون کو مکمل 00:25 ہوگا اور اسکا خاتمہ 02 بجکر 09 منٹ پر ہوگا یہ گرہن زیادہ تر یورپی اور ایشائی ممالک، آسٹریلیا، افریقہ، جنوبی / مشرقی جنوبی امریکہ، پیسفیک، بحر اوقیانوس، بحر ہند، انٹارکٹیکا میں دیکھا جاسکے گا۔ (نوٹ) اس گرہن کا دورانیہ 3 گھنٹہ 18 منٹ ہوگا۔

Solar Partial Eclipse — جزوی سورج گرہن

21 جون 2020ء بروز اتوار 09:47 پر برج سرطان کے 00.21 درجہ پر لگے گا۔ یہ گرہن 21 جون کو مکمل 11:40 پر ہوگا اور اسکا خاتمہ 13:32 منٹ پر ہوگا۔ (نوٹ) اس گرہن کا سودک 08:45 تا 14:34 تک رہیگا یہ گرہن جنوبی / مشرقی یورپ، بیشتر ایشائی ممالک، شمالی آسٹریلیا، افریقہ کے بیشتر حصوں سمیت، بحر الکاہل اور بحر ہند میں دیکھا جاسکے گا۔

Lunar Total Eclipse — مکمل چاند گرہن

05 جولائی 2020ء بروز اتوار 08:07 پر برج جدی کے 13.30 درجہ پر لگے گا یہ گرہن 05 جولائی 09:30 پر مکمل ہوگا اور اسکا خاتمہ 10:52 پر ہوگا۔ (نوٹ) اس گرہن کا دورانیہ 2:45 ہوگا۔ یہ گرہن جنوبی / مغربی یورپی ممالک، افریقہ کے زیادہ تر ممالک، زیادہ تر شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ، بحر الکاہل، بحر ہند اور انٹارکٹیکا میں دیکھا جاسکے گا۔

Lunar Total Eclipse — مکمل چاند گرہن

30 نومبر 2020ء بروز سوموار 12:27 پر برج جوزا کے 08.44 درجہ پر لگے گا یہ گرہن 30 نومبر 14:42 پر مکمل ہوگا اور اسکا خاتمہ 16:58 پر ہوگا۔ نوٹ) اسکا دورانیہ 4:21 ہوگا۔ یہ گرہن زیادہ تر یورپی اور ایشائی ممالک، آسٹریلیا، شمالی وجنوبی امریکہ، اٹلانٹک میں دیکھا جاسکے گا۔ (عین خانہ کعبہ کے اوپر)

Solar Partial Eclipse — جزوی سورج گرہن

14 دسمبر 2020ء بروز سوموار برج قوس کے 19:32 درجہ پر لگے گا یہ گرہن 14 دسمبر 21:13 پر مکمل ہوگا اور اسکا خاتمہ 22:54 پر ہوگا۔ (نوٹ) اس گرہن کا سودک 18:33 تا 23:53 تک رہیگا اسکا دورانیہ 02:10 ہوگا۔ یہ گرہن افریقہ میں جنوبی حصہ، زیادہ تر جنوبی امریکہ، بحر الکاہل، بحر ہند، انٹارکٹیکا میں دیکھا جاسکے گا۔

اختر بک سٹال فیصل بازار سرگودھا 0312-2758104 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

عمل یا وظیفہ سے قبل حصار

کوئی بھی عمل یا وظیفہ کریں اس سے پہلے حصار کرنا ضروری ہے کیونکہ حصار ایک ایسی حفاظت دیتا ہے کہ دوران عمل یا وظیفہ جنات یا دوسری مخفی طاقتیں صاحب وظیفہ کو نقصان نہ پہنچا ئیں۔ حصار جتنا بہتر اور اچھا ہوگا وظیفہ میں اتنی ہی قوت پیدا ہوتی ہے کسی عمل یا وظیفہ کی رجعت سے محفوظ رہنے کیلئے بھی حصار کیا جاتا ہے حصار کرنے سے قبل نیت کریں کہ میں اپنے آپ کو اور اہل خانہ کو اللہ کی حفاظت میں دیتا ہوں بوسیلہ واسطہ محمد و آل محمد۔ **حصار نمبر 1:**۔اول آخر درود پاک پڑھنے کے بعد 7 بار تعوذ پڑھیں۔ 21,21 بار یا حافظ یا حفیظ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور پورے جسم پر پھیر لیں جب عمل یا وظیفہ ختم کر چکیں تو دوبارہ اس کو دہرائیں اور اپنی نشست سے اٹھ جائیں۔ **حصار نمبر 2:**۔اول آخر درود پاک پڑھنے کے بعد چاروں قل اور آیت الکرسی ایک بار پڑھیں۔ آخر میں یا قوی یا قابض پڑھ کر چاروں سمتوں میں دم کریں۔ شہادت کی انگلی پر پھونک کر اپنے گرد دائرہ لگائیں آسمان اور زمین پر پھونک ماردیں۔ **حصار نمبر 3**:۔اول آخر درود شریف پڑھ کر جس کلام کا وظیفہ کر رہے ہوں وہ کلام 7 بار پڑھیں اور 7 بار سورۃ یٰسین کی آیت نمبر 6 تا 7 پڑھیں۔ (نوٹ) قارئین کوئی بھی عمل شروع کرنے سے پہلے ان حصار کو لازمی ذہن میں رکھیں اور ان میں سے کوئی بھی حصار لگا کر عمل شروع کریں تاکہ عمل کی رجعت اور ناکامی سے بچا جا سکے۔

سمت رجال الغیب

رجال الغیب سے مرادان خدا ہیں جنھوں نے اپنی زندگی عبادت و ریاضت میں گزاری۔ اللہ تعالیٰ ان کے اٹھے ہوئے ہاتھوں کو بھی خالی نہیں لوٹاتا اور دوران عمل ان مردان خدا سے امداد لی جائے تو عمل میں کامیابی یقینی ہوتی ہے۔ چاند کی تاریخوں کے مطابق یہ اپنی سمت تبدیل کرتے ہیں ذیل میں دی گئی چاند کی تاریخوں کے مطابق اپنے چہرہ سمت کی جانب کریں گے تو مردان خدا آپ کی پشت پر ہونگے۔ اگر رجال الغیب سامنے ہونگے تو عمل الٹ ہوجائیگا۔

سمت	قمری تواریخ
شمال مغرب	1,9,16,24
شمال مشرق	2,10,17,25
شمال	3,11,18,26
مشرق	4,12,19,27
جنوب مشرق	5,13,20
جنوب مغرب	6,21,28
مغرب	7,14,22,29
جنوب	8,15,23,30

خصوصی عزیمت سیارگان دفع پریشانی

مصائب و حادثات، بدنصیبی، خاتمہ جادو کے اثرات

یَااَللّٰہُ یَاھَادِیُ یَا طَاھِرُ یَامُغْنِیُ یَا نَافِعُ یَاصُبورُ یَاکَافِی یَاسَمِیعُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوم یَالَطِیفُ یَاعَظِیمُ یَارَئُوفُ بَحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بَحَقِّ حمعٓسٓقٓ بَحَقِّ اِیَّاکَ نَعبُدُوَ اِیَّاکَ نَستَعِینُ اَحْفِظْنِی مِن اَلنَّحوسَتِ اَلشَّمسُ وَالقَمَرِ وَالمُشتَرِی وَالزُّحل وَالزُّھرہ وَالعَطَارِد وَالمَرِیخُ وَالرَاسِ وَالذَنبُ بَحَقِّ یَااَللّٰہُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ یَالَم یَلِدِ وَلَم یُولَد وَلَم یَکُن لَہٗ کُفُوًا اَحَد

اول و آخر سات بار درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰے آلِہٖ مُحمد بَعَدَ دَالْمُزَّمِل وَالخَصَائِص

بارہ بار درج بالا عزیمت کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور پورے جسم پر پھیر لیں اگر یہی معمول ہمیشہ رکھیں گے تو انشاءاللہ ہمیشہ پریشانی مصائب اور جادو کے اثرات، دوسری نحوستوں، دشمنوں کے حملوں سے بچے رہیں گے۔ والدین بچوں کے لیے یہ عزیمت خود پڑھ سکتے ہیں۔

دعائے رجال الغیب

کسی بھی عمل کی ابتداء سے قبل دو رکعت نماز نفل برائے استطاعت و امداد رجال الغیب ادا کریں اور دعائے رجال الغیب سمت کے مطابق 11 بار پڑھیں دعائے رجال الغیب یہ ہے۔

اَلسَّلاَمُ عَلَیکُم یَااَروَاحِ المقدَّسِتِہ اَلسَّلاَمُ عَلَیکُم یَا رِجَالُ الغَیبِ اَلسَّلاَمُ عَلَیکُم یَانَجَبَاءُ اَلسَّلاَمُ عَلَیکُم یَا اَوتَادو اَلسَّلاَمُ عَلَیکُمُ یَا اَفرَادُ اَلسَّلاَمُ عَلَیکُم یَااُمَنَاءُ اَلسَّلاَمُ عَلَیکُمُ یَاغَوثَاہُ اَلسَّلاَمُ عَلَیکُم یَاقُطبُ الاَقطَابُ اَغثُونِی بِغَوثَتِہ وَاَلظُرونِے بِنَظرَۃ وَارحَمُونِی بِرَحمِتِ وَحَصِّلُونِی مُرَادِی وَمَقصُودِی وَقُومُوا اِلیٰ خوآنجِی فِی الدُّنیَا وَالاٰخِرَۃ بِحَقِ مُحَمّدِ وَّاٰلِہِ الطَّیبِیِنَ الطَّاھِرِینَ بِرَحمَتِکَ یَااَرحَمَ الرَّاحِمِینَ۔

اسرارِ غیبی

تحریر:۔علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی مشہدی' بیت الزہراؑ مکان نمبر 494' اسٹریٹ 106' آئی 8/4 اسلام آباد 0345-5457551

قارئین گرامی جنتری نہ صرف ایک سال بلکہ ایک طویل عرصہ بعض گھروں میں مورد استفادہ ہوتی ہے لہذا ہم چاہتے ہیں کہ اپنے محترم قارئین گرامی کو ایسا قیمتی تحفہ دیں جو آنے والے اوقات، دنوں، سالوں میں بھی مفید رہیں اور عوام الناس اس سے بھرپور استفادہ حاصل کرتے رہیں۔ عموماً عاملین مجربات کا اظہار نہیں کرتے مگر ہم اپنی موجودہ تقاضا حیات اور صحت کو مدنظر رکھتے ہوئے اسرار پیش کر رہے ہیں۔ اُمید ہے آپ مدیران جنتری اور ہمارے لئے دعا خیر کریں گے۔

ہر مقصد حل ہو جائے

ہر قسم کے مقصد کیلئے ایک ایسا وظیفہ جس کو زندگی میں ایک بار کرنا بھی کافی ہے۔ اس وظیفہ کی زکوۃ 21 دن دینا ہے پھر اس وظیفہ کی روحانیت آپکے تصرف میں آجائے گی جس چیز کی خواہش کریں گے وہ گھر بیٹھے آپ کو ملے گی مثلاً کاروبار، شادی، عشق محبت پیار میں کامیابی اور ہر قسم کی بندش دور کرنا یا تسخیر خاص یا رجوع خلق کیلئے بے حد موثر ہے۔

طریقہ:۔اس ورد کو نوچندی اتوار یا جمعرات کو شروع کریں اور 21 دن میں مکمل کریں اول آخر 101 مرتبہ کوئی بھی درود پاک پڑھیں پھر اس وظیفہ کو روز 5960 مرتبہ پڑھیں۔ جب 21 دن مکمل ہو جائیں تو اس کی نیاز بنائیں اور ہدیہ محمدؐ و آل محمدؐ کی خدمت میں پیش کریں اور نیاز چھوٹے بچوں کو یا 14 لوگوں کو کھلائیں اس کے بعد اس وظیفہ کی مداومت 108 مرتبہ روزانہ کریں ان شاء اللہ یہ وظیفہ آپکو ہر وظیفے سے بے نیاز کر دیگا۔

عبارت وظیفہ:۔**یا عزیز من کل عزیز بحق یا عزیز**

مشکل آسان ہو جائیگی

کسی مصیبت اور پریشانی سے چھٹکارے اور جائز حاجت کیلئے 7 دن کا وظیفہ پیش ہے اُمید ہے کہ پسند آئیگا۔

طریقہ:۔اول و آخر 14 بار درود پاک اور 1200 بار پڑھیں اور دعا مانگیں۔ احتیاط ورد کے دوران 7 دن سے پہلے پریشانی حل ہوگی۔ مقصد کی کامیابی کے بعد صدقہ اور نیاز ضرور دیں۔

دعا یہ ھے:۔**نجلة منك يا سيدي الكريم، نجيني و خلصني بحق بسم الله الرحمن الرحيم**

سورۃ فاتحہ، حاجت روائی

سورۃ فاتحہ کا ایسا ورد جو ہر مقصد کیلئے کیا جا سکتا ہے اس وظیفہ کی مدت 21 دن ہے لیکن اس کا فائدہ 15 دن میں ہی مل جاتا ہے۔

وظیفہ یہ ھے:۔اس وظیفہ کو نوچندی جمعرات میں پڑھنا شروع کریں وقت اور جگہ ایک ہو۔ اس وظیفہ کو پڑھنے کے بعد خشوع و خضوع سے اللہ تعالی سے دعا مانگیں 21 دن تک سورۃ فاتحہ 200 بار پڑھیں۔ ذیل میں دی گئی تعداد سورۃ فاتحہ کے مطابق ورد کریں۔

دن	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
تعداد	1	30	8	40	4	30	30	15	200	2
دن	11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
تعداد	1	30	70	1	30	40	10	50	1	30

محبوب کو بلانے کا وظیفہ

اگر کسی کا محبوب ناراض ہو جائے یا چھوڑ جائے تو اس کو پاس بلانے کیلئے ذیل کا وظیفہ نوچندی جمعرات سے شروع کرنا ہے۔

طریقہ:۔41 عدد کالی مرچیں لیں ہر مرچ پر 41 بار سورۃ اخلاص پڑھ لیں پھر ایک عدد بڑے سائز کا سیب لیں اس کو درمیان سے ایسے سوراخ کریں کہ چھلکا ضائع نہ ہو اور وہ 41 مرچیں اس سوراخ میں بھر لیں اور ساتھ ہی ایک پرچی پر طالب اور مطلوب کا نام مع والدہ لکھ کر عزیمت بنا کر رکھ دیں پھر اس سیب کو دھاگے یا ٹیپ سے اچھی طرح بند کر دیں۔ اس کے بعد ایک پاک جگہ پر گڑھا کھود دیں یا بڑے گملے میں یا انگیٹھی لیں اور اس میں کوئلے جلا لیں اور درمیان

میں سیب رکھ دیں پھر اس کے نزدیک بیٹھ کر لا تعداد سورۃ اخلاص پڑھیں جب تک سیب پورا جل نہ جائے۔ یہ وظیفہ اتنا پُر تاثیر ہے کہ سیب کے راکھ بننے سے پہلے محبوب حاضر ہوگا یا کوئی خبر ملے گی۔

وظیفہ برائے محبت و تسخیر

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ

درود پاک پڑھ کر دو زانوں ہو کر بیٹھ جائیں اور متعلقہ شخص کا دھیان کر کے سانس کو لمبا کھینچیں اور سانس روک لیں اور درج بالا آیت کو (16) سولہ بار پڑھیں اور سانس خارج کر دیں اس طرح (16) سولہ بار سانس لیں اس وظیفہ کی مدت (16) سولہ دن ہے۔ درج بالا آیت قرآن پاک کی ہے اسے زبانی یاد کریں گے تو اس وظیفہ میں بے پناہ تاثیر پیدا ہو جائے گی۔

سورۃ عبس کا وظیفہ (چاند گرہن)

صاحب وظیفہ کسی بھی قسم کے جادو والے فرد پر دم کرے تو جادو واپس کرنے والے کی طرف پلٹ جائیگا اور اُسکی جانب سے کیا گیا جادو کے وار کی رجعت اسی وقت ختم ہو جائیگی۔

وظیفہ: ۔گرہن شروع ہوتے ہی دو رکعت نماز نفل ادا کریں اور 100 بار سورۃ اخلاص پڑھ کر حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح کو اور حضرت خضر علیہ السلام کی روح کو ہدیہ کرے پھر ورد شروع کریں۔ سورۃ عبس کو 41 بار پڑھ لے یہ ورد جیسے ہی چاند گرہن کا آغاز ہو ورد شروع کر دیں۔ وظیفہ مکمل ہوا اور اسکی روحانیات صاحب وظیفہ کیلئے مسخر ہو گئی۔ پھر دو رکعت نفل ادا کریں اور بچوں میں مٹھائی تقسیم کریں۔

حُب شفاء (جادو کی کاٹ)

طریقہ ورد: ۔نو چندی جمعہ اول و آخر 11,11 بار درود ابراہیمی 8,8 بار **سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ** پڑھنا ہے۔ سفید لباس ہو تو بہت اچھا ہے 16 دن کا وظیفہ ہے وقت اور جگہ ایک ہو۔ ورد ختم ہونے کے بعد اسی دن سوا پاؤ بکرے کا گوشت بغیر ہڈی تھیلی میں ڈال کر قبرستان کے کونے میں رکھ دیں۔ رکھتے ہوئے یہ بولنا ہے کہ یہ آپ لوگوں کیلئے ہے تھیلی کا منہ کھلا ہو۔

تعویذ برائے فراوانی رزق حق

تحریر: ۔عامل فقیر حقدار بہلکانی (کشمور سندھ)
0301-3684215

زمانہ کہاں سے کہاں پہنچ گیا کافروں نے کتنی ترقی کی کہ کل تک ہمارے ساتھ آزاد ہونے والا ملک ہندوستان چاند تک پہنچ گیا اور ہم ابھی تک رزق روزی کے چکر میں ہیں وجہ ہماری بد اعمالی ہے مومنین سے گزارش ہے کہ توبہ کے بعد ذیل کے وظیفہ کو شروع کریں۔

قرآن پاک کے پارہ نمبر ۱۲ کے شروعات آیت پہلی یعنی کہ **وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ** سے لے کر **عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا** تک کی ہے فرمان ربانی ہے کہ اس دنیا میں کوئی بھی ایسا جاندار نہیں ہے جس کے رزق کا بندوبست رب کریم نے نہیں کی ہے۔ یہ نقش ذوا کتابت ہے۔ دوسرے الفاظ میں یہ تعویذ برائے رزق فراخ بھی کہلاتا ہے۔ یہ تعویذ رزق حق کا یادداشت نامہ ہے جو کہ ایمان کو رزق کے حوالے سے مضبوط کرتا ہے اور بندے میں رزق کے حوالے سے باطنی قوت کو فروغ دیتا ہے ہمہ قسم رزق کی بندش کو ختم کر پاتا ہے اور زیادہ تر اُس قسم کے لوگوں کے لئے زیادہ فائدہ مند ہے جو نوکری کے تلاش میں ہوتے یا کہیں بیرون ملک رزق کے متلاشی ہوتے ہیں کبھی کبھی کچھ لوگ حصول رزق تک اس آیت کا ورد بھی کرتے ہیں۔ پڑھنا لکھنا اور کوئی کام سیکھنا یہ بھی مستقبل رزق حاصل کرنے کے زمرے میں آتا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ تعویذ اس قسم کے کاموں کے لئے بھی تیر بہدف شامل ہوتا ہے رزق حق کے لئے اس تعویذ کو موم جامہ کر کے گلے میں باندھنا، دائیں ہاتھ میں باندھنا اپنی جیب یا گھر میں رکھنے سے میرا ایمان ہے کہ بندے کو غیبی رزق عنایت ہوگا اور اس تعویذ پر عمل کرنا کار ثواب میں آ جاتا ہے۔ کسی سعد ساعت میں یہ تعویذ بندہ جس کیلئے ضرورت ہو اس کے نام مع والدہ کے اعداد شامل کر کے مشک زعفران سے لکھا جاتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۵۳۵	۵۳۸	۵۴۱	۵۲۸
۵۴۰	۵۲۹	۵۳۴	۵۳۹
۵۳۰	۵۴۳	۵۳۶	۵۳۳
۵۳۷	۵۳۲	۵۳۱	۵۴۲
یا رزاق	یا لطیف	یا بدوح	یا ودود

قول ان اللہ ہو الرزاق ذو القوۃ المتین
ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب
رزق فلاں بن فلاں خلاصہ ہو بحق یا رزاق

محمدؐ و آل محمدؐ کا فیض

تحریر :۔ زوار حکیم محمد ابصار حیدری، زرنال ہاؤس، حیدری مطب تلہ گنگ 0306-5286954

محترم قارئین کرام! السلام علیکم! اس سال نہایت ہی مجرب چیزیں بوسیلہ جعفریہ جنتری 2020ء تحریر کررہا ہوں۔ دُعا ہے کہ خالق اکبر تمام مومنین و مومنات کو ہمیشہ سلامت رہیں۔ آمین۔

حصول دولت :۔ صبح بیدار ہو کر بغیر کسی سے بات کئے باوضو ہو کر 99 مرتبہ نادعلی اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اور خالقِ اکبر سے دُعا کریں۔ ان شاء اللہ حصول دولت کے لئے مجرب ترین ہے۔ یہ عمل 41 دن لگاتار کریں۔ ہر جمعرات کو 7 رنگ کی مٹھائی مولا علی کے نام کی بانٹیں۔ نیز عرق گلاب کی بوتل میں ایک سفید کاغذ پر پکی سیاہی سے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر ڈال دیں اور گھر کے کسی ایک کونہ میں لٹکا دیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

یا اللّٰہ جل جلالہٗ یا محمدؐ یا علی یا پاک بی بی سیدہ سلام اللہ علیہا

یا حسنؑ یا حسینؑ کثیر رزق حلال ارسال شُد

یا کاشف الکرب عن وجہ الحسین علیہ السلام

اکشف کربی بحق اخیک الحسین علیہ السلام

نوٹ :۔ یہ تعویذ عرق گلاب میں ڈال کر 3 ہفتہ تک دن میں تین بار پئیں اور ایک تعویذ لکھ کر گھر کے کونے میں لٹکانے سے فالج تک کی بیماری بھی ختم ہو جاتی ہے۔ بات ایمان اور یقین کی ہے۔ ان تین ہفتہ میں جو بھی جمعرات آئے مغرب سے قبل نیاز مولا حسینؑ دلوائیں۔

شیطانی وسواس سے بچاو :۔ آج کل لوگ شیطانی عملیات اور تنتروں کے ذریعے لوگوں کو پریشان کر دیتے ہیں۔ جس سے انسانوں کو پاک ہستیوں کے حوالہ سے بھی بُرے خیالات آتے ہیں۔ انسان معافی مانگتا رہتا ہے کہ میں گناہ گار ہو رہا ہوں جس سے انسان بہت پریشان ہو جاتا ہے۔ شیطانی وسواس سے بچنے کیلئے اس اسم مبارک (اَلۡمُقۡسِطُ) اور (اَلۡمَانِعُ) کا وظیفہ ایک ایک تسبیح اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کریں۔ اور خالق اکبر سے دُعا مانگیں نیز یہ نقش بھی پاس رکھیں۔ ان اسماء الٰہی کے علاوہ بھی میری کتاب ''ذات الٰہی اور صفاتِ الٰہی'' کا مطالعہ فرما کر اپنے مسائل کے حل کے لئے دعا کریں۔

۷۸۶/۱۱۰/۱۳۳

xxx ۴۵۴۳

✔	✔	•✔	✔
✔	•✔	✔	✔
✔	✔	✔•	✔
•✔	✔	✔	✔

xxx ۴۵۷۳

بندش ختم کرنے کیلئے مجرب ترین

ہر قسم کی لگی ہوئی بندش ختم کرنے کیلئے تیر بہدف ہے اکثر عاملین پر شیطانی طاقتوں کی وجہ سے بندش اور کڑے لگ جاتے ہیں۔ سائلینکے کام عاملین کرتے ہیں مگر اُن میں رکاوٹیں آجاتی ہیں۔ ان رکاوٹوں اور بندشوں ختم کرنے کیلئے یہ مندرہ پڑھیں۔ یہ پلٹانے کیلئے بھی مجرب ترین ہے۔ **مندرہ**

کر بھلی، سب بلا ٹلی، توڑنا منکر کی نلی
پھر نہ آوے، اس گلی، جو بھی مجھ پر جادو کرے
اُسی کی بندش اُسی پہ چلی،
حق مندرہ کائنات کے امیرؑ کا
والدِ حسنؑ و شبیرؑ کا

ترکیب :۔ بعد از نمازِ عشاء ایک دودھ کا گلاس، پانی کا گلاس اور 7 رنگ کی مٹھائی سامنے رکھ کر 110 مرتبہ پڑھیں۔ 110 مرتبہ یہ مندرہ پڑھنے کے بعد 41 مرتبہ نادِعلی پڑھیں۔ نادِعلی کا ہدیہ مولا کی بارگاہ میں پیش کر کے اللہ تعالیٰ سے محمدؐ و آل محمدؐ اور حضرت خواجہ خضرؑ کے وسیلہ سے دُعا مانگیں۔

تھوڑا سا دودھ پانی والے گلاس میں ڈال دیں۔ 7 رنگ کی مٹھائی سے چٹکی چٹکی برابر مٹھائی بھی اس میں ڈال دیں۔ یہ تمام دودھ پانی عمل کرنے والا پی لے اور چٹکی چٹکی برابر جو مٹھائی گلاس میں ہو وہ بھی نگل لیں۔

دودھ اور باقی مٹھائی خود بھی استعمال کر سکتے ہیں اور بچوں اور بڑوں میں بھی تقسیم کر سکتے ہیں۔ یہ عمل 41 دن کریں پہلے دن سے ہی اثرات کا احاطہ کر لیں گے آپ اس عمل سے بندش رزق، بندش رشتہ، بندش نفس و سکون، بندشِ راہ، بندشِ راہ بندشِ کلام و تعویز وغیرہ ختم ہو جاتی ہے۔ یہ مندرہ میری کتاب ''مندرے ہی مندرے'' میں بھی ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔ جس میں ہر قسم کی رُوحانی جسمانی بیماریوں اور پریشانیوں کے حل کے لئے مجرب ترین ''مندرے'' موجود ہیں۔ آزما کر دُعا فرمائیں۔

الوارث سنز c/o طارق بک ڈپو منڈی محمد صدیق نزد گرلز ہائی اسکول پنڈ دادنخان ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

قرآن کریم سے مسائل کا حل

تحریر:۔ سید حیدر شاہ شیرازی (جھنگ)
0092-3442420784

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو تمام انسانیت کی ہدایت کے واسطے نازل فرمایا اور یہ تا قیامت تمام انسانوں خواہ وہ مسلمان ہوں یا کسی اور مذہب سے تمام کیلئے باعث ہدایت ہے۔ آج کل بہت سے جعلی عاملوں نے لوگوں کو بلند و بالا دعوے کر کے گمراہ کیا ہوا ہے۔ مگر قرآن پاک پر ہر انسان کو پورا اعتماد ہے۔ ہمارے بزرگان نے پشتوں سے ہمیں جو علم سکھایا وہ قرآن سے استفادہ ہے بہت سے لوگ قرآن سے عملیات بتاتے ہیں مگر پھر بھی کامیابی نہیں ہوتی اس کی اصل وجہ علم الاعداد کو مخلوط نہ کرنا ہے۔ ہم پورے سال میں قرآنی آیات کو علم الاعداد سے مخلوط کر کے مختلف کاموں اور فلاح انسانیت کیلئے شائع کرواتے ہیں۔

حفاظت و غلبہ دشمن کیلئے

سورۂ طٰہٰ، آیت نمبر 68 قلنا لا تخف سے الاعلیٰ تک
ق+ی 2=0+1+1<110=100+10

مفرد کے حساب سے اس آیت کو صبح صادق کے وقت سندور اور عرق گلاب سے دو کاغذ پر لکھیں جس دشمن پر غلبہ چاہئے اس کا نام مع والدہ لکھ کر پاس رکھیں تقویت رہے گی۔ یا اس کا نام کیل سے لکھ کر درخت میں گاڑ دیں۔

غیر شرعی تعلق کا خاتمہ

سورۃ احزاب آیت نمبر 35 آیت کا آخری حصہ وَالْحٰفِظِیْنَ فُرُوْجَهُمْ سے اجراً عظیما تک۔ و+الف=6+1=7 اس کا مفرد عدد 7 نکلا ہے لہٰذا اگر کوئی شخص غلط تعلق میں مبتلا ہو یا اس کے آفس کا ماحول ایسا ہو جس کی وجہ سے خطرہ ہو یا وہ جان بوجھ کر ایسے تعلقات رکھے تو تعلق چھڑانے کیلئے دونوں کے نام مقناطیس پر سات بار لکھیں اور آیت کو سات بار پڑھیں اور اس کو توڑ کر الگ الگ دفنا دیں جلدی تعلق کا خاتمہ ہوگا۔

حصول محبت و مابین صلح کیلئے

سورۃ ممتحنہ آیت نمبر عَسَی اللّٰہُ اَنْ سے غفور رحیم تک۔ ع+م 70+40=110=0+1+1=2 اس کا مفرد عدد 2 نکلا ہے اگر کوئی رشتہ نہ ہو رہا ہو یا پہلے محبت اور تعلق رہا ہو مگر اب ختم ہو چکا ہو یا والدین کی باہمی رضامندی کیلئے یا حسب توفیق 2000 مرتبہ مٹھائی کے 2 دانوں پر آیت پڑھ کر کھلا دیں یا پھر کامیابی کے لئے آتشی زعفرانی عمل کریں جو کہ مجرب ہے۔

ہمہ قسم بندش کے لئے

سورۃ نمل آیت نمبر 92 و ان اتلوالقرآن سے من المنذرین تک۔ و+ن=6+50=56=5+6=11=1+1=2 اس کا مفرد عدد 2 نکلا ہے۔ یہ بندش کیلئے آزمودہ ہے بندش کئی قسم کی ہوتی ہے کاروباری، رشتوں کی، شادی میں رکاوٹ، اولاد کی بندش، اس کیلئے یا تو اُتارے یا توڑ کا عمل کریں یا پھر اس آیت کو زحل کی ساعت میں زعفران سے لکھ کر وزن تلے دبا دیں۔ 21 یوم میں بندش کا خاتمہ ہوگا ان شاءاللہ۔

کاروباری ترقی و برکت کیلئے مجرب

سورۃ فاطر آیت نمبر 30 لِیُوَفِّیَهُمْ اُجُوْرَهُمْ سے غَفُوْرٌ شَکُوْرٌ تک۔ ل+ر 30+200=230=0+3+2=5 اگر کسی کو کاروبار میں فائدہ نہ ہو رہا ہو یا اچانک نقصان کی طرف چلا گیا ہو یا ویسے تنگی رزق ہو تو اس آیت کو پانچ الگ کاغذوں پر لکھ کر وزن تلے دبا دیں ان شاء اللہ جلد ٹھیک ہوگا۔

بے اولاد افراد کیلئے مجرب وظیفہ

تحریر:۔ ثقلین رضا (لاہور)

ذیل کی دعا حضرت ابراہیمؑ سے منسوب ہے بہت ہی پُر تاثیر ہے شک کی کوئی گنجائش نہیں ہے مکمل یقین کامل کے ساتھ وظیفہ مکمل کریں۔ ان شاء اللہ کبھی مایوسی نہیں ہوگی میں اب تک یہ وظیفہ کافی مریضوں پر آزما چکا ہوں۔

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ

ترجمہ:۔ اے میرے رب! مجھے نیک بخت اولاد عطا فرما۔

نماز عشاء کے بعد روزانہ ایک سو مرتبہ یہ دعا پڑھیں اور نماز فجر ادا کرنے کے بعد (333) مرتبہ اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ پڑھے اور دودھ پر دم کر کے میاں، بیوی دونوں دودھ پی لیں انشاء اللہ اسے حمل قرار پائے اور اولاد نرینہ نصیب ہوگی۔ **وظیفہ مدت**:۔ اکیس دن

اللہ سے نیک اور صالح اولاد کے حصول کیلئے دعا کرنی چاہیے۔ اے اللہ تو نے جس بھائی کو بھی اولاد دی ہے انہیں ان کے والدین کے فرمانبردار بھی بنا دے اور جن بھائیوں کو اولاد سے محروم رکھا ہے انہیں نیک اور صالح اولاد عطاء فرما۔

نوٹ:۔ اول آخر درود شریف لازمی پڑھی اور نماز کی پابندی لازم ہے

شاہین نیوز ایجنسی، نمک میانی تحصیل بھیرہ 0344-7483511 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

Www.Zamanshah683@yahoo.com

فیض علوم قرآنی

تحریر:۔ الحمد والے شاہ جی۔ گلشن حدید، بن قاسم، کراچی 49۔ 0333,0342,0312-2408821

محترم قارئین جعفریہ جنتری! کوئی بھی شخص کتنا ہی بڑا عامل ہو مگر وہ ہمیشہ پروردگار کی رضا اور خوشنودی اہل بیت کا ہمیشہ طلب گار رہتا ہے۔ اپنے بزرگوں کے عطاء کردہ فیض علوم قرآنی سے مجربات آپ کی خدمت میں خلوص دل اور نیک نیت سے پیش کرتا ہوں۔ عمل کرنے کی اجازت عام ہے بشرطیکہ بندہ پانچ وقت کا نمازی ہو اور کام کا مقصد جائز اور نیک ہو۔

نافرمان اولاد: ۔اولاد کی بے راہ روی اور نافرمانی آج تقریباً ہر گھر کا مسئلہ ہے۔ یقیناً اس میں کہیں نہ کہیں والدین کی چشم پوشی۔ بے توجہی۔ بے جا ضد کو پورا کرنا اور بے جالاڈ پیار کا عمل دخل ضرور ہوتا ہے۔

"وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ" (پارہ نمبر ۲۲، سورۃ الاحقاف، آیت نمبر15)

ہر نماز کے بعد ۳۳ بار یہ آیت پڑھا کریں اور لفظ **ذُرِّیَّتِیْ** کے وقت اپنی نافرمان اولاد کا تصور کریں۔

دوسرا عمل: ۔کوری مٹی کی پلیٹ پر شہد اور سرکہ کو مکس کر کے قلم سے اس مٹی کی پلیٹ پر لکھیں۔ پارہ نمبر 1، سورہ البقرہ کی آیت نمبر 74۔ اس کوری پلیٹ کو پانی میں بھگو کر وہ پانی نافرمان اولاد کو پلایا جائے پانچ دن تک۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اولاد فرمان بردار ہو جائے گی۔

ہر بیماری سے شفا: ۔بیماری کتنی ہی سخت ہو۔ پیچیدہ ہو حتیٰ کہ ڈاکٹر حکماء نے جواب دے دیا ہو۔ بفضل ربی ہر مریض شفایاب ہوگا۔ بست مجرب ہے۔ بیس کلو گندم میں ایک پاؤ سرخ مرچ ثابت مکس کر دیں اور درج ذیل آیات ۱۰۶ (ایک سو چھ) بار پڑھیں اور پڑھتے وقت سیدھے ہاتھ کی شہادت والی اُنگلی مسلسل اس گندم میں پھیرتے رہیں۔

(۱) وَ یَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ۔سورۃ توبہ (آیت ۱۴)

(۲) وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۔سورۃ یونس (آیت ۵۷)

(۳) یَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۔سورۃ نحل (آیت ۶۹)

(۴) وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۔سورۃ بنی اسرائیل (آیت ۸۲)

(۵) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ۔سورۃ شعراء (آیت ۸۰)

(۶) قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّشِفَآءٌ
پارہ حم سورۃ سجدہ (آیت ۴۴)

جب تمام آیات پڑھ کر گندم پر دم کر لیں تو ایک پاک صاف چادر زمین پر بچھا کر مریض کو اُس پر چت سیدھا لٹا دیں اور تمام گندم مریض کے جسم پر بچھا دیں چہرہ چھوڑ کر۔ اب مریض اپنے دونوں ہاتھوں سے گندم کو چادر پر گراتا جائے اور بولتا جائے۔ میری جان کا صدقہ۔ نظر بد کا صدقہ۔ جادو ٹونہ، سفلی آسیب کا صدقہ۔ پھر یہ گندم کسی ویران جگہ پر رکھ کر آجائیں۔ مریض نہالے تو اچھا ہے ورنہ وضو ضرور کرے۔

دشمن پر فتح پائیں: ۔قرآن پاک میں چار آیات ایسی موجود ہیں جو آیات حزب کہلاتی ہیں۔ ہر آیت میں دس بار لفظ "قاف" آیا ہے۔ اس طرح چاروں آیات میں چالیس بار "قاف" استعمال ہوا ہے۔ اس لئے ان آیات کو "چہل کاف" بھی کہا جاتا ہے۔ کوئی ایسا دشمن جس نے اذیت دے رکھی ہو تو یہ آیات زعفران اور گلاب سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ دشمن شرمندہ ہو کر قدموں میں آگرے گا، ان شاء اللہ۔

(۱) پہلی آیت سورۃ "البقرہ" آیت ۲۴۶ ہے۔

(۲) دوسری آیت سورۃ "آل عمران" آیت ۱۸۱ ہے۔

(۳) تیسری آیت سورۃ "نساء" آیت ۷۷ ہے۔

(۴) سورۃ "المائدہ" آیت ۲۷ ہے۔

بدگو کی زبان بندی: ۔کچھ لوگ بہت سخت دل ہوتے ہیں۔ ہر ایک کی دل آزاری کرنا، غیبت کرنا، کردار کشی کرنا۔ شیطان بازی سے گھر میں فساد ڈلوانا اُن کی عادت ہوتی ہے۔ کسی انسان کی دل آزاری کرنا ایسا ہے، جس کی معافی کا اختیار اللہ کے پاس نہیں ہے جب تک کہ متاثرہ شخص خود معاف نہ کرے۔ سورہ "النور" کی آیت ۱۲ سے ۱۸ تک چینی کی پلیٹ پر لکھیں۔ سرکہ اور شہد مکس کر کے اس سے لکھیں اور زبان دراز شخص کو پلائیں۔

ناجائز تعلقات: ۔معاشرتی بے راہ روی کی وجہ سے والدین اپنی اولاد اور بیوی اپنے شوہر کی وجہ سے از حد پریشان ہے۔ ہر دوسرے گھر میں یہ مسئلہ موجود ہے۔ بے شمار بار کا آزمودہ عمل بتا رہا ہوں۔ اگر کوئی شخص ناجائز کسی کے ساتھ کرے گا تو اپنے نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔

فیصل نیوز ایجنسی، کچہری بازار، راجن پور۔ 0641-688663 | ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات



قمر درعقرب ہر ماہ میں آتا ہے جس کا درست وقت آپکو اسی جنتری میں سے مل جائیگا۔قمر درعقرب میں مریخ کی ساعت میں یہ عمل کریں اور رجال الغیب کالازمی خیال رکھیں۔ایسا نقش بنائیں بھوج پتر پر اور نیچے آیت لکھیں۔

نیچےسورۃ المائدہ آیت ٦٤ اَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ تک لکھیں۔اور لکھیں فلاں بن فلاں و فلاں بنت فلاں کے درمیان ناجائز تعلقات ختم۔ اَلْبَغْض ہوجدائی ہو بحق اس اسم اور آیت پاک کے۔

یہ بھوج پتر شاپر میں لپیٹ کر قبرستان میں دو قبروں کے درمیان دفن کردیں۔ یادرکھیں اگر ناجائز کسی پر عمل کریں گے تو دنیا و آخرت میں ذلت ملے گی۔

نشہ۔شراب۔بد عادات :۔کوئی بھی شخص نشہ،شراب، جواء یا کسی اور بدعادات میں مبتلا ہو گیا اور اصلاح کا کوئی طریقہ نظر نہ آئے تو سورہ آل عمران کی آیت ۱۹۲ اور ۱۹۳ اس شخص کے پہنے ہوئے کپڑے پر کالے مارکر سے لکھیں اور یہ کپڑا کسی شیشی میں بند کر کے محفوظ جگہ پر شیشی کو دفن کردیں۔ان شاء اللہ فیضِ علوم قرآنی کی برکت سے وہ شخص اصلاح پائے گا اور بدعادات سے جان چھوٹ جائے گی۔

جان و مال کی حفاظت :۔بہت سے طالب علم اور طالبات اور ملازم حضرات موٹر سائیکل یا گاڑی پر روزانہ سفر کرتے ہیں۔ ٹریفک کے بے ہنگم رش کی وجہ سے آئے روز حادثات ہوجاتے ہیں اور کئی خاندان اپنے گھر کے چشم و چراغ سے محروم ہوجاتے ہیں۔یہ سات آیات عرقِ گلاب اور زعفران سے لکھیں اور اپنے بیگ یا پرس میں رکھیں۔ان شاء اللہ خیر و عافیت سے رہیں گے۔

(۱) پارہ نمبر۳ سورۃ البقرہ آیت ۲۵۵ سے وَلَا يَئُودُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ تک۔

(۲) پارہ نمبر۱۳ کی سورۃ یوسف آیت ٦٤ سے فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ تک۔

(۳) پارہ نمبر۲۳،سورۃ الصّٰفّٰت آیت ۷ سے وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ تک۔

(۴) پارہ نمبر۱۴،سورہ الحجر آیت ۱۷ سے وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ تک۔

(۵) پارہ نمبر۲۴،سورہ حٰمٓ سجدہ آیت ۱۲ سے وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ تک۔

(٦) پارہ نمبر۳۰،سورۃ الطارق آیت ۴ سے اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ تک۔

(۷) پارہ نمبر۳۰ سورہ البروج،آیت ۱۲ سے آیت نمبر۲۲ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۝ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۝ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۝ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۝ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ۝ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ۝ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ۝ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝ تک۔

وظیفہ خاص: ہر خواہش پوری ہو

تحریر:۔سید علی حیدر (گجرات)

قارئین جعفریہ جنتری کی خدمت میں ایک آزمودہ وظیفہ پیش کررہا ہوں جو شخص **سورہ الشمس** صرف چالیس بار پڑھے ہر بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اول و آخر سات بار درود ابراہیمی یا وہ خود نہیں پڑھ سکتا تو اس کی طرف سے کوئی اور پڑھے لے، چالیس دن، ستر دن، یا نوے دن اور اگر مراد حاصل نہ ہو تا حصول مراد جب تک مراد حاصل نہ ہو یہ پڑھے تو اس کے سامنے انوکھا معاملہ ہوگا۔

جس میں سب سے پہلے اس کے ساتھ زندگی کی ایک ایسی ترتیب چلے گی کہ وہ مالا مال ہوجائے گا، بے اولاد پڑھے گا تو اس کے ہاں اولاد ہوجائے گی، بے روزگار پڑھے اس کا رزق کھل جائے گا، بے آسرا پڑھے گا اسے آسرا مل جائے گا، بے وسیلہ پڑھے گا اسے وسیلہ مل جائے گا جس کو شفا نہیں اس کو شفا مل جائے گی جس کو تکلیف ہے اس کی تکلیف دور ہوجائے گی جس کی اولاد میں گندگی ہے اس میں صفائی آجائے گی جس کے بچے ہوتے ہیں مرجاتے ہیں، اگر وہ پڑھیں گے تو اس کے بچے صحت یاب پیدا ہوں گے جس کے بچے ٹیڑھے الٹے یا عجیب الخلقت یا مریض پیدا ہوتے ہیں یا نامکمل پیدا ہوتے ہیں وہ صحت یاب ہوجائیں گے۔

اعظم بک ڈپو مظفر گڑھ اقتدار کتاب گھر راجن پور ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

تحریر:۔ حکیم جعفر عباس بیاسی فاضل پورٹی نزد پولیس چوکی تحصیل راجن پور 0302-79096393

شکر مولاؑ

علاج بالمثل (ہومیوپیتھی) میں مریض کو فائدہ صرف اسی صورت میں ہوتا ہے جب دوا مرض کے متماثل ہوتی ہے۔ اس طریقہ علاج کے ماہرین کا کہنا ہے کہ ہر چیز میں قوت ہوتی ہے۔ مثلاً ایک مادّی (ظاہری) دوسری روحانی (باطنی)۔ چنانچہ دوا کی رُوحانی قوت جب مرض کے متماثل ہو جاتی ہے تو دوا مقناطیس کی طرح مرض کو اپنے اندر جذب کر لیتی ہے اور مریض اچھا ہو جاتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہر چیز کے واسطے مناسبت ہی ایسی چیز ہے جو شفا بھی دیتی ہے۔ جو خیر لاتی ہے اور نقصان کو دفع کرتی ہے۔ چنانچہ دنیاوی حاجات اور روحانی (باطنی) ضروریات کے لئے مناسب اسم الٰہی کا استخراج یا قرآن پاک سے مناسبت رکھتی ہوئی آیت مبارکہ ہی وہ کام یا متماثلت ہے جس سے دنیاوی حاجات کو پورا کیا جاسکتا ہے۔ روحانی مدارج کو طے کیا جاتا ہے۔ اور جو موافقت اسم یا آیت علم جفر کے ذریعہ سے ہو وہ مثل سیف قاطع اور برق ساطع کے ہے۔ اس طریقہ یا ذریعہ سے بحکم الٰہی انسان یا مشکلات کا شکار کوئی بھی فرد جلد اپنی مراد حاصل کر لیتا ہے۔ اور مشکلات کے بھنور سے ان کی برکات سے نکال کر سکون کی زندگی گزارتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے خود قرآن پاک میں فرمایا ہے: **وللّٰہ الاسماء الحُسنیٰ فادعوبھا** یعنی اللہ تعالیٰ کے اسمائے حُسنیٰ کے ذریعے دعا کرو۔

علم جفر نے نام اور پوشیدہ باطنی قوت کو معلوم کرنے کیلئے کچھ قواعد مقرر کئے ہیں۔ اگر ان قواعد کی رُو سے کسی ایک یا ایک سے زیادہ اسماء الٰہی کا یا آیات قرآنی کا باطن کسی شخص یا مقصد سے متماثل ہو جائے تو پھر اس کی کامیابی وکامرانی میں کسی قسم کا شبہ نہیں رہتا۔ اس کی ہر دُعا مستجاب ہوتی ہے۔ اور جن اسماء الٰہیہ سے متماثلت پیدا ہو جائے وہ اسمائے مبارکہ اسم اعظم کا درجہ رکھتے ہیں۔ ان کا وِرد اگر اعتقاد اور خلوصِ نیت سے کیا جائے تو اس کا اثر مثل برق ظاہر ہوتا ہے۔ گویا فتح اور کامرانی کی کلید اس شخص کے ہاتھ آجاتی ہے۔

اسم اعظم کا استخراج ایک الگ مسئلہ ہے لیکن اس کے استعمال کے بھی اُصول ہیں۔ حالانکہ اللہ سبحانہٗ نے دُعاؤں کو قبول کرنے کا وعدہ فرمایا **"ادعونی استجب لکم"** یہ تو ہر ذی شعور مؤمن مسلمان بخوبی جانتا ہے۔ ہر چیز کے حصول کے لئے کچھ شرائط ہوتی ہیں اور کچھ موانع ہوتے ہیں۔ جب تک شرائط کی تکمیل نہ ہوگی اور جن باتوں سے روکا گیا ہوگا ان سے پرہیز نہ کیا جائے اس وقت تک کسی بھی مقصد میں کامیابی ناممکن ہے۔ جیسے اگر کوئی شخص بے وضو نماز پڑھے تو قبول نہ ہوگی۔ بغیر پرہیزوں کے وظائف پڑھے تو بجائے فائدہ کے نقصان ہونے کا امکان زیادہ ہے۔ اگر نقصان نہ بھی ہو تو وقت برباد تو ضرور ہوا۔ انسان کو اس زندگی میں بے شمار مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ روحانی امداد کے طلب گار بھی ہوتے ہیں محنت بھی کرتے ہیں۔ وقت بھی لگاتے ہیں لیکن انجام ناکامی! جب ان کی محنت اور ہدایات پر غور کیا جائے تو ناکامی کے اسباب بےاحتیاطی شرائط کی پابندی نہ کرنا ہی ہوتے ہیں۔

محترم قارئین کرام! یہ اہل بیت اور آل رسول کا غلام اس بات کا یقین دلاتا ہے۔ اگر آپ نے ہدایات پر عمل کیا تو کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ جعفریہ جنتری 2020ء کیلئے ایک خاص تحفہ لوح تسخیر لاثانی کی صورت میں پیش کر رہا ہوں۔ ہر سال لوح تسخیر کا عنوان میں دیتا ہوں۔ یہ میرے مضمون کی ایک انفرادیت ہے کہ (لوح تسخیر) تمام ملک اندرون و بیرون میری پہچان بن گیا۔ یہ عنوان آج سے قبل میں نے اسی جنتری میں شروع کیا تھا۔ رسائل میں اسی عنوان کے تحت لکھ رہا تھا۔

اسی عنوان لوح تسخیر نے اتنی مقبولیت حاصل کی کہ ہر آنے والے لکھاری نے اسی کو تختہ مشق بنالیا۔ میرا یہ عنوان مستقل ہے لیکن ریکارڈ گواہ ہے ہر سال نیا اور الگ عمل کا طریقہ کار اسی عنوان کے تحت پیش کیا۔ یہ مولائے کائنات کا خصوصی کرم ہے کہ اسی جنتری نے مجھے پوری دُنیا میں دوامی شہرت وعزت بخشی۔ میں اس کا شکر گزار ہوں۔ عرض کر رہا تھا کہ یہ لوح تسخیر اسم اعظم اور آیت قرآنی کا امتزاج ہے جو اپنے فوائد واثرات میں بڑی پُر تاثیر ہے۔

اس دوران علم جفر کے علاوہ کسی چیز کا دعویٰ نہیں کیا صرف جفر ہی کو اوڑھنا بچھونا بنایا جفر کے علاوہ کسی اور طرف دیکھنے کی فرصت ہی نہ ملی لیکن آج جب 20 سال یا 25 سال کی عمر کے کاملین کی طرف سے ہزاروں روپے لے کر دنیا کی ہر انعامی سکیم سے گارنٹی سے نمبر دینے کا اشتہار دیکھتا ہوں تو تعجب ہوتا ہے کہ یہ لوگ خود ایک ہی نمبر لگا کر کیوں نہیں آرام کی زندگی گزار لیتے کیوں کاسہ لیسی ہوتی ہے۔ پھر حاضرات مؤکلات تسخیر حیات واَرواح، تسخیر ہمزاد پریاں وغیرہ بھی قابو کرنے کی ریاضتیں کروائی جاتی ہیں ایسے گوہر قابل تو فلاح وخدمت انسانیت اور مخلوق خدا کی راہ نمائی کا اعلیٰ اعزاز ملنا

چاہئے۔میری دعا ہے مولانا کریم ان کی عمریں دراز کریں۔آمین۔

اس لوح تسخیر کے جملہ مقاصد ہر دفعہ اور ہر مضمون میں تحریر ہوتے ہیں۔مختصراً یہ کہ کامیابی وکامرانی فتح ونصرت کے دروازے کھلتے ہیں۔نحوست زحل (ساڑھ ستی) دُور ہوکر کاروبار میں ترقی ہوتی ہے۔قرض ادا ہوتا ہے۔تجارت میں منافع۔میاں بیوی میں محبت۔بیرون ملک سفر اور امتحان میں کامیابی۔ملازمت کا حصول ومقدمات میں کامیابی ان شاء اللہ صرف چالیس تا ساٹھ دن کے دوران اس لڑکی کا نصیب کھل کر رشتہ طے ہوجائے گا جس کے رشتے آتے ہیں لوٹ جاتے ہیں یا بندش اور رکاوٹ ہے۔یعنی ہر جائز مقصد میں آپ کی معاون زندگی ہوگی۔ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کوئی اَن دیکھی غیبی قوت ساتھ ہو۔اصل میں یہ روحانی پوشیدہ قوتیں ہوتی ہیں۔

طریقہ تیاری لوح تسخیر لاثانی: ۔سب سے پہلے اپنے نام کا اسم اعظم حرف مستوی حرف دلیلی اور حرف مشتری کے مطابق استخراج کریں یہ اسم الٰہی آپ کے نام کے مطابق اور نام کے سر حرف کے اور اعداد کے مطابق ہوگا۔اسم اعظم استخراج کے بے شمار طریقے ہیں۔آسان طریقہ یہ ہے۔اپنے اعداد کے مطابق اللہ کے اسماء سے ایک یا دو نام لے لیں۔مثلاً میرا نام۔اعداد 548 ہیں۔پہلا حرف اسم الٰہی سریع (340)، معز (117)، مالک (91)-548، آیت مبارکہ **لقد جاء کم تا رئوف رحیم** (2898) ساتھ شامل کریں۔

غور کریں۔اس نقش کے اندر سورت اخلاص کے اعداد بھی قائم ہیں۔اس نقش کو نوروز شرف قمر کے علاوہ ہر خاص وقت میں لکھ کر گلے میں ڈالیں ایک پھل دار درخت سے لٹکائیں اور روزانہ آیت پاک اور اسماء الٰہیہ اپنے نام کے مطابق پڑھیں۔مقصد بہت جلد آپ کے سامنے ہوگا۔

کھانسی کا علاج

حضرت امام رضا علیہ السلام سے مروی ہے کہ کسی شخص نے امام سے عرض کیا کہ میں پرانی اور نئی کھانسی میں مبتلا ہوں کیا کروں آپ نے فرمایا کہ فلفل سفید۔خریق سفید۔سنبل الطیب (بالچھڑ) الائچی ہر ایک ایک حصہ۔فرفیون ۲ حصہ۔اُسے خوب کوٹ کر چھان کر شہد کف گرفتہ کے ساتھ حبوب نخودی بنالیں۔ہر قسم کی کھانسی کیلئے رات کو سوتے وقت ایک گولی بارش کے پانی نیم گرم کے ساتھ کھایا کریں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ سورۂ زخرف لکھ کر بارش کے پانی سے اُسے دھو کر جس آدمی کو کھانسی ہو اُسے پلائیں بفضلہ تعالٰی اُسے آرام آجائے گا۔

حاضرات سورۃ مزمل شریف

تحریر:۔کامران بنگش (لاہور)

حاضرات کے درست اور مجرب وظائف کسی قسمت والے کو ہی ملتے ہیں ماہر روحانیات سے میری ملاقات ہوئی اس پہلی ملاقات میں ہی ثابت ہوگیا کہ سورۃ مزمل کی روحانیت ماہر روحانیات سے زیادہ اس وقت برصغیر پاک و ہند میں کسی کے پاس نہیں۔میری خواہش پر ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب نے جناتی حاضرات کا مجرب وظیفہ تعلیم کیا ذاتی طور پر یہ چلہ کشی میں نے کی اور 100 فیصد درست پایا۔

ترکیب: ۔وظیفہ کیلئے آبادی سے دور جگہ کا انتخاب کریں۔آتے جاتے وقت یا عمل کرتے وقت کوئی دوسرا شخص آپ کو نہ دیکھے۔عمل شروع کرنے سے قبل اپنا حصار مضبوط کرلیں تاکہ دل کو تسلی ہو رہے۔نوچندی جمعرات کو بعد نماز فجر سورۃ مزمل شریف کو چالیس مرتبہ چالیس روز تک پڑھیں۔اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

دوران عمل عامل کو روزانہ ڈراؤنی صورتیں نظر آیا کریں گے اور عمل بند کرنے کی بھرپور کوشش کریں گی۔اس کے علاوہ سانپ بچھو اور خونخوار درندے بھی حصار کے باہر نظر آئیں گے اور عامل کو ڈرانے کی کوشش کریں گے۔بس عامل کو چاہئے کہ وہ اپنے کام میں مشغول رہے اور ان کی طرف دھیان نہ دے جو کچھ ہوگا حصار کے باہر ہی ہوگا۔حصار کے اندر یہ چیزیں آنے کی قدرت نہیں رکھتیں۔دوسرا یہ سب نظری دھوکہ ہوتا ہے۔حقیقت سے اس چیز کا دور کا بھی واسطہ نہیں ہوتا۔ہاں اگر خود ہی ڈر گیا اور حصار سے باہر نکل گیا تو پھر خیر نہیں۔موقع ہی پر رجعت میں گرفتار ہوجائے گا اور پھر کوئی علاج بھی کارگر نہ ہوگا۔اس لئے عمل کرنے سے پہلے اچھی طرح سوچ لینا چاہئے کہ میں اس کو کر بھی سکوں گا یا نہیں۔عمل کے اختتام پر جنوں کا سردار حاضر ہوگا۔جس کے ساتھ اور بھی جنات ہوں گے وہ آکر حصار کے باہر کھڑے ہوجائیں گے اور جنوں کا سردار آپ سے پوچھے گا کہ ہمیں کیوں بلایا ہے؟ آپ اس سے کہیں کہ میں دنیاوی کاموں اور جائز کاموں میں آپ سے مدد لینا چاہتا ہوں۔وہ آپ سے کچھ شرائط طے کریں گے اور بطور نشانی ایک انگوٹھی دیں گے اور حاضری کا طریقہ بتادیں گے۔

پرہیز: ۔چاروں قل شریف اور ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر چھری یا چاقو پر دم کر کے اپنے اردگرد حصار کرلیں اور جہاں پر حلقہ ملے وہاں پر چھری گاڑھ دیں۔

دانش نیوز ایجنسی، کشمیر روڈ، مانسہرہ 0333-6870706
ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

اعمال مجربہ

تحریر:۔ صوفی ظفر محمد کھوکھر، مین بازار گلی سرائے والی، جھنگ صدر 0308-7809870

کچھ لوگوں نے فون پر عمل پوچھتے ہیں کہ ہمارے بچے سکول جاتے ہیں چند ماہ کے بعد معلوم ہوتا ہے لڑکے لڑکیوں کی محبت میں مبتلا ہو کر پڑھائی کرنے کے بجائے تعلقات پر زور دینے لگ جاتے ہیں شام کو سکول کا کام کرنے کے بہانہ پارک میں جا کر پڑھنے کی بجائے دوستوں میں وقت گذار کر واپس آ جاتے ہیں ہر ماہ جو ماسٹر امتحان لیتے ہیں اس میں ناکامی کا رزلٹ آتا ہے، کچھ طریقہ بتایا یا عمل کرنا یا تعویذ بتائیں جس سے ہمارے بچے، بچی کی فلاں سے محبت چھوٹے اور پڑھائی کی محبت پیدا ہو اس لئے سب کیلئے عمل جعفریہ جنتری میں بھیج دیئے، خود استعمال کر کے مسئلہ حل کر لیں۔

وظیفہ نمبر 1:۔ اگر کسی سے غلط دوستی ہو اس میں عداوت کرانے کیلئے نیچے لکھا گیا تعویذ صبح سورج نکلنے کے وقت یا دن کے بارہ بجے یا شام کو سورج غروب کے وقت لکھ کر نیچے دونوں نام لکھ کر مٹی کا تیل لگا کر جلا دیں، راکھ ان کے راستے میں یا مکان کے دروازے پر ڈال دیا کریں یہ طریقہ گیارہ دن تک کریں، لکھتے وقت باوضو ہوں اور کوئی پرہیز نہیں ہے، پہلے صدقہ دے دیں اگر زیادہ مسئلہ خراب ہو تو تینوں وقت یہ کام کریں۔

تعویذ لکھنے سے پہلے چاروں قل شریف آیت الکرسی شریف ایک ایک بار اور درود شریف گیارہ بار پڑھ لیں، قرآن مجید سے دیکھ کر بھی پڑھ سکتے ہیں، نماز والا درود شریف پڑھیو، جنات کے حملے سے محفوظ رہیں گے۔ تعویذ یہ ہے

۵۹ ۸۸ ۱۱ ۵۲ ۱۱۱ ۱۱م ۱۱ صطر

ع ع۹ ۷۸ ۹۹ ۱۱۶ ۱۱۱ح ۱۱ط ۱۱ ۱ د

۸۸۸ ۱۹ م۱۱ ۵ے م ی ۱۱ط ھ

باسم فلاں بنت فلاں علیٰ بعض فلاں بن فلاں اشدہ اشدہ اشدہ۔

تعویذ گیارہ دن کے اکٹھے لکھیں یا روزانہ ایک ایک بھی لکھ سکتے ہیں۔

وظیفہ نمبر 2:۔ اگر لڑکا یا لڑکی والدین سے بدتمیزی کرتا ہو سمجھانا بُرا محسوس کرتا ہو یہ عمل کریں، اس سے کسی سے بدتمیزی کرنا چھوڑ دے گا۔ اس تعویذ کو ہفتہ والے دن جب سورج نکل رہا ہو اس وقت سات عدد لکھ دیں مشک میں زعفران ملا کر عرق گلاب ڈال کر سیاہی بنا لیں کسی درخت کی لکڑی سے یہ کھیں بازار سے قلم کانے کی عام مل جاتی ہے ایک تعویذ کو مٹی کے برتن میں رکھ کر آگ کے نیچے دفن کر دیں یا فریج کی گرم جگہ رکھ دیں ایک وزن کے نیچے باقی پانچ عدد تعویذ ایک ایک کر کے پلاتے رہیں اگر پلانا مشکل ہو تو اس کے کپڑوں پر استری کرنے کے بعد چھڑک دیا کریں اور سونے والی جگہ سر والی سائیڈ چھڑک دیا کریں۔ اگر لڑکی ہو تو فلاں ابن فلاں کی بجائے فلاں بنت فلاں لکھیے۔ بچوں میں شیرینی تقسیم کرتے رہیں، باوضو ہو کر جسم صاف ہو کر یہ عمل لکھیں، لکھنے سے پہلے چاروں قل، آیت الکرسی اور درود شریف لازمی پڑھیں۔ عمل یہ ہے:

۱۱۱ ۱۱ ۱۱۱۸۱۱۱ ۱۱۸ ۹۱۱ صر ۱۱ ۱۱

۱۱ ۲ صہ ۳۸۸ ۱۱م م م ۱ ۹۹۹ ۱۱ ۸

بہ نیت عقد فلاں ابن فلاں العقد العقد العقد العقد العقد العقد العقد

وظیفہ نمبر 3:۔ اگر لڑکا لڑکی تعلیم کرنے کے بجائے دوستی یاری میں مبتلا ہو گئے ہوں تو اس عمل کو کریں ان دونوں میں عداوت ہو جائے گی۔ اس کے بعد تعلیم کا عمل کروائیں۔ عمل یہ ہے:

" اَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَ الْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ اَبَدًا می القمر هره .... باسم فلاں بنت فلاں علٰی بعض فلاں ابن فلاں العداوة العداوة الشده الشده التفریق "

ترکیب عمل:۔ جمعہ کے روز اذان جمعہ کے وقت مشک خرید کر اس میں زعفران ملائیں اس میں حسب ضرورت عرق گلاب ملا کر سات عدد نقش لکھ دیں اگر اذان کے وقت نہ ملے تو دن کے 12 بجے یا زوال سورج جب نکل رہا ہو یا رات کے بارے بجے لکھیں، دوسرے دن ہفتہ کے روز جب سورج یا زوال سورج جب نکل رہا ہو یا رات کے بارہ بجے لکھیں دوسرے دن ہفتہ کے روز جب سورج نکل رہا ہو ویران جگہ دفن کر دیں یا قبرستان ویران جگہ یا پرانی قبر جو ٹوٹی پھوٹی پڑی ہو اس میں جہاں سوراخ ہو وہاں دبا دیں اور صاحب قبر اور قبرستان کے لئے سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص تین بار درود شریف پڑھ کر ایصال ثواب کر کے واپس آئیں گھر سے وضو کر کے جائیں یہ تعویذ کئی مٹی کے برتن میں رکھ کر دفن کریں بقایا پلاتے رہیں دونوں میں سے کسی کو پلاتے ہیں اگر دونوں کو نہ پلا سکیں تو ان میں ناجائز دوستی ٹوٹ جائے گی، والدین کی پریشانی دور ہوگی، لکھنے والا نمازی

محفوظ بک ایجنسی 'مارٹن روڈ' کراچی 021-4124286
ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

ہو، جھوٹ سے پرہیز کرتا ہو، حلال کھاتا ہو۔

وظیفہ نمبر 4: اگر کوئی غلط راہ پر آ گیا ہو عاشقی معشوقی میں مبتلا ہو کر کاروبار چھوڑ گیا ہو یا لڑکا تعلیم چھوڑ کر غلط راہ روی پر آ گیا ہو اس کا عمل ختم کر کے یہ عمل کریں، یہ عمل لکھنے والا پہلے بارہ نفل پڑھے، دو دو کر کے پڑھ نیت کرے فلاں کا فلاح سے ختم طریقہ ختم ہو اور سیدھے راستے پر رواں دواں ہو اپنا کام کرے بارہ رکعت پوری ہونے کے بعد ہے۔

درود شریف: ۔اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ
پانچ سو بار پڑھے پھر دُعا کرے تمام مومنین مومنات مسلمین مسلمات کے لئے پھر اپنے مطلب کیلئے دُعا کر کے یہ تعویذ لکھے، نیچے مطلب لکھ کر ان کے راستے میں دفن کرے، دوسرا ویران جگہ جہاں کسی کے قدم نہ آئیں، دفن کرے ایک پلا دیں سخت بغض ہو جائے گی اگر یہ خرگوش کی ہڈی پر لکھ کر گھر کے دروازے پر دفن کر دیں تو زیادہ سختی ان دونوں میں پیدا ہوگی۔

وَعَدِوِیْ وَعَدوّکُمْ اَوْلِیعاء تلقُوْنَ بالحَوَدَّۃ وَ اَلْقَینَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَ الْبَغْضَآءَ ابداً اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃ باسم فلاں بنت فلاں علٰی بعض فلاں ابن فلاں اشدہ اشدہ اشدہ۔

یہ وظیفہ بدھ والے یا منگل والے دن یا ہفتہ والے دن سورج نکلنے سے پہلے پڑھائی کریں سورج نکلنے وقت یہ وظیفہ لکھیں اپنے پاس گوگل ہرل جلتا رہے یہ عمل رات بارہ بجے بھی لکھ سکتے ہیں اگر دن کو وقت نہ ملے تو رات گیارہ بجے نفل و درود شریف پڑھ لیں، اس کے عمل لکھ لیں، صدقہ خیرات دیتے ہیں یہ عمل لکھنے سے پہلے چاروں قل شریف ایک ایک بار آیت الکرسی ایک بار درود شریف گیارہ بار پڑھ کر چاروں طرف دم کر دیں جو قرآن مجید نہ پڑھے ہوئیں وہ دو سو بار **یَا حَفِیْظُ** پڑھیں ایک سو بار درود شریف پڑھ کر چاروں طرف پھونک مار کر عمل لکھیں۔ زعفران میں گلاب عرق ملا کر لکھ لیں، مشک ڈال لیں تو زیادہ بہتر ہے۔

وظیفہ نمبر 5: ۔لڑکا لڑکی سکول میں تعلیم پر توجہ دینی چھوڑ گئی ہو غلط دوستوں سے دوستی شروع ہوگئی ہو ماں باپ سے غلط رویہ کرنے لگے تو یہ عمل کریں، مطلب پورا ہوگا۔

ترکیب عمل: ۔روزانہ کسی وقت باوضو ہو کر مصلی پر بیٹھ کر تین بار درود شریف پھر بانوے مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے، آیت نستعین پر جب پہنچے تو تصور اپنی اولاد درست ہونے کا کر لیا کرے، پھر بقایا سورہ پوری کرے، اس طرح یہ عمل تعداد کے مطابق کیا کرے، اگر نماز مغرب کے بعد پڑھ لیں تو زیادہ بہتر ہے، اکیس دن یا اکتالیس دن میں مطلب آپ کا حل ہوگا، اگر با عمل آپ ہیں یعنی رزق حلال اور با جماعت نماز پڑھنے کے عادی ہیں یہ اس لئے لکھا ہے عورتیں مرد اعتراض کرتے ہیں عمل کرتے ہیں اثر نہیں ہوتا کیونکہ وہ اپنے گریبان میں نظر نہیں مارتے، ہم کہتے ہیں حد تین ماہ ہیں، کلام کا نظارہ اپنی نظر سے دیکھیں۔

وظیفہ نمبر 6: ۔اپنے بچے کو سیدھے راستے پر لانے کیلئے غلط محبت دوستی چھڑانے کا جلالی عمل اس عمل کو کاغذ پر لکھ کر گوشت میں سوراخ کر کے کتے کو بلی کو کھلاتے رہیں سات دن کھلانے سے مدت کی دوستی ختم ہو جائیگی، تجربہ کر سکتے ہیں، عمل کے منکر عمل کر کے دیکھ لیں اور ایمان لائیں۔

کتے کو کھلانے والا عمل: **عمس ھو سحار مھساء محلوعنسله باھے اا اسھمه اذ کاھرمبلعجار۔**

بلی کو کھلانے والا عمل: **محصلنا سطوون سی اقعا سلسع دھلساء عجلساء سجلسا مبلعجار۔** نیچے دونوں کے نام لکھے فلاں مخص فلاں سے جدا ہو جائے۔

وظیفہ نمبر 7: ۔ترکیب استعمال، بتی بنا کر تعویذ کی کسی پرانی قبر میں رکھ دیں، ساتویں دن نکال کر تیل مٹی کا لگا کر جلا دیں۔ راکھ دفن کر دیں۔

ممممم ططططط ططططط ممممم ااااا
ااااا ۹۹۹۹۹ ۵۵۵۵۵ ۴۴۴۴۴

وظیفہ نمبر 5: ۔اگر کسی کی اولاد تعلیم سے رجوع کرنے کے بجائے کسی اور سے رجوع کرنے لگ گئی ہو تو اسے روکنے کیلئے یہ عمل کریں اولاد بُرائی چھوڑ کر پڑھنے کی طرف توجہ کرے گی۔ عبارت عمل

ززز ۷۷۷ ح ح ح العداوت ۱۸۸۸ البغض
یا سم فلاں بنت فلاں علی بغض فلاں ابن فلاں الشدہ الشدہ العداوۃ العداوۃ البغض البغض البغض

ترکیب استعمال: ۔آخری تاریخ چاند بروز ہفتہ سورج نکلنے کے بعد باوضو ہو کر سورۂ "المائدۃ" ایک بار تلاوت کرے پھر دو نفل ادا کرے ہر رکعت میں گیارہ گیارہ بار سورۂ اخلاص تلاوت کرے، سلام پھیرنے کے بعد بات کئے بغیر سجدہ میں دُعا کی طرح ہاتھ رکھ کر دُعا مانگے، انکساری کے بعد درج بالا عمل لکھیں اور سفید درخت کے ساتھ لٹکائے، تیسرے دن اس کے نیچے گوگل کا دُھواں دیا کرے، یا لال مرچوں کا دُھواں دیا کرے کوئلہ جلا کر دو تین منٹ کافی ہے یہ دھواں لگا کر چھوڑ دیں۔ اکیس دن میں مطلب حاصل ہو جائیگا۔

اسم مُبِیۡن سے ہر بندش کھل جائے

تحریر:۔ مولانا عامل گلفام علی حسینی، تکیہ مندراں غازی آباد لاہور 0321-4534910

تمام دوستوں کی خدمت میں سلام عرض ہے قارئین جعفریہ جنتری 2020ء کیلئے اپنا ایک خاص ووظیفہ مومنین کی نظر کر رہا ہوں۔ یہ ایسا راز ہے جس سے ہر شخص کی آنکھیں کھل جائینگی اور ایک مجرب المجرب وظیفہ ہے۔ جس میں ناکامی ہرگز نہیں ہوتی بشرطیکہ دل میں محبت مودت محمدؐ وآل محمدؐ ہو۔

سورۂ یٰسین میں چھ(۶) **مُبِیۡن** ہیں اور ایک **المبین** ہے شہر یزد کا ایک شخص سختی میں مبتلا ہو گیا۔ ایک دن وہ ایک بزرگوار ذیشان شخص سے ملا جسے وہ نہیں جانتا تھا۔ بعد میں پتا چلا کہ وہ امام زمانہ علیہ السلام تھے۔ امام زمانہؑ نے اسے فرمایا کہ تم سورہ یٰسین پڑھو اس میں چھ مرتبہ لفظ مبین آتا ہے۔

اسی وقت اپنی حاجت کی نیت کرو اور سورۃ کو مکمل پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرو کہ اللہ تعالیٰ تمہاری دُعا مستجاب کریگا وہ شخص کہتا ہے کہ جب میں نے سورۃ یٰسین کو پڑھنا چاہا تو دیکھا کہ **مُبِیۡن** تو سات (7) مرتبہ ہے پھر اس ہستی نے 6 مرتبہ کیوں کہا۔ جب میں نے غور کیا تو پتہ چلا کہ 6 مرتبہ **مُبِیۡن** ہے اور ایک دفعہ "**المُبِیۡن**" ہے۔

پس میں نے ویسے پڑھا جیسے اس ہستی نے فرمایا تھا تو اللہ تعالیٰ نے میری دعا قبول کی اور میری پریشانی دُور ہو گئی۔ (صحیفہ مہدیہ ۴۱۲)۔ آیات

(۱) اِمام مُبِین (۲، ۳) ضَلٰلٍ مُّبِیۡن
(۴) عَدُوٌّ مُّبِیۡن (۵) قُرۡاٰنٌ مُّبِیۡن
(۶) هُوَ خَصِیۡمٌ مُّبِیۡن (۷) اِلَّا الۡبَلٰغُ الۡمُبِیۡن

اس نقش کو شرف قمر میں زعفران و مُشک سے تحریر کریں اپنے سیدھے بازو پر یا گلے میں لٹکائے۔ ان شاءاللہ ہر بندش کھل جائے گی۔

۷۸۶

مُبِیۡن	مُبِیۡن	مُبِیۡن
مُبِیۡن	مُبِیۡن	مُبِیۡن
مُبِیۡن	مُبِیۡن	مُبِیۡن

الٰھی بحق اسم مُبِیۡن
بندش رشتہ/کاروبار/سفر کھل جائے
العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ

اَلمُبِین	
ا	۱
ل	۳۰
م	۴۰
ب	۲
ی	۱۰
ن	۵۰
ٹوٹل	۱۳۳

عبّاسؑ	
ع	۷۰
ب	۲
ا	۱
س	۶۰
ٹوٹل	۱۳۳

یاد رہے۔ اسم مبین سورہ یٰسین میں چھ مرتبہ آیا ہے یقین سے مکمل کریں۔ ان شاءاللہ چھ دن یا چھ ہفتوں میں سخت سے سخت بندش کھل جائے گی اور ایک مرتبہ **اَلۡمُبِیۡن** (یٰسین ۱۷) آیا ہے۔

اَلۡمُبِیۡن ----- حقیقت صرف عباس علیہ السلام ہیں۔ میں نے ہر بات کی وضاحت کردی ہے تاہم ضرورت محسوس کریں تو رابطہ کریں۔

خواب بندی کا وظیفہ

تحریر
فیصل رضا
(ساہیوال)

قارئین جعفریہ جنتری کو سال نو مبارک ہو۔ مولا حسنؑ حسینؑ کے صدقے تمام مومنین کو سال بھر کی خوشیاں نصیب ہوں اور غم حسینؑ کے سوا کوئی غم لاحق نہ ہو قارئین کیلئے ذیل کا ایک مجرب نقش تحریر کر رہا ہوں۔

درج ذیل نقش سورج گرہن کے اوقات میں بنا کر رکھ لیں۔ فلاں بن فلاں کی جگہ کچھ نہ لکھیں۔ اس کے بعد جب بھی ضرورت ہو تو فلاں بن فلاں کی جگہ بروز اتوار زحل کی ساعت میں رجال الغیب کو مدنظر رکھ کر اس شخص کا نام لکھیں جس کی نیند باندھنی ہے رات کو یہ نقش سرہانے رکھ کر سو جائیں مخالف تمام رات سو نہیں سکے گا۔ وظیفہ جائز جگہ کریں ناجائز وظیفہ کرنے والا رجعت وظیفہ کا ذمہ دار خود ہوگا۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ فلاں بن فلاں **اَھلَیًا اَشرَاھیًا**
یَا قَابِضُ یَا قَابِضُ یَا قَابِضُ
عحه عحح عم ۱۱۳ عن عف عق

عبداللہ بک ڈپو مین بازار لاڑکانہ **عوامی بک سٹال** مسجد روڈ نواب شاہ روحانی ماہنامہ **تحفہ روحانیات**

وُسعت رزق

تحریر: ۔عاملہ وذاکرہ ماہ نور فاطمہ (لاہور) 0307-2102288

قارئین السلام علیکم! میری جانب سے جعفریہ جنتری کی پوری ٹیم اور معز زقارئین کرام کو سال نو 2020ء کی بہت بہت مبارک باد ہو۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو تمام دنیاوی آفات و بلیات سے اور دُکھوں، تکلیفوں سے محفوظ رکھے۔ اللہ کرے کہ نیا عیسوی سال 2020ء ہم سب کیلئے خوشیوں اور مسرتوں کا باعث بنے۔ قارئین اس سال بے روزگار خواتین و حضرات اور تنگ دستی کے ہاتھوں مجبور افراد کیلئے اپنے مجرب وظائف لے کر حاضر ہوئی ہوں اور اُمید کرتی ہوں کہ آپ لوگ اس سے بھرپور فائدہ حاصل کریں گے اور مجھے دُعاؤں سے نوازیں گے۔ وظائف درج ذیل ہیں:

غربت مفلسی اور رنج و عالم کی ایسی دردناک تکلیفیں ہیں کہ جس کی وجہ سے انسان کا ایمان تک ، چلا جایا ہے۔ میری دعا ہے کہ کوئی بھی شخص اس کرب اور تکلیف میں مبتلا نہ ہو۔ ہر ایک کا رزق وسیع ہو جیسا کہ پہلے بھی کہہ چکی ہوں کہ تنگ دستی کے ہاتھوں مجبور فرد کچھ بھی کرنے کو تیار ہو جاتا ہے اور ہمارے ملک میں بے روزگاری اور مفلسی کی شرح دوسرے ممالک سے زیادہ ہے۔ دعا کے ساتھ ساتھ ہمیں عملی طور پر بھی اپنی ذہنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر اس تکلیف دہ درد سے نجات کیلئے کوشش کرنی چاہیے۔

رنج و فاقہ سے نجات :۔ جو کوئی رنج میں مبتلا ہو اور نوبت فاقوں تک آ پہنچی ہو تو اسے چاہئے کہ ہر شب سورۂ واقعہ ایک مرتبہ باقاعدگی سے پڑھا کرے بفضلِ خدا اس سورت کی برکت سے ہرگز رنج و فاقہ نہ اُٹھائے۔ سورۃ واقعہ ورد کرنے سے قبل ہاتھ بلند کر کے اپنے مقصد کی دعا بارگاہ الٰہی میں بصدقہ وسیلہ اہل بیت پیش کریں اور پھر بہت ہی عاجزی کے ساتھ سورۃ مبارکہ کا ورد کریں۔

ترقی روزگار :۔ اگر روزگار نہ چلتا ہو یا روزگار کی تلاش ہو اور کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو عروج ماہ میں بروز ہفتہ روزہ رکھے اور رات کو بالکل خالی مکان میں یا آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر برہنہ سر ایک ہزار مرتبہ (**یا وھاب**) کھڑے ہو کر پڑھے۔ اس پڑھائی کے دوران میں اگر جھولی پھیلا سکتا ہے تو یہ وظیفہ جھولی پھیلا کر کریں اور اپنا چہرہ آسمان کی جانب رکھیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور یہ وظیفہ سات دن تک پورا کریں آٹھویں دن اللہ کے حکم سے روزگار مل جائے گا۔ موجودہ کاروبار میں ترقی ہوگی۔ آزمودہ ہے۔

دکان کی خریداری میں اضافہ ہو :۔ جس دکان پر سودا سلف کم فروخت ہوتا ہو اور گاہک کم آتے ہوں تو مندرجہ ذیل نقش جو کہ اسمائے حُسنیٰ کا ہے۔ یہ نقش جمعرات یا اتوار کے روز صبح کی نماز کے بعد زعفران کی سیاہی سے عمدہ کاغذ پر خود تحریر کریں 1100 بار اسماء مبارکہ **یا غنی یا مغنی یا وھاب یا رزاق** کا ورد کریں اور نقش مبارکہ کو دکان میں لٹکائیں ان شاء اللہ تعالیٰ برکت ہوگی۔

۷۸۶
جبرائیل

یا مغنی — یا غنی

۲۳۹۰	۲۳۹۳	۲۳۹۶	۲۳۸۳
۲۳۹۰	۲۳۸۴	۲۳۸۹	۲۳۹۴
۲۳۸۰	۲۳۹۸	۲۳۹۱	۲۳۸۱
۲۳۹۲	۲۳۸۷	۲۳۸۶	۲۳۹۷

یا رزاق — یا وھاب

رزق غیب سے ملے :۔ اپنے بزرگوں سے ہم نے سُنا ہے کہ کچھ ایسے نقوش بھی ہوتے ہیں جن کو اپنے پاس رکھنے سے غیب سے روزی کے اسباب بہت تیزی کے ساتھ شروع ہو جاتے ہیں۔ آج جعفریہ جنتری 2020ء کیلئے ایسا ہی ایک خاص نقش شائع کیا جا رہا ہے جس کی برکت کے طفیل غیب سے رزق ملنا شروع ہو جاتا ہے یہ نقش شرف قمر میں زعفران کی سیاہی سے عمدہ کاغذ یا چاندی کی تختی پر تحریر کریں۔

۷۸۶
جبرائیل

۷۶	۸۰	۸۳	۹۹
۸۴	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	۸۵	۷۸	۸۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

محمد علی بک ایجنسی، بالمقابل امام بارگاہ الصادق جی، ٹائن ٹو، اسلام آباد — ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

مردانہ قوت کی بندش کے جادو کا توڑ

تحریر:۔عزیز الرحمان (حیدرآباد) 03032543834

شروع اللہ پاک کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ جعفریہ جنتری کے تمام قارئین کرام کو نیا سال 2020ء مبارک ہو۔ السلام علیکم! قارئین جعفریہ جنتری اس بار قارئین محترم کیلئے مردانہ قوت کی بندش کے توڑ کا عنوان لے کر حاضر خدمت ہوں۔ قارئین آج کل وطن عزیز میں ہر تیسرا انسان عورت مرد نوجوان بچہ بچی جادو ٹونہ، جنات مسان کے مسئلہ مسائل سے دوچار ہے۔ ہر شخص کسی نہ کسی طرح کی بندش میں مبتلا ہے جس کے پاس بھی تھوڑی بہت علمی طاقت ہوتی ہے چند پیسوں کے لالچ میں دوسرے شخص کا ستیہ ناس کر دیتا ہے۔ چاہے جائز ہو یا ناجائز پیسہ پھینک تماشہ دیکھ۔

قارئین محترم! کاروباری بندش، ملازمت کی بندش، رزق، دولت، آمدن کی بندش، تسخیر، رجوع خلق، مستورات اور دکان داری کی بندش، زمین، جائیداد، کاروبار و فیکٹری کی بندش، شادی ناکام، منگنی و رشتہ کی بندش، عبادت و ریاضت و روحانیت کی بندش، مردانہ قوت، اولاد کی بندش، خاص طور پر خواتین خانہ میں رشتہ، شادی نکاح، ملازمت، ماہواری کی بندش، روپے پیسے، نصیب کشائی کی بندش، جادو، جادو حروف صوامت کی بندش، نیز ہر ایک انسان روحانی عاملین کے چکر کا شکار رہتا ہے پھر بھی آسانی سے شفا نہیں ہوتی۔ تعویزات، پتلے، تالے، ہانڈی، مسان، آتشی، خاکی، بادی اور آبی، طریقے سے بندش لہٰذا اس طرح کے تمام تر مسائل معبودی اور پریشانی سے نجات اور آسان طریقے سے مسئلے کے حل کیلئے بہترین اور پُر تاثیر عمل کے ساتھ حاضر خدمت ہوں۔

قارئین محترم واضح رہے کہ ایک خاص آیت مبارکہ میں اٹھائیس حروف تہجی ہیں اور بہت ہی پُر تاثیر و اکثیر اعظم کا حکم رکھتی ہے۔ اس آیات پاک کی زکوات کچھ اس طرح ادا کی جاتی ہے کہ جمادی الثانی کی پہلی رات سے عید الفطر تک چاند رات تک روزانہ صبح دوپہر یا بعد نماز مغربین آیات پاک کو 313 مرتبہ چار ماہ تک ریاضت کی جائے اور ہر روز بعد نماز فجر حروف تہجی 92 مرتبہ لکھا اور پڑھا جائے۔ الحمد للہ کہ اللہ پاک کے فضل و کرم اور استاد حضور کی دُعا و اجازت سے بندہ ناچیز عامل کبیر ہوں اس کا اور رب پاک کا خاص کرم اور بزرگوں کی دُعا و اجازت سے اس عمل کی برکت سے میں ہر قسم کے نوری، ناری، سفلی، حروف صوامت اور ہر قسم کے کالے جادو، آبی، خاکی، بادی، آبی کا توڑ بآسانی کرتا رہتا ہوں اور لوگ فیض یاب ہوتے رہتے ہیں۔

قارئین کرام واضح رہے کہ ہر قسم کی کاروباری، رشتہ، شادی نکاح، جنات، جادو ٹونہ، آسیب سایہ، مسان، تعویزات، پتلہ، تالا، ہانڈی، مسان، مردانہ طاقت و قوت، اور مستورات کی تمام تر روحانی، جسمانی، نفسیاتی، تکلیف، پریشانی اور بندش کے توڑ کا علاج اس آیات خاص میں موجود ہے کسی بھی اس طرح کی پریشانی کی صورت میں رجوع کر کے اپنے مسئلے کا حل کروائیں اور میرا مشاہدہ رہا کہ آج کل طالب علم اور جعلی عاملین حضرات مارکیٹ میں جادو توڑ کی کتابیں خرید کر جادو ٹونہ، جنات، آسیب، مسان کے مریضوں کا علاج کرتے رہتے ہیں اور شدید رجعت میں مبتلا رہتے ہیں۔ ہر طرح کی بندش مسلط ہو جاتی ہے ان پر جو میں بیان کر رہا ہوں۔

یہ آیات خاص مجھ سے بذریعہ فون یا بذریعہ ڈاک اجازت کے ساتھ مفت منگوائی جا سکتی ہے مضمون ہذا میں آیت خاص شائع نہ کروانے کا مقصد یہی ہے کہ فیس لگی اور بہروپیے سوشل میڈیا کے عاملین سے اس آیت مبارکہ سے بچایا جا سکے۔ تاکہ اندھے کے ہاتھ میں لاٹھی نہ آ جائے۔

آیت خاص کی زکوۃ کی اجازت ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل شاہ حسین صاحب یا براہ راست مجھ سے حاصل کر سکتے ہیں۔ اللہ پاک قارئین کو عمل کرنے کی توفیق و برکت عطا فرمائے۔

دشمن کو مغلوب کرنا

تحریر:۔عاشق حسین (گجرات)

ظہر کی نماز پڑھ کر سورہ قمر اپنے پاس کالی مرچ پسی ہوئی رکھ کر پڑھنا شروع کر دیں۔ جب آیت رَبَّہٗ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پر پہنچیں تو اس کو 101 بار پڑھ کر پسی ہوئی مرچ پر دم کر دیں پھر بقایا سورہ پوری کر کے دعا کریں۔ اس طرح یہ سورہ تین بار پڑھیں اور کالی مرچ کو دشمن کے دروازے پر ڈال دیں جب موقع ملے یہ اکیس دن مقررہ وقت پر کرنا ہے ایک پاؤ گوشت روزانہ ویران جگہ یا اپنی چھت پر ڈال دیا کریں۔ اکیس دن کے بعد تین کلو مٹھائی پر اس سورۃ کے مؤکلات کی نیاز اور اہل بیت کی نیاز دلا کر بچوں، بڑوں میں تقسیم کرنا لازم ہے اور اس عمل کو جائز جگہ استعمال کرنا شرط ہے ورنہ نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

لوح تحفظ جان و مال

تحریر
میاں جاوید اقبال
0333-4719560
(بدوملہی)

قارئین جعفریہ جنتری! میری جانب سے جعفریہ جنتری کی پوری ٹیم اور معزز قارئین کرام کو سال نو 2020ء کی بہت بہت مبارک ہو۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو تمام دنیاوی آفات و بلیات سے اور دکھوں، تکلیفوں سے محفوظ رکھے۔ اللہ کرے کہ نیا عیسوی سال 2020ء ہم سب کیلئے خوشیوں اور مسرتوں کا باعث بنے۔ ماہ اکتوبر سے دسمبر 2019ء زحل پلوٹو اور زحل کے دوسرے سیاروں سے قرآنات، ملکی حالات کو بہت گہرا متاثر کریں گے اور اسکے اثرات 2020ء کے جون تک ہونگے۔

جو حضرات اس کا ادراک رکھتے ہیں وہ بخوبی جانتے ہیں ان قرآنات سے معاشی بدحالی، تشدد، بدامنی، حادثات، جنگیں اور افراتفری پھیلے گی اور اہم عہدوں پر تعینات حضرات بھی محفوظ نہ ہونگے اسکی زد میں ہونگے اور اپنا مرتبہ کھو بیٹھے گے۔ خاص کر وزیراعظم سے لے کر ایک عام آدمی کافی حد تک متاثر ہونگے۔ ایسی اُلٹ پلٹ ہوگی اوپر والے نیچے اور نیچے والے اوپر خاص کر کاروباری حضرات کیلئے جنگی حالات جیسے ہونگے۔

جس طرح 2005ء اکتوبر میں زحل نے تباہی برپا کردی تھی۔ کچھ ایسی ہی نظر بن رہی ہے 2019ء کے آخری 3 ماہ اور 2020ء کے پہلے 4 ماہ تک یہ کاروائی عروج پر ہوگی۔ جنگی اثرات ہونگے اور محدود پیانہ پر جنگ بھی ہو سکتی ہے۔ ہر آدمی انتہائی پریشان نظر آئیگا۔ 2020ء میں نئے الیکشن ہوتے نظر آرہے ہیں۔ **کشمیر کا مسئلہ**:۔ انڈیا کی سپریم کورٹ بحال کردے گی اور عارضی طور پر کشمیر میں امن نظر آئیگا۔

قارئین کرام! لوح تحفظ جان و مال صرف اور صرف ان حالات کو مدں طر رکھتے ہوئے بنائی ہے تاکہ جو بھی اسکو اپنے پاس رکھے وہ ان حالات سے بچ سکے اور اسکی جان و مال محفوظ رہے کیونکہ جس قسم کے حالات پیدا ہو رہے ہیں۔ اس میں ہر انسان اپنا عہدہ اور حیثیت کو قائم اور مقدم رکھنا اس کیلئے مشکل ہوگا۔ تاجر حضرات اس سے بہت فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ یہ لوح مبارکہ آپکی جان و مان کی بہت زیادہ حفاظت کریگی۔ ہر قسم کے جادو ٹونہ بیماری جنات کی کارستانیوں سے محفوظ رکھے گی۔ ہر قسم کے حادثات اور آگ سے محفوظ رکھے گی۔ اسکی موجودگی میں بدعملیات، رزق کی بندش، شادی کی بندش، جنات و جادو ٹونہ کا توڑ ہر قسم کی بیماری سے شفا زہریلے جانوروں کے کاٹنے اور اپن کے زہر سے محفوظ رکھتی ہے۔

قارئین کرام اس لوح مبارکہ سورۃ الصافات کی آیت مبارکہ 79 کی روحانیات سے تیار کی گئی ہے۔ **سَلٰمٌ عَلٰی نُوحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ**

بسم اللہ الرحمن الرحیم
سَلٰمٌ عَلٰی نُوحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ

لوح مبارکہ

جبرائیل

١٤٩	١٦٢	١٥٩	١٥٦
١٦٠	١٥٥	١٥٠	١٦١
١٥٤	١٥٧	١٦٤	١٥١
١٦٣	١٥٢	١٥٣	١٥٨

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کھیعص اسرافیل

حمعسق عزرائیل

میکائیل

اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

لوح کی پشت

٧٨٦

٢	٤	٦	٨
٨	٦	٤	٢
٤	٢	٨	٦
٦	٨	٢	٤

یا اللہ یا دافع السحر دافع شود سحر و بندش رزق
بحق لا الہٰ الا اللہ محمد رسول اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ

قارئین کرام! لوح مبارکہ وہ بچے یا حضرات پر نظر بد آجاتی ہے یا بیماری سے شفاء کیلئے بھی انتہائی اکسیر ہے۔ لوح مبارکہ چاندی کی گول پلیٹ پر لکھی جاتی ہے بعد ازاں اس پر گیارہ ہزار مرتبہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کرنا ہے اور بعد ازاں روزانہ 101 مرتبہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کریں اور اپنی جان و مال کی حفاظت کریں۔ میرے اور بانی مکتبہ روحانیات و چیف ایڈیٹر جعفریہ جنتری ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

مندرا کی مزید تحقیق

تحریر
باوا کمیل حُر
0333-8931214
(راجن پور)

السلام علیکم تحفہ یاعلیؑ مدد! اقلیم روحانیت کے عظیم ترین تاجدار، جناب امیر المومنین وامسلمین، اسداللہ الغالب، علی ابن ابی طالب کی ذات والاصفات کے حضور ایک استغاثہ، ایک فریاد یعنی مندرہ شاہ مرداںؑ آپ سب کیلئے بطور خاص تحفہ قلندری لے کر حاضر خدمت ہوں۔

مندرہ شریف کیا ھے؟ مندرہ شریف قلندری فقراء کا ایک خاص الخاص روحانی ونورانی اور جلالی عمل ہے۔ ایک دم جھاڑ کا عمل، ایک ورد خاص، ایک حصار، ایک کوٹ، ایک قلعہ، ایک جائے پناہ، ایک سیف قاطع یعنی کاٹنے والی تلوار ہے۔ اس کے وسیلے سے ہم ہر قسم کی بندش کو کھول سکتے ہیں۔ آئندہ کیلئے ہوائی چیزوں اور جادو کے وار روک اور بندش کر سکتے ہیں۔ ہر بلا کی گردن کاٹ سکتے ہیں۔ مندرہ شریف کے عامل کے جلال سے ہر قسم کی کالی بلائیں اور سفلی قوتیں ڈرتی اور کانپتی ہوئی اپنے قدیم سے قدیم استھان اور ٹھکانے چھوڑ چھاڑ کر دُم دبا کر بھاگ جاتی ہیں۔

لغت کے اعتبار سے

(۱) پنجابی، ہندی، پوربی زبانوں میں ہاتھوں کی اُنگلیوں میں پہننے والی چیز ہے انگوٹھی کو مُندری کہتے ہیں۔ (گرائمر کے لحاظ سے یہ مؤنث اور اسم مصغر، اسم تصغیر ہے۔)

(۲) اسی طرح مُندرہ وہ چیز ہے جو انگوٹھی کی مثل گول اور مُندری سے کئی گنا بڑا ہو۔ (گرائمر کے لحاظ سے یہ مذکر اور اسم مکبر ہے۔)

(۳) گول دائرہ، حلقہ، ملنگوں کے کانوں میں ڈالا جانے والا بڑا چھلا یا بالا بھی مندرہ ہی کہلاتا ہے۔

(۴) قیام پاکستان سے قبل ہر بارہ (۱۲) کوس ہر بیس (۲۰) میل کے فاصلے کے پر زبان یا ماں بولی کا لہجہ اور چیزوں کے ناموں کی ادائیگی میں زمین اور آسمان کا فرق پایا جاتا تھا۔ جس سے فوراً معلوم ہو جاتا تھا کہ کوئی بھی شخص کس علاقے یا قبیلے سے تعلق رکھتا تھا۔ اسی لحاظ سے ملنگ یا فقراء اپنے مخصوص علاقوں میں مندرہ شریف کو مختلف ناموں اور طریقوں سے یاد کرتے کڑا مارنا، کڑوا مارنا، مندرنہ، مندرنا، مندر کرنا، کیل کرنا، کیلنا وغیرہ۔

پنجابی زبان میں

دم کرنے یا جھاڑنے کے عمل یا فعل و مندرنا یا مندرہ کرنا کہتے ہیں۔

اصلاح فقراء میں

مندرہ انسانوں یا جانوروں کی وبائی اور لاعلاج بیماریوں کے علاج کیلئے ایک حصار یا بندش کا عمل بھی ہے، جس میں حضرت مولا علی سرکار کی مدح بڑے ادب واحترام کے ساتھ کی جاتی ہے اور اس میں مولا علی سرکار کی رُوح پرفتوح سے استمداد کی نیت سے ایک استغاثہ اور فریاد کے طور پر دُعا کی جاتی ہے۔ مندرنے یا کیلنے یا کڑا مارنے کے طریقے بھی مختلف ہوتے ہیں۔ مثلاً:

(۱) انسانوں کی بیماریوں میں علاج کرتے وقت عامل اپنے دائیں ہاتھ کی اُنگلی سے گول دائرہ کی صورت میں متاثرہ جگہ پر درد، سوزش یا وَرم کے باہر چاروں طرف اُنگلی گھماتا ہے۔ اس طریقے سے عامل کا مقصد مرض کو پھیلنے سے روکنے کی نیت سے ایک قسم کی بندش کرنا ہوتا ہے۔

(۲) ایسا مکان یا دکان جہاں سحر۔ جادو۔ آسیبی اثرات وغیرہ ہوتے ہیں عامل اس مکان یا دکان یا کھیت کے درمیان کھڑا ہو کر اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی کے اشارہ سے گول دائرہ کی صورت میں اپنی قوتِ خیال کے مطابق ایک حصار یا بندش کرتا ہے۔ بعض چاقو۔ چھری یا لاٹھی کی مدد سے زمین پر ایک لکیر لگاتے ہیں۔ جس کا مقصد جادو ٹونے کے وار کو روکنا ہوتا ہے یا ہوائی چیزوں کے اس مکان۔ دکان یا کھیت میں داخل ہونے کی بندش کرنا ہوتا ہے۔

قابل غور بات

اس عظیم ترین روحانی ونورانی عمل کی عظیم روحانیت سے ہر وہ مرد یا عورت فائدہ اُٹھا سکتا ہے، جسے مولا علی مشکل کشا کی ذات والاصفات سے بے حد اُلفت، محبت، اور مؤدت ہو۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ عامل کا پیمانہ محبت جس قدر حُبِّ علی سے لبریز ہوگا اسی قدر وہ فیض یاب ہوگا۔ بے یقین، شکّی مزاج، سست کاہل اور ڈانواں ڈول عقیدت والا شخص ہرگز ہرگز اس عمل کی برکات سے مستفید نہیں ہو سکتا۔

اس عظیم روحانی عمل کا تعلق کسی مخصوص مسلک، گروہ یا عقیدے کے حامل افراد مثلاً شیعہ یا سُنی وغیرہ سے نہیں ہے، بلکہ اس کا مطلوبہ معیار صرف عقیدت اور حُبِّ علی ہے۔ جیسا کہ حدیث شریف کی معتبر کتاب مسلم شریف میں بیان فرمایا گیا ہے۔ **کتاب الایمان، باب الدلیل علیٰ ان حب الانصار و علی رضی اللہ عنہم من الایمان و علاماتہٗ و بغضھم من علامات النفاق۔**

ترجمہ باب: ۔انصار اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت رکھنا ایمان میں داخل ہے اور ان سے بغض رکھنا نفاق کی نشانی ہے۔

زکوٰۃ کی ادائیگی کا طریقہ

(1) اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور درمیان میں مندرہ شریف ایک سو دس (۱۱۰) مرتبہ روزانہ پڑھا کریں اور ایک سو دس (۱۱۰) دنوں کی ریاضت کے بعد تم عامل بن جاؤ گے۔ (2) زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد روزانہ صرف گیارہ (۱۱) مرتبہ اوّل و آخر درود شریف پڑھ لیا کرنا تا کہ عمل قابو میں رہے۔ جب مریض کو دم کرو تو بھی گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ کسی خاص مقصد یا مجبوری کے تحت پڑھو تو پھر ایک سو دس (۱۱۰) مرتبہ پڑھا کریں۔

خون بہا یا صدقہ

بداثرات اگر انتہائی شدید ہوں تو پھر ایک عدد بکرا یا بکری بالغ اور صحت مند بطور صدقہ یا خون بہا ذبح کر کے اور پنجتن پاک کی فاتحہ اور ختم شریف دلا کر غرباء اور مساکین کو کھلائیں۔ اس سے خود عامل اور اہل خانہ بھی رجعت سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر عمل کے آغاز سے پہلے ہی صدقہ کر دیا گیا تو عمل کے نتائج حیران کن حد تک سامنے آئے ہیں۔ لہٰذا آپ بھی شدید صورت حال کے پیش نظر خون بہا یا صدقہ کا جانور پہلے ہی ذبح کر دیا کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شاہِ مرداںؑ، شیر یزداںؑ قوت پروردگار

لافتیٰ الاعلی، لاسیف لا ذوالفقار

علی اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالب

علی مولا، مولانا علی، مشکل کشا

اے اَرواح اِنس و جن! رب سچے دا سنو! فرمان

رب فرمادے وِچ قرآن سچے آون تے جھوٹھے جان

جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا

جتھے جتھے دی پکاراں، یا علی

او تھے آوندے، مولا علی میرے پیشواء

آگئے مولا علی، شیر خدا آگئے مولا نا علی، بحر عطاء

آگئے مولا نا علی بن کے میرے حاجت رَوا

چڑھے شہنشاہ تے بولے نقیب نصر من اللہ و فتح قریب

مولا نا علیؑ کے تیغ لے کے وہا مولا علیؑ نے خیبر دا قلعہ ڈِتا ڈھا

مولا نا علیؑ نے ٹکڑے تلنگے کافر دے مار

یا علی المرتضیٰ، یا مشکل کشا ہن میری وی مدد نو آ

کالا علم، کالی زبان تے بد نظراں نوں مٹا سحر، جادو، ٹونے سب کر دیو فناہ

دُور کر دو! مسان، جن، بھوت تے ہر بلا

مٹی، پانی، اگ، بادنوں اعتدال تے لیا

صدقہ حسنین پاک کل مرضاں توں دیہو چاشفا

یا علی المرتضیٰ، یا علی مشکل کشا سنو! پنجا ہماری، سنو! ہماری التجا

بحق لی خمسۃ اطفی بھا حر الوباء الحاطمۃ

المصطفیٰ والمرتضیٰ وابنھما والفاطمۃ

درود بر سید عالم صلواۃ بر محمد و آل محمد۔

طریقہ علاج: ۔(۱) ہوائی چیزوں کے بد اثر مثلاً آسیب، جناب، بھوت، پریت، مسان، جوگیوں، جوگنیوں اور سفلی مؤکلات کے سایہ کے علاج کیلئے۔

(الف) اوّل و آخر درود شریف تین مرتبہ اور مندرہ شریف گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ یہ پانی مریض کو پلائیں۔

(ب) اسی طرح اوّل و آخر درود شریف تین تین مرتبہ اور مندرہ شریف گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر دَم کریں۔ اس تیل کی مریض کے جسم پر مالش کرائیں اور کانوں میں بھی ڈالیں۔

(ج) اس طرح اوّل و آخر درود شریف تین مرتبہ اور مندرہ شریف گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر مریض کو دم کریں۔

(۲) سحر، جادو، ٹونہ ٹیار، نظر بد کے مریض کے علاج کیلئے بھی اسی طرح پانی اور تیل پڑھ کر استعمال کرائیں اور شدت مرض کی صورت میں دم بھی کریں۔

(۳) تمام علاج اور متعدی امراض کے مریضوں کو بھی اسی طرح پڑھ کر پانی اور تیل سرسوں استعمال کرائیں اور شدت مرض کی صورت میں دم کریں۔

(۴) جانوروں کی موسمی، وبائی اور متعدی (چھوتدار) بیماریوں کے علاج کیلئے بھی اسی طرح پڑھ کر پانی پلائیں اور دَم بھی کیا کریں۔

(۵) جن مکانوں، دکانوں اور کھیتوں میں آسیب یا جادو کے بداثرات ہوں وہاں پانی پر دَم کر کے وہ پانی اس جگہ کے چاروں طرف چھڑک دیں۔ چند یوم کے مسلسل استعمال سے وہ جگہ بداثرات سے پاک ہو جائے گی۔

(۶) اگر آپ کو یا آپ کے کسی عزیز کو مسائل، رنج و اَلم اور دشمنوں نے گھیر لیا ہو تو ہنگامی طور پر ایک سو دس (۱۱۰) مرتبہ ایک ہی مجلس میں پڑھ کر دُعا کریں۔ ان شاء اللہ وہ مسئلہ بہت جلد حل ہو جائے گا۔

(۷) سانپ، بچھو وغیرہ کے کاٹنے پر یا جلدی امراض کیلئے تیل پڑھ کر متاثرہ جگہ پر لگائیں۔

اسم اعظم و صدقات سے مسائل کا حل

سیاروں کی عمومی منسوبات

تحریر :۔روحانی اسکالر و آسٹرولوجر علامہ عتیق الرحمٰن ضیاء (کراچی) 0345-2878084

السلام علیکم : عزیزان من ہر سال کی طرح اس سال بھی اپنے پیارے قارئین جعفریہ جنتری کیلئے ایک بہترین تحریر لے کر حاضر خدمت ہوں جیسا کہ آپ سب کو معلوم ہے کہ کسی بھی فرد کی تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور مقام پیدائش کے بعد ہی اسکا صحیح زائچہ بنایا جاتا ہے تا کہ اسکی زندگی کے نشیب و فراز اور دیگر مسائل کو اسکے زائچہ میں سیارگان کی سعد یا نحس پوزیشن کو دیکھتے ہوئے حل کیا جائے اور کون سی لوح یا اسٹون اسکے لیے کس وقت پہننا مفید رہے گا اور کس چیز کا صدقہ نحس اثرات سے بچاؤ کیلئے فائدہ مند رہیگا مگر چند افراد ایسے بھی ہیں جنہیں اپنی تاریخ پیدائش کا علم ہوتا ہی نہیں اور کئی گھریلو مسائل کا شکار ہوتے ہیں اور جس جگہ بھی جاتے ہیں انہیں ایک ہی رٹی رٹائی بات سننے کو ملتی ہے کہ سحر، جادو، و بندش ہے جبکہ مسائل کچھ اور ہی ہوتے ہیں ایسے تمام افراد جو مختلف مسائل کا شکار ہیں اور کوئی حل نظر نہیں آ رہا تو وہ سیارگان کے عمومی منسوبات کو پڑھ کر جس سیارے سے منسوب مسئلہ ہو اس سیارے کے منسوب دن صدقہ ادا کیا کریں اور اسی سے منسوب اسم اعظم کا ورد کریں انشاء اللہ حالات میں نمایاں فرق محسوس کریں گے۔

سیارہ شمس :۔سیارہ شمس کو سیاروں کا بینہ کا حاکم اعلیٰ ہے روشنی اور حیات کا مرکز ہے زائچہ میں باپ کا کارک ہے، شمس باپ اور قوت حیات کی بنیادی علامت ہے اگر زائچے میں شمس مضبوط ہو تو باپ اور قوت حیات صاحب زائچہ کی نشوونما میں مددگار ہو گا۔ شمس بادشاہی کی علامت ہے، قوت و توانائی، غلبہ و اقتدار، شہرت و دولت، لیڈرشپ، سماجی حیثیت و مرتبہ، خود اعتمادی، اعلیٰ عہدہ عطا کرتا ہے اگر زائچے میں کمزور ہو تو کمزور بینائی، سر درد، نظام ہضم میں گڑبڑ، دانتوں کے مسائل، ہڈی کا فریکچر، بخار، ہائی بلڈ پریشر کے ساتھ ساتھ ان تمام اُمور میں رکاوٹ ڈالتا ہے شمس کے ناقص اثرات دُور کرنے کیلئے ہر شخص کے انفرادی زائچہ کے مطابق اسے لوح شمس بنا کر دی جاتی ہے یا پھر اسم اعظم کی انگوٹھی پہنائی جاتی ہے اسکے علاوہ روبی اسٹون بھی فائدہ مند ہوتا ہے جو کہ کسی اچھے وقت پر پہنایا گیا ہو اسکے علاوہ سیارہ شمس ہر برج کے لحاظ سے الگ الگ فائدہ دیتا ہے اوپر دیے گئے شمس سے منسوب مسائل میں رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے نماز کی پابندی کے ساتھ اسم اعظم **یا حی یا قیوم** کا ورد 174 مرتبہ پڑھا کریں اور بروز اتوار گندم، گڑ، یا دیگر سرخ اشیاء کا صدقہ ادا کریں بہتر طریقہ یہ ہے کہ کسی غریب بال بچے دار بزرگ کی خدمت کی جائے اس کے علاوہ والد حیات ہوں تو ان کی خدمت کی جائے۔

سیارہ قمر (چاند): ۔زمین کا سب سے نزدیک سیارہ قمر (چاند) ہے۔ تیز ترین سیارہ ہے 29 یا 30 دنوں میں ہر برج سے گزرتا ہوا ایک ماہ کا دورہ مکمل کرتا ہے اور اس کے سعد و نحس اثرات کا اثر اہل زمین پر پڑتا ہے قمر مؤنث سیارہ ہے مزاجی لحاظ سے سرد مرطوب و معتدل ہے تیز رفتاری کے سبب اس کی پوزیشن روز بدلتی رہتی ہے اس کا انحصار اس کی تابنا کی پر ہے قمر من اور ذہن کی بھی علامت ہے تاریخ پیدائش اور وقت پیدائش کے لحاظ سے کسی فرد کے زائچہ میں قمر مضبوط پوزیشن میں ہو تو ذہنی صلاحیت بہتر ہوتی ہیں، شرف یافتہ اور مضبوط قمر صاحب زائچہ کو پیسے کی فراوانی، عمدہ حافظہ، اچھی عادتیں، دانش وری، ذہنی شعور عطا کرتا ہے، زائچہ میں کمزور ہو تو بے خوابی، ذہنی کاہلی، غنودگی، عورتوں میں رحم اور بچہ دانی کے مسائل جنم لیتے ہیں یہ مسائل تب شدید نوعیت اختیار کرتے ہیں جب قمر کے ساتھ ساتھ عطارد اور دوسرے سیارے بھی کمزور ہوں یا قمر ہبوط یافتہ ہو جو کہ برج عقرب میں ہوتا ہے یا تحت الشعاع ہو یعنی قمر سورج کے قریب ہو اور فعلی منحوس سیاروں کی نظر یا راہو کیتو کی نظر سے قمر متاثر ہو قمر کی نحوست ختم کرنے کیلئے نقش قمر یا پھر اسکی رنگ پہننی چاہیے اسکے علاوہ سچا موتی یا مون اسٹون بھی پہنایا جاتا ہے زائچہ میں قمر کی پوزیشن کیا ہے اور کیا فائدہ دے سکتا اس کے علاوہ سیارہ قمر کی ٹرانزٹ پوزیشن ہر دن برج کے حوالے سے الگ الگ فائدہ دیتی ہے اوپر دیے گئے قمر سے منسوب مسائل میں رکاوٹ کو دور کرنے کیلئے نماز کی پابندی کے ساتھ اسم اعظم **یا رحمن یا رحیم** کا ورد 556 مرتبہ پڑھنا معمول بنا لیں اور بروز پیر سفید رنگ کی چیزوں کا صدقہ دیں جیسے آٹا، چاول، دودھ وغیرہ اس کے علاوہ کسی غریب بچے دار خاتون کی مالی مدد بھی کی جاسکتی ہے والدہ یا خالہ حیات ہیں تو ان کی خدمت کر کے دُعائیں لیں روزانہ پابندی سے پرندوں کیلئے دانہ پانی کا انتظام بھی کریں۔

سیارہ عطارد: ۔عطارد کو ذاتی برج سنبلہ میں شرف ہے، ذہانت، قوت حافظہ اور تعلیمی سرگرمیوں سے متعلق ہے، سفر اور نشر و اشاعت

ہاشمی بک ڈپو، مظفر آباد آزاد کشمیر
سعید بک ڈپو ہارون آباد
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

کے معاملات بھی اس کے زیراثر ہیں، زائچہ میں عطارد طاقتور ہو ایسے لوگ بے حد چالاک ہوشیار اور ذہین ہوتے ہیں علمی میدان میں ترقی کرتے ہیں انہیں لکھنے پڑھنے سے نہایت دلچسپی ہوتی ہے۔ مگر وہ لوگ جو کند ذہنی، کمزور حافظہ اور تعلیمی اُمور علم ریاضی میں عدم دلچسپی کی شکایت رکھتے ہیں لازمی طور پران کے پیدائشی زائچے میں سیارہ عطارد کمزور ہوتا ہے، بعض لوگ غبی اور کم عقلی یا کم فہمی جیسی کمزوریوں میں مبتلا ہوتے ہیں، وہ بھی عطارد کی کمزوری ہے، بعض بچے سائنس کے مضمون میں اپنی ریاضی کی کمزوری کے سبب آگے نہیں جاسکتے، عطارد کی کمزوری دور کرنے کیلئے کسی اچھے وقت پر نقش لوح عطارد کے علاوہ "خاتم عطارد" بھی تیار کر کے دی جاتی ہے اور زمرد یا پیریڈوٹ اسٹون پہننا بھی مفید رہتا ہے اسکے علاوہ سیارہ عطارد ہر برج کے لحاظ سے الگ الگ فائدہ دیتا ہے۔ اوپر دیئے گئے عطارد سے منسوب مسائل میں رکاوٹ کو دور کرنے کیلئے نماز کی پابندی کے ساتھ اسم اعظم **یا علی یا عظیم** کا ورد 1130 مرتبہ پڑھا کریں اور بروز بدھ سبز رنگ کی اشیاء کا صدقہ ادا کریں جیسے سبزیاں، مونگ کی ثابت دال یا سبز کپڑا وغیرہ، بہتر طریقہ یہ ہے کہ کسی غریب طلباء یا یتیم بچے کی کفالت کریں یہ ممکن نہ ہو تو حسب توفیق اسکی مدد کیا کریں اسکے علاوہ آوارہ جانوروں کو سبز چارہ ڈالا جائے۔

سیارہ مریخ: ۔مذکر ومردانہ صفت کا حامل ہے سیاروی کابینہ کا سالار اعظم کہاجاتا ہے ذہنی وجسمانی ہمت کی علامت سمجھا جاتا ہے کسی فرد کے زائچہ میں مریخ طاقت ور ہو تو عمومی اعتبار سے اس فرد کو توانائی، چستی، حصول مقصد میں کامیابی، جذبہ وکوشش قوت کے ساتھ کام کرنے کی صلاحیت عطا کرتا ہے، یہ سیارہ چھوٹے بہن بھائیوں اور عورت کے زائچے میں مرد و عاشق کی نمائندگی کرتا ہے مخصوص برج والوں کے زائچہ میں اگر یہ سیارہ چھ، آٹھ، بارہ گھر کا مالک ہو تو منحوس اثرات کا حامل ہوتا ہے۔ اسی سیارے سے منگل دوش لگتا ہے جسے منگلیک کہاجاتا ہے ایسے مرد وعورت کی شادی ٹوٹ جاتی ہے اور بعض اوقات سیارے کا نحس اثر خطرناک حد تک ظاہر ہوتا ہے۔ کسی بھی فرد کے زائچہ میں سیارہ مریخ کی عمومی کمزوری سست، کاہل، بدمزاج، جھگڑالو، حاسد ومتکبر بنادیتی ہے، اگر کے آپ کے زائچہ میں یہ سیارہ نحس ہے یا کمزور ہے یا طاقتور تو اپنا زائچہ بنوا کر مکمل معلومات حاصل کریں، مریخ کی کمزوری دور کرنے کیلئے لوح مریخ کے علاوہ "خاتم وطلسم مریخ" بھی تیار کی جاتی ہے مرجان اسٹون پہننا مفید رہتا ہے سیارہ مریخ ہر برج کے لحاظ سے الگ الگ فائدہ دیتا ہے مریخ سے منسوب مسائل میں رکاوٹ کو دور کرنے کیلئے نماز کی پابندی کے ساتھ اسم اعظم **یا مالک یا قدوس** 261 مرتبہ پڑھا کریں اور بروز منگل کسی لال کلر کی اشیاء کا صدقہ ادا کریں جیسے گوشت، کلیجی، سرخ مسور کی دال صدقہ دیں اسکے علاوہ کسی غریب غیر شادی شدہ نوجوان کی مدد کریں اور اپنے چھوٹے بھائیوں کی ضروریات کا خیال رکھیں۔

سیارہ زھرہ: ۔زہرہ عشق ومحبت، حسن وخوبصورتی اور دوستی و تعلقات کا ستارہ کہلاتا ہے، یہ مالی اُمور پر بھی اثر انداز ہوتا ہے، آمدن میں اضافے اور انعامی اسکیموں میں زہرہ کا کردار بہت اہم ہے دائرہ بروج میں زہرہ دوسرے گھر خانہ مال کا حاکم ہے، دائرہ بروج کے ساتویں گھر میزان پر بھی اسکی حکمرانی ہے، ساتواں گھر انسانی زندگی میں تعلقات پر زور دیتا ہے لہذا ہر قسم کی پارٹنرشپ خواہ کاروباری ہو یا ازدواجی، ساتویں گھر کے زیراثر ہے۔

زائچے میں سیارہ زہرہ محبت، شادی اور دیگر نوعیت کے تعلقات کی نشان دہی کرتا ہے، اگر زائچے میں زہرہ کمزور ہو یا نحس اثرات کا شکار ہو تو ایسے خواتین وحضرات کی زندگی محبت میں ناکامی، شادی میں تاخیر، عملی زندگی میں عزیز و اقارب، ملازمت یا کاروبار میں دوسروں سے تعلقات میں خرابی کی نشان دہی ہوتی ہے۔ ایسے افراد عموماً خشک مزاجی کا شکار رہتے ہیں، زائچے میں سیارہ زہرہ کی خرابیاں بعض اوقات نہایت پیچیدہ نوعیت کی بیماریوں کا سبب بھی بنتی ہیں جن میں جنسی ونفسیاتی امراض اور بانجھ پن جیسے مسائل شامل ہیں۔

زہرہ زائچے میں طاقت ور ہو اور نحس اثرات سے پاک ہو تو انسان معاشرے میں محبوبیت اور مقبولیت حاصل کرتا ہے، لوگ اُسکی قربت سے خوشی وشادمانی محسوس کرتے ہیں، پروانہ وار اس پر نثار ہونے کیلئے تیار رہتے ہیں، محبت یا شادی کیلئے خوشی اور اطمینان کا باعث ہوتی ہے، عام زندگی میں بھی لوگوں سے بہتر تعلقات استوار ہوتے ہیں جسکی وجہ سے ملازمت یا کاروباری معاملات میں ترقی ملتی ہے خوش قسمتی ساتھ چلتی ہے، ایسے لوگوں کو کبھی بھی مالی پریشانی نہیں ہوتی بلکہ تحفہ تحائف ملتے رہتے ہیں اور انعامی اسکیموں میں بھی کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ زہرہ کی کمزوری دور کرنے اور ناقص اثرات سے نجات کیلئے عام طور سے ہیرا تجویز کیا جاتا ہے، اسکے نعم البدل اوپل یا سفید پکھراج اسٹون پہن کر فوائد حاصل کیے جاسکتے ہیں اسکے علاوہ نقش لوح زہرہ یا اسم اعظم **یا علی** کا نقش بھی مفید ہے سیارہ زہرہ ہر برج کے لحاظ سے الگ الگ فائدہ دیتی ہے، زہرہ سے منسوب مسائل میں رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے نماز کی پابندی کے ساتھ اسم اعظم **یا کافی یا غنی** کا ورد 1171 مرتبہ پڑھا کریں اور بروز جمعہ سفید اشیاء کا صدقہ ادا کریں جیسے چاول، دودھ، چینی وغیرہ

سیارہ مشتری: ۔مشتری کو سیاروی کابینہ کا معلم اور سعد ترین

المرتضیٰ بک سنٹر نیو گھڑی بازار گجرات
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

سیارہ سمجھا جاتا ہے یہ عمومی طور پر سچائی، مذہب، دولت اور عدل سے منسوب ہے کسی فرد کے زائچے میں مضبوط ہو تو عقلمندی، مذہبی تعلیم ولگاؤ، اچھی تعلیم و تربیت، خوش مزاجی، وسعت ترقی وآمدنی عطا کرتا ہے۔اسکے علاوہ زائچے میں مشتری بڑے بھائی، بیٹے، اخلاقیات، خلوص و دوستی، والد، اور تمام اچھی چیزوں کی علامت ہے۔خواتین کے زائچے میں مشتری شوہر کی علامت سمجھا جاتا ہے اگر مشتری کسی بھی طرح سے کمزور ہو تو ایسی خواتین کو شوہر سے وہ خوشیاں نصیب نہیں ہوتی جو عورت اپنے شوہر سے توقع رکھتی ہے۔اسکے علاوہ کسی بھی فرد کے زائچے میں مشتری کمزور ہو تو جگر کی خرابی، اولاد کے مسائل تعلیم وتربیت میں کمی یا رکاوٹ، مذہب سے لاتعلقی، خودغرضی، جہالت اور آوارہ پن پیدا کرتا ہے، زائچے میں مشتری کی کمزوری دور کرنے اور ناقص اثرات سے نجات کیلئے پیلا پکھراج کسی اچھے وقت میں پہنایا جاتا ہے اسکے علاوہ نقش لوح مشتری یا خاتم مشتری بھی پہنی جاسکتی ہے اس سے مالی امور میں بھی وسعت پیدا ہوتی ہے، سیارہ مشتری ہر برج کے لحاظ سے الگ الگ فائدہ دیتا ہے اوپر دیے گئے مشتری سے منسوب مسائل میں رکاوٹ کو دور کرنے کیلئے نماز کی پابندی کے ساتھ اسم اعظم **یا کبیر یا متعال** کا ورد 773 مرتبہ پڑھا کریں اور بروز جمعرات پیلے رنگ کی چیزوں کا صدقہ ادا کریں جیسے چنے کی دال، سوجی کا حلوہ، پیلے رنگ کی مٹھائی وغیرہ، بہتر طریقہ یہ ہے کہ اپنے کسی غریب استاد کی یا پھر ایسے شخص کی مدد کریں جو دینی یا دنیاوی تعلیم دیتا ہو مگر غریب ہو اور اپنے اساتذہ کی خدمت کر کے انکی دعائیں لیں۔

سیارہ زحل: ۔ سیارہ زحل کو سیاروی کابینہ کے ورکر یا غلام کی حیثیت دی جاتی ہے اور اسے چھوٹے طبقے کے لیڈر سے منسوب کیا جاتا ہے، زحل فرض شناسی، اعتبار، ایمانداری، ذمہ داری، نظم وضبط، عملی اقدام، بردباری وثابت قدمی سے منسوب ہے۔اگر کسی فرد کے زائچہ میں مضبوط ہو تو وراثتی معاملات کے ساتھ لمبی عمر، زندگی میں کامیابی، شہرت، استحکام، مستقل مزاجی، مضبوط قوت ارادی، اصول پسندی اور محنتی بناتا ہے اور اگر یہ زائچے میں نحس ہو تو بدقسمتی، مفلسی، پریشانیاں، رنج وغم، احساس کمتری، جسمانی کمزوری، تنہاپسندی پیدا کرتا ہے۔زحل کے بارے میں مشہور ہے کہ سعد اثر دینے پر آئے تو کئی روکے ہوئے کام ہو جاتے ہیں اور برا اثر ہو تو بنے بنائے کام میں رکاوٹ آجاتی ہے ساڑھ ستی اسی سیارے کی وجہ سے لگتی ہے مگر صرف ان زائچوں میں جن کے لیے سیارہ زحل نحس اثرات کا حامل ہو۔اکثر عامل ونجومی بلاوجہ ہر کام کو ساڑھ ستی سے جوڑ دیتے ہیں اور ہر مسئلہ میں زحل کو منحوس تصور کرتے ہیں جو کہ سراسر غلط ہندوانہ عقائد اور کم علمی ہے، ہر فرد یا زائچے کیلئے زحل منحوس نہیں ہے، اگر آپ اپنے زائچہ میں زحل کی پوزیشن، سعد ونحس اثرات سے واقف ہونا چاہتے ہیں تو اپنا زائچہ بنوا کر معلومات لیں۔اسکے علاوہ زائچے میں زحل کی کمزوری دور کرنے اور ناقص اثرات سے نجات کیلئے نیلم کسی اچھے وقت میں پہنایا جاتا ہے اسکے علاوہ نقش لوح زحل یا خاتم زحل بھی پہنی جاسکتی ہے اس سے تمام معاملات میں استحکام پیدا ہوتا ہے، سیارہ زحل ہر برج کے لحاظ سے الگ الگ فائدہ دیتا ہے اوپر دیے گئے زحل سے منسوب مسائل میں رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے نماز کی پابندی کے ساتھ اسم اعظم **یافتاح یارزاق** کا ورد 797 مرتبہ پڑھا کریں اور بروز ہفتہ کالے رنگ کی چیزوں کا صدقہ ادا کریں جیسے کالی ماش، یا دیگر بلیک چیزیں، اسکے علاوہ کوؤں کو خوراک ڈالیں بہتر طریقہ یہ ہے کہ کسی مہلک بیماری میں مبتلا غریب افراد یا معزوروں کی مدد کریں والد یا خاندان کے بزرگ افراد کی خدمت کر کے انکی دعائیں لیں۔

پراسرار راہو: ۔ راہو کو باقاعدہ طور پر سیارے کی حیثیت حاصل نہیں بلکہ اسے قمر کی پرچھائی کہا جاتا ہے ویدک سیسٹم میں اسے بڑی اہمیت حاصل ہے، اسکے اثرات کے حوالے سے اختلاف پایا جاتا ہے مگر اسے نحس ہی مانا جاتا ہے اسکے اچھے فوائد زائچہ کی نوعیت دیکھ کر ہی پتہ لگائے جاسکتے ہیں عمومی طور پر یہ دھوکہ دہی، سٹے بازی، سیاست، غیر اخلاقی حرکتوں کی طرف راغب کرتا ہے۔سکیس اسکینڈل اسی کے اثرات کی وجہ سے پیش آتے ہیں راہو انسان کو مادیت پرستی اور بے جا خواہشات کی طرف راغب کرتا ہے، اسکے علاوہ اچانک بے محنت کی دولت یا فائدہ بھی عطا کرتا ہے جو دیرپا نہیں رہتا راہو آپکے زائچہ میں کیا اثرات عطا کرے گا اسکے لیے اپنا زائچہ بنوا کر معلومات حاصل کریں اور اسکے نحس اثرات پر قابو پانے کیلئے روزانہ چیونٹیوں اور دیگر حشرات الارض کو خوراک ڈالیں سوجی وشکر مکس کر کے بھی ڈالی جاسکتی ہے۔

کیتو: ۔ کیتو کو غضب ناک کہا جاتا ہے یہ بھی قمر کی پرچھائی ہی ہے اس کے اثرات کو بھی عمومی طور پر نحس کہا جاتا ہے کیتو جب بھی کسی سیارے یا زائچے کے گھروں سے اپنی نظر بناتا ہے تو مختلف قسم کی رکاوٹیں، دنیا سے بے زاری، ذہنی طور پر پریشانیاں، نفسیاتی مسائل، اسکے علاوہ راہو کیتو مل کر سحری اثرات یا ایسی ذہنی کیفیت پیدا کرتے ہیں باقی اسکے نحس اثرات کسی بھی فرد کے زائچے کے مطابق الگ الگ ہوتے ہیں اسکے نحس اثرات پر قابو پانے کیلئے منگل کے روز آوارہ کتوں کو خوراک ڈالنا یا کسی مجذوب یا ذہنی مریض کی مدد کرنا بہتر ہے۔

رضا بکس ای ایم سوسائٹی ملتان روڈ لاہور 042-7512477
ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

تسخیرات و موکلات الارواح

تحریر:۔ حکیم محمد نعیم الحسن، ریاض میڈیکل، ہسپتال روڈ، مانگا منڈی ضلع لاہور 0345-6251471

السلام علیکم! قارئین شائقین عملیات و آج محفل روحانیہ جعفریہ جنتری کیلئے آزمودہ نئے مجرب اعمال لے کر حاضر خدمت ہوں، سب سے پہلے چیف ایڈیٹر جناب محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور تحفہ روحانیات کی پوری ٹیم کو نئے سال کی مبارکباد پیش کرتا ہوں اب اصل مقصد کی طرف آتا ہوں۔ میرے یہ اعمال آپ کو بہت پسند آئیں گے۔

مخالف سے حق حاصل کرنا

يَا جَبَّارُ يَا قَهَّارُ يَا ذُو الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ خُذْ حَقِّيْ مِمَّنْ ظَلَمَنِيْ وَتَعَدّٰى عَلَيَّ ۔

ترکیب استعمال :۔ترکیب وطریقہ یہ ہے اگر کسی سے اپنی کوئی چیز یا روپیہ پیسہ وغیرہ واپس لینا ہو اور وہ واپس نہ کرتا ہو نفاس کا تصور کر کے ان کلمات کو ہر روز بعد نماز عشاء باوضو پاک صاف ہو کر علیحدہ خلوت گاہ میں خوشبو لگا کر اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ کے ساتھ عمل کو تین سو تیرا (۳۱۳) پڑھیں دوران عمل اگر بتیاں سُلگائیں اکیس (۲۱) روز کا عمل ہے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ اکیس (۲۱) روز کے اندر مخالف آپ کا حق آپ کو واپس کر دیگا۔ عمل بلا اجازت محمد ثقلین عباس ساہیوال سے وصول ہوا۔ آپ قارئین کی خاطر جعفریہ جنتری کی نظر کرتا ہوں اگر عمل کرنے کا ذوق ہو تو محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے رابطہ کر کے ادارہ روحانیات یعنی بانی جعفریہ جنتری کی سالانہ نیاز میں اپنا حصہ 2500 مقرر ہے ادارہ کو امانت جمع کروائیں اور اجازت عمل حاصل کریں اور عمل شروع کریں میری طرف سے اجازت ہے۔

عمل حاضرات روحانیہ

عزمت علیکم یَا معشر الجن والانس والارواح بحق حضرت سلیمان بن داؤد علیه السلام حضروا احضرو یَا قوام حاضرات واجنات حاضر شو بحق یَا حی یَا قیوم برحمتك یَا اَرحم الراحمین۔

ترکیب وطریقہ: ایک چینی کے پیالے میں سیاہی ڈال کر گیارہ مرتبہ درود شریف اوّل آخر اس کے بعد ایک سو دس (110) بار مندرجہ ذیل عمل اکیس یوم تک پڑھیں جس دن سیاہی میں مؤکل نظر آ جائیں سمجھو عمل کامیاب ہو گیا، پھر سلام کریں اور جو بات پوچھنی ہو دریافت کریں، سو فیصد درست جواب ملے گا؟ (عطیہ مصنف تسخیرات عملیات کی روحانی دنیا)

تسخیرات شمشماله جن

منتر :۔ يَا شَمْشَمَالَا

ترکیب عمل: نو چندی اتوار کو علیحدہ کمرہ میں پاک صاف باوضو ہو کر صاف ستھرا لباس زیب تن کر کے عشاء کے بعد خود پر عطر چنبیلی لگائیں اور اچھی طرح لوبان اگربتی جلائیں اور ایک وقت مقررہ پر عمل کو شروع کریں۔

تعداد عمل: روز منتر عمل کو گیارہ سو (1100) مرتبہ یکسوئی سے پڑھا کریں۔ درود شریف: اوّل وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

مدت عمل :۔ عمل کی مدت اکتالیس (41) دن تک عمل پڑھیں۔ پرہیز اس عمل میں کسی قسم کا نہیں ہے۔ اکتالیس دن کے بعد ایک جن حاضر ہو گا جس کا نام **شَمْشَمَالَا** جن ہے؟ اس سے حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام کی قسم دے کر تابعداری کا عہد لیں قول قرار طے کر لیں اور اس سے دوبارہ حاضری کا طریقہ پوچھ لیں۔ 20 دن میں حاضر ہو گا۔ لیکن آپ اس سے کسی قسم کی بات نہ کریں آخری یوم بات کریں ہر کام با خوشی کرے گا، عمل کریں اور مزے اُڑائیں جو کام مرضی لیں۔

نوٹ :۔ میں نے اس عمل کی راہنمائی اپنے اُستاد محترم سے حاصل کرنے کی درخواست کی مگر میرے اُستاد نے اجازت عطاء نہیں کی، اس کے بدلے دوسرا عمل با مؤکل عمل عطاء کیا جو مجھ کو بہت پسند آیا۔ آسان سہل مجرب ہے ابھی **شَمْشَمَالَا** جن کی اجازت نہیں ملی اور نہ میں نے تجربہ کیا مگر یہ عمل سہل و آسان ہے آپ قارئین کرام کی خاطر پیش کر دیا۔ مکمل راہنمائی کیلئے جناب محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے رابطہ کریں۔

دنیاوی مسائل کے حل کیلئے

عمل: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اجب یا اسرافیل بحق اتف یا اللّٰه المحمود فی کل معاله یا اللّٰه .

ترکیب وطریقہ عمل: ترکیب عمل یہ ہے۔ بعد عشاء اس عمل کو باوضو پاک صاف ہو کر عمل کو روزانہ (382) مرتبہ اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ کے ساتھ پڑھیں۔ (عطیہ بیاض گامن شاہ باہو سلطان دربار) سے وصول ہوا ہے۔



بلڈ پریشر ڈاکٹروں کو چکمہ دینے والا موذی مرض

تحریر:۔سید مبارک علی شمسی، شمسی اسٹریٹ نمبر 1 محلہ منظور آباد ڈاکخانہ قائم پور تحصیل حاصل پور 0333-7850809

میں سب سے پہلے جعفریہ جنتری کی پوری ٹیم اور اس کے قارئین کو سلام پیش کرتا ہوں اور دُعا گو ہوں کہ میرا پالنے والا رب آپ سب کی جائز، شرعی اور دلی حاجات پوری فرمائے اور نیا سال سن 2020ء آپ کیلئے ڈھیروں خوشیاں لائے اور خالق اکبر جل شانہٗ محمدؐ و آلِ محمدؐ کے صدقے میں مسلمان دشمن قوتوں کا قلع قمع کر کے وطنِ عزیز پاکستان کو استحکام عطاء فرمائے اور پاکستانی قوم سمیت تمام مسلمانوں کو مہلک امراض سے بچائے اور دنیاوی آفات و بلیات سے محفوظ رکھے۔ (آمین) ثم آمین۔

قارئین اس سال بلڈ پریشر سے بچاؤ کے عملیات اور مجربات کے ساتھ حاضر خدمت ہوں اور پُر اُمید ہوں کہ آپ ان سے بھر پور اور مکمل استفادہ حاصل کریں گے اور میرے حق میں دُعا فرمائیں گے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ دور حاضر میں جس طرح آبادی تیزی سے پھیلتی جارہی ہے بالکل اسی طرح نئی نئی اور خطرناک بیماریاں بھی جنم لے رہی ہیں اور جدید دور میں ان مہلک بیماریوں میں سب سے خطرناک مرض بلڈ پریشر ثابت ہو رہا ہے یہ ایک ایسا مرض ہے جو آخر تک چھپا رہتا ہے اور ظاہر نہیں ہوتا اور اس کی علامات بھی ڈاکٹروں، حکیموں اور طبیبوں کو چکمہ دیتی رہتی ہیں ابھی تک پورے عالم میں بلڈ پریشر کو صحیح طریقے سے پیمائش نہیں کیا جاتا کیونکہ مغرب کی تیز رفتار زندگی اور مشرق میں روپے پیسے کی دوڑ نے طب (Medical) کے شعبے کو سخت متاثر کیا ہے۔ بلڈ پریشر کو چیک کرنے سے پہلے کم از کم دس منٹ مریض کو آرام (Rest) کرانا ضروری ہوتا ہے لیکن پوری دنیا میں ڈاکٹروں نے اس بنیادی اور اہم اُصول کو وقت اور دولت کے لئے بھلا دیا ہے۔

قارئین کرام آج راقم الحروف آپ سب کو قدرت اور انسانی جسم کے ایک عظیم اور پیچیدہ علم میں شریک کرنا چاہتا ہے اور بتانا چاہتا ہے کہ قدرت خود کس طرح آپ کی مدد اور حفاظت کرتی ہے روزانہ کی زندگی گزارنے کے لئے اعتدال کے ساتھ بلڈ پریشر کا بڑھنا نہایت ضروری ہے تا کہ انسانی جسم کے اُن اعضاء تک خون کی سپلائی میں اضافہ ہو، خون اپنے ساتھ آکسیجن اور غذائیت لے کر جاتا ہے تا کہ وہ عضو مکمل طور پر کام کر سکیں۔ ذہن اور جسم یہ کام دل کی دھڑکن یا نبض (Puls) کو بڑھا کر کرتے ہیں۔ آئیں اس آرٹیکل اور لکھنے کی مثال کو ہی لے لیجئے اور دیکھیں کہ بلڈ پریشر کس طریقے سے مثبت رول ادا کرتا ہے اور کب نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے جیسے ہی آرٹیکل لکھنے والے مصنف کے ذہن میں خیال آتا ہے اور وہ خیال ارادے میں تبدیل ہوتا ہے تو ساتھ ہی دل کی دھڑکن میں ہلکا سا اضافہ ہونا شروع ہو جاتا ہے اور اعتدال کے ساتھ بلڈ پریشر بڑھنا شروع ہو جاتا ہے یہ ایک فطری اور مثبت چیز ہے اور اس کا مقصد جسم کے مخصوص اعضاء مثلاً دماغ، ہاتھ اور جسم کے وہ مخصوص اعضاء جن کا تعلق مضمون لکھنے سے ہے وہاں تک اضافی آکسیجن اور غذائیت پہنچاتا ہے تاہم اگر خدانخواستہ پہلے ہی بلڈ پریشر بڑھا ہوا ہو تو اس کے نتائج بھیانک ثابت ہو سکتے ہیں، آئیں ایک اور مثال اپنے سامنے رکھئے کہ آپ باغ میں پانی کے پائپ کے عام دباؤ سے پھول پتیوں کو پانی دے رہے ہوں اور اچانک پیچھے سے کوئی شخص پائپ لائن کا پریشر مزید کھول دے تو نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ پودے بھی تباہ ہو جاتے ہیں اور پائپ لائن کی تباہی کا اندیشہ بھی رہتا ہے۔

قدرت ہر ممکن طریقے سے آپ کی مدد کرنا چاہتی ہے اگر آپ اپنے کام کو عادت کے طور پر کسی مخصوص طریقے اور سلیقے سے کریں تو جسم اور ذہن عادی ہو جاتا ہے اور سارا کام خود بخود بغیر جسم اور ذہن پر دباؤ کے ہو جاتا ہے بلڈ پریشر بڑھتا ہے اور نہ نبض کی رفتار تیزی ہوتی ہے۔ اس کی مثال عملی طور پر صحت کے ان مضامین کے بارے میں ہے جو ہر ماہ کے درمیانی دنوں میں دوطرفہ معاہدہ کے تحت عادت کے مطابق لکھے جاتے ہیں اور جسم اور ذہن پر بوجھ بھی نہیں بنتے، آئیں اب ذرا بلڈ پریشر کی مختلف اقسام اور علاج پر روشنی ڈالتا ہوں۔ عمر کے تقاضوں کی وجہ سے Essential تقریباً پچاس، پچپن سال کی عمر کے بعد انسانی جسم میں بڑھاپے کے آثار ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور جسم نحیف ہونا شروع ہو جاتا ہے اور شریانوں کی اندرونی دیواریں تنگ ہونے لگتی ہیں اور یہ عمل مختلف قوتوں اور مختلف نسلوں اور مختلف ملکوں میں مختلف شرح سے ہوتا ہے اور اس کی وجہ جغرافیائی اور ثقافتی عوامل ہیں مثلاً مشرق اوسط ایران، افغانستان اور پاکستان میں کولیسٹرول کی مقدار گوشت اور دودھ خور ہونے کی وجہ سے خون میں زیادہ ہے بہ نسبت سبزی خور ہندوستانیوں اور مشرق بعید کے لوگوں کے، مغرب نے (Stress)

جھانگیر بک ڈپو اینڈ اسٹیشنریز' بھون روڈ' چکوال
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

تمباکو اور فاسٹ فوڈز کے ذریعے اپنے آپ کو بلڈ پریشر کے حوالے کر دیا ہے۔ نفسیاتی بلڈ پریشر، خوف اور مسلسل ذہنی دباؤ انسان کو ذہنی مریض بنا دیتا ہے اور خاص قسم کے ہارموز مثلاً Andrenalin انسانی جسم کو غیر ضروری طور پر الرٹ حالت میں رکھتے ہیں اور بلڈ پریشر غیر فطری طور پر بڑھ کر نقصان دے سکتا ہے مگر ہمارے یہ اعضاء بلڈ پریشر کو کنٹرول میں رکھتے ہیں۔

55 سے 60 برس کے بعد گردوں کا چیک اپ مناسب ہوتا ہے اپنے طبیب سے ہر سال گردوں کا معائنہ ضرور کرائیں۔ ہائی بلڈ پریشر کے نتائج دو قسم کے ہوتے ہیں ایک تو لمبی اور بڑی مدت کے، اس سے انسان تھکن کی مسلسل شکایت محسوس کرتا رہتا ہے اور مستقل سر میں درد رہتا ہے اور کبھی کبھی متلی اور قے کی شکایت بھی ہوتی ہے، دوسرا نتیجہ دماغ کی شریانوں کے پھٹنے کی شکل میں (Stroke) یا پھر دل کے دورہ (ہارٹ اٹیک) کی شکل میں اچانک ظاہر ہو سکتا ہے اگر آپ کی عمر پچپن سال کے قریب ہے اور آپ تمباکو نوشی کرتے رہے ہیں یا کر رہے ہیں اور آپ کا تعلق پاکستان، ایران، افغانستان، بھارت اور بنگلہ دیش سے ہے تو فی الفور بلڈ پریشر کی تشخیص کرائیں تاکہ اس موذی مرض سے بچا جا سکے، حالیہ سروے اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے مطابق نوجوان طبقہ بھی بلڈ پریشر کے مرض میں مبتلا نظر آنے لگے ہیں۔ عملیات پیش خدمت ہیں۔

ہائی بلڈ پریشر: ۔ اگر کوئی شخص ہائی بلڈ پریشر کا شکار ہو تو اُسے چاہئے کہ باوضو ہو کر لاتعداد مرتبہ درود شریف کا ورد جاری رکھے بفضل خدا بلڈ پریشر معمول پہ آ جائے گا یہ میرا آزمودہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ O اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّد

لو (LOW) بلڈ پریشر: ۔

اگر کوئی شخص لو (LOW) بلڈ پریشر کا شکار ہو تو اُسے چاہئے کہ باوضو ہو کر استغفار "**استغفر الله ربی من کل ذنب و اتوب علیه**" کا ورد بلاتعداد جاری رکھے ان شاء اللہ العزیز بلڈ پریشر بھی کم نہیں ہو گا اور معمول پر رہے گا ان شاء اللہ۔

ہائی بلڈ پریشر کا علاج: ۔ ہائی بلڈ پریشر کے لئے چاول بہت ہی مفید پایا گیا ہے۔ فشارِ خون دل اور معدے کی بیماری میں بھی چاول کا کثرت سے استعمال کرنا چاہئے اور اس غذا میں پھل اور چینی بھی شامل کر لیں اور یہ خوراک اسی وقت سے شروع کر دینا بہتر رہتا ہے جب خون کا دباؤ بڑھ جانے کا عارضہ ابھی ابتدائی مراحل میں ہو۔

خاتمہ بلڈ پریشر کیلئے: ۔ اگر بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہو تو لہسن کے چار پانچ دانے تازہ پانی کے ہمراہ نہار منہ استعمال کریں اور 45 دن تک بلاناغہ استعمال کریں بفضل خدا آرام آ جائے گا۔ مجرب بھی ہے۔

ہائی بلڈ پریشر بغیر دوا کے درست کرنا: ۔ اگر اچانک سفر میں یا کسی بھی محفل میں بلڈ پریشر ہائی ہو جائے اور آپکے پاس بلڈ پریشر کی گولی موجود نہ ہو اور نہ ہی کوئی قریبی میڈیکل اسٹور ہو تو فوری طور پر ٹھنڈے دودھ کا ایک گلاس پی لیں دو سے تین منٹ میں بلڈ پریشر نارمل ہو جائیگا۔ جب بلڈ پریشر ہائی ہوتا ہے تو ہمارے جسم میں الکائن کی تعداد زیادہ وہ جاتی ہے زیادہ مقدار کو فوری طور پر کنٹرول کیا جائے تو بلڈ پریشر بھی کنٹرول ہو جاتا ہے۔

درج بالا موقع جیسا کہ ذکر کر چکا ہوں کہ اچانک سفر یا کسی محفل میں بلڈ پریشر ہائی ہو جائے اور دوائی بھی پاس موجود نہ ہو اور میڈیکل اسٹور یا دودھ بھی میسر نہ ہو تو فوری طور پر یہ کیا جائے کہ بہت تیزی کے ساتھ یکے بعد دیگرے ہونٹوں کا دائرہ بنائیں اور ناک سے سانس لیں اور منہ سے جھٹکے کے ساتھ پھیپھڑوں سے مکمل طور پر ہوا خارج کریں۔ تین سے چار منٹ ایسا کرنے سے بلڈ پریشر نارمل ہو جاتا ہے۔

لو بلڈ پریشر بغیر دوائی کے درست کرنا: ۔ اگر اوپر والی پریشانی اسی ماحول میں ہو اور آپکا بلڈ پریشر لو ہو جائے کوئی دوائی یا ایسا مشروب بھی پاس نہ ہو کہ جس سے فوری طور پر بلڈ پریشر نارمل ہو سکے تو ایسے موقع پر فوری علاج کی ضرورت پڑے تو یہ کیا جا سکتا ہے کہ ناک کے ذریعے سانس لیں پھیپھڑوں میں کچھ وقت روکیں اور ہونٹوں کا گول دائرہ بنا کر مکمل طور سے خارج کر دیں خارج کرتے وقت آہستہ آہستہ پھیپھڑوں سے ہوا نکالیں دو سے تین منٹ ایسا کرنے سے آپکا بلڈ پریشر نارمل ہو جائیگا۔

نوٹ: ۔ ہر قسم کے مسائل کے حل کیلئے اور مہلک و پوشیدہ بیماریوں کے علاج کیلئے براہِ راست رابطہ کریں

دشمنی ختم کرنے کا وظیفہ

تحریر: ۔ مظاہر حسین (لاہور)

اگر کسی خاندان میں آپسی رنجش یا کسی بات پر ناراضگی ہو گئی ہو تو اُسے ختم کرنے کیلئے پانی پر 786 مرتبہ **بسم الله الرحمن الرحيم** پڑھ کر مخالف یا دشمن کو پلا دیا جائے تو ان شاءاللہ وہ مخالفت چھوڑ دیگا اور محبت کرنے لگے گا اور اگر موافق (یعنی دوست) کو پلا دیں تو محبت بڑھ جائیگی اور کبھی ختم نہ ہو گی۔

لوح فتح و نصرت

تحریر:۔منظور علی سموں (ٹنڈو محمد خان) 0306-3019828

قارئین جعفریہ جنتری السلام علیکم تحفہ یا علی مدد! اس سال تمام مومنین و مومنات کی خدمت میں ایک مجرب عمل لوح فتح و نصرت حاضر خدمت ہے۔ اس لوح مبارکہ کے ہزاروں فوائد ہیں اس لوح مبارکہ کو ذیل کے اوقات میں قوائد عملیات کے مطابق تیار کرنا ہے۔ لوح فتح و نصرت کے اثرات دیکھ کر آپ حیران رہ جائیں گے۔

لوح تیار کرنے کے اوقات :۔نوروز عالم افروز، شب معراج، شب برات، شب قدر یا شرف مریخ میں تیار کر سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ لوح مبارکہ کو اپنے پاس رکھتے ہی تمام مسائل حل ہو جائینگے۔

طریقہ تیاری:۔عرق گلاب، عنبر، زعفران کی رنگدار سیاہی سے سفید کاغذ پر تحریر کریں۔ نقش تحریر کرنے سے قبل پاک وصاف باوضو رہنا ضروری ہے۔

فوائد:۔آسیب، نظر بد، بیماری سے شفا، اولاد کی تمنا، محبت، شادی، حاضری کیلئے، ملازمت میں ترقی یا فتح و نصرت، قرض سے نجات، مقدمات میں جیت، گھریلو لڑائی جھگڑے سے نجات، میاں بیوی میں محبت امتحان میں کامیابی، اعلیٰ افسران کے سامنے سرخرو، سحر جادو سے نجات، حادثات سے تحفظ یا دشمنوں پر غلبہ اس کے علاوہ بے شمار فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ:۔ذیل کا نقش سورۃ فتح کی آیت نمبر 1 پر تحریر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

بسم ... الرحمن ...

انا	فتحا	مبینا	فتحنالك
۳۹۰	۱۰۲	۵۳	۵۸۸
۱۰۱	۳۸۷	۵۹۱	۵۴
۵۹۰	۵۵	۱۰۰	۳۸۸

امام بارگاہ، غمکدہ زینبیہ، A-4، جنگ نگر، ملتان روڈ، سمن آباد، لاہور کی جانب سے (کربلا معلیٰ) کے کفن (مرد خواتین) کے لیے فی سبیل اللہ حاصل کر سکتے ہیں۔
(صبح 8:00 بجے سے رات 10:00 تک) رابطہ کریں
03217214129

وظیفہ برائے سورۃ توبہ

تحریر:۔امجد حسین قادری (راولپنڈی) 0301-6046652

قارئین جعفریہ جنتری کی خدمت میں اسلام علیکم اور نیا سال 2020ء بہت بہت مبارک ہو اور اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ نیا سال 2020ء ہمارے پیارے پاکستان کیلئے اور قارئین جعفریہ جنتری کیلئے اچھا ثابت ہو اور اللہ پاک پنجتن کے صدقے میں پیارے پاکستان کو امن اور ترقی عطا فرمائے (آمین) اسکے علاوہ قارئین جعفریہ جنتری کیلئے نایاب عمل برائے جملہ مسائل کیلئے لے کر حاضر ہوا ہوں۔ اُمید ہے آپکو ضرور ان شاء اللہ پسند بھی آیگا اور آپکو فائدہ بھی دیگا ان شاء اللہ مگر شرط یہ ہے کہ نماز کی پابندی کریں سختی کے ساتھ اور ہر نماز کے بعد تسبیح فاطمہ الزہرہ ضرور پڑھیں۔ لہذا یاد رکھیں کہ بغیر نماز کے آپکو کوئی بھی عمل فائدہ نہیں دیگا۔

نماز فجر کے بعد درود شریف تیسرا کلمہ اور استغفار ایک ایک تسبیح لازمی پڑھیں اور اب آتے ہیں نایاب عمل کی طرف اور عمل یہ ہے کہ مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد سورۃ توبہ کی آخری دو آیات دونوں کو ملا کر پڑھنا ہے ایک تسبیح اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی کیساتھ پڑھیں۔ وقت کی پابندی بہت ضروری ہے آپکو دُنیا کا کوئی بھی مسئلہ ہو اور عمل میعاد 21 یوم ہے اور ہر روز عمل کرنے کے بعد اللہ پاک کے حضور بڑی عاجزی کے ساتھ گڑگڑا کر 10 منٹ سے 15 منٹ تک دعا کریں۔

جو اصحاب اس عمل کو مستقل مزاجی اور یکسوئی سے کرینگے وہ اللہ پاک کی قدرت کا مشاہدہ اپنی آنکھوں سے کرینگے اور اس سے آگے اور کچھ نہیں کہونگا باقی قارئین آپکے ستارے سے منسوب انگوٹھیاں بھی دستیاب ہیں اگر ضرورت ہو تو رابطہ کریں۔ باقی قبولیت دعا کیلئے دو رکعت حاجت پڑھیں اور بعد میں گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی اول آخر کیساتھ 773 بار **یا کبیر یا متعالیُ** کے بعد دعا مانگیں ان شاء اللہ دعا قبول ہوگی۔

روحانی امداد
حضرات معصومین علیہم السلام نے دکھی انسانیت کے زخموں کے کے اندومال کیلئے اور مشکلات سے نجات کیلئے واضح اور موثر احکام وعملیات اپنی رویات میں بیاں فرماتے ہیں۔ اہل بیت کے پاکیزہ علوم کی روشنی میں آپ کی الجھنوں اور رکاوٹوں، رشتہ شادی بیاہ یا ملازمت غرض کیسی پریشانی ہو حل موجود ہے اول فرصت میں ہم سے رابطہ فرمائیں۔
بیت الزھراء 494- اسٹریٹ 106، سیکٹر آئی 8/4 اسلام آباد
0300-5090814 ☆ 0335-5457551

پنجاب بک ڈپو، تلہ گنگ، چکوال　پاکستان نیوز ایجنسی، تربت　ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

فضیلت عقیق، فیروزہ

تحریر:۔ اکرام عباس سحر کاظمی، کاظمی ہاؤس، شاہ اللہ دتہ اسلام آباد 0300-9491015

عقیق کی فضیلتیں : ۔(۱) جس ہاتھ میں عقیق ہو وہ کٹ جانے سے محفوظ رہتا ہے۔ (۲) خدا اس ہاتھ کو دوست رکھتا ہے۔ (۳) ہر بلا سے محفوظ رہتا ہے۔ (۴) فقر وفاقہ اور دیگر پریشانیاں دُور ہوتی ہیں۔

معصومین علیہم السلام کے ارشاد کی روشنی میں فیروزہ اور عقیق کو دعاؤں کے قبول ہونے کا ذریعہ بتایا گیا ہے۔ خداوند کریم کی نظر میں سب سے زیادہ محبوب وہ ہے جس ہاتھ میں عقیق کی انگوٹھی ہو۔ جس کسی کے ہاتھ میں عقیق کی انگوٹھی ہوگی وہ کبھی فقیر نہیں ہوگا۔ عقیق سفر میں حفاظت کا سبب ہوتا ہے۔ میرے مولا حضرت علی فرماتے ہیں عقیق کی انگوٹھی پہنو گے تو بلاؤں سے بچے رہو گے اور برکت تم تک پہنچتی ہے یہ ہر بلا سے بچاتی ہے ہمیشہ مددگار ثابت ہوتی ہے اس کو پہننے والے کی موت ایمان پر ہوگی اور کے نزدیک عقیق انگوٹھی پہننے والے سب سے زیادہ اس کے محبوب ہیں اور فرمایا میں اپنی ذات کی قسم کھاتا ہوں کہ جس ہاتھ میں یہ انگوٹھی ہوگی اسے جہنم میں نہیں ڈالوں گا بشرطیکہ میرے علی کی ولایت کا اقرار کرتا ہو۔ عقیق کی انگوٹھی پہن کر پڑھی گئی دو رکعت نماز ہزار رکعت کے برابر ہے۔ سیاہ سفید پتھروں کی انگوٹھی پہنو تا کہ شیطان کے فریب سے محفوظ رہ سکو۔ روایت میں بہشت میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گھر عقیق سرخ سے بنا ہوا ہے۔ مولا علیؑ کا گھر عقیق سفید سے اور حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کا گھر عقیق زرد سے بنا ہوا ہے۔ مومن کے لئے تینوں رنگ کا عقیق پہننے سے بلائیں دور ہوتی ہیں۔ روزی میں اضافہ ہوتا ہے۔ دشمن دور ہوتا ہے ظالم کے شر سے محفوظ رہتا ہے اور جن چیزوں سے انسان ڈرتا ہے ان سے بے خوف ہو جاتا ہے۔

اب آیئے ذرا ہم ان عقیق کو نجوم کے آئینہ میں دیکھتے ہیں سرخ عقیق کا روحانی تعلق رسول خدا سے ہے مگر نجوم کے آئینہ میں سیارہ مریخ سے ہے۔ مریخ کی زمین سرخ ہے جو کہ ہمت بہادری شجاعت سے ہے۔ سرخ عقیق برج حمل اسد اور عقرب سے تعلق رکھنے والے افراد کو بھی راس آتا ہے۔ ماہرین فلکیات کے مطابق عقیق میں ایسی تاثیر پائی جاتی ہے کہ یہ خون کی روانی کو بہتر کرتا ہے۔ ہمت اور بہادری سے متعلقہ امور کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

عقیق سفید جس کا روحانی تعلق مولا علیؑ سے بیان کیا گیا ہے۔ نجوم کے آئینہ میں سفید عقیق سیارہ زہرہ اور قمر سے تعلق رکھتا ہے زہرہ اور قمر کی زمین کا رنگ سفید ہے۔ ویسے بھی سفید رنگ امن خوبصورتی پاکبازی کا نشان ہے۔ سیارہ قمر کی تاثیر ہے کہ یہ تحمل مزاج لوگوں کا سیارہ ہوتا ہے۔ خوبصورت لوگوں کا تعلق سیارہ زہرہ سے ہے تسخیر خلق کیلئے سفید عقیق کا کوئی ثانی نہیں۔ برج ثور سرطان اور میزان سے متعلقہ افراد اگر عقیق سفید پہنیں تو اپنے مقاصد میں کامیابی ملے گی مگر شرط یہ ہے کہ اس عقیق کی روحانیت حاصل کرنے کیلئے 110 بار ہر نماز کے بعد اس عقیق پر ورد "یا علی" کریں اور بوسہ دے کر آنکھوں پر لگائیں تو جلد دعا قبول ہوگی۔

عقیق زرد کا روحانی تعلق بی بی سیدہ سلام اللہ علیہ سے بیان کیا گیا ہے جبکہ نجوم سے زرد عقیق سیارہ شمس اور مشتری سے تعلق رکھتا ہے یہ دونوں سیارگان عزت مرتبہ جاہ وجلال حشمت اور حصول رزق سے منسوب ہیں۔ مشتری کی زمین زرد ہے طلوع اور غروب کے وقت شمس کا مشاہدہ کریں تو یہ بھی زرد رنگ کا ہو جاتا ہے۔ پاکبازی اور عزت، مال و دولت کا سیارہ مشتری برج قوس اور حوت سے منسوب ہے جبکہ شمس کا تعلق برج اسد سے ہے۔ بی بی سیدہ فاطمہ الزہراہ سلام اللہ علیہ کے نام کا پہلا حرف دیکھیں تو آپکا برج قوس بنتا ہے جس کا حاکم سیارہ مشتری ہے۔ کتنی خوبصورتی سے رب رحمٰن نے جنت میں بھی خاتون جنت کو اعلیٰ مقام بخشا۔

فیروزہ کی فضیلت : ۔ خداوند عالم فرماتا ہے کہ میں اس ہاتھ سے شرم محسوس کرتا ہوں جو دُعا کیلئے میری طرف بلند ہوتا ہو اور اس ہاتھ میں فیروزہ کی انگشتری ہو۔ پھر میں اس کو نا اُمید واپس کروں۔ فیروزہ بینائی میں اضافہ کرتا ہے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جس شخص نے فیروزہ کی انگوٹھی پہنی ہوئی ہو وہ کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔ اس شخص کی جس کے ہاتھ میں فیروزہ ہو حاجت ضرور پوری ہوگی۔ فیروزہ اگر کسی کے پاس ہو تو اس کو جمعرات کی شام کو تھوڑے سے دودھ میں ڈال دیا کریں اور جمعہ کو نکال کر پہن لیا کریں اور فیروزہ یا عقیق صرف پاک ہونے کی صورت میں پہنا کریں ورنہ فیروزہ خود بہ خود آپ کے ہاتھ سے غائب ہو جائیگا۔

فیروزہ رنج وغم کو دُور کرتا ہے۔ (امام رضا علیہ السلام)

فیروزہ مفلسی کو دُور کرتا ہے۔ (امام جعفر صادق علیہ السلام)

قلب کو عبادت کی طرف راغب کرتا ہے۔ (امام حضرت علی علیہ)

دائمی جعفری فالنامہ

منجانب:۔ مکتبہ روحانیات

محترم قارئین! نیا سال مبارک ہو علم جفر بلاشبہ سمندر کی طرح گہرا اور آسمان کی طرح وسیع ہے اس علم سے آئمہ کرام نے مکمل استفادہ کیا اور بنیاد علم جفر انبیاء کرام سے ملتی ہے۔ حضرت آدمؑ علم جفر کے بانی ہیں سورۃ بقرہ میں جب تخلیق آدم کا واقعہ بیان کیا جاتا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ اور اللہ نے کچھ چیزوں کے نام آدم کو سکھائے پھر فرشتوں سے جو کہ تخلیق آدم کے معترض تھے۔ ان چیزوں کے نام پوچھے جواباً فرشتوں نے عرض کیا کہ پاک ہے تیری ذات ہم نہیں جانتے سوائے اس کے جو کچھ تو نے ہمیں سکھایا بے شک تیری ذات علیم الحکیم ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ سے ان چیزوں کے نام پوچھے تو آپ نے حکم باری تعالیٰ سے بتا دیئے۔ بس یہیں سے علم جفر کی ابتداء ہوئی۔ انہی قواعد جفر سے آئمہ کرام نے اللہ کے رازوں کو پہچانا۔ ایک جفری فالنامہ پیش خدمت ہے۔

باوضو خوشبودار کمرہ میں انتہائی عقیدت اور یقین کے ساتھ قبلہ رُخ بیٹھیں پھر کلمہ پڑھ کر شہادت کی انگلی آسمان کی جانب بلند کریں۔ الٰہی بحمد محمدؐ و آل محمدؐ مجھے میرے جواب کا درست جواب ملے۔ اب اپنا سوال 3بار دہرائیں درود پڑھتے ہوئے دیئے گئے جدول پر کہیں بھی انگلی رکھ دیں اور اُسکا نتیجہ آخر میں دیکھیں جواب اچھا ملے تو شکر الٰہی بجالائیں مزاج کے مطابق جواب نہ ہو تو دو رکعت نفل پڑھ کر اُس مصیبت یا پریشانی سے بچنے کی دعا کریں 3دن بعد دوبارہ فالنامہ کھول کر درج بالا طریقہ سے عمل کریں۔

(1) ا ی :۔ مقصد پورا ہونے والا ہے گزشتہ نقصان کا رونا دھونا چھوڑیں بہتر وقت ہے۔ حکمت عملی تیار کریں۔ روپیہ پیسہ ملنا متوقع ہے۔

(9 تا 16) ان ایام میں عطاردمریخ کی قائم ہونے والی نظرتربیع اس بات کی جانب اشارہ دے رہی ہے کہ عدالتی امورالتواء ڈال دیں اگرانتہائی ضروری قانونی امور ہیں توانکونہایت احتیاط سے حل کریں خوب سوچ سمجھ لیں بغیر پڑھے کسی بھی کاغذ پر **دستخط** کرنا آپ کیلئے نیا مسئلہ کھڑا کرسکتے ہیں۔آپ میں بےانتہا کمزوری بزدلی جیسے اثرات پیدا کرے گا آپکوہمت سے ان حالات کا مقابلہ کرنا ہے اہل خانہ کے ہمراہ سیروتفریح کا پروگرام بنانا فائدہ مند ہوگا۔

افضل نیوز ایجنسی، یادگارچوک، پشاور۔ 0333-9107027
ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

(17 تا 25) اس ہفتہ کی 13 تاریخ مریخ کا داخلہ برج حوت میں ہے اس دوران آپکی **وجدانی** قوتوں پر زبردست دباؤ ہوگا ہر معاملے کو سلجھانے کی صلاحیت خود اعتمادی اور ثابت قدمی پیدا کرنا ہوگی اور یہی دو عناصر ہیں جو مادی کامیابی اور سماجی استحکام بخشنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔اس ماہ آپکا **نحس عدد** 9 اور 4 ہے۔دوکاندار حضرات اپنے ملازمین پر زیادہ بھروسہ نہ کریں نقصان کا اندیشہ ہے۔ملازم پیشہ افراد افسران بالا سے بنا کر رکھیں سخت بات کرنے کی وجہ سے آپکو بہت زیادہ خمیازہ بھگتنا ہوگا۔دشمنوں کی چالیں آپ پر کامیاب ہوسکتی ہیں محبت میں ناکامی اور مذہبی لوگوں سے ناراضگی کا اندیشہ ہے۔

(26 تا 31) اس ہفتہ حتمی الامکان ایسے مسائل میں الجھنے سے گریز کریں جو کہ آپکو مالی نقصان دے سکتے ہوں ورنہ پریشانی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوسکے گا۔کسی اہم شخصیت سے فائدہ حاصل کرسکیں گے۔شریک حیات کا تعاون حاصل رہیگا۔اس ہفتہ آپکے ذہنی دباؤ میں اضافہ ہوگا۔خاص طور پر **مستقبل** کے منصوبے سماجی حیثیت اور دوسری کاروباری معاملات ذہنی دباؤ کا باعث بنیں گے قانونی امور میں مصروفیت بڑھے گے۔اہم امور میں کامیابی حاصل کرسکیں گے۔

جون (یکم تا 8) اس ہفتہ شمس تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ان ایام میں اپنے برج سے متعلق صدقہ دیں۔اندیشے بڑھتے جائیں گے گھریلو ماحول خراب ہوتا جائیگا وہ لوگ جو کہ عرصہ دراز سے کسی عدالتی معاملے میں الجھے ہوئے تھے نہایت محتاط رہنا ہوگا کوشش کریں کہ ان ایام میں کسی قسم کی پنچایت میں نہ جائیں۔ **نقصان** کا اندیشہ ہے۔اس طرح آپ کا ہفتہ کسی الجھن کے ساتھ نہایت ناخوش گوار ماحول میں گزرے گا۔کسی بھی بات پر بلاوجہ جھگڑا ہوسکتا ہے بات کو طول دینے سے گریز کریں۔خاتون خانہ کچن میں کام کرتے ہوئے تیز دھار آلات اور **آگ** سے محفوظ رہیں چوٹ لگ سکتی ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ اہم مقاصد کے بارے میں کی گئی کوششوں سے کامیابی حاصل کرسکیں گے اپنی صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں سماجی تقریبات میں شرکت کے مواقع حاصل ہوسکیں گے گھریلو اور خاندانی امور آپ کی مثبت کوششوں سے سلجھ سکیں گے۔شریک حیات سے تعاون کرنے سے آپکو مشکلات سے نجات حاصل ہوگی۔اپنے **درخشاں** مستقبل کیلئے منصوبہ بندی کرسکیں گے۔کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی۔طالب علم تعلیمی میدان میں ترقی کر سکیں گے۔دور دراز سے مہمانوں کی آمد کا امکان ہے عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر ہوسکیں گے اگر کوشش کی جائے تو وراثتی **جائیداد** کا حصول ممکن ہے۔

(17 تا 25) ان ایام میں کسی سماجی تقریبات سے لطف اندوز ہوسکیں گے دوست واحباب کا تعاون حاصل رہے گا۔گھریلو امور میں مصروفیت کے بڑھنے کا امکان ہے اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں شریک حیات اور بچوں کا تعاون بھی حاصل رہیگا۔بزرگوں کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔اس ہفتہ کی 18 اور 19 تاریخیں نئے کام کے آغاز کرنے کیلئے بہتر اور مبارک ہیں۔**رومانوی** زندگی خوشگوار رہیگی اس ہفتہ آپکو اپنی صحت کیلئے آرام کی ضرورت ہوگی۔

(26 تا 30) آپکے برج کا حاکم سیارہ مریخ 28 جون کو برج تبدیل کرتے ہوئے برج حمل میں داخل ہوگا۔مفاد پرست لوگوں سے ہوشیار رہیں ان ایام میں کسی شخص سے بدنامی کا خدشہ ہے۔اس دوران بہت سی تبدیلیاں واقع ہوسکتی ہیں۔نرم رویہ اختیار کریں تلخ کلامی سے مزید مسائل پیدا ہونگے جس حد تک ہوسکے اختلافات سے بچنے کی کوشش کریں۔اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔جسکی وجہ سے سخت احتیاط کی ضرورت ہے گھبراہٹ' ذہنی دباؤ' ہائی بلڈ پریشر' خون اور جلدی امراض میں مبتلا ہوسکتے ہیں۔ڈراؤنے خواب اور دہشت کی کیفیت طاری ہوسکتی ہے اس وقت میں مخالفین بھی آپ پر غلبہ حاصل کرسکتے ہیں۔

جولائی (یکم تا 8) اس ہفتہ کا آغاز کچھ موافق انداز میں نہ ہوگا۔مگر اس سے پریشان نہ ہوں۔تاہم حالات اس ہفتہ کے وسط کے بعد بہتر ہوں گے لیکن اس دوران کچھ موافق نظرات کی وجہ سے ڈھارس رہیگی۔عطارد تربیع مریخ نحس ثابت ہوگی جو کہ آپکی شریک حیات کیلئے غیر متوقع نحوست لائے گا۔اس ہفتہ والدہ یا قریبی بزرگ سے خصوصی طور پر اپنے حق کیلئے دعا کروائیں۔ان کے اُٹھے ہوئے ہاتھوں میں آپ کیلئے وہ **انعامات**، برکات، تجلیات ہیں جو کہ آپ کیلئے سرمایہ افتخار ہیں۔نئی جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے اچھے ایام نہ ہیں۔نیا کاروبار ابھی شروع نہ کریں آئندہ ہفتہ میں شروع کرسکتے ہیں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کو سب سے زیادہ خوشگوار، اور خوش قسمت کہا جاسکتا ہے **رومانس** اور دوسرے کاموں میں دلچسپی بڑھے گی۔بچوں کے معاملات غور طلب ہونگے نئے مشاغل اپنا سکیں گے دینوی امور میں آپکی دلچسپی بڑھے گی۔کچھ نئے دوستوں سے ملاقات کے مواقع ملے گے کچھ حاسدین قسم کے لوگ آپکو گاہے بگاہے پریشان کریں گے شیریک حیات کا خاص خیال رکھیں۔کاروباری مصروفیات کی وجہ سے آپ کا **دھیان** گھر پر کم ہے جو کہ نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ میں دیرینہ خواہش پوری ہوسکے گی اپنے اردگرد کے افراد سے رکھی گئی امید پوری ہوسکے گی۔شادی یا نکاح ہونے کا امکان ہے اہم فیصلے کرنے میں بزرگوں کی مدد لینا بہتر رہیگا اور اندرون ملک چھوٹے سفر پیش آئیں گے کوئی **اہم مہمان** آنے کی توقع ہے۔کاروباری پوزیشن مستحکم رہے۔سرمایہ کاری سودمند رہے گی۔23,24 تاریخ کو ذاتی ترقی کیلئے مثبت اقدامات کرسکیں گے مجموعی طور پر آپ کیلئے یہ ہفتہ بہتر اور سودمند ثابت ہوگا۔

(26 تا 31) اس ہفتہ کی 29 اور 30 کو گھریلو اور خاندانی مسائل کو حل کرسکیں گے۔ابتدائی ایام میں لوگوں سے ملاقات طے کرنے میں احتیاط برتیں کسی افواہ پر یقین کرنے سے پہلے اچھی طرح چھان بین کرلیں۔مہمانوں کی آمد ورفت جاری رہے گی۔کوئی اچانک **خوشخبری** سن سکیں گے ملازمت، کاروبار اور صحت کے بارے میں اہم اور فائدہ مند اقدامات کرسکیں گے۔اس ہفتہ کے وسط میں آپ اپنی صحت جسمانی کے بارے میں اہم اور فائدہ مند اقدامات کرسکیں گے۔

اطلس نیوز ایجنسی، یادگار چوک پشاور۔ 0300-9595273 روحانی ماھنامہ تحفہ روحانیات

اگست (**یکم تا 8**) اس ہفتہ میڈیکل چیک اپ کرا سکیں گے خواہشمند افراد کو حسب خواہش ملازمت ملنے کا امکان ہے۔ شریک حیات اور بچوں کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ تعلیمی مقاصد میں بھی ترقی کر سکیں گے۔ دور دراز کا **سفر** کرنا بہتر رہیگا۔ عزیز و اقارب سے مراسم خوشگوار ہونے کی توقع ہے۔ آپ زندگی میں نئی راہیں تلاش کرنے میں سرگرم عمل رہیں گے کوئی خوشخبری بن سکیں گے اس ہفتہ چھٹیوں کو کسی تاریخی مقامات کی سیر کر سکیں گے۔ آپ کی شخصیت میں اضافہ ہوگا۔ سماجی تقریبات میں شرکت کر سکیں گے۔ اہم امور کی انجام دہی بہتر طور پر ہو سکے گی رومانوی ماحول میں راز کے افشاء ہونے کا خدشہ ہے

(**9 تا 16**) ان ایام میں شمس تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں جن افراد سے بگڑی ہوئی ہے اُن سے **صلح** کا امکان ہے۔ کاروبار لحاظ سے بھی یہ ہفتہ بہتر رہیگا۔ والدین کے ساتھ ادب سے پیش آئیں تلخ کلامی سے گریز کریں۔ بزرگوں سے مالی فائدہ ہو سکتا ہے۔ کچھ لوگ آپکو پریشان دیکھ کر خوش ہیں لیکن آپ دیئے گئے دُکھ کو چہرے پر ظاہر نہ کریں۔ چاہے جتنے بھی **پریشان** ہوں ان ایام میں آپ کو تروتازہ رہنا ہوگا۔ کچھ لوگ آپ کے چہرے کی تروتازگی دیکھ کر خوش ہوتے ہیں اس کے عوض پورا پورا مفاد اٹھائیں۔ شریک کار کا تعاون حاصل رہیگا اچانک کسی تقریب میں جانے کا موقع ملے گا۔ خوف اور بزدلی کی کیفیت کو دور کرنے کیلئے **سلام مریخ** کا ورد کریں اس دوران نگینہ مرجان اور زبرجد کا استعمال آپ کیلئے فائدہ کا باعث ہوگا۔

(**17 تا 25**) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تثلیث مریخ قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت بخار یا **نزلہ زکام** کی امراض طوالت پکڑ سکتے ہیں۔ دیرینہ امراض سے نجات کیلئے اگر اس ہفتہ اقدامات کئے جائیں تو ان شاء اللہ جلد صحت یابی کی اُمید ہے خاص طور سے معدہ اور جگر کے مریض فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ اس ہفتہ روپے پیسے کے معاملات توجہ طلب ہونگے اور اپنے راستے میں آنے والی **مشکلات** کو حل کرنے کیلئے آپکو ہمت اور محنت سے کام کرنا پڑے گا۔ مستقبل کے بارے میں منصوبہ بندی کر سکیں گے تو کوئی دیرینہ خواہش پوری ہو سکے گی شراکت کے کاروبار میں کامیابی حاصل کر سکیں گے۔

(**26 تا 31**) کوئی اچھی خبر سن سکیں گے۔ گھریلو آرائش وتزئین کر سکیں گے خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی طے پائیگی اور بعض افراد کی بات چیت لگے گی اور بے روزگار افراد کی کوششیں بر آئیں گی۔ اندرون ملک کیا جانے والا **سفر کامیاب** ثابت ہوگا۔ اس ہفتہ گھر کو خوبصورت بنانے کا پروگرام پر عمل کر سکیں گے۔ گھر میں کوئی تقریب منعقد کر سکیں گھریلو اور دلی معاملات توجہ طلب ہوں گے۔ نئی خواہشات کی تکمیل ہو سکے گی۔ شریک حیات کا تعاون حاصل کرنے کی کوشش کریں اپنی صحت جسمانی کی طرف سے آپ کو پریشانی کا امکان ہے لہذا لاپرواہی کا مظاہرہ پریشانی میں مزید زیادتی کا سبب بن سکتا ہے۔

ستمبر (**یکم تا 8**) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ ماحول میں **کشیدگی** پیدا کر سکتی ہے۔ حالات میں اس قدر بگڑاؤ آ سکتا ہے کہ آپکو سخت ذہنی دباؤ سے گزرنا ہوگا۔ اس وقت نہایت پُرسکون رہیں۔ چرب زبانی سے گریز کریں۔ سفر کرنا فائدہ نہ دیگا۔ محبوب یا شریک حیات کی جانب سے تعلقات کشید ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ کاروبار کی طرف دھیان دیں کوئی ہے جو آپکو نقصان پہچانا چاہتا ہے اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں۔

(**9 تا 16**) آپکے برج کا حاکم سیارہ مریخ جو کہ آپ کے برج میں ہی مقیم ہے اس ہفتہ **10** ستمبر تا **17** نومبر حالت رجعت میں جا رہا ہے۔ یہ وقت انتہائی **گردشی وقت** ہے محتاط رہیں کسی بھی قسم کے نقصان کا اندیشہ ہے۔ آگ اور ہتھیار سے محتاط رہیں۔ گہری چوٹ بھی لگ سکتی ہے۔ اس دوران بہت زیادہ احتیاط کرنا ہوگی لڑائی جھگڑا سے گریز کریں تلخ کلامی بات کو بگاڑ سکتی ہے۔ جو کچھ جو کر رہا ہے خاموشی سے دیکھتے جائیں لیکن آئندہ کیلئے محتاط ہو جائیں۔

(**17 تا 25**) اس ہفتہ کا آغاز کچھ موافق انداز میں نہ ہوگا۔ مگر اس سے پریشان نہ ہوں۔ تاہم حالات اس ہفتہ کے وسط کے بعد بہتر ہوں گے لیکن اس دوران کچھ موافق نظرات کی وجہ سے ڈھارس رہے گی۔ عطارد مقابلہ مریخ نحس ثابت ہوگی۔ یہ نظر آپکے شریک حیات کیلئے **غیر متوقع نحوست** لائیگی۔ آپ میں بے انتہا کمزوری بزدلی جیسے اثرات پیدا کریگا آپکو ہمت سے ان حالات کا مقابلہ کرنا ہے اہل خانہ کے ہمراہ سیر وتفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔

(**26 تا 30**) اس ہفتہ زہرہ تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ کچھ لوگ آپکی بھلائی چاہتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آپ کو بہتر فیصلہ کرنے کیلئے کچھ وقت دیا جائیگا۔ معاملات کو سلجھانے کی کوشش کریں بجائے مزید الجھانے کی۔ کوئی **دیرینہ خواہش** پوری ہو سکتی ہے۔ اس سعد نظر کی وجہ سے انہی ایام میں امدادی اغراض کیلئے روپیہ دینا، ہمت اور بہادری کیلئے، مستقبل کی منصوبہ بندی بری عادتوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے بے حد مفید ایام ہیں۔

اکتوبر (**یکم تا 8**) آپکو اپنی محنت کاروبار میں ترقی اور **نئی راہیں** نکالنے کیلئے آپکی مدد ثابت ہوگی۔ دوسروں سے فائدہ حاصل کر سکیں گے۔ جلد بازی نقصان دہ سکتی ہے۔ مستقبل کیلئے بنائے گئے پروگرام پر عمل درآمد کر سکیں گے۔ ان ایام میں آپکی گھریلو مصروفیات میں اضافہ ہوگا اور گھریلو اور خاندانی معاملات آپ کی توجہ کا مرکز بنیں گے۔ 7 تاریخ **رومانس** کیلئے بہتر رہیگی۔ اس ہفتہ میں آپکی سرمایہ کاری کرنے کی خواہش کی تکمیل ہو سکے گی۔

(**9 تا 16**) نئے کاروبار کی ابتداء کیلئے یہ ہفتہ اچھا نہ ہے۔ مالی معاملات میں نقصان کا اندیشہ ہے کیونکہ اس ہفتہ آپکے برج کا حاکم سیارہ مریخ شمس سے نحس نظر تربیع قائم کر رہا ہے۔ لین دین میں احتیاط کریں۔ نقصان کا اندیشہ ہے۔ **تیز دھار آلات** یا آگ سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ قرض دینے کیلئے یہ ایام نحس ہیں۔ اپنی ضروریات زندگی کو پورا کرنے کیلئے **محنت کی ضرورت** ہوگی کاروباری پوزیشن مستحکم نہ رہے گی۔ اپنی صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں۔

شمع بک ڈپو، بھوانہ بازار فیصل آباد 0300-7230290 ماھنامہ روحانی تحفہ روحانیات

(17 تا 25) اس ہفتہ وراثت سے متعلقہ مسائل حل ہوتے نظر نہیں آرہے ہیں۔ جمعہ کا دن خصوصاً اختراعی مقاصد کی خاطر بہت عمدہ ہے۔اس ہفتہ دلی معاملات توجہ طلب ہونگے۔روپے پیسے کے معاملات آپکے **ذہنی دباؤ** میں اضافہ کریں گے سفر کے امکانات روشن ہیں۔ان ایام میں کام کے سلسلہ میں بہتر فیصلہ حاصل کر سکیں گے خواہش پوری ہو سکے گی۔ملازمت کے خواہش مند افراد کو ملازمت مل سکے گی۔روپے پیسے کے معاملات غور طلب ہونگے۔

(26 تا 31) اس ہفتہ کاروباری اور مستقبل کے معاملات میں آپ کو **سوچ بچار** سے کام لینا بہتر رہے گا۔یہ ہفتہ مجموعی طور پر ملے جلے حالات میں بسر ہوگا۔کسی بچھڑے دوست سے اچانک ملاقات ہوگی۔شریک حیات کی صحت جسمانی کی طرف توجہ خاص کی ضرورت ہے۔اس ہفتہ والی معاملات **جذبات** کی رو میں بہہ جانے کا امکان ہے۔کاروباری معاملات توجہ طلب ہونگے ان ایام میں کسی عزیز سے ملاقات خوشی کا باعث ہونگی۔یہ دیرینہ ملاقات کسی نئے موڑ کو جنم دے گی۔کسی سماجی تقریب میں شرکت کر سکیں گے اہم **معاملات** طے کر سکیں گے کسی اچانک سفر کا امکان ہے۔خرید و فروخت کرنا سودمند ثابت ہوگا۔

نومبر (یکم تا 8) اس ہفتہ سماجی تقریبات میں شرکت کر سکیں گے لین دین کے معاملات احتیاط طلب ہونگے۔شریک حیات کا تعاون حاصل رہیگا۔ بچوں کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔**شریک کار** کا تعاون کاروبار میں نہایت معاون مددگار رہوگا کسی بچھڑتے ہوئے دوست یا عزیز سے اچانک ملاقات خوشی کا باعث ہوگی۔اس ہفتہ آپکی سماجی حیثیت کو مستحکم رہے گی کسی سفر یا دور دراز کیلئے **سیر و تفریح** کا پروگرام بنا سکیں گے کوئی **اچھی خبر** سن سکیں گے۔بنائے گئے پروگرام پر عمل کر سکیں گے۔کاروبار میں خاطر خواہ اضافہ حاصل کر سکیں گے۔اہم معاملات کو ان ایام میں طے ہونا بہتر رہیگا۔

(9 تا 16) اس ہفتہ عطارد مقابلہ مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ایسے تمام امور جو کہ محبت' دوستی سے متعلقہ ہو بہت نازک صورتحال اختیار کر جائینگے۔ان ایام میں **معدہ** کے امراض' سینے کی جلن خواتین میں امراض مخصوصہ بڑھ سکتے ہیں۔احتیاط علاج سے بہتر ہے۔ان ایام میں قریبی عزیز و اقارب سے معمولی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے محتاط رویہ اپنانا ہوگا۔تیز دھار آلات اور آگ سے محتاط رہیں۔ان ایام میں مالی نقصان ہوسکتا ہے اور کوئی بھی نیا کاروبار فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ملازم پیشہ لوگ اپنے افسران بالا سے بنا کر رکھیں تو فائدہ ہوسکتا ہے۔کسی بچھڑے ہوئے دوست سے **اچانک ملاقات** ہوسکتی ہے۔

(17 تا 25) آپکے برج کا حاکم سیارہ مریخ جو کہ 10 ستمبر کو حالت رجعت میں گیا تھا۔اس ہفتہ کے آغاز 17 نومبر کو حالت مستقیم میں آرہا ہے اس وقت اس سیارہ کا قیام برج حمل میں ہے جو کہ آپ کی مثبت قوتوں کو **کمزور** کر رہا تھا اب بہتری کی جانب لانے کیلئے تیار ہے۔نئی قوت کے ساتھ اپنے کام کا آغاز کریں۔اسکی یہ استقامت آپکو فائدہ دیگی وہ معاملات جو کہ التواء میں ڈالے ہوئے تھے اب بہتری کی جانب آنا شروع ہو جائینگے۔ہمت کریں اور وقت ضائع کرنے سے گزیر کریں۔صحت کا خیال کریں۔جائیداد کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔سفر کے مواقع مل سکیں گے۔تحریری معاہدہ کرتا وقت احتیاط کریں۔

(26 تا 30) کسی عزیز دوست سے کاروباری معاملات طے کر سکیں گے۔اس ہفتہ کی 26 تاریخ آپ کیلئے بہتر ثابت ہوگی۔مثبت طریقہ سے کی گئی سرمایہ کاری سودمند ثابت ہوگی بے روزگار افراد کو روزگار کے مواقع حاصل ہونگے۔**افسران بالا** سے تعاون کرنے کی ضرورت ہوگی۔جلد بازی نقصان دے سکتی ہے۔ مستقبل کے بنائے گئے پروگرام پر عمل درآمد کر سکیں گے 27 اور 28 تاریخیں سفر اور دوسرے منصوبوں پر عمل کرنے کے لئے بہتر ثابت ہونگی۔

دسمبر (یکم تا 8) اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں شر پسند عناصر کی ریشہ دوانیوں سے بچیں آپ اپنی تعلیمی کمی کو پورا کر سکیں گے کسی بچھڑتے ہوئے عزیز یا دوست سے خط و کتابت ہوگی۔**سیر و تفریح** کے مواقع میسر آئیں گے اس ہفتہ روپے پیسے اور لین دین کے معاملات توجہ طلب ہونگے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ان ایام میں اپنی کوئی دیرینہ خواہش پوری کر سکیں گے شریک حیات کا تعاون حاصل رہیگا اندرون ملک کوئی **چھوٹا سفر** پیش آنے کا امکان ہے۔بزرگوں کے مشورے سے مسائل پر قابو پاسکیں گے غیر شادی شدہ حضرات کی بعض جگہوں پر انکی بات چلے گی جو کہ پایہ تکمیل تک پہنچ جائیگی۔

(9 تا 16) اس ہفتہ قائم ہونے والی عطارد مریخ تثلیث بہتری کی جانب اشارہ دیتی ہے وہ معاملات جو کہ عرصہ دراز سے خراب چلے آرہے تھے بہتر ہوتے دکھائی دے رہے ہیں شریک حیات کا تعاون رہیگا۔ڈپریشن اور ہائی بلڈ پریشر کے **مریض** احتیاط برتیں تو کسی حد تک ان امراض سے نجات پاسکتے ہیں دشمنوں پر غلبہ ہوگا اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس ہفتہ کوئی سازش کرنے والا **حاسد** بے نقاب ہو جائیگا۔ذرا سی سستی یا کوتاہی آپ کیلئے نقصان دہ ثابت ہوسکتی۔

(17 تا 25) اس ہفتہ آپکو بعض گھریلو مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا کاروباری، روپے پیسے کے اور گھریلو معاملات توجہ طلب ہونگے اس ہفتہ ملازمت حاصل ہونے کا امکان ہے۔شراکت کے کاروبار میں منافع حاصل کر سکیں گے۔کوئی خوشخبری بن سکیں گے۔ **ذہنی دباؤ** بڑھنے کا اندیشہ ہے بیرون ملک سفر کا امکان ہے معروفیات میں اضافہ ہوگا۔اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں کاروباری پوزیشن مستحکم رہیگی بعض ذرائع سے مایوس کن خبریں سن سکیں گے۔

(26 تا 31) دوست احباب کا تعاون حاصل رہیگا ۔بے روزگار افراد اپنی کوششوں میں **کامیاب** ہوسکیں گے اندرون ملک کیا جانے والا سفر کاروباری نقطہ نظر سے نہایت سودمند ثابت ہوگا۔**کاروباری پوزیشن** مستحکم رہیگی مہمانوں کی آمد و رفت رہے گی۔تفریح کے پروگرام پر عمل کر سکیں گے ذرائع ابلاغ سے مستفید ہوسکیں گھریلو معاملات آپکی توجہ کے طالب ہونگے۔آمدن و اخراجات میں توازن قائم رکھنے کی کوشش کریں تا کہ بوقت ضرورت پریشانی نہ ہو۔

شیخ محمد حسین نیوز ایجنٹ ،فوارہ چوک جھنگ صدر 0333-6752004 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

TAURUS ثور

تاریخ پیدائش:۔21اپریل تا21مئی | نام کا سر حرف:۔ب،و | موافق دن:۔جمعہ | حاکم سیارہ:۔زہرہ

خاصیت:۔خود اعتمادی،مستقل مزاجی

موافق عدد:۔2

خاص خصلت:۔حاسد،ضدی،سرکش

موافق پتھر:۔الماس،نیلم،فیروزہ

امراض:۔حلق،کان کے عوارض،پھوڑے پھنسیاں،تولیدی امراض

موافق رنگ:۔گہرا نیلا،سبز،کریم کلر،زرد

جنوری (یکم تا 8)ان ایام میں بزرگوں کے مشورے رکے ہوئے کاموں کی تکمیل کرسکیں گے سکون تب حاصل ہوگا جب کوئی خوشخبری سننے کا موقع ملے گا۔اس ہفتہ اپنی صحت جسمانی کے متعلق تشویش رہے گی اوراہم امور کے سلسلے میں مصروفیات بڑھے گی مستقبل کے متعلق اہم فیصلہ کرسکیں گے۔ کاروباری معاہدے کامیابی کے ساتھ طے کرسکیں گے۔دوست بناسکیں گے طالب علم اپنی تعلیم کی طرف توجہ دیں ٹریفک کے معلات احتیاط طلب ہونگے۔ بچوں کے معاملات توجہ طلب ہونگے گھر میں کوئی اہم تقریب منعقد ہوگی۔جس سے شخصیت وحیثیت میں اضافہ ہوگا اس ہفتہ کچھ مسائل کا سامنا کرنا پڑھے گا

(9 تا 16) سماجی تقریبات میں شرکت کے مواقع ملیں گے۔شریک حیات کا تعاون حاصل رہیگا۔نجی معاملات طے کرسکیں گے کوئی نیا کاروباری معاہدہ طے ہوسکے گا۔رومانوی ماحول سازگار رہیگا۔کاروباری معاملات میں مصروفیات بڑھے گی۔روپے پیسے کے معاملات میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ قانونی امور میں احتیاط کی ضرورت ہوگی۔سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ان دنوں پُر فضاء مقام پر جانے کا پروگرام بناسکتے ہیں۔شریک حیات کے صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں چوٹ کا خدشہ ہے۔گھریلو اور کاروباری معاملات میں **ذہنی دباؤ** کے بڑھنے کا اندیشہ ہے مشکلات سے نجات حاصل کرسکیں گے۔

(17 تا 25)اس ہفتہ اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہورہی ہے اختیارات اور روزمرہ کے معمولات پر ہی عمل کرکے اور **مقاصد** کے حصول میں ضبط نفس اور **صبرو تحمل** سے کام لے کر بہترین نتائج حاصل کرسکیں گے۔مشتری کی وجہ سے زائد ذمہ داریاں آپڑیں گی۔ایسے میں خاص طور پر ان باتوں پر تمل کریں تاہم اس سال چونکہ مشتری کی واقفیت حاصل ہوگی اس لیے **زائد ذمہ داریاں** آپکو بوجھ محسوس نہیں ہونگی۔اس ہفتہ صبروتحمل اور **ثابت قدمی** کے ذریعے جو کچھ حاصل کرچکے ہیں اسے مضبوطی سے اپنے ہاتھ میں رکھتے ہوئے **رکاوٹوں پر قابو** پانے میں مدد دیگا۔

(26 تا 31)اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔نظر کے تحت نظام ہضم میں خرابی پیدا ہوسکتی ہے۔چوری کا اندیشہ ہے قیمتی اشیاء سنبھال کر رکھیں۔سفر پر جانے سے قبل دروازے اور تالے اچھی طرح چیک کرلیں۔اپنے علاوہ کسی پر بھی اعتبار کرنا نقصان کا باعث ہوسکتا ہے۔قریبی عزیز یا بھائی کی جانب سے **مالی نقصان** کا اندیشہ ہے۔ان ایام میں گھریلوں اخراجات میں اضافہ ہوگا کوئی حادثہ پیش آسکتا ہے۔اپنے برج کے بمطابق اپنا صدقہ دیں۔اپنے حق میں بزرگوں سے دعا کروائیں تاکہ مشکلات میں کمی واقع ہو۔رومانوی ماحول سازگار ہے۔دوران سفر اپنے سامان کی حفاظت کریں

فروری (یکم تا 8)ان ایام میں آپکے برج کا حاکم سیارہ اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس زحل قائم کررہا ہے جس کے اثرات یکم فروری تا06 فروری رہیں گے اس نظر کے تحت یہ ایام نکاح نسبت کیلئے بہتر ثابت ہونگے اگرانہی ایام میں کسی سے پیان محبت باندھ لیں گے تو وہ استوار رہے گا۔ **مالدار** خواتین سے تعلقات قائم رہیں تو اس ہفتہ مالی فائدہ بھی ممکن ہے۔اپنی شان دار شخصیت کی بدولت نئے تعلقات سے فائدہ اٹھایئے۔کوئی سفر پیش آئے۔

(9 تا 16) شرف زہرہ آپکے برج کا حاکم سیارہ زہرہ درجہ شرف سے گزرا۔اس وقت آپ کے سیارہ کی قوت **انتہائی بلندی** پر ہوگی۔جس کے تحت ایسے افراد جو کہ من پسند شادی کے خواہشمند ہوں یا ایسے افراد جو کہ کاروبار میں وسعت چاہتے ہوں اور اُن کا تعلق عوامی رابطہ سے ہو مثلاً ڈاکٹر وکیل اساتذہ یا دفتری کام کرنے والا ملازمین افسران بالا کو تسخیر کرنا چاہتے ہوں۔ان ایام میں لوح شرف زہرہ بنوا کر پاس رکھنے سے ان کے مقصد کی تکمیل ہوگی۔

(17 تا 25)ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ تربیع مشتری قائم ہورہی ہے اس نظر کے تحت اس ہفتہ آپ کو قریبی عزیز سے نقصان پہنچ سکتا ہے اور ایک ایسی جگہ سے رقم یا **مالی نقصان** کی توقع ہے جو آپکے وہم وگمان میں بھی نہ ہوگی۔**کاروباری حالات** بہتر نہ رہینگے۔غیر شادی شدہ افراد ان دنوں عشق اور محبت کے معاملات کو قریب نہ آنے دیں ورنہ ناکام عاشقوں کی طرح انہیں مایوس ہونا پڑیگا۔ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہیں۔ملازمت پیشہ افراد لگن سے اپنے کام کی تکمیل کریں گے۔آپکے اور دوستوں کے درمیان **تعلقات خراب** ہونے کا خدشہ ہے کوئی فائدہ مند معاہدہ طے کرسکیں گے۔

(26 تا 29) مشکلات کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا بہتر رہے گا۔طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو پورا کرنے کیلئے تعلیم پر پوری توجہ دیں **اهم امور** کے سلسلے میں بزرگوں سے مشورہ لینا بہتر رہے گا شریک حیات کا تعاون حاصل رہیگا موسم کے اثرات سے محفوظ رہنے کیلئے اپنے پروگرام پر عمل کریں کسی خوشی کے ملنے کی اُمید ہے۔ان ایام میں گھریلو مصروفیات بڑھیں گی اپنے منصوبوں پر کامیابی سے عمل کرسکیں گے۔کام کی زیادتی کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات شاهین نیوز ایجنسی،نمك میانی تحصیل بھیرہ 0344-748351

مارچ (یکم تا 8) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ تربیع زحل قائم ہورہی ہے۔ اس نحس نظر کے تحت والدین سے کسی بات پر **اختلاف** ہوسکتا ہے یا پہلے سے میاں بیوی میں اختلاف اگر مناسب حل تک نہ پہنچے تو علیحدگی کا بھی خطرہ ہے۔ خواتین کو **نسوانی امراض** کا خطرہ ہے۔ اس وقت دوسرں کے جذباتی مسائل میں داخل اندازی بالکل نہ کریں۔ جہاں تک کام کے معاملات کا تعلق ہے۔ اس ہفتہ کے آخر میں ہیجان خیز اور تغیر پذیر حالت سے واسطہ پڑھ سکتا ہے۔ ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ کوئی اختلاف ہوگا۔ اس کے علاوہ جولائی تک کا قت بھی مالی معاملات میں احتیاط کا متقاضی ہے

(9 تا 16) ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہونگے **دور اندیشی** سے کام لینا بہتر رہے گا۔ خرید و فروخت کی طرف رجحان بڑھے گا شریک حیات کا تعاون حاصل رہیگا۔ خانگی امور میں خوشگواری رہے گی۔ اندرون ملک کسی نجی نوعیت کے سفر کا امکان ہے جو نہایت سود مند ثابت ہوگا۔ ذہنی تھکاوٹ کو دور کرنے کے لئے آپ کے لئے یہ تفریحی پروگرام نہایت مفید ثابت ہوگا۔ دوران پروگرام کچھ نئے لوگوں سے **ملاقات** بھی ہوسکتی ہے۔ جو مفید رہے گی۔

(17 تا 25) اس ہفتہ آخری ایام میں بے روزگار افراد کو روزگار کے مواقع راس آئیں گے۔ کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی اور ملازمت کرنے والے افراد کو اپنے کام کو مستعدی سے کرنا بہتر رہے گا شریک حیات اور بچوں کے ساتھ مل کر **سیروتفریح** کا پروگرام بنا سکیں گے۔ شریک حیات سے کوئی اہم معاملہ طے کر سکیں گے اور ان کی صحت جسمانی کی طرف سے لاپرواہی نہ برتیں پہلے کے کئے گئے معاہدے پر نظر ثانی کرنا بہتر اور فائدہ مند رہے گا۔ شرپسند عناصر کی ریشہ دوائیوں سے محفوظ رہیں گے بزرگوں کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ اس ہفتہ پیشہ ورانہ معاملات کے لحاظ سے یہ ہفتہ ترقی پذیر ثابت ہوگا۔

(26 تا 31) اس ہفتہ اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تثلیث مشتری قائم ہورہی ہے مالی اخلاقی مدد اور سعادت حاصل رہے گی۔ مجموعی طور پر یہ ایام حالات میں بہتری اور تبدیلی لائیں گے۔ ہفتہ کے اختتام تک کا وقت خوش قسمت دینا چاہتے ہیں تو معلومات حاصل کرنے کے لیے جمعرات اور جمعہ کے دن سے فائدہ اٹھائیں اس لیے اپنا حساب کتاب بالکل درست رکھیں۔ اس ہفتہ زمین و جائیداد سے متعلقہ امور کی انجام دہی بہتر طریقہ پر ہوگی اور قانونی فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا۔ یہ وقت خاندان کے تمام افراد کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کے لئے موافق ثابت ہوگا محتاط رہیں ورنہ اختلافات کھل کر سامنے آجائیں گے۔

اپریل (یکم تا 8) اس ہفتہ زہرہ تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ ان ایام میں فضول جگہ پر اپنی رقم کو ضائع نہ کریں حالات کنٹرول کرنے کیلئے زبان کو کنٹرول کریں ایک چھوٹی سی غلطی بڑا نقصان دے سکتی ہے احتیاط کرنا ہوگی حد سے زیادہ اعتبار نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ اچانک کھوئی ہوئی شے ملنے کی امید ہے۔ وہ افراد جن کا ذاتی کاروبار ہے یا جو شراکت میں کام کرتے ہیں انہیں اس وقت **ٹیکس** کے معاملات کی وجہ سے مشکلات کا سامنا ہوگا۔

(9 تا 16) اس ہفتہ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا اپنی دلی خواہش پوری کر سکیں گے۔ کسی عزیز دوست سے ملاقات ہوسکے گی۔ اہم خبر سن سکیں گے کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی کوئی تقریب گھر میں منعقد کرسکیں گے۔ اس صحت میں جسمانی کا خیال رکھیں ذہنی تھکاوٹ کو دور کرنے کے لئے تفریحی پروگرام میں حصہ لینے کے مواقع ملیں گے لہذا ایسے پروگراموں میں حصہ لینے سے جسم کی نشوونما میں اضافہ ہوگا۔ بعض غلط فہمیاں آپ کے اور آپ کے معاون افراد کے درمیان کشیدگی پیدا کرنے کا باعث بنیں گی۔ مضبوط بنیادوں پر قائم مالی معاملات سرمایہ کاری، بچت کی اسکیموں، مشترکہ حصص، اسٹاک، اور شیئرز وغیرہ کے لئے موافق ثابت ہوگا۔

(17 تا 25) اس ہفتہ کی خاص نظر عطارد تسدیس زہرہ قائم ہورہی ہے۔ اس نظر کے تحت **ایک مرض** آپ کی جان چھوڑ دے گا یا اس مرض کی شدت میں کمی واقع ہوسکتی ہے۔ بشرطیکہ آپ بھی اس وہم کو اپنے دل سے نکال دیں۔ جن کا تعلق ثور اور میزان سے ہے **رشتہ ازدواج** سے منسلک ہونے کے زیادہ امکانات پائے جاتے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ ان ایام میں **طبیعت میں چڑچڑا پن** رہیگا۔ عبادت ریاضت کی جانب توجہ رہیگی۔ **آمدنی** بڑھانے کے مواقع ملیں گے نیا کاروبار شروع کرنے کے لئے یہ ہفتہ نیک ثابت ہوسکتا ہے۔ خواتین کو اس ہفتہ مالی فائدہ ہوسکتا ہے۔

(26 تا 30) شکار کے شوقین کی تکمیل ہوسکے گی شرپسند عناصر کی ریشہ دوانیوں سے بچیں جو آپ کو پریشان کرنے میں مصروف عمل رہیں گے لہذ احتاط رویہ اختیار کریں اندرون ملک حصول رزق کے لئے بعض افراد کو سفر کرنے کا موقع مل سکے گا۔ جس سے فائدہ حاصل ہونے کی قوی امید ہے۔ یہ ہفتہ آپ کے لئے خوش بختی لے کر آئے گا کیونکہ یہ آپ کے ستارے کے حساب سے آپ کے لئے بہترین ہفتہ ہے اس ہفتہ ذاتی خواہشات کی تکمیل کے لئے کوشاں رہیں گے۔

مئی (یکم تا 8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ 06 مئی کو درجہ اوج سے گزر رہا ہے جو کہ شرف کے بعد دوسری سعد قوت ہے۔ اس کا یہ درجہ ناقص شمار کیا جاتا ہے مگر بعض اہل فن اس وقت بھی زہرہ کی قوتوں سے کام لیتے ہیں زہرہ درجہ اوج پر 19 مئی تک رہے گی **ناراض دوستوں** کو منانے کے لیے وقت بہتر ہے۔ من پسند شادی کرنے کے لیے اپنے برج کے حاکم سیارہ لوح ان دنوں تیار کرواسکتے ہیں۔ دکاندار حضرات تسخیر خلق کیلئے نگینہ زہرہ پاس رکھیں۔

(9 تا 16) گزشتہ ہفتہ کی نسبت ان ایام میں آپ کو نہایت احتیاط کرنا ہوگی کیونکہ سیارہ زہرہ جس کے زیر اثر آپ کے تمام امور انجام پاتے ہیں 13 مئی سے برج جوزا میں رجعت پذیر ہورہا ہے۔ یعنی اس کی **طاقت ختم** ہوجائیگی اس دوران محبوب سے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب رہیگا۔ خواتین کیلئے بھی کچھ پریشانیاں کھڑی ہوسکتی ہیں۔ شریک حیات سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ بحث وتکرار سے گریز کریں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد قران زہرہ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے اثرات کی وجہ سے تمام حالات آپ کے ہاتھ میں ہے محبوب کو پیغام بھجوانا ہو یا منگنی یا شادی کی رسم ادا کرنی ہو تو اس سے بہتر وقت آپ کیلئے نہیں۔ آپ کو کوئی مالی، کاروباری یا گھریلو فیصلہ ضرور کرنا ہے تو کسی بہتر وقت کا انتظار کریں۔ کسی بھی بات پر بلاوجہ جھگڑا ہو سکتا ہے بات کو طول دینے سے گریز کریں۔ خاتون خانہ کچن میں کام کرتے ہوئے تیز دھار آلات اور آگ سے محفوظ رہیں چوٹ لگ سکتی ہے۔ اس ہفتہ اگر چندہ جمع کرنے والی کسی اسکیم میں شامل ہیں تو 23,24 تاریخوں میں بغیر کوشش کے معلوم ہو جائے کہ رقم کہاں سے مل سکتی ہے۔

(26 تا 31) تعلیمی سفر کا امکان ہے۔ قانونی امور توجہ طلب ہونگے۔ اہم معاہدے پر دستخط کر سکیں گے۔ مگر احتیاط کے طور پر دستخط کرنے سے قبل مکمل تسلی کر لیں کیوں کہ آپ پریشانی کے سبب بیمار بھی ہو سکتے ہیں لہذا بزرگوں کا تعاون آپ کے لئے فائدہ مند اور مفید ہوگا۔ اس ہفتہ اپنے مخالفین کی ریشہ دوانیوں سے بچیں کاروبار میں کامیابی حاصل کر سکیں گے۔ آپ کی **سماجی** منصوبہ بندی میں بہت زیادہ دے گی۔ گھریلو مسائل کو حل کرنے میں کوشاں رہیں گے

جون (یکم تا 8) اس ہفتہ ایک نحس نظر زہرہ تربیع قائم ہو رہی ہے۔ جس کے نحس اثرات ان ایام رہینگے۔ ان ایام میں کسی سے قرض لینا اور دینا نقصان دے ہو سکتا ہے۔ **رقم ڈوبنے** کا امکان ہے۔ کوئی مرض لاحق ہو سکتا ہے۔ جن افراد کی منگنی ہو چکی ہے اُن کا رشتہ نازک موڑ پر چلے گا۔ سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ ہر رشتہ کو مضبوطی سے تھام کر رکھیں خاص کر جن افراد کی منگنی یا شادی ہونے والی ہے۔ اُن کا رشتہ پریشانی کا سامنا کر سکتا ہے۔ غصہ پر قابو رکھنا ہوگا ورنہ بنا بنایا کام بگڑ سکتا ہے۔ حاسدین سے بھی محتاط رہنا پڑے گا۔ رومانوی ماحول سازگار رہے گا۔ طالب علم اپنی پوشیدہ قوتوں سے فائدہ حاصل کر سکیں گے۔

(9 تا 16) خاندان کے افراد سے مل کر کسی اہم مسئلہ پر بات چیت کر سکیں گے ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہونگے۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں اور شریک حیات کی صحت جسمانی کی طرف سے لاپرواہی نہ برتیں کیونکہ ان کی صحت بگڑنے کا اندیشہ ہے۔ آپ کی خود اعتمادی آپ کی ترقی میں معاون ثابت ہوگی۔ آپ کی ذاتی مقاصد کی تکمیل میں بہتر رہے گی۔ کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی شرپسند عناصر کی ریشہ دوانیوں سے بچیں۔ بہتر ہوگا کہ اس وقت دوسروں پر اپنی مرضی مسلط نہ کریں بلکہ دوسروں کی مرضی پر چلیں۔ وہ افراد جو اپنے گھریلو حالات درست کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے بھی یہ وقت بہت موافق ثابت ہوگا۔

(17 تا 25) کسی گھریلو مشکل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ نئے معاہدہ طے کر سکیں گے آپ کی سماجی تقریبات میں مصروفیت بڑھے گی۔ گھریلو کاروباری اور خاندانی امور توجہ طلب ہونگے معاون افراد کے ساتھ تعاون کرنے سے آپ ترقی کر سکیں گے۔ ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہونگے۔ **قانونی مسائل** میں الجھنے سے حتی الامکان گریز کریں۔ رومانوی ماحول میسر آئے گا۔ لین دین کے معاملات احتیاط طلب ہونگے۔ قانونی امور میں دلچسپی بڑھے گی۔

(26 تا 30) گزشتہ ہفتہ جس قدر پریشان تھے اب بہتری کا وقت شروع ہو رہا ہے کہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زہرہ اس ہفتہ مستقیم ہو گیا ہے اس سیارہ کی گردش 25 جون کو ختم ہو چکی ہے۔ اب آپ درست لائحہ عمل تیار کر سکتے ہیں دوستوں سے مل بیٹھنے کیلئے یہ ہفتہ موزوں ہے۔ **ناراض** دوستوں کو منایا جا سکے گا عزت و توقیر میں اضافہ بھی ہوگا۔ ہر کسی سے راز و نیاز کی باتیں نہ کیا کریں۔ شادی شدہ افراد کو جولائی اگست سے پہلے شریک زندگی کے ذریعے کوئی فائدہ ملے گا۔

جولائی (یکم تا 8) کوئی اہم معاہدہ کر سکیں گے اس ہفتہ خرید و فروخت کر سکیں گے گھریلو آرائش و تزئین کی طرف رجحان رہے گا غیر ضروری اخراجات سے پرہیز کریں ذرائع ابلاغ سے مستفید ہو سکیں گے۔ گھریلو معاملات غور طلب ہونگے مہمانوں کی آمد و رفت جاری رہے گی۔ خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی طے پائے گی۔ بچوں کے معاملات توجہ طلب ہونگے کوئی قدم اٹھانے سے پہلے سوچ سمجھ کر کام کرنا بہتر رہے گا صحت کے بارے میں تشویش رہے گی۔

(9 تا 16) بے روزگار افراد کو روزگار کے مواقع مل سکیں گے۔ شریک حیات کی سخت جسمانی کا خیال رکھیں خانگی امور میں شریک حیات کا تعاون بھی حاصل رہے گا۔ سرمایہ کاری کرنا بہتر رہے گا کاروباری پوزیشن مستحکم کر سکیں گے شریک کار تعاون بھی حاصل رہے گا لین دین میں احتیاط نہ برتیں ورنہ پریشانی کا سامنا کرنے کا اندیشہ ہے اور ذہنی دباؤ کے بڑھنے کا **اندیشہ** ہے گھریلو معاملات توجہ طلب ہونگے بزرگوں کی قیمتی آراء سے مستفید ہو سکیں گے۔ ان ایام میں آپ کے اور آپ کے کسی دوست کے درمیان کسی غلط فہمی سے کشیدگی پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ مستقبل کے لئے بنائے گئے منصوبے پر عمل کر سکیں گے۔

(17 تا 25) خوشگواری میں اضافہ ہوگا ملازمت کا حصول ہو سکے گا بعض افراد افسران بالا کا تعاون حاصل کرنے میں ناکام رہیں گے لہذا فرائض منصبی میں کوتاہی نہ برتیں اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ **ورزش صحت** کے لئے بہتر رہے گی۔ اس ہفتہ کے ابتدائی ایام میں کوئی **نیا رومانس** شروع کر سکیں گے کوئی خوشخبری سن سکیں گے نجی ترقی کے کاموں میں معروف رہیں گے اشتہاری کمپنی سے منسلک افراد کو فائدہ حاصل ہو سکے گا۔ مشترکہ کاموں میں مفاد حاصل کر سکیں گے جائیداد کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔ کاروبار میں دلچسپی بڑھے گی شریک کار کا تعاون حاصل رہے گا اپنی صحت کا خیال رکھیں۔

(26 تا 31) یہ ان ایام میں محبت و عشق کا حاکم سیارہ زہرہ اپنے سعد درجہ اوج پر آ رہا ہے یہ مبارک وقت ہے۔ تسخیر خلق، تسخیر خواتین، رجوع خلق، دفع امراض زنانہ کیلئے نہایت سازگار ایام ہیں بگڑے ہوئے معاملات درست ہو سکتے ہیں اس ہفتہ معاون افراد سے تعلقات بہتر سکیں گے۔ رومانوی ماحول سازگار رہے گا، گھریلو کاروباری اور ملازمت کے معاملات میں کامیابی حاصل ہوگی لیکن اس خاص وقت میں **لوح یا نگینہ** شرف زہرہ بنوا کر پاس رکھیں۔

شیخ امین نیوز ایجنٹ سرگودھا۔ 0303-7947849 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

اگست (یکم تا 8) ملازمت کے حصول میں کوشاں رہیں گے۔ **صحت کے خراب** ہونے کا اندیشہ ہے۔ میڈیکل چیک اپ کرنا بہتر رہے گا۔۔**دور دراز** سے کوئی خبر سن سکیں گے شریک حیات کی صحت کا خیال رکھیں کام کی زیادتی سے ان کی صحت جسمانی کے بگڑنے کا اندیشہ ہے۔ احتیاط کریں۔ بے روزگار افراد کو روزگار کے مواقع مل سکیں گے۔ کسی خطرناک کام کے کرنے سے **اجتناب کریں** صحت کی طرف معاملات توجہ طلب ہونگے۔

(9 تا 16) شرپسند عناصر کی جانب سے ریشہ دوانیوں سے بچیں اور غیر ضروری امور میں دلچسپی لینے سے گریز کریں۔ شریک حیات سے تعاون کریں۔ نجی معاملات میں بعض مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اور **سماجی تقریبات** میں شرکت کرنے سے آپ کی حیثیت و شخصیت میں اضافہ ہوگا۔ خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی ہو سکے گی طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو پورا کر سکیں گے۔ سفر میں احتیاط برتیں اور قانونی مسائل میں الجھنے سے گریز کریں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ کے وسط میں نئے معاہدے عمل میں آئیں گے فروخت کے مواقع راس آئیں گے۔ کاروبار اور تجارت میں فائدہ حاصل کر سکیں گے۔ قانونی مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا سفر کے پرگرام بنا سکیں گے کاروبار میں غیر متوقع حاصل ہونے کی امید ہے گذشتہ کی گئی کوششوں کے صلہ میں کامیابی حاصل کر سکیں گے۔ کاروبار کو پھیلانے کے سلسلے میں معروفیات بڑھیں گی۔ قانونی مسائل کو حل کرنے کے لئے آپ کو سخت محنت کی ضرورت ہوگی

(26 تا 31) اس ہفتہ زہرہ مقابلہ مشتری کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ رہائش کی تبدیلی ممکن ہے یا مکان کی مرمت کرواسکتے ہیں۔ ان دنوں خرید و فروخت سے گریز کریں۔ کوئی اہم کام شروع کرنے سے پہلے گواہ ضرور بنالیں ورنہ نقصان ہونے کی صورت میں تمام ملبہ آپ کے سر ڈال دیا جائیگا۔ کسی مشینری کے خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ بداخلاقی سے گریز کریں۔ **انعامی اسکیموں** میں حصہ لینے کا موافق وقت نہ ہے اس ہفتہ کے نحس عدد 3,5,6,8 ہے۔ دوران گفتگو احتیاط سے کام لیں زبان سے نکلی ہوئی بات اور کمان سے نکلا ہوا تیر واپس نہیں آتا۔ تمام **قانونی** اور آفیشل معاملات میں بے حد محتاط رہیں۔

ستمبر (یکم تا 8) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ جس کے نحس اثرات کی وجہ سے محبوب یا شریک حیات کی جانب سے تعلقات کشیدہ ہوتے نظر آرہے ہیں۔ کاروبار کی طرف دھیان دیں کوئی ہے جو آپ کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں۔ ماحول میں کشیدگی پیدا کر سکتی ہے۔ حالات میں اس قدر **بگاڑ** آسکتا ہے کہ آپ کو سخت ذہنی دباؤ سے گزرنا ہوگا۔ اس وقت نہایت پُرسکون رہیں۔ چرب زبانی سے گریز کریں۔ سفر کرنا فائدہ نہ دیگا۔ ان دنوں تحائف اور مالی وصولیوں کا امکان ہے۔ اس ہفتہ اگر مالی مشکلات سے واسطہ پڑا تو 2 تا 4 کے دوران پڑے گا

(9 تا 16) مصروفیات میں اضافہ ہوگا اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ آپ کی لاپرواہی آپ کے لئے نقصان دہ ہوسکتی ہے۔ گھریلو جائیداد کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔ بیروزگار افراد کو ملازمت کے مواقع بھی میسر آئیں گے اور بعض حضرات حسب منشاء جگہ پر ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب بھی ہو جائیں گے۔ کو نئے کاروباری **معاہدے** طے کر سکیں گے آپ کے خواب سچائی کا روب بدلیں گے۔ یہ ہفتہ ملازمت کے حصول کیلئے بہتر رہے گی۔ صحت کے بارے میں تشویش رہے گی۔ اس لئے آپ کے میڈیکل چیک اپ کروانا چاہئے۔ زائچہ میں نحس سیاروں کے اثرات معاملات میں سست روی لائیں گے۔

(17 تا 25) ملازمت پیشہ افراد کے لئے ان افسران بالا سے تعاون حاصل کرنا بہت ضروری ہے۔ ورنہ ناگہانی حالات کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ رومانوی ماحول میسر آئے گا کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی ذہنی دباؤ اور افشائے راز کا خدشہ ہے کوئی نیا کاروباری معاہدہ طے کر سکیں گے۔ ملازمت کے معاملات میں احتیاط ضروری ہے۔ معاشرتی معیار میں آپ کی شخصیت ابھرے گی۔ کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی خواہشمند افراد کو شادی خانہ آبادی طے پائے گی۔ اس ہفتے دوستوں سے تعلقات خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ روزہ مرہ کے معاملات میں اضافہ ہوگا۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں کوئی انعام بھی نکل سکتا ہے۔

(26 تا 30) **آسودگی اور خوشحالی** ان ایام میں میسر آئیگی۔ ہمت سے کام لیں اور ذہانت کو بروئے کار لاتے ہوئے بہتر لائحہ عمل تیار کریں۔ نکاح کیلئے یہ ایام بہترین ثابت ہونگے۔ حالات آپ کے حق میں نہیں احتیاط ضروری ہے۔ دیرینہ جھگڑوں کا خاتمہ ہوگا، صلح کیلئے یہ وقت بہتر ہے۔ کسی پر بلاوجہ اپنا رعب اور دبدبہ نہ جھاڑیں۔ جتنا ہوسکتا ہے **نرم لہجے** سے بات کو نمٹانے کی کوشش کریں۔ محبوب سے ملاقات کیلئے یہ ایام بہتر ہیں۔ شادی شدہ افراد کیلئے خوشگوار ہفتہ رہیگا کیونکہ اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ یعنی زہرہ مریخ تسدیس قائم ہورہی ہے۔ یہ سعد نظر آپ کو فائدہ دیگی۔

اکتوبر (یکم تا 8) طبیعت میں محبت کا عنصر غالب رہیگا ایک دوست کی جانب سے خوشی کا **پیغام** آسکتا ہے یہ بھی ممکن ہے کہ کسی محفل میں شرکت کا موقع ملے۔ **ناراض** دوستوں کو منانے کا بہترین وقت ہے موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ اگر کاروباری لین دین یا خرید و فروخت میں ملوث ہیں تو جلد بازی میں کوئی فیصلہ ہرگز نہ کریں۔ یہ وقت کاروباری سرگرمیوں اور **آمدنی** میں اضافہ کرنے کا موقع دے سکتا ہے۔ کاروباری لین دین میں محتاط رہیں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کی خاص سعد نظر عطارد تسدیس زہرہ قائم ہورہی ہے۔ ایسے افراد جو کہ بیرون ملک کاروبار کرنے یا تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے سفر کے خواہشمند ہیں اس ماہ کامیابی مل سکتی ہے۔ ایسے شخص سے ملاقات ہوسکتی ہے جو کہ آپ کی زندگی کو بدل کر رکھ دے گا کچھ لوگ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائینگے اور کچھ افراد کی منگنی طے پا جائیگی غرض اس ہفتہ قائم ہونے والی دوستی محبت اور نکاح کا انجام بہتر ہوگا۔ پرانی چیزوں کے لین دین میں خاص طور پر محتاط رہیں گے۔

پاک نیوز ایجنسی، تاجران کتب اسٹیشنرز و آرڈر سپلائرز۔ تربت۔
روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

(17 تا 25) اس ہفتہ اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تثلیث مشتری قائم ہورہی ہے۔ آپ زبردستی بالکل نہ کریں اور حکمت عملی سے کام لیں اگر دوسرے آپ کی مخالفت جاری رکھیں تو مصالحت کرلیں یا پیچھے ہٹ جائیں۔ شادی شدی افراد کے شریک زندگی سے تعلقات میں **تناؤ ختم** ہونے کا مکان ہے لیکن یہ ایسا وقت ہے کہ اگر تعلقات میں درپردہ تناؤ اور رنجشیں ہیں تو تمام باتیں شریک زندگی پر واضع کردیں۔ گرما گرما بحث تو ہوگی حالات بگڑ جائیں گے خواتین کے لیے خاص طور پر موافق ثابت ہوگا۔ اس ہفتہ شراکتی معاملات کی موافقت میں رہے وہ افراد جن کی اس وقت منگنی یا شادی ہوگی انہیں خوشی اور مادی فائدہ ملے گا۔

(26 تا 31) سیارہ زہرہ کا قیام ان دنوں خانہ حضیض میں ہے یہ ایام آپ کیلئے بہتر نہ ہے۔ آپ کو ان دنوں بہت احتیاط کرنا ہوگی۔ محبوبہ یا شریک حیات سے **بہتر تعلقات** استوار رکھنے کیلئے خاموشی سے یہ وقت گزاریں۔ وہ ثوری افراد جو کہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہونا چاہتے ہیں۔ اس ہفتہ منگنی یا نکاح کی کوئی تقریب نہ کریں تو آپ کے حق میں بہتر ہوگا شادی شدہ افراد **لڑائی جھگڑا** سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کریں گھریلو معاملات بہتر نہ رہینگے۔

نومبر (یکم تا 8) ان ایام میں شریک حیات کی صحت کی حفاظت لازمی ہے۔ کاروباری امور کی انجام دہی احتیاط کی طالب ہے نئے کاروبار میں ہاتھ ڈالنے سے گریز کریں۔ ورنہ سوائے نقصان کے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ البتہ ملازمتی امور کی بجا آوری فوائد کا سبب بنے گی حکام بالا کا تعاون زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے کی کوشش کریں ایسی صورت میں عہد مرتبہ میں ترقی کے حصول کی جدوجہد کامیاب ثابت ہوگی۔ مخالفین سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ خانگی حالات خوشگوار رہیں گے اولاد کی جانب سے سکون ملے گا اخراجات میں زیادتی ہوگی جملہ تصفیہ طلب امور کا فیصلہ ہوسکے گا۔ زمین جائیداد کے مسائل حل ہونگے۔

(9 تا 16) ان ایام میں آپ کو محتاط رہنا ہوگا کیونکہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زہرہ، مشتری سے نظر مقابلہ قائم کررہا ہے جو کہ نحس علامت ہے۔ شریک حیات یا محبوب سے تعلقات خراب ہوسکتے ہیں لہذا ان ایام میں آپ دوری اختیار کریں بہتر ہوگا ورنہ معاملات خرابی کی جانب نکل سکتے ہیں۔ چند دوست نما دشمن آپ کے گرد سازشوں کا جال بُن رہے ہیں محتاط رہیں عزیز واقارب سے بھی کسی بات پر تلخی ہوسکتی ہے۔ شادی شدہ افراد کو اس ہفتہ خوش بختی حاصل ہوسکتی ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ نحس نظر زہرہ مقابلہ زحل قائم ہورہی ہے۔ اس ہفتہ کی ابتدا اچھی نہ ہوگی آخری ایام بہت محتاط رہیں شریک حیات یا محبوب سے کسی بات پر اختلاف ہوسکتا ہے نوبت لڑائی جھگڑا پر پہنچ سکتی ہے۔ نتائج اچھے برآمد نہ ہوں گے۔ اپنی مسرتوں میں اضافے کے لئے اپنی صلاحیتوں سے کام لیجئے۔ مستقبل کی فکر بھی حال ہی کی طرح کیجئے۔ کوئی دیرینہ آرزو پوری ہوسکتی ہے۔ اہم دستاویز پر دستخط کرنے سے پہلے چھان بین کرلیں تاکہ بعد میں اس نادانی پر کف افسوس نہ ملیں خاندان میں **تقریبات** منعقدہ ہونے کا امکان ہے۔ اگر معمولی نوعیت کے اختلافات پیدا ہیں تو رائی کا پہاڑ بنانے سے گریز کریں۔

(26 تا 30) لاٹری سے فوائد حاصل ہونگے دیگر قانونی مسائل بھی حل ہونگے۔ ان ایام میں کاروباری اغراض کے تحت کیا جانے والا سفر مادی لحاظ سے کامیاب ثابت ہوگا۔ لیکن دوران سفر صحت کے خراب رہنے کا **احتمال** ہے۔ اپنی حیثیت وشخصیت سے بڑھ کر کسی پروگرام پر عمل پیرا ہونے کی جرات نہ کریں ورنہ مشکلات میں پھنس جائیں گے۔ طبیعت مزاج غم وغصہ پر مکمل طور پر قابو پانے کی ضرورت ہے ورنہ بننے کاموں میں رکاوٹیں حائل ہونگی۔ صحت کی حفاظت بھی ایک لازمی امر ہے۔ کاروباری ترقی وتوسیع کی کوششیں کامیاب ثابت ہونگی۔ زیرغور معاشی سکیموں پر عمل درآمد پر فائدے کا قوی امکان ہے۔

دسمبر (یکم تا 8) **شراکتی یا مشترکہ مفاد** کے پروگراموں کے ذریعے سے بھی نفع حاصل ہوگا۔ ملازمتی امور میں فرائض منصبی کی بجا آوری سے حیثیت وشخصیت میں اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ **گھریلو خوشیوں** میں اضافہ ہوگا۔ دوسروں سے وابستہ توقعات پوری ہونگی اس ہفتہ اخراجات بڑھ جائیں لیکن قرض کی وصولی بھی ہوگی تاہم باوجود صالح نیت کے قرض کی ادائیگی نہ ہوسکے گی۔ 15 تاریخ سے پہلے کیا جانے والا سفر کامیاب ثابت ہوگا۔ غیر شادی شدہ حضرات کی شادی میں پیدا شدہ رکاوٹیں دور ہونگی۔ تمام **معاملات** عشق ومحبت میں سازگاری کی ہرگز توقع نہ رکھیں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہورہی ہے مالی اخلاقی مدد اور سعادت حاصل رہے گی۔ مجموعی طور پر یہ ایام حالات میں بہتری اور تبدیلی لائیں گے۔ ہفتہ کے اختتام تک کا وقت خوش قسمت دینا چاہتے ہیں تو معلومات حاصل کرنے کے لیے۔ جمعرات اور جمعہ کے دن سے فائدہ اٹھائیں اس لیے اپنا حساب کتاب بالکل درست رکھیں۔ اس ہفتہ زمین وجائیداد سے متعلقہ امور کی انجام دہی بہتر طریقہ پر ہوگی اور قانونی فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا۔

(17 تا 25) اس ہفتہ انعامی اسکیموں لاٹری یا بانڈ سے فائدہ ملنے کا امکان ہے۔ مگر داؤ لگاتے وقت حد سے تجاوز نہ کریں۔ ملازمتی امور فرائض کی بجا آوری بھی بطریق احسن ہوگی۔ ماتحتوں اور حکام بالا تعاون شامل حال رہے گا۔ البتہ صحت کے ناقص رہنے کا **احتمال** ہے۔ غذا کے استعمال میں پرہیز اور نقل وحرکت کی زیادتی سے گریز لازمی ہے غفلت **طویل علالت** کا موجب بن سکتی ہے۔ کاوباری اغراض کے تحت کیا جانے والا سفر کامیاب ثابت ہوگا۔

(26 تا 31) نئے کاروبار کے ذریعے فائدہ ملے گا دوسروں کی امداد و **تعاون** سے ادھورے سے پروگراموں کی تکمیل ہوگی۔ سفر مادی لحاظ سے بہتر اور فائدہ مند ثابت ہوگا۔ **زمین و جائیداد** سے متعلقہ امور کی انجام دہی احتیاط کی طالب ہوگی اس سلسلہ میں قانونی مسائل حسب منشاء حل نہ ہو سکیں گے۔ اس ہفتہ پرائز بانڈ وغیرہ۔ سے بھی فائدہ ملے گا لیکن داؤ لگاتے وقت حد سے تجاوز نہ کریں **تجدید مراسم** کی کوششیں کامیاب ثابت ہونگی۔

روحانی ماھنامہ تحفہ روحانیات
بلوچ نیوز ایجنسی ملتان روڈ مظفر گڑھ

GEMINI تاریخ پیدائش:۔22 مئی تا 21 جون | نام کا سر حرف:۔ق، ک | موافق دن:۔جمعہ | حاکم سیارہ:۔عطارد

جوزا

خاصیت:۔ہوشیار، پاکیزہ خیالات

امراض:۔سر درد، آنتوں اور پیٹ کے امراض

نقائص خصلت:۔مضطرب، غلط فہمیاں پیدا کرنے والے

موافق عدد:۔5

موافق نگینہ زمرد، زبرجد، زرد عقیق

موافق رنگ گولڈن، سبز، فیروزی، پیلا، زرد

جنوری (یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد مشتری قران کے زیر اثر ہیں ان ایام میں اپنی ناکامی کو کامیابی میں بدلنے کے لئے انہیں چاہیئے کہ 05 اناج کا صدقہ دیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے والے خواہشمند افراد **قسمت آزمائی** نہ کریں۔ جو بات نرم رویہ سے حل ہو جائے اسے سختی سے کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ **عمرہ و زیارت** کے خواہشمند حضرات کی اس ہفتہ خواہش پوری ہو سکتی ہے۔ **بحث و تکرار** سے گریز کریں۔ یہ بھی ممکن ہے شاید ایک جگہ تعلقات ختم ہو کر دوسری جگہ قائم ہوں۔ یا یہ بھی ممکن ہے کہ اگر عرصہ سے تعلقات خراب چلے آ رہے ہیں تو دوبارہ تعلقات استوار ہو جائیں گے۔ (9 تا 16) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 09 تا 12 جنوری ظاہر ہونگے یہ نظر فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے۔ آپ انعامی اسکیموں میں حصہ لیں یا نئے کاروبار کا آغاز کرنا چاہئیں تو کامیابی ملے گی۔ گھریلو ماحول میں تبدیل آ سکتی ہے۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے بیرون ملک سفر پیش آ سکتا ہے۔ اس ہفتہ سخت مخالفت کا سامنا ہو گا ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ بھی اختلافات اور جھگڑوں کا اندیشہ ہے اس کی وجہ آپ کا ضرورت سے زیادہ حکمانہ رویہ ہو گا۔ کسی اہم معاملے کے متعلق آپ کا ارادہ اور سوچ تبدیل ہو جائے گی شاید آپ کو اس کے ارادوں کے مخلص نہ ہونے کا پتہ چل جائے گا۔ (17 تا 25) ان ایام میں عطارد قران زحل قائم ہوا جس کے قوی اثرات آپ پر ظاہر ہو رہے ہیں۔ ہر طرح سے **محتاط رہیں** خاموش ہو کر ایک کونے میں بیٹھ جائیں آپ کے حق میں بہتر ہے۔ یہی آپ کے حق میں بہتر ہے۔ پرانی چیزوں سے لگاؤ رہیگا۔ اپنے آپ کو مایوسی کی جانب نہ دھکیلیں۔ خوش رہنے کی کوشش کریں۔ دیرینہ دوست سے ملاقات ہوگی ایک عزیز کچھ مایوسی کی باتیں کریگا یاد رکھیں **مایوسی گناہ** ہے۔ شریک کار اور شریک حیات کے گھر پر ہو گا اس وقت تک مالی معاملات پر گھریلو اثرات کی سرگرمیاں بہت زیادہ اثر انداز ہونگی۔ یہ ہفتہ لمبے سفر زیارات اور حج وعمرہ اور بیرون اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلئے بہتر ہے۔ (26 تا 31) عزیزوں دوستوں اور رشتہ داروں افسران بالا خصوصاً کسی **جگری دوست** کسی واقف کار افسر اعلیٰ سے خاص طور نفع حاصل ہو گا جس سے دل کو خوش و خرم ہو جائے گا آپ کی اپنی صحت جسمانی چند روز خراب رہے گی اور اندرون خانہ بھی کسی بیماری کے باعث تشویش لاحق ہوگی۔ لیکن حد سے زیادہ تجاویز نقصان دہ رہے گا۔ **زمین و جائیداد** کے مسائل بھی حل ہونگے۔ وہ افراد جو بااختیار عہدے پر ہیں یا کسی جماعت کے راہنما ہیں انہیں اس ہدایت پر خاص طور پر عمل کرنا چاہیئے اور تمام جوزی افراد کو ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ اس وقت **تعلقات بہتر** رکھنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

فروری (یکم تا 8) شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں داخل ہو جائے گا تمام قریبی تعلقات کو مضبوط بنانے میں مدد دے گا۔ یہ ہفتہ ان افراد کے لیے موافق ثابت ہو گا جو شادی کرنا چاہتے ہیں یہ ہفتہ شادی کے متعلق اکثر **امیدیں** پوری کر دے گا۔ محبت کے معاملات کے لیے اختتام تک کا وقت موافق ثابت ہو گا۔ شادی، خاندانی معاملات کے لیے خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہو گا سفر اور خط و کتابت لائے گا۔ اس ہفتہ سفر کے ذریعے نئے افراد زندگی میں داخل ہونگے۔ (9 تا 16) اس ہفتہ کے آخر سے ہی آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد ان ایام میں برج حوت میں رجعت پذیر ہو گا اسکی رجعت 10 مارچ کو برج دلو میں ختم ہو رہی ہے۔ اس دوران یہ سیارہ اپنی طاقت کھو دیگا۔ اس دوران طبیعت میں **مایوسی** کا عنصر غالب رہیگا آپ کو آرام کرنا چاہیئے۔ اس دوران کوئی بھی تحریری معاہدہ آپ کے حق میں نہ ہو گا۔ عزیز اور رشتہ داروں سے وفا کی امید نہ رکھیں۔ جس شخص پر آپ نے بھروسہ کیا اُس سے دھوکہ ملنے کی قوی امکان ہے (17 تا 25) اس ہفتہ عطارد قران شمس کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان دنوں میں آپ افسران بالا یا والدین کے غضب وغصہ کو دور کر سکتے ہیں۔ بزرگوں سے خصوصی دعا کروائیں اعلیٰ عہدوں پر فائز افسران بالا سے فائدہ لیا جا سکتا ہے۔ ملازم پیشہ افراد یا گھر کے سربراہ کوشش کریں کہ کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر نہ لیں ورنہ ان کی سابقہ محنت رائیگاں جا سکتی ہے۔ شریک کار یا شریک زندگی کے ساتھ تعلقات کے سلسلے میں اگرچہ جوش تو ہو گا مگر غیر یقینی صورت حال رہے گی۔ (26 تا 29) عطارد تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں پریشانیوں کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔ **مقدمات** اور پنچایتی فیصلے آپ کے حق میں ہونگے۔ جسمانی امراض ختم ہو جائیں گے۔ مخالفین کی جانب سے صلح کے مواقع آئیں گے جو کہ آپکے حق میں بہتر ہونگے۔ یہ ایام آپ کیلئے بہتر اور معاون ثابت ہونگے۔ ان دنوں **امراض** سے نجات پانے کیلئے معالج کی تلاش کامیاب رہیگی خصوصاً معدہ کے امراض سے نجات مل سکتی ہے۔ تیز رفتاری سے گریز کریں محتاط انداز سے آگے کی جانب بڑھتے جائیں۔ انعامی اسکیموں لاٹری میں بھی فائدہ کی امید دکھائی دیتی ہے۔ موجودہ مقاصد اور جاہ طلبی پر اہم اثر ڈالے گا۔

ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات بابر بک سٹال، شور کوٹ۔047-5310122

مارچ (یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد تسدیس زہرہ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں بگڑے ہوئے معاملات درست ہونا شروع ہو جائیں گے۔ خاتون خانہ سے توقعات پوری ہونگی۔ **نکاح یا منگنی** کیلئے یہ ایام بہترین ثابت ہونگے۔ سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں مہنگی اشیاء خریدنے سے پہلے احتیاط کریں۔ ان ایام میں عدالتی امور اور پنچایتی فیصلے آپ کے حق میں ہونگے حلقہ احباب میں اچھی شہرت حاصل کرسکیں گے۔ آپ بہترین لیڈر کے طور پر بھی سامنے آسکتے ہیں۔ آسائش پسند نہ بنیں۔ اگر آپ نے **محتاط** رویہ اختیار نہ کیا تو یہ لوگ آپ کو **هڑپ** کر جائیں گے۔ ذہنی سوچ کو پختہ کریں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ بہت بہتری کی اُمید ہے ایسے کام جو کہ گزشتہ ایام رجعت عطارد کے سبب خراب ہو چکے یا رکاوٹ آ رہی تھی 10 مارچ کو آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد مستقیم ہو رہا ہے یہ وہ وقت ہے جب آپ اپنے رُکے ہوئے کاموں کی تکمیل کر سکتے ہیں پہلے سے اپنے آپ کو بہتر محسوس کرینگے۔ کچھ لوگ آپ سے جلن محسوس کرتے ہیں اور سازشیں کر رہے تھے ان ایام میں ایسے لوگ بے نقاب ہو سکتے ہیں یہ وقت آپ کیلئے بہتری کے اسباب پیدا کر سکتا ہے۔

(17 تا 25) سیارہ عطارد ہبوطی درجات سے گزرتا ہے تو بہت سی نحوستیں اپنے ساتھ جمع کر لیتا ہے یہ وقت نہایت محتاط رہنے کا ہے صحت کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ عدالتی کاروائی، پنچائتی معاملات قریبی عزیز رشتہ داروں سے اختلافات ہو سکتے ہیں لیکن آپ کو انتہائی محتاط انداز سے یہ وقت گزارنا ہے کیونکہ کچھ بھی بُرا ہو سکتا ہے ان ایام میں ایسے جرم کا بھی سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جو کہ آپ نے نہ کیا ہو۔ الزام بھی لگ سکتا ہے۔ طبیعت میں تیزی سے اتار چڑھاؤ رہے گا۔

(26 تا 31) یہ ہفتہ آپ کیلئے نحس ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد ہبوطی درجات سے گزر رہا ہے معاملات کو بگاڑنے میں اہم کردار ادا کریگا۔ قریبی عزیز رشتہ داروں سے تعلقات بہتر رکھے کسی سے لڑائی جھگڑا میں نہ پڑیں صحت کا خاص طور سے خیال رکھا جائے کیونکہ یہ وقت ڈپریشن کو بڑھنے میں بھی مدد دیتا ہے۔ کسی بھی بات کو ذہن پر سوار نہ کریں۔ یہ وقت جلد اور بہتر طریقے سے کام کی **تکمیل** لائے گا۔ اپنے برج سے متعلقہ صدقہ ضرور دیں۔

اپریل (یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد تسدیس مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس سعد نظر کے تحت مفت کی دولت ہاتھ آئیگی وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے۔ چند ناراض **دوست** منانے کی کوشش کریں گے۔ سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔ کاروبار میں ترقی ہوگی۔ دوسرے لوگوں کو موقع دیں۔ اس اہم اور خاص سعد نظر کے اثرات 06 تا 14 اپریل رہیں گے یہ نظر اس ہفتہ ایک بڑے **فائدہ** کی جانب اشارہ دے رہی ہے لیکن اس کے **نتیجہ** میں آنے والی رقم ضائع نہ کریں یہ بھی ممکن ہے کہ ان دنوں میں کہیں سے **مفت کی دولت** ہاتھ آجائے۔ غصہ کو قابو میں رکھیں۔ چرب زبانی سے گریز کریں۔

(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 10 تا 13 اپریل رہیں گے اس نظر کے تحت ان ایام میں **تجارت** میں فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔ **کامیاب زندگی** حاصل ہوگی اعلیٰ درجہ کی خواتین سے **مالی فائدے** ممکن ہیں۔ دشمنوں کی جانب سے خطرات ٹل سکتے ہیں۔ صحت کا خیال رکھیں۔ بزرگوں کی دعاؤں کی برکت سے بگڑے ہوئے معاملات درست ہو سکتے ہیں روحانی امداد حاصل کریں۔

(17 تا 25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس مریخ قائم ہو رہی ہے اس نظر کے تحت قریبی عزیز و اقارب سے تعلقات استوار ہونگے ایک نیا جذبہ اور جوش پیدا ہو سکتا ہے۔ بخار یا نزلہ زکام کی امراض طوالت پکڑ سکتے ہیں۔ اس وقت آپ زیادہ نمایاں کردار ادا کر کے اور اپنی کوششوں میں اضافہ کر کے بہت کچھ حاصل کرسکیں گے۔ مستقبل میں اگر کاروبار یا تفریح کی غرض سے کوئی اہم سفر کرنا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں انتظامات کیلئے وقت موافق ثابت ہوگا۔ فی الوقت عدالتی امور التواء میں کر دیں۔ اس ہفتہ خوشخبری کی اُمید مل سکتی ہے ارادوں میں قوت پیدا ہوگی۔ مزاج میں رومانوی تاثرات غالب رہیں گے۔

(26 تا 30) عطارد تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں جادوئی حملے ہو سکتے ہیں جس میں آپ کو تباہ و برباد کیا جا سکتا ہے مالی نقصان بھی متوقع ہے کاروبار بند کرنا یا آپ کے دل و دماغ پر خوف دہشت مسلط جیسے اقدامات کئے جا سکتے ہیں۔ وراثتی جائیداد کے حصول کیلئے جھگڑا ہو سکتا ہے۔ گھریلو معاملات خراب نہ ہونے دیں۔ آپس کے مسائل گھر کی چار دیواری میں حل کر لئے جائیں تو زیادہ بہتر ہے سسرالی رشتہ داروں سے پریشانی لاحق ہے۔ کچھ دیر کیلئے برے بن جائیں لیکن اُن سے شکایت لازمی کریں۔ اس ہفتہ حضیض عطارد نحس وقت بھی آ رہا ہے۔ ہر طرح سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔

مئی (یکم تا 8) ان ایام میں عطارد قران شمس 03 تا 06 مئی قائم ہو رہا ہے یہ نظر فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے۔ ان دنوں میں آپ **افسران بالا** یا والدین کے غضب و غصہ کو دور کر سکتے ہیں۔ بزرگوں سے **خصوصی دعا** کروائیں اعلیٰ عہدوں پر فائز افسران بالا سے فائدہ لیا جا سکتا ہے۔ ملازم پیشہ افراد یا گھر کے سربراہ کوشش کریں کہ کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر نہ لیں ورنہ ان کی سابقہ محنت رائیگاں جا سکتی ہے۔ ان دنوں زرد رنگ فائدہ دے گا۔

(9 تا 16) اس ہفتہ عطارد تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت **حصول مال** و دولت میں کی گئی کوششیں کامیاب ہو سکیں گی۔ پہلے سے بہتر طریقہ سے **کاروبار** چلا سکیں گے۔ اس ہفتہ لکی عدد 53,35 ہے۔ قیمتی اشیاء کی خریداری کیلئے یہ ہفتہ بہتر رہیگا۔ اس خاص نظر کے تحت انعامی اسکیموں میں حصہ لیا جا سکتا ہے۔ یہ **سعد مالی فائدے** بھی دے سکتی ہے۔ یہ ہفتہ نئے کاروبار کی ابتداء کیلئے بہتر رہیگا ٹانگوں میں درد کی شکایت ہو سکتی ہے۔ معدہ کے امراض بھی پیدا ہونگے۔ کسی نقصان کے بچنے کیلئے بہتر حکمت عملی سے کام لیں۔ **جلد بازی** سے مالی نقصان متوقع ہے۔

ہاشم بک ڈپو، جنوبی بازار لیہ کروڑ لعل عیسن
ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد قران زہرہ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔اس سعد نظر کے اثرات کی وجہ سے آپ کی شہرت میں اضافہ ہوگا۔پنچایتی فیصلے اور مقدمہ میں جیت ہوگی۔وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے۔آپ کے آس پاس ایسے دوسرے افراد بھی موجود ہیں جو آپ سے بازی لے جاسکتے ہیں۔اس نظر کے تحت اس برج سے متعلقہ افراد کی منگنی یا شادی ممکن ہے۔محبوب سے ملاقات کا اچھا موقع ہے۔بگڑے معاملات بہتری کی جانب رُخ اختیار کر لیں گے۔ مقدمہ اور پنچایتی فیصلوں میں کامیابی ہوگی۔سیارگان کے رفتار کے پیش نظر زیادہ ممکن ہے کوئی موجودہ کاروبار ختم کر کے بالکل مختلف کاروبار شروع کر دیں گے۔

(26 تا 31) اگر آپ اپنے موجودہ کام یا **ملازمت** سے مطمئن نہیں ہیں تو اس ہفتہ میں سنجیدگی سے کوئی نیا کام شروع کرنے کے متعلق سوچنا چاہئے یہ کیفیت سیارگان شاید کسی پریشان کن مسئلے کو بھی حل کر دے گی یا کوئی اہم کام پورا ہو جائے گا، مرتے اور **کیرئیر** میں کوئی بہتر تبدیلی آنے کی نشاندہی بھی ہو رہی ہے حالات جو بھی ہوں طویل مدت میں تبدیلیاں آپ کے حق میں **مفید ثابت** ہونگی۔جن افراد کی آپ کی زندگی میں اہمیت ہے اور جن سے قریبی تعلق ہے ان کا خاص خیال رکھیں۔کچھ پرانے دوستوں سے لڑائی جھگڑے کا بھی اندیشہ ہے اس لیے ایسے تمام دوستوں سے اختلافات نہ ہونے دیں۔

جون (یکم تا 8) علم و عقل کا حاکم سیارہ عطارد قران شمس کی نظر قائم کئے ہوئے ہے۔یہ وقت آپ کیلئے بہتر ثابت ہو سکتا ہے **خود غرض** لوگوں کو اپنے قریب نہ آنے دیں ایسے لوگ آپ کے قریب جمع ہونا شروع ہو جائیں گے۔**بہتر لائحہ عمل** تیار کر کے آئندہ کی پریشانیوں سے سنبھال سکتے ہیں۔**عدالتی کاموں** میں احتیاط کی ضرورت ہے، بہتر ہے کہ نہایت احتیاط سے کام لیں اسی دوران مالی نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔

(9 تا 16) یہ وقت طویل المعیاد مالی معاملات اور ٹھوس بنیادوں پر قائم معاملات مثلاً **سرمایہ کاری**، بچت کی اسکیموں قرضہ جات اور رہن وغیرہ کے لئے موافق ثابت ہوگا چنانچہ اگر آپ قرض **یا امداد** کے لئے درخواست دینا چاہتے ہیں تو اس وقت معلومات حاصل کر لیں۔رسوم کو ختم کرنا اور حقیقت پسندانہ تبدیلی لانا ہے **صلاحیتوں** کے ظہور کیلئے نئے اور غیر معمولی طریقے اختیار کرنا ہے۔**سوچ** کے نئے انداز لاتا ہے۔اس ہفتہ کا کلی عدد 23 ہے۔

(17 تا 25) آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد ان ایام میں برج سرطان میں ہے 18 جون تا 12 جولائی کو اس سیارہ کو رجعت ہو رہی ہے۔یہ سیارہ برج سرطان میں استقامت کریگا۔لیکن اس وقت تک یہ سیارہ اپنی طاقت کھو دیگا۔روحانی بزرگ سے ملاقات ضروری ہے تاکہ آنے والے خدشات کو دور کیا جا سکے۔مقدمات کا اندیشہ ہے لڑائی جھگڑے سے گریز کریں۔**تلخ کلامی** سے بات بگڑ سکتی ہے دوسروں پر بھروسہ کرنا اتنا زیادہ اچھا نہیں۔جو کہ اس کی ناقص حالت ہے اس نحس حالت کے اثرات آپ پر پڑ سکتے ہیں لہٰذا ہر معاملہ میں احتیاط کی ضرورت ہے۔رشتہ ازدواج میں منسلک افراد محتاط رہیں بات کا بتنگڑ بن سکتا ہے۔

(26 تا 30) اس ہفتہ کے آغاز میں آپ کے برج میں عشق محبت پیار کا سیارہ زہرہ مستقیم ہو چکا ہے جس وجہ سے آپ کے وہ معاملات جو کہ گزشتہ دنوں رُکے ہوئے تھے بہتری کی جانب آجائیں گے۔کھوئی ہوئی طاقت ملے گی۔جس قدر پریشان تھے اب بہتری کا وقت شروع ہو رہا ہے درست لائحہ عمل تیار کر سکتے ہیں دوستوں سے مل بیٹھنے کیلئے یہ ہفتہ موزوں ہے۔ناراض دوستوں کو منایا جاسکے گا عزت و توقیر میں اضافہ بھی ہوگا۔ہر کسی سے راز و نیاز کی باتیں نہ کیا کریں۔

جولائی (یکم تا 8) یہ ہفتہ آپ کیلئے نحس ثابت ہوگا۔کاروباری غرض سے کیا گیا سفر کامیاب نہ ہوگا۔طبیعت میں بھی چڑچڑاپن رہیگا۔کسی بزرگ کی طرف سے صدمہ مل سکتا ہے۔اپنے برج کے مطابق **صدقہ** دیں تاکہ آپ کی مشکلات میں کمی ہو سکے اور اپنے حق میں بزرگوں سے دعا کروانا فائدہ مند ثابت ہوگا۔اس ہفتہ عطارد مقابلہ مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ایسے تمام امور جو کہ محبت، دوستی سے متعلقہ ہو۔بہت نازک صورتحال اختیار کر جائینگے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ شمس تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔کچھ لوگ آپکو خوش نہیں دیکھ سکتے اپنے راز کسی کو نہ بتائیں دل کی بات دل میں رکھیں تو زیادہ بہتر ہے۔بولتے وقت محتاط رہیں زیادہ بولنے سے آپ **راز کھولنا** شروع کر دیتے ہیں۔اپنے اسم الٰہی کا ورد بھی کریں۔اس ہفتہ کے آخری ایام میں تفریحی یا کاروباری غرض سے بھی **سفر اختیار** کیا جاسکتا ہے جو کہ اطمینان بخش اور مفید ثابت ہوگا۔اپنے **مقصد کی تکمیل** کیلئے نہ صرف یہ ہفتہ موافق ہوگا بلکہ اس ہفتہ کے بعد سے کسی بھی وقت کا انتخاب کیا جاسکتا ہے آپ کو کسی نئی پیشکش کو قبول کرتے ہوئے صرف محتاط رہنا چاہئے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ شمس مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔**احساس کمتری** میں اضافہ ہوگا دل میں بزدلی اور خوف کا عنصر غالب رہے گا لیکن آمدنی میں اضافہ ہوگا۔**خوش شکل چہرے** دیکھ کر دوستی بڑھانے کی کوشش کریں گے لیکن دوسری جانب سے مثبت جواب نہ ملنے کی وجہ سے مایوسی ہوگی۔ ان ایام میں محبوب یا مخلص دوست بھی دھوکہ دے سکتا ہے۔حد سے کیا گیا اعتبار بھی نقصان دہ ثابت ہوگا۔روپے کے لین دین میں احتیاط برتیں اس ہفتہ سیاہ اور نیلے رنگ کے لباس کا استعمال نہ کریں اپنے کمرے کے پردے اور بستر کی چادر تبدیل کر کے سفید، کریم، سبز، رنگوں کا استعمال کریں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ عطارد مقابلہ مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔اپنی سوچ کو مثبت انداز میں رکھیں کسی بھی بات کے شروع ہونے سے پہلے منفی رجحان کو ختم کر دیں۔ملازم پیشہ افراد افسران بالا کی جانب سے کوئی **نقصان** اُٹھا بیٹھیں گے بہتر ہے کہ ہاتھیوں کی **لڑائی** میں کچلنے سے بچیں۔کوئی بھی جائیداد خریدنا یا **قیمتی اشیاء** کی خریداری نقصان دہ ہو سکتی ہے۔چوری کا بھی اندیشہ ہے۔مالی نقصان سے بچنے کے لئے احتیاط ضروری ہے

اگست (یکم تا 8) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر عطارد مقابلہ زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات یکم تا 05 اگست رہیں گے اس نظر کے تحت **غیر ملکی سفر** کے سلسلہ میں رکاوٹوں اور تاخیر کا حائل ہونا نظر آتا ہے۔ بہت احتیاط سے وقت گزرنا ہوگا۔ جادو کے اثرات تیزی سے اثر کر سکتے ہیں۔ ان اثرات سے بچنے کے لئے روحانی بزرگ سے ملاقات ضروری ہے تاکہ آنے والے خدشات کو دور کیا جا سکے۔ ان ایام کے دوران ریڑھ کی ہڈی اور کمر میں درد کی شکایت ہو سکتی ہے اپنے مقصد کی تکمیل نہ ہو سکے گی۔ سیارگا کی نشست کو دیکھتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ کاروباری نقصان ہو سکتا ہے مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔

(9 تا 16) **بہتر حکمت عملی** اگر خاص وقت میں تیار کر لی جائے تو آئندہ آنے والی پریشانیوں سے بچا جا سکتا ہے سیارہ عطارد جو کہ آپ کے برج کا حاکم ہے اس ہفتہ اپنے شرفی درجات سے گزریگا۔ کاروباری سرگرمیوں اور آمدنی میں اضافہ کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ اس کی یہ شرفی قوت آپ کو ذہنی دباؤ، گھریلو جھگڑے اور جسمانی امراض سے نجات دلا سکتی ہے بشرطیکہ آپ اس خاص وقت میں سیارہ کی لوح یہ نگینہ ادارہ سے منگوا کر اپنے پاس رکھیں۔ اس دوران گھریلو حالات بہتر کرنے کیلئے اور پریشانیوں سے نجات کیلئے لوح شرف عطارد پاس رکھیں۔ سیارہ عطارد کو اس ہفتہ شرف حاصل ہو رہا ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد تسدیس مریخ کے سعد اثرات اثر انداز ہونگے۔ قلمی دوست، رپورٹر، کلرک، بک سیلر، سکریٹری، اکاؤنٹنٹ سے ملنے کے لئے مفید ہے۔ جو آپ کیلئے بیرونی کام کرنے پر مامور ہیں۔ **مقدمہ بازی** سے اجتناب کریں زیادہ بہتر ہے لیکن یہ الگ بات ہے کہ اس وقت **حالات** آپ کے حق میں ہیں **عزیز و اقارب** سے معاملات استوار رکھیں کسی کو ناراض کرنے کے کوئی ضرورت نہیں۔ صبح کا وقت آپ کیلئے بہت سعد ہے۔

(26 تا 31) آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد 27,28 اگست کو درجہ شرف سے گزر رہا ہے شرفی درجات کسی بھی سیارے کی انتہائی سعد قوت ہوتی ہے۔ یہ وقت مبارک ثابت ہو سکتا ہے۔ اس وقت آپ مٹی کا ہاتھ لگائیں تو وہ بھی سونا بن سکتی ہے۔ لیکن زیادہ اعتبار بھی نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ اس خاص وقت میں اپنے بگڑے ہوئے معاملات کو درست کرنے کے لئے اور عطارد کی شرفی قوتوں سے فائدہ اٹھانے کے لئے لوح شرف عطارد بنوا کر پاس رکھیں۔

ستمبر (یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد تسدیس زہرہ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ **حالات میں بہتری** ملے گی۔ تقاریب جانے کا موقع ملے گا۔ آپکی زندگی میں بے شمار انقلابات آنے والے ہیں۔ گرم مزاج ہونے کی وجہ سے سرد مقامات پر رہنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ منگنی یا شادی ہونے کا بھی امکان ہے۔ ان ایام میں فائدہ ہو سکتا ہے لیکن اُس سے بڑا نقصان آپ کے سامنے کھڑا ہوا ہے چرب زبانی **نقصان** کا باعث ہو سکتی ہے تحمل مزاجی سے حالات کا مقابلہ کریں صبر و استقامت کا **دامن** ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ اپنی ساکھ قائم رکھنے کے لئے اپنی قوت پر بھروسہ کیجئے اور دوسروں کا احترام حاصل کیجئے۔

(9 تا 16) روزگار سے متعلقہ معاملات کو شروع ہفتہ سے اہمیت رہے گی **اہم کاموں** کو مکمل کرنے اور کوششوں میں تیزی لانے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ ہر وہ کام جس کے لیے ذاتی قوت اور کاروائی کی ضرورت ہے۔ اس کی تسلی بخش نتائج سامنے آئیں گے۔ **کام کا دباؤ** بڑھ جائے گا۔ تاہم اسے پورا کرنے کی **ہمت اور ترغیب** ہوگی ساتھ کام کرنے والوں اور ماتحتوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ اگر ملک سے باہر رہے اور کام کرنے کا موقع ملے تو اس پر ضرور غور کریں۔ ان معاملات سے متعلقہ گھر میں زحل موجود ہے تمام سال کا عرصہ وہ یہیں گزارے گا۔ یہی چیز دیرپا فوائد لائے گی۔

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں جادوئی حملے ہو سکتے ہیں جس میں آپ کو تباہ و برباد کیا جا سکتا ہے مالی نقصان بھی متوقع ہے کاروبار بند کرنا یا آپ کے **دل و دماغ** پر خوف دہشت مسلط جیسے اقدامات کئے جا سکتے ہیں۔ وراثتی جائیداد کے حصول کیلئے جھگڑا ہو سکتا ہے اپنی سوچ کو مثبت انداز میں رکھیں کسی بھی بات کے شروع ہونے سے پہلے منفی رجحان کو ختم کر دیں۔ ملازم پیشہ افراد افسران بالا کی جانب سے کوئی نقصان اُٹھا بیٹھیں گے بہتر ہے کہ ہاتھیوں کی لڑائی میں کچلنے سے بچیں۔ شدید ذہنی دباؤ میں بھی مبتلا ہو سکتے ہیں۔ بعض اہم مسائل آپ کا انتظار کر رہے ہیں۔

(26 تا 30) اس ہفتہ کے اختتام ہونے سے پہلے پہلے کچھ اچھی خبریں مل سکتی ہیں۔ جس کی وجہ سے کام اور کیریئر کے معاملات میں مثبت اور ترقی پذیر رجحان کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ سیارے اس ہفتہ میں روزمرہ کے کاموں کے دوران **حادثہ** پیش آنے کی یا صحت کو نقصان پہنچانے کی نشاندہی کر رہے ہیں وہ افراد جو بھاری مشینری کے ساتھ کام کرتے ہیں یا سخت قسم کا جسمانی کام کرتے ہیں انہیں خاص طور پر محتاط رہنا چاہئے صرف یہی نہیں بلکہ گھر میں بھی کوئی محنت طلب کام کرتے ہوئے بے حد محتاط رہیں۔ انہی ایام میں کام کے معاملات میں **مصروفیات** بڑھ جائیگی جسکی وجہ سے گھر پر وقت دینا مشکل ہو جائیگا۔

اکتوبر (یکم تا 8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ شرف کے بعد دوسری سعد قوت اوج کے درجہ سے گزرے گا۔ سیارے کی یہ قوت آپ کو فائدہ دے سکتی ہے۔ جسمانی امراض سے نجات پانے کیلئے یہ وقت موثر ہے۔ عزیز و اقارب سے ناراضگی بھی ختم کر سکتے ہیں۔ کوئی خوشخبری ملنے کی امید بھی کی جا سکتی ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ عطارد تسدیس زہرہ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ محبوب کی جانب سے **خوشخبری** مل سکتی ہے۔ منگنی یا نکاح کے حالات بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔ آمدنی میں اضافہ اور کاروبار میں ترقی بھی مل سکتی ہے۔ تقریبات میں شرکت کیلئے موافق وقت ہے۔ انہی ایام میں خریدی گئی جائیداد فائدہ دے سکتی ہے۔ ان ایام میں فضول بحث سے گریز کریں قریبی عزیز و اقارب سے حالات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں یہ ایام آپ کیلئے پریشانیاں لا سکتا ہے

طاہر بک ڈپو، نزد نخلستان ہوٹل دیپال پور 0300-4854922 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

(17 تا 25) اس ہفتہ شمس تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ان ایام میں آپکو محتاط رہنا ہوگا۔محبوب سے ملاقات کیلئے یہ اچھے دن نہیں ہیں۔ **تلخ کلامی** سے بات بگڑ سکتی ہے۔سوچی سمجھی اسکیم کے تحت آپ کے ساتھ ایک چال چلی جائیگی۔دوران سفر خاص خیال رکھیں۔چوری کا اندیشہ ہے۔والدین کی جانب سے صدمہ مل سکتا ہے۔بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں۔اس ہفتہ گھریلو معاملات میں کسی دوسرے کو دخل اندازی کا موقع ہرگز نہ دیں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ عطارد قران شمس کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔اس کے تحت مقدمہ میں کامیابی پنچایتی فیصلے آپکے حق میں ہونگے۔پیچیدہ امراض سے نجات، الیکٹرونکس کی اشیاء زمین کی خریداری کر سکتے ہیں۔تعلیمی کامیابی ممکن ہے۔کاروباری حضرات ان ایام میں اپنے لئے بہتر پلاننگ کر سکتے ہیں۔جس کا فائدہ آئندہ ہوگا ان دنوں میں **قرض** لینا آپ کیلئے وبال جان ثابت ہوسکتا ہے جو کچھ جتنا ہے اتنے میں ہی گزارا کریں۔**بحث و تکرار** سے گریز کریں خاموشی سے وقت گزرا ہیں۔باقی تمام ہفتہ کام اور روزگار متعلقہ معاملات میں بیضا بطگی رہے گی۔کام اور روزگار کے گھر میں زحل باقوت اثرات ظاہر کر رہا ہوگا۔

نومبر (یکم تا 8) مخالفین سے محتاط رہنے کی سخت ضرورت ہے غفلت میں نقصان دینے کی کوشش کرینگے خفیہ حفاظتی امور کی انجام دہی میں محتاط رہیں۔ ورنہ مالی نقصان برداشت کرنا پڑے گا۔**اخراجات** کی زیادتی سے ہر ممکن گریز کریں نئی سودے بازی، ریس وغیرہ میں بھی حصہ مت لیں سوائے نقصان کے کچھ حاصل نہ ہوگا دوسروں کی **مالی اعانت** بھی نقصان دہ ثابت ہوگی۔ **شراکتی امور** کے ذریعے سے بھی نقصان ہوگا۔ ریس، لاٹری وغیرہ میں حصہ لینے سے گریز کریں۔اس ہفتہ یہ تمام اثرات بدآپ کے برج کے حاکم سیارہ عطارد کی مشتری کے ہمراہ بننے والی نظر تربیع کے تحت ہوسکتا ہے۔

(9 تا 16) اپنی گرم مزاجی کو قابو میں رکھیں لہجہ میں نرمی برتیں۔غصہ کی وجہ سے آپ کئی بار پناہی نقصان کر بیٹھتے ہیں ایک شخص کو اپنی حدود میں رہنے کا پابند کریں ورنہ وہ آپ کے سر پر چڑھ کر ناچنا شروع کردے گا۔آپ کی سستی کی وجہ سے آپکو نقصان ہوگا۔ان دنوں اپنی رائے اظہار کر سکتے ہیں۔مذاق میں بھی کوئی ایسی بات نہ کہیں جس کی وجہ سے کسی کی دل آزادی ہو آپ کی اسی بات کو پکڑ کر ایک نیا افسانہ تراش لیا جائیگا۔اس ہفتہ عطارد مقابلہ مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ذہنی طور پر تیار رہیں کہ اس ہفتہ بری خبر ملنے کی اُمید ہے ارادوں میں کمزوری پیدا ہو سکتی ہے۔مزاج میں چڑ چڑا پن رہنے کا امکان ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ زائد ذامہ داریوں کو با آسانی پورا کر سکیں گے کام کی طرف بھرپور توجہ دیئے خاص مقاصد کو بھرپور طریقے پرآگے بڑھانے کیلئے یہ سب سے بہترین وقت ہوگا۔اس ہفتہ جو کوشش کریں گے وہ کسی نہ کسی طرح بعد میں آپ کے کام آئیں گی اگر ترقی کا اچانک موقع ملا تو سب سے بہترین وقت ہو گا۔یہی کوششیں خاص طور پر مفید ثابت ہونگی اگر موزوں **ملازمت** کی تلاش میں ہیں تو اس کا شروع اس مقصد کیلئے موافق ثابت ہوگا۔کوئی نئی تعلیمی یا تربیتی اسکیم میں حصہ لینے کیلئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا اگر کسی کام کیلئے مزدوروں، پلمبروں، الیکٹریشن یا آرائش کرنے والوں کی خدمات حاصل کرنی چاہیے۔

(26 تا 30) اس ہفتہ عطارد تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔اس نظر کے تحت حصول مال و دولت میں کی گئی کوششیں کامیاب ہوسکیں گی۔پہلے سے بہتر طریقہ سے کاروبار چلاسکیں گے۔انعامی اسکیموں میں **فائدہ** حاصل کرنے کا امکان ہے۔اس ہفتہ تمام سعد قوتیں نحس ہو جائینگی کیونکہ سیارہ قمر کو آپکے برج میں 30 نومبر کو گرہن لگ رہا ہے صدقات دے کر اور نماز خسوف ادا کرکے **گرہن** کی نحوست سے بچا جا سکتا ہے اپنے اسم اعظم کا ورد کریں۔

دسمبر (یکم تا 8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات یکم تا 05 دسمبر رہیں گے اس نظر کے تحت ان ایام میں احتیاط سے کام لینا ہوگا۔بزرگ خواتین سے دعا کروانے سے ایک مسئلہ حل ہوسکتا ہے مستقبل میں بہتر زندگی گزارنے کیلئے ایک اچھا اور بہتر موقع آپ کے ہاتھ آئیگا۔بے روزگار افراد کو روزگار حاصل ہوسکتا ہے لیکن اس کیلئے کچھ محنت کرنا ہوگی۔ **تعلقات** بحال کریں اور خود ایسے لوگوں سے مدد لیں جو کہ آپ کے ساتھ مخلص ہوں۔اس سے خاطر خواہ فائدہ حاصل کریں اپنے رکے ہوئے کاموں کو کرنے کے لیے بہتر وقت ہے قریبی عزیز سے فائدہ ہوسکتا ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ سعد نظر عطارد تثلیث مریخ کی قائم ہو رہی ہے۔جس کی وجہ سے **عشق و محبت** کے کھیلوں میں الجھیں گے لیکن کامیابی بہت کم حاصل ہوسکے گی۔کیونکہ یہ محبت کے معاملات میں اعتدال پسندی کا، ظاہر کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔نئی خریداری کیلئے یہ وقت موزوں ہے۔حالات بہتری کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ **صحت مند** سرگرمیوں میں حصہ لیں امراض سے نجات کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔اچھے معالج سے علاج کروائیں۔

(17 تا 25) ان ایام میں عطارد قران شمس قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 18 تا 24 دسمبر ظاہر ہونگے یہ ہفتہ مالی لحاظ سے سخت ثابت ہوگا۔اور مشکلات پیش آئیں گی۔اس **غیر موافق** وقت کے گزر جانے کے بعد آئندہ سے حالات بہتر ہونے لگیں گے۔مالی حالات بھی **بہتر** ہو جائے گی۔

(26 تا 31) اس ہفتہ غیر ضروری اخراجات سے گریز کریں۔دوسروں کی **مالی اعانت** بھی نقصان دہ ثابت ہوگی لاٹری، بانڈ، ریس وغیرہ میں حصہ ہرگز نہ لیں سوائے نقصان کے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔**زمین و جائیداد** اور وراثت سے متعلقہ مسائل بھی حسب منشاء حل ہوسکیں گے۔کسی بزرگ کی صحت کی خرابی کا شدید احتمال ہے۔ **معاہدات** حسب منشاء طے نہ ہونگے۔قانونی مسائل میں الجھنا بھی نقصان دہ ثابت ہوگا۔نئے کاروبار کے اجراء سے بھی حتی الامکان گریز کریں نقصان کا اندیشہ ہے البتہ ملازمتی فرائض کی بجا آوری سے فائدہ ملے گا۔بزرگوں سے اپنے حق میں خاص دعا کروائیں۔

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات
ناولٹی بک ڈپو، میر پور ماتھیلو 072-3651182

CANCER

تاریخ پیدائش:۔22 جون تا 23 جولائی | نام کا سر حرف:۔ح،ہ،ھ | موافق دن:۔سوموار | حاکم سیارہ:۔قمر

سرطان

خاصیت:۔خود اعتمادی، مہربان
نقائص خصلت:۔خود غرضی
امراض:۔سانس کی تکلیف، جلد کے امراض

موافق عدد:۔2
موافق رنگ:۔سفید، دودھیا، چاندی
موافق پتھر:۔درنجف، پکھراج، موتی، زمرد، عقیق دودھیا

جنوری (یکم تا 8) اس ہفتہ میں گھریلو اور کاروباری مسائل حل کرسکیں گے روپے پیسے کے لین دین میں احتیاط برتیں شریک حیات کی صحت جسمانی کا **خیال رکھیں** خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی طے پائے گی۔کاروبار میں منافع بدستور قائم رہے گا، گھریلو، خاندانی اور جایداد کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔گذشتہ کئے گئے معاہدے پر عمل درآمد کرسکیں گے۔کاروبار کے معاملے میں کوئی اچانک **سفر** پیش آسکتا ہے کوئی دیرینہ خواہش پوری ہوسکے گی اپنے درخشاں مستقبل کیلئے کوئی **اقدام** کرسکیں گے آپ کی سماجی حیثیت مستحکم رہے گی۔آپ کی سماجی حیثیت مستحکم رہے گی، شریک حیات کا تعاون حاصل رہے گا۔

(9 تا 16) آپکے برج کا حاکم سیارہ قمر اسی برج میں **گرھن** کی کیفیت سے گزر رہا ہے۔جب بھی آپکے برج کا حاکم سیارہ نحس حالت سے گزرتا ہے تو یہ تمام سعد امور کو نحس کردیتا ہے لہذا گرہن کے وقت یعنی 10،11 جنوری کو سفر سے گریز کریں یہ ایام شادی بیاہ یا نکاح کیلئے بالکل موافق نہیں۔اپنے برج کے مطابق صدقہ دیں یا مچھلیوں کو خوراک ڈالیں 2 رکعت نماز خسوف ادا کریں۔تاکہ کسی بھی **ممکنہ نقصان** وحادثہ سے بچا جاسکے۔حاملہ خواتین گرہن کے اوقات میں کھلے صحن میں نہ نکلیں جتنا ہوسکے قرآن پاک کی تلاوت کریں۔قینچی یا چھری کا استعمال نہ کیا جائے۔گرہن کے شروع ہونے سے قبل اور بعد میں غسل ضرور کریں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ کی یکم تاریخ کو آپ اپنے مستقبل کیلئے بہتر طور پر منصوبہ بندی کرسکیں گے کاروبار تبدیل کرنے کے مواقع بھی حاصل کرسکیں گے۔گھریلو، کاروباری اور جائیداد کے مسائل کو حل کرسکیں گے۔شریک حیات کی **صحت** کا خیال رکھیں۔ورنہ پریشانی کا سامنا ہوسکتا ہے۔گھریلو مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔کوئی تقریب منعقد کرسکیں گے کوئی کاروباری معاہدے طے کرسکیں گے۔اس ہفتہ مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔ان دنوں غیر ضروری اخرجات سے پرہیز کریں دور دراز سے **کوئی خبر** سن سکیں گے دوران سفر صحت کا خیال رکھیں کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی ملازمین پر حد سے زیادہ بھروسہ نہ کریں۔

(26 تا 31) ان ایام میں کوئی اہم تقریب منعقد کرسکیں گے خاص طور پر شادی کی تقریب منعقد کرسکیں گے۔خاص طور پر شادی کی تقریب، کاروباری اور گھریلو مسائل حل کرسکیں گے۔اس ہفتہ آپ **ذرائع ابلاغ** سے مستفید ہوسکیں گے مصروفیات میں اضافہ ہوگا۔اہم اطلاعات وصول کرسکیں گے۔کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی گھریلو اور خاندانی معاملات میں مصروفیات بڑھے گی سرمایہ کاری سودمند رہے گی عزیز واقارب سے تعلقات بہتر ہونگے۔سیر و تفریح کے پروگرام پر عمل کرسکیں گے۔ مستقبل کیلئے منصوبہ بندی کرسکیں گے سماجی تقریبات میں شرکت کرسکیں گے ان تقریبات میں محتاط رویہ اختیار کریں۔

فروری (یکم تا 8) اس ہفتہ عبادت وریاضت کی طرف کا دھیان نہ رہے گا کہ طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب ہوگا۔اگر آپ نے کوئی جائیداد خریدنی ہے تو اس کیلئے حالات اور وقت ابھی سازگار نہ ہے۔ **عدالتی امور** سے متعلق معاملات کو خوب غور و فکر سے دیکھیں کوشش کریں کہ تحریری، تقریری معاملات میں کہیں بھی کوئی لچک یا جھول آپ کی طرف سے باقی نہ رہے۔ اس ہفتہ عزیز واقارب سے **تعلقات بھتر** نہ ہونگے۔معاملات مسلسل **خرابی** کی جانب بڑھ رہے ہیں بھائیوں یا بہنوں کی طرف سے کوئی **دکھ** پہنچ سکتا ہے۔تو آپ اس لکیر کو نہ پیٹیں جہاں سے سانپ گزر چکا ہے۔

(9 تا 16) ان ایام میں آپکو ڈراؤنے خوابوں سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں یہ الگ بات ہے کہ آپ کو آئندہ پیش آنے والے خطرات سے قبل از وقت آگاہ کیا جارہا ہے۔**صدقات** کی طرف خاص دھیان دیں۔بزرگوں کی زیارت کیلئے مزاروں پر لازمی جائیں۔روحانی محافل میں شرکت کریں تاکہ روحانی سکون میسر آئے۔یہ بات مان لیں کہ آپ **کمزور نھیں** لیکن آپ کو کمزور ظاہر کرنے کی کوشش جارہی ہے اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ کے آغاز سے ہی کاروبار پر خاص توجہ دیں ورنہ نقصان ہوسکتا ہے۔اپنی صحت کا بھی خیال رکھیں۔کام کی زیادتی اور ذہنی تھکاوٹ کی وجہ سے طبیعت میں سستی رہیگی۔**مایوسی نہ امیدی** کو قریب نہ آنے دیں۔یہ ضروری نہیں کہ آپ نے جس سے جو اُمیدیں لگائی ہوں وہ ان پر اسی طرح پورا اترے۔اس وقت آپ بھرپور قوت کا اظہار کرسکتے ہیں حالات کی بہتری اور کھویا ہوا اعتماد بحال ہوگا وراثتی جائیداد کے حصول کیلئے بھی کوشاں رہیں۔

(26 تا 29) کوشش کریں کہ جائیداد اور دیگر مسائل کو ابھی نہ چھیڑیں۔قید تنہائی سے نکل آئیں۔طبیعت میں مایوسی پیدا نہ ہونے دیں۔خفیہ دشمن آپ کی طاق میں ہیں بدنام کرنے کیلئے سازشوں کا جال بن رہے ہیں آپ کو ہوشیار رہنا چاہئے۔ان ایام میں کاروباری حضرات لین دین میں احتیاط برتیں خصوصاً تحریر کے وقت خاص توجہ دیں کسی غلط فہمی کا اندیشہ ہے۔آمدنی میں اضافہ ہوگا لیکن اخراجات بڑھ سکتے ہیں۔خفیہ امور میں کامیابی حاصل ہوگی۔

شمیم بک ڈپو، شاھی بازار شھداد پور 0331-2917146 روحانی ماھنامہ تحفہ روحانیات

ضرورت سے زیادہ اعتماد ہی نقصان کا باعث بنتا ہے آپ نے اپنے راز ایسے شخص کو بتا کر غلطی کی جو اس کے قابل نہ تھا۔ اب آپکو اس
مارچ (یکم تا 8) رحم کرنا ہوگی کسی بھی وقت نقصان ہوسکتا ہے۔ گھر کی پرانی اشیاء کی مرمت کروالیں اور خاص طور پر بجلی کے استعمال سے ہونے
سے منسلک ہر **معاملہ** میں احتیاط کوشش کریں کہ مخالفین سے کوئی تنازہ پیدا نہ ہو صحت بہتر رہے گی لیکن ذہنی الجھاؤ کا شکار رہیں گے
والی اشیاء کی مرمت کروالیں اس ہفتہ نیا م کام شروع نہ کریں۔ کوشش کریں کہ مخالفین سے کوئی تنازہ پیدا نہ ہو صحت بہتر رہے گی لیکن ذہنی الجھاؤ کا شکار رہیں گے
اس ہفتہ عدالتی کاروائی نہ کریں اگر آپکا ارادہ کسی کے خلف کاروائی کرنے کا ہے تو فی الوقت اسے ملتوی کردیں۔ شریک حیات کی جانب سے معاونت ہوسکتی ہے۔
(9 تا 16) اس ہفتہ کیا گیا **سفر وسیلہ ظفر** ثابت ہوگا۔ عزیز واقارب سے الجھنے سے گریز کریں اگر کسی عزیز کی جانب سے کوئی پریشانی ہے تو اس
سلسلہ میں بزرگوں سے مشور کرنا سود مند ثابت ہوگا۔ دوستوں رشتہ داروں اور پڑوسیوں کا تعاون اور ہمدردیاں آپ کیلئے معاون ثابت ہونگی۔
گھریلو ماحول میں مزید خوشگواری رہے گی اپنی نجی مسائل کو حل کرسکیں گے ملازمت کے خواہش مند افراد کو کسی اہم شخصیت کی مدد سے ملازمت کا حصول ممکن ہے۔
(17 تا 25) ان ایام میں خریداری کی طرف رجحان بڑھے گا آمدن اور خرچ میں توازن قائم رکھنے کی کوشش کریں گھریلو معاملات میں دوسروں کو دخل اندازی سے
پریشانیوں میں اضافے کا امکان ہے۔ خرچ کرتے وقت یہ **دھیان** رکھیں کہ ہمیشہ حالات ایک سے نہیں رہتے اپنے سیونگ لازمی کریں۔ پیشہ وارانہ صلاحیتیں
ابھریں گی۔ کسی دیرینہ دوست یا کسی بچھڑتے ہوئے عزیز سے **اچانک ملاقات** ہوگی کافی عرصہ سے رُکے ہوئے کاموں کو خوش اسلوبی سے نمٹا سکیں گے۔
(26 تا 31) دسمبر:۔ اس ہفتہ ملے جلے حالات پیدا ہونگے دوران سفر احتیاط برتیں۔ بے احتیاطی آپ کیلئے نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ کسی بھی کام کو
جوش اور جذبہ سے شروع کرنے میں کامیابی حاصل ہوتی ہے لیکن آپ جن جذبات سے کام کی ابتداء کرنے لگے ہیں اس جذبہ سے اس کام کا اختتام بھی
کریں درمیان بھی ادھورا چھوڑنے سے آپ اپنا ہی نقصان کر بیٹھیں گے۔ گزشتہ پیدا شدہ مشکلات کافی حد تک دور ہوجائینگی دشمن اپنی ہی سازش کا خود شکار
ہوجائینگے۔ قریبی عزیز یا بھائی ایک موقع پر آپکا ساتھ چھوڑ دینگے لیکن یہ سب وقتی طور پر آپ کو حوصلہ سے کام لینا ہوگا۔ ملازم پیشہ افراد کی ترقی کا امکان ہے۔
اپریل (یکم تا 8) عزیز واقارب نقصان دے سکتے ہیں اس ہفتہ کے شروع میں ہی چوری کا خدشہ ہے۔ ایسا بھی ممکن ہے کہ آپ کو اس ہفتہ بخار یا معدہ
کے امراض یا دل اور جگر کے مرض ظاہر ہوں لیکن آپ کو بہت احتیاط سے ان کا علاج کروانا ہوگا۔ لاپرواہی بڑا نقصان دی سکتی ہے۔ اس ہفتہ سفر بھی ممکن
ہے۔ شریک حیات کے عزیز واقارب کی جانب سے کوئی خوشخبری مل سکتی ہے۔ کاروباری حضرات اپنے ملازمین پر مکمل بھروسہ نہ کریں جتنا ہوسکے نظر رکھیں۔
(9 تا 16) ان ایام میں والدین کی جانب سے خوشخبری ملنے کا امکان ہے۔ آپ نے جو کچھ کیا درست ہے لیکن اپنے راز خاموشی سے اپنے سینے میں رہنے دیں۔
ایسی غلطی نہ کریں جس کا پچھتاوا بعد میں ہو۔ اپنے زیادہ بولنے کی وجہ سے آپ اکثر اپنے ارادے دوسروں پر ظاہر کردیتے ہیں جس کی وجہ سے وہ آپ کے ارادوں
کو کمزور بنادیتے ہیں۔ اپنے اوپر **رحم** کریں اور جتنا ہوسکے کم بولیں تاکہ آپ کے **راز افشاں** نہ ہوں۔ ان دنوں میں کسی سے رقم بصورت ادھار نہ لیں اور
نہ کسی کو ادھار رقم دیں دونوں حالتوں میں **نقصان** ہے۔ آپ کا سیارہ تیزی سے کئی دور سے گزر رہا ہے اس دوران ازدواجی اور رومانوی ماحول پریشان کن رہیگا۔
(17 تا 25) اس ہفتہ آپکی صحت اور ملازمت دونوں کو **خطرہ** ہے افسران بالا اپنے ماتحت افراد سے احتیاط برتیں ایک شخص آپکے خلاف سازشی جال
بن رہا ہے۔ اگر آپ نے ذرا غور وفکر کیا تو اس کی اسازش کو ناکام بنا سکتے ہیں اور ایسا نہ کرنے کی صورت میں آپ ایک بڑے مسئلہ میں الجھ سکتے ہیں مقدمہ
بازی سے اجتناب کریں۔ 16 تا 22 اپریل آپ کیلئے احتیاط کے دن ہیں آپ کا **دشمن** آپ پر غالب ہو رہا ہے اس بارے میں آپ کو محتاط رہنا ہوگا
قریبی عزیز کی جانب سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ ایک نچلے درجہ کا شخص آپ کی مدد کرنے کو تیار ہے اور یہ مخلص شخص ہی آپ کو اس مسئلہ سے نکال کرسکتا ہے۔
(26 تا 30) اس ہفتہ صحت کا خاص خیال رکھیں اہل خانہ سے اخلاق بہتر بنائیں ایک رشتہ دار آپکی مدد کرنے کو تیار ہے عدالتی امور اور عدالتی کاموں سے اجتناب
کریں۔ زمینی اور جائیدادی، وراثتی جھگڑوں سے گریز کریں کسی **تحریری معاہدہ** پر دستخط کرنے سے پہلے خوب غور وفکر کرلیں ایسا نہ ہو کہ آپ کی بے
احتیاطی نقصان کا باعث بنے۔ مالی طور پر نقصان کا اندیشہ ہے۔ کاروباری پوزیشن بھی اچھی نہ رہے گی اخراجات میں اضافہ ہوگا حالات خلاف توقع خراب ہوسکتے ہیں۔
مئی (یکم تا 8) یہ ہفتہ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کیلئے بہترین ثابت ہوگا۔ کاروباری کی **ترقی** کے بھی مواقع مل سکتے ہیں۔ کام اتنا ہی کریں
جتنا آپ کی صحت برداشت کرسکتی ہے کام کی زیادتی کی وجہ سے جسمانی صحت خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ کاروباری وسعت کرنا چاہئیں تو اس ماہ کامیابی
حاصل ہوسکتی ہے۔ ازدواجی حالات خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ اولاد پر خصوصی توجہ دیں۔ ایک **پریشانی** کھڑی ہوسکتی ہے۔ اس ہفتہ چند مخالفین بھی
آپ کیلئے پریشانی کا باعث بن سکتے ہیں لیکن بہت **آسانی** سے آپ بگڑے ہوئے معاملات کو سنبھال لیں گے کسی بھی کام کو کرنے میں جلدی نہ کریں۔
(9 تا 16) ایک شخص جو کہ محبت کا اظہار کرکے آپکا دل جیتنے کی کوشش کر رہا ہے دراصل وہ آپ کو دھوکہ دے رہا ہے۔ وہ شخص آپ دوستوں کے درمیان
پھوٹ ڈلوانا چاہتا ہے۔ ایسی جگہ سے خوشخبری کی اُمید آسکتی ہے جس کیلئے آپ ذہنی طور پر تیار نہ تھے اپنے راز اپنے تک ہی محدود رکھیں ہر ایک کو بتانے سے
آپ مسائل سے دوچار ہوسکتے ہیں صاحب اولاد حضرات **اولاد** کی جانب خصوصی توجہ دیں ان کے بے احتیاطی اولاد کو بے راہ روی کی جانب لے جائیگی۔

(17 تا 25) ایسے افراد جو کہ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں ان کے لئے 22 مئی تک نہایت مبارک تاریخیں ان کا لکی عدد 1,3,5 ہیں۔ چاہیں تو ان اعداد سے بڑا **فائدہ** اٹھا سکتے ہیں۔اچانک مفت کی دولت ہاتھ آسکتی ہے کئی **بگڑے** ہوئے اور پیچیدہ مسائل حل ہو جائینگے۔وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے۔پچھلے ماہ آپ ذہنی دباؤ کا شکار تھے لیکن اب وقت بدل گیا ہے آپ **مثبت سوچ** پیدا کریں تو کامیابی آپکے قدم چومے گی۔

(26 تا 31) اس ہفتہ ایسا محسوس ہوگا کہ جیسے آپ زندگی سے تھک چکے ہیں شریک حیات کو بہتر دوست بنائیں یا پھر کوئی ایسا بااعتبار دوست تلاش کریں جسے آپ اپنے دل کی ہر بات بتا سکیں۔ پرانے دوستوں کی ملاقات ہو سکتی ہے۔قریبی عزیز سے پیدا شدہ **غلط فہمی** اس ہفتہ ختم ہو سکتی ہے۔27 تا 30 مئی آپ کیلئے احتیاط کے دن ہیں۔اس ماہ کے آخری ایام آپ کو خوشگوار زندگی کا احساس دلوائیں گے۔صحت کا خاص خیال رکھیں ایک دوست آپ کو دھوکہ دے سکتا ہے۔

جون (یکم تا 8) اپنی بھرپور توجہ ایسے معاملات پر دیں جن سے آپ کو خاطر خواہ فائدہ مل سکتا ہے اہل خانہ کے ساتھ زیادہ سے زیادہ وقت گزاریں ایک شخص آپ کی توجہ کا طالب ہے ملازم پیشہ افراد افسران بالا سے بگاڑنے کی کوشش نہ کرے ورنہ یہ ہفتہ ان کیلیے نہایت منحوس ثابت ہوگا اور بجائے فائدے کے انکو نقصان ہو سکتا ہے اس ہفتہ عزت وتوقیر میں اضافہ نہ ہوگا۔اخراجات کو کنٹرول میں رکھیں غصہ کی حالت میں بنی ہوئی بات کو بگاڑ دینگے عمر رسیدہ اور ادھیڑ عمر مردوں سے **دھوکہ** مل سکتا ہے قریبی عزیز واقارب آپ کی خوشامد کر کے اپنا فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔رقم کے لین دین کیلئے نحس ثابت ہو سکتا ہے

(9 تا 16) اس ہفتہ آپکو قریبی عزیز سے فائدہ پہنچ سکتا ہے اور ایک ایسی جگہ سے رقم یا مال ملنے کی توقع ہے۔جہاں سے رقم کا حصول نا ممکن ہے۔کاروباری حالات بہتر رہنگے۔غیر شادی شدہ افراد ان دنوں عشق اور محبت کے معاملات کو قریب نہ آنے دینگے ورنہ ناکام عاشقوں کی طرح انہیں مایوس ہونا پڑیگا۔کسی مشینری کے خراب ہونے کا خدشہ ہے۔بداخلاقی سے گریز کریں 10 تا 15 جون آپ کیلئے نحس ایام ثابت ہونگے۔انعامی اسکیموں میں **حصہ** لینے کیلئے 14 جون بہتر رہیگا اس ہفتہ آپ کا لکی عدد 74 ہے۔دوران گفتگو احتیاط سے کام لیں زبان سے نکلی ہوئی بات اور کمان سے نکلا ہوا تیر واپس نہیں آتا۔

(17 تا 25) یہ ہفتہ آپکے لئے انتہائی نحس ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ اس ہفتہ دوگنی نحوست آپکے برج پر پڑ رہی ہے۔آپکے برج میں عزت مال ودولت، **سر بلندی** کا حاکم سیارہ 21 جون کو گرہن کی کیفیت سے گزریگا۔سخت نقصان کا اندیشہ ہے **شمسی گرھن** کے مطابق صدقہ دیں اور احتیاط برتیں۔دوسری بڑی نحوست کہ آپکے برج میں سیارہ عطارد قیام پذیر ہے اور 18 جون تا 12 جولائی کو اس سیارہ کو رجعت ہو رہی ہے۔یہ سیارہ برج سرطان میں استقامت کریگا اس وقت تک عطارد اپنی طاقت کھو دیگا۔ **روحانی بزرگ** سے ملاقات ضروری ہے تاکہ آنے والے **خدشات** کو دور کیا جاسکے۔

(26 تا 30) والدین قریبی عزیز خصوصاً والد سے فائدہ ہو سکتا ہے اس ہفتہ کا آغاز اچھے طریقہ سے ہوگا زندگی میں خوشی اور غم اکھٹے ملتے ہیں۔کاروباری حالات بہتر ہونگے۔ایک دیرینہ خواہش پوری ہوگی صاحب اولاد افراد کی اولاد سے وابستہ توقعات پوری ہونگی مالی پوزیشن بہتر ہونے کا امکان ہے اچانک حادثہ کی اطلاع مل سکتی ہے۔عزت ونصیب میں اضافہ ہوگا مشترکہ مفادات کے امور میں احتیاط سے کام لیں۔ ٹیلی فون یا خط وکتابت کے ذریعے ایک دوست سے فائدہ پہنچے گا۔ایک **حاسد** آپ کو دوسروں کی نظروں سے گرانے کی کوشش کر رہا ہے آپ کو سمجھ لینا چاہئے کہ اس سے ہر صورت اختیار کریں۔

جولائی (یکم تا 8) آپکے برج کا حاکم سیارہ قمر ضعیفی برج جدی میں موجود ہے یہ ایام ویسے بھی نحس ترین گزر سکتے ہیں مگر اس ہفتہ دوسری بڑی نحس خبر یہ ہے کہ برج جدی میں 5 جولائی کو **قمری گرھن** بھی ہو رہا ہے۔اس نحس ترین وقت سے گزرنے کیلئے سفر کا ارادہ ہے تو ملتوی کر دیں۔کاروباری لین دین بہت محتاط رہ کر کریں۔نہر، ندی، دریا، تالاب یا سمندر میں نہانے سے گریز کریں۔جانی نقصان کا بھی **خطرہ** ہو سکتا ہے گرہن کے آغاز سے قبل غسل کریں اور 2 رکعت نماز خسوف ادا کریں توبہ استغفار کی جانب زیادہ دھیان دیں۔صدقہ اور خیرات کی برکت سے اس نحس ترین وقت کو ٹالا جا سکتا ہے۔

(9 تا 16) عطارد علم عقل اور دانش حکمت کا سیارہ جو کہ آپ کے برج میں قیام پذیر ہے اس ہفتہ 12 جولائی کو اپنی رجعت ختم کر رہا ہے کسی بھی سیارے کی رجعت اُسکی سعد قوت کو کھو دیتی ہے اب یہ حالت رجعت سے مستقیم حالت میں آرہا ہے۔استقامت کی یہ حالت رُکے ہوئے معاملات اور **مصائب** کے حل ہونے کا اشارہ ہے۔گزشتہ ہفتہ جو نقصانات اور پریشانیاں آپ کو برداشت کرنا پڑی وہ عطارد کی رجعت کی وجہ سے تھی۔خرابی صحت کی بھی یہی وجہ تھی

(17 تا 25) اس ہفتہ ذہن اور ماحول کی تبدیلی کیلئے کسی خوش افزاء مقام کی جانب سفر کریں اور پریشانی یا ڈپریشن کو اپنے سر سے اتار کر پھینک دیں کوشش کریں کہ زندگی کا بھرپور لطف اٹھا سکیں۔اپنے آپ کو **محدود** نہ کریں جتنا ہو سکے کھل کر جینے کی کوشش کریں جو من میں آتا ہے وہ کریں اہل خانہ کی خواہشات کا بھی احترام کریں طالب علم حضرات ان ایام میں مکمل توجہ اور یکسوئی کے ساتھ اپنی پڑھائی پر دھیان دیں۔اچانک غیر شادی شدہ حضرات کی منگنی متوقع ہے۔

(26 تا 31) وہ سرطانی افراد جو کہ جائیداد کی خرید وفروخت سے منسلک ہیں یا وہ افراد جو کہ ٹرانسپورٹر ہیں اس ہفتہ بہت احتیاط طریقہ سے اپنے کاروباری فرائض انجام دیں اس ہفتہ سفر کرنا بہتر نہ رہے گا کسی بھی **نقصان کا خطرہ** ہے۔زیادہ وقت اہل خانہ کے ہمراز گزاریں۔حوصلہ مندی سے حالات کا مقابلہ کریں **مضبوط قوت ارادی** کی وجہ سے آپ پیچیدہ مسائل سے نکل سکتے ہیں۔ بچی ہوئی رقم کسی دوسرے معرف میں لے آئیں۔

گلستان نیوزایجنسی، فریر مارکیٹ کراچی صدر۔ 0300-2680248 | روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

اگست (یکم تا 8) یہ ہفتہ بہت سی تبدیلیوں کے ساتھ آ رہا ہے لیکن اس ہفتہ آپ کا سیارہ بہت تیزی سے اتار چڑھاؤ کی جانب جا رہا ہے۔ سر درد کی شکایت بڑھ سکتی ہے۔ **ڈپریشن** اور نظر کی کمزوری بھی ہو سکتی ہے۔ آپ کو باقاعدہ علاج کروانا چاہئے یا پھر اپنے برج کے مطابق صدقہ کا اہتمام کریں تو یقیناً اس پریشانی سے نجات مل جائیگی۔ **نئی جائیداد** خریدنے سے قبل مخلص دوست سے مشورہ کرلیں اس ہفتہ خریدی ہوئی جائیداد فائدہ دے گی۔ اچانک کثیر رقم ملنے کا امکان ہے۔ ایک پریشان دوست سے مل کر خوشی حاصل ہوگی ایک شخص جسے آپ غیر اہم سمجھتے تھے ایسے موڑ پر آپ کا ساتھ دے گا جس کی آپ کو اس سے توقع نہ تھی مان لیں کہ کبھی کھوٹا سکہ بھی کام آ جاتا ہے۔ اس ہفتہ کا آخر **ازدواجی زندگی** پر اچھا اثر نہ ڈالے گا اپنے غصہ کو قابو میں رکھیں

(9 تا 16) اس ہفتہ ایسے معاملات میں الجھ سکتے ہیں جن سے آپ کو انتہائی پریشانی پیدا ہو سکتی ہے خصوصاً رقم کا لین دین اس ہفتہ نہ کریں یہ ہفتہ قرض لینے اور دینے کیلئے اچھا نہیں ہے اس ہفتہ دیا گیا قرض آپ کو واپس نہ ملے گا۔ ایک شخص سے ناراضگی اور لڑائی کا اندیشہ ہے اور محبت نفرت میں بدل جائیگی۔ عزیز و اقارب تو پہلے ہی چاہتے ہیں کہ آپ کسی اہم معاملہ میں الجھیں محبوب سے بھی رنجش کا خدشہ ہے۔ اس ہفتہ کے آخری ایام میں افسران بالا سے فائدہ ہو سکتا ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ کے آغاز سے ہی جنس مخالف کی جانب سے **مال و دولت** ملنے کا امکان ہے یا انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کیلئے شریک حیات کے نام سے حصہ لیں۔ 20 تا 25 اگست آپ کیلئے انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کا اچھا وقت ہے اس ہفتہ آپ کا لکی عدد 31 ہے۔ غیر شادی شدہ افراد کی شادی کا امکان ہے یا پھر کم از کم منگنی یا نکاح ہو سکتا ہے۔ والدین کی صحت کا خیال رکھیں۔ دونوں میں سے کسی ایک کی صحت خراب ہو سکتی ہے ایسے لوگ جو کہ عرصہ دراز سے بیرون ملک سفر کے خواہاں ہیں یا وہ لوگ جو کہ ذاتی کاروبار شروع کرنے کی خواہش رکھتے ہیں اس ہفتہ ان کو کامیابی ملنے کا زیادہ امکان ہے۔

(26 تا 31) پریشانی کے باعث صحت کے خراب ہونے کا خدشہ ہے ایک بدنامی آسکتی ہے رقم کے لین دین میں تحریری معاہدہ لازمی کریں اور کسی بھی قسم کی تحریر سے قبل اچھی طرح **چھان پھٹک** کرلیں ورنہ ذرا سی **بے احتیاطی** آپ کو عدالت کے چکر لگوا سکتی ہے۔ 25 تا 29 اگست نکاح کیلئے اچھا وقت ہے لیکن محبوب سے محبت کا اظہار ان دنوں میں نہ کریں کیونکہ آپ کو اس جانب سے **مثبت** جواب نہ ملے گا۔ اچانک حادثہ آپکے دل کو ہلا دے گا۔

ستمبر (یکم تا 8) یہ ماہ آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا لیکن کاروباری ملازم شریک حیات یا قابل اعتبار دوست پر بھی اس ہفتہ اعتبار نہ کریں ان لوگوں سے کسی بھی وقت دھوکہ مل سکتا ہے۔ آپکو کاروباری طور پر ایک ایسا فائدہ ملنے کا امکان ہے جسکی آپ کو اُمید بھی نہ تھی آپ کی کوشش کے باوجود گھریلو ماحول بہتر نہ ہو سکیگا ابھی ان حالات کو ایسا ہی نہ رہنے دیں **قریبی عزیز** یا خونی رشتہ سے منسلک کسی فرد کی جدائی کا خدشہ ہے کسی بزرگ شخصیت سے ملاقات کر کے اپنی پریشانی کو حل کروائیں۔ وہ افراد جو کہ بیرون ملک سفر کے خواہشمند ہیں اس ہفتہ اپنی خواہش پوری کر سکتے ہیں اس بارے میں ان کی کوشش رائیگاں نہ جائیگی۔

(9 تا 16) یہ ہفتہ ملے جلے اثرات پیدا کرے گا۔ اپنے غصہ کو قابو میں رکھیں اور بات بات پر بھڑکنے سے گریز کریں آپ کی یہ عادت معاملہ کو بگاڑ سکتی ہے۔ شریک حیات اولاد دوستوں سے اچھے لہجہ اور **نرم رویہ** سے بات کریں۔ ایک شخص آپ کی خوشامد کر کے اپنا مقاصد حاصل کرنا چاہتا ہے اس خوشامدی سے آپ دور رہیں۔ 09 تا 12 ستمبر نہایت احتیاط سے گزارنے والے دن ہیں۔ کوئی بھی **بری خبر** مل سکتی ہے۔ اس ہفتہ کے آخر میں بگڑا ہوا مسئلہ حل ہو جائیگا۔ صحت بہتر ہوگی۔ رومانوی اثرات غالب رہیں گے۔ قدرت کی ہر شے میں خوبصورتی نظر آئیگی۔ عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر ہو جائینگے۔

(17 تا 25) ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ جیسا آپ چاہیں ویسا ہی سب کچھ ہو 19 تا 22 ستمبر آپ کی آزمائش کے دن ہیں اس دوران رقم خرچ کرنے سے قبل اچھی طرح سوچ لیں۔ بہتر **لائحہ عمل** تیار کریں تا کہ آئندہ آنے والے مصیبت اور پریشانیوں سے بچا جا سکے کچھ سامان **چوری** ہونے کا خدشہ ہے۔ آپ بے احتیاطی نہ برتیں۔ کوئی بھی نیا **تنازعہ** کھڑا ہو سکتا ہے لہذا اپنے آپکو زیادہ سے زیادہ مصروف رکھیں۔ سفر کا پروگرام ہے تو شوق سے کریں

(26 تا 30) ان ایام میں قریبی عزیزوں پر **غلبہ** حاصل کرنے کیلئے یا کسی پنچایت میں فیصلہ حاصل کرنے کیلئے یا کسی شخص پر **مقدمہ** دائر کرنے کیلئے 08 اور 09 ستمبر اہم ہیں اس وقت آپ کا ستارہ ان معاملات میں **کامیابی** کا اشارہ دے رہا ہے۔ ایک بیمار عزیز یا دوست آپ کی توجہ کا طلبگار ہے آپ کو اس کی تیمارداری کیلئے جانا چاہئے۔ آپ کی لاپرواہی اسے دلی صدمہ دے سکتی ہے۔ کاروباری حالات بہتر رہیں گے۔ میرون رنگ مبارک ہے۔

اکتوبر (یکم تا 8) رواں ہفتہ میں ایک غلط فہمی کئی الجھنیں پیدا کر دے گی۔ محبوب سے کئے گئے قول اقرار پر آپ پابند ہیں اس ہفتہ کسی بیماری میں مبتلا ہو سکتے ہیں آپ چاہتے ہیں کہ وہ شخص بھی آپ سے انتہاء کا اظہار محبت کرے لیکن ابھی اس کے لئے ایسا کرنا مشکل ہے۔ ایک بات کو گھنٹوں نہ سوچتے رہا کریں ایسا کرنے سے آپ اپنا ہی بلڈ پریشر ہائی کر لیتے ہیں۔ بالکل درمیانہ رویہ رکھیں اگر کسی کی بات سے دکھ پہنچا ہے تو اس کا اظہار کسی سے نہ کریں اور نہ ہی اس آگ میں خود اپنے طور پر جلتے رہیں غیر شادی شدہ افراد اس ہفتہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو سکتے ہیں مجموعی طور پر اس ہفتہ حالات تقریباً بہتر رہینگے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کے پہلے تین دن **تشویش ناک** ہیں آپ کو سخت احتیاط کی ضرورت ہے اس دوران کاروبار میں مزید روپیہ پیسہ نہ لگائیں اور نہ ہی کسی کو **رقم ادھار** دیں۔ گھریلو ماحول کو بہتر بنانے کی کوشش کریں اس ہفتہ میں آپ اپنے برج سے متعلق **صدقات** باقاعدگی سے ادا کریں۔

(17 تا 25) آپکو اس ہفتہ ایسے سخت حالات سے گزرنا پڑے گا جو کہ آپ کے خلاف توقع ہیں ایک شخص سے انتہائی دکھ اور رنج پہنچے گا آپ نے اس سے جو توقعات وابستہ کی ہوئی تھیں۔ درمیانی ہفتہ میں ایسی لڑائی شروع ہونے کا خدشہ ہے جس کا کوئی سر پیر نہ ہوگا اور پھر یہ **لڑائی شدت** اختیار کرسکتی ہے۔ اپنے آپ پر بھروسہ رکھیں **اعتماد** اور یقین کی فضاء قائم کریں ورنہ حالات آپ کے اعتبار سے باہر ہو جائینگے اور پھر وہ محبت جس کو قائم کرنے میں آپ نے ایک وقت گزارا چند منٹوں میں ہی نفرت میں بدل سکتی ہے۔ اس ہفتہ **مالی نقصان** کا خدشہ ہے ذہنی طور پر آپ منتشر رہیں گے ایسا نہ سوچیں کہ سب مصیبتیں آپ ہی کیلئے ہیں۔

(26 تا 31) اچانک ایک ایسے شخص سے ملاقات ہوسکتی ہے جو کہ آپ کی زندگی کو بدل کر رکھ دے گا کچھ لوگ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائینگے اور کچھ سرطانی افراد کی منگنی طے پا جائیگی غرض اس ہفتہ تمام ہونے والی **دوستی محبت** اور نکاح کا انجام بہتر ہوگا لیکن 25 تا 30 اکتوبر آپ کیلئے نحس ثابت ہوسکتا ہے۔ گزشتہ بیاں کی گئی دوستی، محبت یا **نکاح** ان تاریخوں میں انجام نہ دیں۔ اس ہفتہ کے باقی ایام آپ کیلئے بہتر ہیں ملازمین کا خاص خیال رکھیں۔

نومبر (یکم تا 8) آپ اپنے رویہ میں نرمی برتیں اور کوشش کریں کہ آپکی جانب سے کوئی ایسا سخت بیان نہ جاری ہو کہ آپ کیلئے بعد میں شرمندگی کا باعث بنیں تلخ کلامی معاملہ کو مزید **الجھا** سکتی ہے۔ خاموشی میں بہتری ہے۔ آپ چپ رہ کر بہت سے لوگوں کو ہرا سکتے ہیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کیلئے بہتر تاریخیں ہیں اس ہفتہ آپ کا لکی عدد 69 ہے۔ قسمت آزمائی میں کوئی حرج نہیں۔ جائیداد کا **تنازعہ** مل بیٹھ کر حل کرلیں تو بہتری ہے۔ بہت سے لوگ آپ کر کیچڑ اچھالنے کو تیار ہیں اپنے گرد و پیش کے لوگوں پر نظر رکھیں۔ صحت کی خرابی خصوصاً معدہ درست کام نہ کریگا فوری علاج کروانا آپ کے حق میں بہتر ہوگا

(9 تا 16) ایک ایسا مسئلہ اس ہفتہ حل ہو جائیگا جو کہ گزشتہ کئی روز سے رکا ہوا تھا۔ 13 تا 16 نومبر محبوب یا دوستوں سے جدائی کا خطرہ ہے۔ ذرا سی غلطی بہت سی غلط فہمیاں پیدا کرسکتی ہیں۔ سنی سنائی باتوں پر دھیان نہ دیں اور جس سے شکایت ہے اس سے خود بات کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ نومبر عدالتی معاملات کیلئے بہتر نہیں کوئی **پنچائتی فیصلہ یا مقدمہ** کا آغاز یا عزیز و اقارب سے کوئی تحریری معاہدہ ان ایام میں ہرگز نہ کریں ورنہ آپ اپنے لئے خود ہی پھندا تیار کرلیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ میں قریبی عزیز و اقارب سے **تعلقات بہتر** بنانے کی کوشش کریں۔ بات بات پر غصہ کا اظہار کرنا آپ کیلئے اچھا نہیں ہے ایک دیرینہ الجھا ہوا مسئلہ اس ہفتہ حل ہو جائیگا۔ **نئی جائیداد** کی خرید و فروخت کیلئے یہ ہفتہ اچھا ہے ایسے افراد جو **تعلیم** حاصل کررہے رہیں اور ساتھ ہی جنس مخالف کی محبت میں مبتلا ہیں دونوں میں کامیابی حاصل ہوگی لیکن سیارہ عطارد جو کہ تعلیم سے منسلک ہے آپ کے زائچہ میں اچھی حالت میں موجود ہے۔ آپ کو ایسی زندگی گزارنی چاہیئے کہ جس میں آپ سر اٹھا کر جی سکیں اس ہفتہ **انعامی اسکیموں** میں حصہ لینا انتہائی بے وقوفی ثابت ہوگا۔

(26 تا 30) آپکے برج کا حاکم سیارہ قمر جب گرہن کے اثرات سے متاثر ہوتا ہے تو اپنی تمام تر **سعد قوتیں** کھو دیتا ہے ۔اس ہفتہ 30 نومبر کو برج جوزا میں قمری گرہن شروع ہو رہا ہے جس کے نحس اثرات کے تحت بھائیوں سے اختلافات بڑھ سکتے ہیں۔ گرہن کی نحوست سفری رکاوٹیں بھی پیدا کرتیں ہیں۔ سینہ اور سانس کے امراض کا بھی **انتہائی خطرہ** ہے گرہن کے آغاز سے قبل صدقہ خیرات کا خصوصی اہتمام کریں اور گرہن کے وقت میں استغفار و نماز خسوف ادا کریں تا کہ ممکنہ خطرات اور حادثات سے بچا جا سکے حاملہ خواتین بھی گرہن کے وقت محتاط رہیں کہ کسی بھی بڑے نقصان سے بچ سکیں۔

دسمبر (یکم تا 8) یہ ہفتہ آپ کیلئے نحس ثابت ہوسکتا ہے لیکن شروع کی تاریخیں خوشخبری لا سکتی ہیں۔ 5 تا 8 دسمبر عزیز و اقارب کی جانب سے ایک اچھا پیغام دے گی اور رشتہ ازدواج سے منسلک کردے گی لیکن آپ کسی غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوں پھر بھی احتیاط برتنا ہوگی ایک قریبی عزیز کی جدائی کا خطرہ ہے۔ ایسے حالات بھی پیدا ہوسکتے ہیں جو کہ آپ کیلئے پریشانی کا باعث بنیں۔ اولاد کی جانب سے کسی نقصان کا خطرہ ہے دوران سفر احتیاط برتیں ورنہ کوئی بڑا نقصان ہوسکتا ہے ایک شخص آپ ہی کے فائدہ کی بات کررہا ہے۔ آپ کو اس سے مراسم قائم کرلینے چاہیئے ورنہ ایسا نہ کرنے میں نقصان آپ کا ہی ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ بگڑے ہوئے حالات بہتری کی طرف آجائیں گے۔ جنس مخالف میں سے ایسا ہمدرد اور مخلص دوست ملے گا کہ جو آپ کی توقعات پر پورا اترے گا اگر یہ دوستی دوستی ہی رہے تو اس میں زیادہ بہتری ہے۔ آپ اس دوستی کا **ناجائز** فائدہ ہرگز نہ اٹھائیں ورنہ سانپ پھنکارنے کے علاوہ آپ کو ڈس بھی سکتا ہے۔ معمولی دشمن کو بھی معمولی نہ سمجھیں۔ ایسے حضرات جن کا پیشہ تجارت ہے انکو اس ہفتہ کافی فائدہ ہونے کا امکان ہے۔ دوران سفر احتیاط برتیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ میں آپکو سینہ اور معدہ کے امراض پیدا ہوسکتے ہیں۔ ذرا چھوٹی بیماری کو معمولی نہ سمجھیں یہی مرض نیا مسئلہ کھڑا کرسکتی ہے۔ ایک بدنامی آپ کے آن کھڑی ہوگی اور آپ کو **ناکردہ گناہ** کی سزا بھگتنی پڑے گی طیش میں آنے والے الجھاؤ پیدا ہوسکتے ہیں بہتر ہے کہ معاملہ کو نہایت خوبصورتی سے حل کرلیا جائے۔ دوسروں کی لڑائی میں خود کو نہ ڈالیں۔ آپ کو اسی شخص سے پہلے بھی ایک نقصان پہنچ چکا ہے۔ غلط بیانی سے آپ کو نقصان پہنچا رہا ہے۔

(26 تا 31) اگر اس ہفتہ آپ نے احتیاط نہ کی تو **ذرا سی غلطی** بڑا نقصان دے سکتی ہے۔ ان دنوں آپکی طبیعت میں انتہائی نرمی آسکتی ہے قابل اعتبار دوستوں سے اہم معاملات میں اس ہفتہ مشورہ کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ آپ بھی اس وہم کو اپنے دل سے نکال دیں۔ آمدنی بڑھانے کے مواقع ملیں گے نیا کاروبار شروع کرنے کیلئے یہ ہفتہ نیک ثابت ہوگا ایسے افراد جو کہ بیرون ملک کاروبار کرنے یا تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے سفر کے خواہشمند ہیں اس ہفتہ کوشش کرسکتے ہیں۔

نیازی بک ڈپو، ریل بازار گوجرانوالہ 0300-7792699 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

LEO اسد

تاریخ پیدائش:۔ 24 جولائی تا 23 اگست | نام کا سر حرف:۔ م، ٹ | موافق دن:۔ اتوار | حاکم سیارہ:۔ شمس

خاصیت:۔ مہربان، بے غرض، حق پسند

امراض:۔ مرگی، ریڑھ کی ہڈی کے امراض، درد شانہ، قلب

ناپسند خصلت:۔ مشتعل، جلد باز، خوش فہمی میں مبتلا ہونے والا

موافق عدد:۔ 1

موافق پتھر: ہیرا، المسینا

موافق رنگ: گولڈن، نارنجی، پیلا، آتشی گلابی

جنوری (یکم تا 8) اس ہفتہ انتہائی محتاط رہنا ہوگا اگر یہ محتاط انداز آپ آئندہ مزید ایک ہفتہ تک رکھیں تو فائدہ حاصل ہوگا ایک بڑی پریشانی یا مالی نقصان بھی درپیش آسکتا ہے۔ **مالی لین دین** میں کسی پر بھروسہ نہ کریں دھوکہ مل سکتا ہے۔ فی الوقت حالات بہتر نہیں۔ لوح شرف شمس کا آپ کے پاس ہونا اس **پریشانی** سے بچنے کی دلیل ہے یہ لوح ادارہ سے منگواسکتے ہیں۔ سال کے آغاز میں **گردشی حالات** کی وجہ آپ کے سیارہ کا درجہ حضیض پر ہوتا ہے۔

(9 تا 16) **علم و عقل** کا حاکم سیارہ عطارد قران شمس کی نظر قائم کئے ہوئے ہے۔ یہ وقت آپ کیلئے بہتر ثابت ہوسکتا ہے خود غرض لوگوں کو اپنے قریب نہ آنے دیں ایسے لوگ آپ کے قریب جمع ہونا شروع ہو جائیں گے۔ بہتر **لائحہ عمل** تیار کر کے آئندہ کی پریشانیوں سے سنبھال سکتے ہیں۔ **عدالتی** کاموں میں احتیاط کی ضرورت ہے بہتر ہے کہ نہایت احتیاط سے کام لیں اسی دوران مالی نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔

(17 تا 25) ان ایام میں شمس قران زحل کی نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے اثرات ہو رہے ہیں۔ ان ایام میں ایسا کوئی قدم ہی نہ اٹھائیں کہ آپ کو بعد میں **پریشانی** کا سفر کرنا پڑے گا۔ ان ایام میں آپ کا سیارہ توازن میں نہیں اس دوران کسی بزرگ سے بھی فائدہ ہوسکتا ہے۔ یہ نظر ایک نقصان کی جانب اشارہ کرتی ہے۔ یہ نحس ترین وقت ہے کوئی بھی فیصلہ کرنے سے پہلے خوب سوچ سمجھ کر لیں مالی نقصان کو اندیشہ ہے ان ایام میں چوری بھی ہوسکتی ہے۔ گھر سے باہر جانے سے قبل اپنی قیمتی اشیاء کو سنبھال کر رکھیں۔ شراکت داری سے فائدہ ہوگا۔ مالی معاملات خود اپنے ہاتھ میں رکھیں۔ لاپرواہی مالی نقصان دے سکتی ہے۔

(26 تا 31) اس ہفتہ آپ کے لئے موسم کے اثرات سے بچنا ضروری ہوگا۔ سیر و سیاحت کے شوق کی تکمیل کر سکیں گے۔ دوسرے افراد کے تعاون سے کام بہتر طور پر انجام پائیں گے۔ مصروفیات میں اضافہ ہوگا اور غیر سماجی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے گریز کریں۔ اس ہفتہ کے آخری ایام میں آپ کو دوسرے افراد کے ساتھ مل کر کاروبار کرنے میں منافع حاصل ہوگا۔ مجموعی طور پر آپ کا یہ ہفتہ کاروباری لحاظ سے سود مند اور منافع بخش ثابت ہوگا۔ اس ہفتہ کی یکم کو آپ کی مصروفیات میں اضافہ ہوگا ہم امور کی انجام دہی کر سکیں گے کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی ماحول سے فائدہ حاصل کرنے کے مواقع ملیں گے۔

فروری (یکم تا 8) بچوں کے معاملات **توجہ طلب** ہونگے کاروباری اور قانونی معاملات آپ کو مشکلات میں اضافہ کریں گے اختلافات میں پڑنے سے گریز کریں شریک حیات کا تعاون حاصل رہے گا۔ **شادی شدہ** افراد کے لئے یہ ہفتہ خاص احتیاط طلب ہوگا۔ تقریبات میں شرکت کے مواقع ملیں گے دوسروں سے وابستہ خواہشات کی تکمیل ہوسکے گی 5,6 تاریخ کو کاروبار میں منافع حاصل ہوگا۔ شریک حیات کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا دوران سفر صحت کی طرف سے لاپرواہی پریشانی کا سبب بن سکتی ہے اور دوسروں پر بے جا اعتماد سے بھی حتی الامکان گریز کریں۔

(9 تا 16) ان ایام میں شکوک و شبہات سے خانگی امور میں ناچاقی کی فضا پیدا ہوگی۔ لہٰذا فضول اور بے معنی قسم کی باتوں پر بالکل دھیان نہ دیں تا کہ پریشانی سے دوچار نہ ہونا پڑے۔ اور عزیز و اقارب کی طرف سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس ہفتہ فضول خرچی نہ کریں۔ 11 تاریخ رومانس کیلئے بہتر رہیں گی۔ بعض افراد آپ کے لئے پریشانی کا باعث بنیں گے۔ **سیر و تفریح** کے پروگرام بنا سکیں گے اور **ذہنی پریشانی** دور کرنے کیلئے ویسے بھی آپ کو کسی **پر سکون ماحول** میں چند دن رہنا چاہئے۔ اس ہفتہ کی 14,15 کو کاروباری اور سرمایہ کے منصوبہ پر عمل کر سکیں گے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ شمس تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے تحت اچانک مالی فائدہ ہونے کا قوی امکان ہے مخالفین کی طرف سے صلح کا پیغام آسکتا ہے غصہ میں کمی آئیگی کاروباری حالات پہلے کی نسبت کافی حد تک بہتر ہو جائینگے۔ اپنی **دلی خواہشات** کا احترام کریں۔ آنکھیں بند کر کے سب کچھ دیکھتے نہ رہیں جب تک آپ خود عملی طور پر نہ کریں گے حالات میں بہتری نہ آئیگی غصہ کرنے سے پرہیز کریں۔ چند معتبر شخصیات کو معاملہ کی حقیقت بتا کر اعتبار میں لے سکتے ہیں۔ مسائل حل ہوتے نظر آرہے ہیں۔ ان ایام میں دور دراز سے کوئی اطلاع سن سکیں گے شریک حیات کا تعاون اور ہمدردیاں آپ کے ساتھ رہیں گی۔

(26 تا 29) ان ایام میں عطارد قران شمس کی نظر قائم ہو رہی ہے جس کے قوی اثرات 26 تا 29 فروری ظاہر ہونگے۔ مقدمہ میں فتح ہوگی۔ جواں عمر کے لوگ اس ہفتہ آپ کو فائدہ دینگے۔ خصوصاً اگر آپ کی اولاد جوان ہے تو اہم امور میں اس سے ضرور مشورہ کریں۔ ذہنی دباؤ بھی ہوسکتا ہے پریشانی کو اپنے سے دور رکھیں۔ اور خانگی امور میں خوشگواری رہے گی۔ والدین کی صحت جسمانی احتیاط طلب اور توجہ طلب ہوگی۔ مستقبل کے لیے منصوبہ بندی کر سکیں گے۔

ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات
خلجی نیوز ایجنسی، منڈی حاصل پور 0306-5507693

مارچ (یکم تا 8) قانونی معاملات توجہ طلب رہیں گے۔ شراکت کے کاروبار کی ابتداء کر سکیں گے۔ اس ہفتہ کسی اہم سماجی تقریب میں حصہ لے سکیں گے۔ اس ہفتہ کی 07 تاریخ کو آپ کو دستوں کے عدم اعتماد کی وجہ سے نقصان اٹھانا پڑے گا اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا اہم فیصلہ کرتے وقت محتاط رہیں۔ ان ایام آپ شراکتی امور باہمی مفاد کے سلسلے میں سرگرمیوں میں اضافہ کریں گے اگرچہ فریقین کے مابین کھچاؤ رہے گا۔ لیکن معاملات طے پائیں گے۔
(9 تا 16) اس ہفتہ شمس تسدیس مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت انعامی اسکیموں میں فائدہ ہوگا اور مفت کی دولت ملنے کا بھی امکان ہے۔ **وراثتی جائیداد** میں تقسیم ہو سکے گی۔ شیئرز کے کام میں فائدہ حاصل ہوگا۔ کاروباری غرض سے کیا گیا سفر فائدہ مند ثابت ہوگا۔ یہ ایام آپ کو اس قابل بنا دیں گے کہ نئے خیالات اور اسکیموں کو بہترین طریقے پر استعمال کر سکیں۔ اپنے رکے ہوئے کاموں کو نکال سکتے ہیں۔ مقصد کی تکمیل ہو سکتی ہے اعتبار کرنا اچھی عادت ہے مگر اعتماد نہ کرنا اس سے اچھی عادت ہے۔ اس ہفتہ عزیز و اقارب کی جانب سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ سفر کے دوران احتیاط کریں۔
(17 تا 25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 17 تا 20 مارچ رہیں گے اس نظر کے تحت کاروباری معاملات بہتری کی طرف آئیں گے اور **مخالفین** پر با آسانی غلبہ حاصل کر سکتے ہیں۔ والدین سے ناراضگی بھی ختم ہو سکتی ہے بزرگوں کو منانے کے لیے یہ وقت معاون ثابت ہوگا۔ کم عمر افراد کو والدین اور بزرگ رشتہ داروں سے فائدہ ملے گا۔ خوشخبری ملنے کی اُمید ہے۔ اس ہفتہ مالی فائد زیادہ متوقع ہے۔
(26 تا 31) توقعات پوری نہ ہو سکیں تو ضرورتوں کے پورا کرنے کے لئے دوسرے ذرائع آزمائے جائیں لیکن اب جو موقع ہاتھ سے جا چکا ہے۔ اس کو دوبارہ حاصل کرنے میں اپنی قوتیں صرف نہ کریں ایسا کرنا بے سود ہے۔ اس ہفتہ دوسروں سے تعلقات کے سلسلہ میں سیاسے کام دے گی ایسا کرنے کی صورت میں وہ آپ کی مخالفت کرنے کی بجائے **تعاون** سے پیش آئیں گے۔ اہم پیشہ حضرات اور ساتھیوں سے اختلاف رہنے کا اندیشہ ہے محتاط رہیں۔
اپریل (یکم تا 8) اس ہفتہ کے آخر میں آپ کے برج کا حاکم سیارہ شمس درجہ شرف سے گزر رہا ہے جو کہ **سعد حالت** میں ہوگا۔ وہ افراد جو کہ عزت مال و دولت کے خواہشمند ہوں تو اس نادر وقت سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ اپنے لئے نگینہ یا **لوح شرف شمس** خاص طور سے تیار کروائیں۔ جس کی برکت سے بہت سی خواہشات کی تکمیل ہو سکتی ہے یاد رکھیں کہ یہ نایاب وقت دوبارہ 1 سال بعد آئیگا۔ بزرگوں کا **تعاون** آپ کیلئے فائدہ مند اور مفید ہوگا۔
(9 تا 16) شمس تربیع مشتری 11 تا 15 اپریل نحس ایام ہیں۔ رقم کا لین دین یا افسران بالا سے تعلقات کی خرابی یا نئی جائیداد کی حصول، الیکٹرونکس اشیاء کی خریداری، زیورات کا خریدنا ان دنوں میں نقصان دے سکتا ہے۔ کچھ افراد کی منگنی یا شادی کی امید کی جا سکتی ہے جو کہ ان کے لئے مبارک ثابت ہوگی۔ کسی اوزار سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ مریخ آپ کے خانہ نقصان پر قابض ہے یہ احتیاط کے دن ہیں۔ کوئی بھی لاپرواہی نہ کرے۔ اس ہفتہ کاروباری نقصان ممکن ہے اگر آپ اس ہفتہ کے پہلے دنوں میں کاروباری معاملات میں رقم لگا سکتے ہیں تو آپ کو نقصان ہو سکتا ہے۔ نئے کاروبار کے آغاز کے لئے مناسب ایام نہیں۔
(17 تا 25) 19 تا 24 اپریل ان ایام کے دوران قائم ہونے والی شمس تربیع زحل ان سیارگان کے منفی اثرات ظاہر کریگی نقصان کا اندیشہ ہے۔ ذہن کو اس ہفتہ اچانک **صدمہ** یا جھٹکا پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ جس کی آپ نے **کبھی توقع** نہ کی تھی۔ اس وجہ سے ذہنی اور جسمانی صحت بہتر نہ رہے گی اور کاروباری حالات کمزور ہو سکتے ہیں اپنے ماتحت افراد پر زیادہ اعتبار نہ کریں۔ آپ جو **سوچ** رہے ہیں وہ دشمنوں پر غالب رہنے کیلئے کوئی اچھا طریقہ نہیں ہے۔
(9 تا 16) ان ایام میں خفیہ امور کی انجام دہی میں راز کا اخفاء لازمی ہے۔ مشترکہ مفاد کے پروگراموں میں حصہ لینے سے مالی فوائد ملیں گے دوسروں کی مالی مدد کرنے کا موقع ملے گا۔ فرائض منصوبی کی بجا آوری میں کوتاہی حیثیت وشخصیت ہرحرف لاسکتی ہے۔ دوستوں کے عدم اعتماد کی وجہ سے نقصان اٹھانا پڑے گا اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ شراکت کے کاروبار میں ناکامی ہوسکتی ہے۔ ملازم پیشہ اور ذاتی کاروبار والے حضرات اپنے کام کی طرف دھیان دیں۔

(17 تا 25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زہرہ قائم ہورہی ہے جس کے اثرات 17 تا 22 اپریل رہیں گے اس نظر کے تحت اس ہفتہ محبوب کی جانب سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ منگنی یا نکاح کے حالات بھی پیدا ہوسکتے ہیں۔ **آمدنی میں اضافہ** اور کاروبار میں ترقی بھی مل سکتی ہے۔ تقریبات میں شرکت کیلئے موافق وقت ہے۔ انہی ایام میں خریدی گئی **جائیداد** فائدہ دے سکتی ہے۔ پنچایتی وعدالتی امور میں کامیابی ممکن ہے۔

(26 تا 30) ان ایام میں بعض ملازم پیشہ افراد کا تبادلہ انکی مرضی کے مطابق ہوجائیگا جبکہ کاروباری افراد کیلئے ممکن ہے کہ وہ کاروبار کی جگہ یا رہائش تبدیل کریں گے۔ تاہم وہ افراد جن کے تعلقات شریک حیات سے کشیدہ چلے آرہے ہیں انکو درست کرنے کی کوشش کریں۔ کسی عزیز کے علیحدگی اختیار کرلینے کا اندیشہ ہے۔ یہ شخص آپکو مستقبل میں نقصان پہنچا سکتا ہے۔ **تیز دھار آلات** اور مشینوں پر کام کرتے ہوئے محتاط رہیں۔ صدقہ دینے سے بھی بہت سی بلائیں اور ناگہانی آفات ٹل جائیں گی۔ درود پاک کا ورد کثرت سے جاری کریں۔ ان شاء اللہ پریشانیاں ختم ہوجائیں گی۔ اس ہفتہ **اخراجات** میں اضافہ ہوگا۔

مئی (یکم تا 8) آپکے برج کا حاکم سیارہ 06 مئی کو درجہ اوج سے گزر رہا ہے جو کہ شرف کے بعد دوسری سعد قوت ہے۔ اس کا یہ درجہ ناقص شمار کیا جاتا ہے مگر بعض اہل فن اس وقت بھی زہرہ کی قوتوں سے کام لیتے ہیں **زہرہ درجہ اوج** پر 19 مئی تک رہے گی۔ جب سیارہ زہرہ برج جوزا کے 22 درجہ پر پہنچتا ہے تو شرف کے بعد دوسرے درجہ کی قوت اوج حاصل کرتے ہیں۔ اس ساعت قوت میں زہرہ سے متعلقہ امور میں مدد لی جاسکتی ہے۔ یعنی تسخیر خلق، تسخیر خواتین، رجوع خلق، دفع امراض زنانہ یہ خاص وقت حب تسخیر کی قوت رکھتا ہے۔ اوج زہرہ کے خاص وقت میں نگینہ یا لوح اوج زہرہ بنوانا فائدہ مند ہوگا۔

(9 تا 16) ان ایام میں دوسروں سے **مراسم احتیاط** کے طالب ہونگے مختلف معاہدات حسب منشاء طے نہ پاسکیں گے۔ غیر شادی شدہ حضرات حسب منشاء ازدواجی زندگی کی تکمیل میں کامیابی حاصل نہ کرسکیں گے۔ کاروبار میں **خیروبرکت** رہے گی۔ آمد وخرچ میں توازن قائم رکھیں لیکن **مشترکہ مفاد** کے پروگراموں میں حصہ لینے سے ہر ممکن گریز کریں کوئی فائدہ حاصل نہ ہوگا۔ ملازمتی امور کی انجام دہی احتیاط کی طالب ہوگی۔

اقبال پرویز نیوز ایجنٹ، بالمقابل ریلوے سٹی اسٹیشن گوجرانوالہ ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

(17 تا 25) یہ سعد وقت ہے جب آپ بہت سے مسائل کا حل نکال سکتے ہیں۔کوئی دیرینہ آرزو پوری ہوسکتی ہے۔کاروبار وسعت اختیار کر جائیگا دوستوں سے **وفا کی امید** رکھی جاسکتی ہے۔ برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں اور اپنے اسم الہیٰ کا ورد بھی کریں۔ بلاوجہ کسی بھی بات پر دوست سے ناراضگی پیدا ہوسکتی لیکن زہرہ عطارد قران قائم ہونے کی وجہ سے جلد ہی صلح بھی وہ جائیگی۔عزیز واقارب جو کہ اب تک ناراض تھے ان کو منانے کا اچھا وقت ہے اس موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔زمین، جائیداد یا گھریلو اشیاء خریدنے کیلئے یہ وقت موزوں ہے۔ان ایام میں سیونگ اسکیموں میں بھی حصہ لے سکتے ہیں۔
(26 تا 31) ان ایام میں حالات کو سنبھال کر وقت گزارنا ہوگا ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔خصوصاً اہل خانہ سے یا شریک حیات سے معاملات کو بہتر طریقہ سے حل کرنے کی کوشش کریں۔گھریلو ماحول بہتر بنائیں۔یادرکھیں دھوکہ تو صرف ایک بار ہی کھایا جاسکتا ہے کسی سے بار بار دھوکہ کھانے پر بیوقوف کہا جائے گا۔آپ عقل ودانش بروئے کار لاتے حالات کو دیکھتے ہوئے قدم اٹھائیں گردوپیش پر نگاہ رکھیں۔سب کچھ درست ہوجائیگا۔کوئی دیرینہ خواہش پوری ہوگی۔
جون (یکم تا 8) سیارہ زہرہ جو کہ آپ کے برج کا حاکم بھی ہے۔اس ہفتہ سعد قران کی حالت سے گزر رہا ہے ہر شخص چاہتا ہے کہ اُس کے چاہنے اور محبت کرنے والے بے شمار ہوں آپ اپنی صلاحیتوں سے **فائدہ** اُٹھاسکتے ہیں مگر ایک بات یاد رکھیں آپ کی گفتگو بات سے کھال اتارنے والی ہوتی ہے ان ایام میں مختصر گفتگو سے دوسروں کو باآسانی گرویدہ کرسکتے ہیں۔ایسے افراد جو کہ عرصہ دراز سے اپنی محبت دل میں لئے بیٹھے تھے اس ہفتہ اظہار محبت کرسکتے ہیں۔
(9 تا 16) ان ایام میں سیاستدان حضرات اس عرصہ میں مخالف پارٹیوں کی ریشہ دوانیوں کا منہ توڑ جواب دیں گے۔ بلکہ دوسری جماعتوں پر بھرپور طریقہ سے اثر انداز ہونگے۔عوام میں **مقبولیت** بڑھے گی۔ملازمت پیشہ افراد کی **آمدنی** کے وسائل بڑھیں گے ممکن ہے کہ ترقی ملے یا پھر بونس وغیرہ کے ذریعہ رقم حاصل ہوگی۔انعامی اسکیموں میں بھی قسمت آزمائی کرسکتے ہیں۔آپ کی فلاح، شخصیت کی تعمیر شادی بیاہ کے معاملات شریک کار اور شریک زندگی کے ساتھ بہتر روابط کاروباری زندگی میں ٹھیکہ جات کے حصول اور ملازمت پیشہ افراد کے **تبادلوں** کے مسائل حل کرنے میں مددگار ثابت ہونگے۔
(17 تا 25) اس ہفتہ یقیناً آپ کو کسی غلط فہمی میں مبتلا کیا جائیگا جو کچھ آپ سوچ رہیں ضروری نہیں کہ ویسا ہی ہو آپ کے برج میں چند ستارے کمزوری کی حالت میں موجود ہیں۔علم وعقل کا سیارہ اپنا برج تبدیل کرتے ہوئے وبال اور سختی کی جانب آئیگا لہذا یہ وقت ہے جب فیصلے سوچ سمجھ کر کیے جائیں **تحریری کاموں** میں احتیاط کریں اعتبار نہ کریں تو زیادہ بہتر ہے۔ضرورت کے مطابق ہی کم گفتگو کریں حد سے زیادہ بولنا آپ کیلئے خوشخبری لاسکتا ہے۔اس ہفتہ کے آخری ایام آپ کیلئے مبارک ہیں جو کچھ کریں سوچ سمجھ کر بہتر طریقہ سے انجام دے سکتے ہیں۔گھریلو ماحول خوشگوار بنانے کی کوشش کریں۔
(26 تا 30) یہ ہفتہ قرض دینے یا لینے کے **معاملہ** میں نحس ثابت ہوگا کسی بھی نقصان سے محفوظ رہنے کیلئے خاص طور سے کسی بزرگ سے دعا کروائیں ان شاءاللہ بہتری ہوگی۔انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کیلئے یہ ہفتہ بہتر ثابت نہ ہوگا لیکن ایک حد تک **قسمت آزمائی** کرسکتے ہیں کاروبار میں لگائی گئی رقم فائدہ دیگی **اچھے فیصلے** کرنے کا وقت ہے۔غیر شادی شدہ افراد رشتہ ازدواج میں منسلک ہوسکتے ہیں۔محبوب سے اظہار محبت کا اچھا وقت ہے۔
جولائی (یکم تا 8) وہ افراد جو کہ اب تک خاموش محبت اپنے دل میں لئے بیٹھے تھے چاہئے کہ اس کا اظہار اس سے کردیں جس کو وہ قابل محبت سمجھتے ہیں۔ **عشق و جنون** سر پر سوار نہ ہونے دیں ایک حد میں رہ کر تمام امور کو بخوبی انجام دیں۔اخراجات کی زیادتی کہ وجہ سے ذہنی دباؤ کا شکار رہینگے۔آمدنی میں کمی ہو سکتی ہے یا یوں کہہ لیں کہ **بے برکتی** کی وجہ سے چند مسائل کھڑے ہوجائیں گے۔یہ وہ وقت ہے جب آپ کو نہایت احتیاط سے تمام مسائل کو حل کرنا پڑتا ہوگا۔
(9 تا 16) اس ہفتہ کئی سیارے **اپنا گھر** تبدیل کررہے ہیں تیزی سے اتار چڑھاؤ طبیعت میں رہے گا۔ایک دیرینہ آرزو پوری ہوگی آپ دوستوں سے توقعات حد سے زیادہ رکھ لیتے ہیں قریبی عزیزوں سے حالات کو بہتر بنائیں کاروباری پوزیشن بہتر رہیگی۔لیکن **اخراجات** میں بھی اضافہ رہے گا۔شریک حیات محبوب یا دوست سے پیدا ہوچکے **اختلافات** ختم ہوجائیں گے۔شریک حیات کو جگر یا دل کے امراض کا خطرہ ہے بے احتیاطی نہ کریں
(17 تا 25) ان ایام میں کچھ لوگ خلاف توقع آپکی اُمید پر پورا اتریں گے۔شریک حیات کی صحت خراب ہوسکتی ہے۔جس کی وجہ سے آپ کو خصوصی توجہ دینی ہوگی۔آپ میں سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ جب آپکے ہاتھ میں کچھ رقم آجاتی ہے تو گویا آپ سے بڑا کوئی بادشاہ نہیں ہے۔آئندہ حالات کی بہتری کیلئے کچھ سوچیں بہترین لائحہ عمل تیار کریں۔ایک خواہش پوری ہوگی۔انعامی سکیموں میں حصہ لینے کیلئے یہ ہفتہ بہتر نہیں طبیعت میں چڑچڑاپن آسکتا ہے۔
(26 تا 31) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زہرہ 28,29 جولائی کو درجہ اوج سے گزر رہا ہے جو کہ شرف کے بعد دوسری سعد قوت ہے۔یہ ایسی قوت ہے جب آپ اپنے رُکے ہوئے معاملات حل کرسکتے ہیں۔وراثتی جائیداد کے حصول کیلئے ان ایام میں اگر کوشش کی جائے تو مقصد پورا ہوسکتا ہے۔من پسند فرد سے نکاح کا پیغام بھیجنا چاہیں تو یہ بہترین وقت ہے خواتین اپنے نسوانی حسن میں اضافہ کیلئے خاص لوح بنواسکتی ہیں یا کسی شخص کی مکمل تسخیر کہ کبھی وہ آپ سے جدا نہ ہو یا ہمیشہ وہ آپ کے گن گاتا رہے۔ **لوح یا نگینہ اوج زہرہ** ادارہ سے ضرور بنوائیں۔ان ایام میں اگر ایسا کاروبار شروع کیا جائے جس میں خواتین سے منسوب اشیاء کی فروخت کا ہو تو ایسا کاروبار جلد ترقی پکڑے گا یعنی یوں کہہ لیں کہ کم محنت سے زیادہ فائدہ حاصل ہوگا۔

اگست (یکم تا 8) اس ہفتہ کے آغاز سے ہی کچھ پریشانیاں سر پر منڈلا رہی ہونگی۔ اخراجات میں از حد ہوسکتا ہے روپے پیسے کی بربادی نہ کریں۔ **حالات** کو بہتر ہونے میں کچھ وقت ضرور لگے گا۔ بہتر حکمت عملی اختیار کریں۔ خدشات کو ذہن میں نہ آنے دیں۔ اپنے فیصلہ کو تبدیل کرنے کیلئے یہ **اچھا وقت** نہیں ہے۔ **نئے کام** کا آغاز ان دنوں نہ کریں اہم کاموں میں بزرگوں سے مشورلازمی لیں فائدہ ہوگا۔ نیا کاروبار شروع کرنا فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔

(9 تا 16) کاروباری افراد آئندہ آنے والے وقت کیلئے ان دنوں بہترین حکمت عملی بنا سکتے ہیں۔ دوران سفر احتیاط کرنا ہوگا۔ والدہ کی جانب سے **وراثتی جائیداد** یا مفت کی دولت ملنے کی توقع ہے۔ بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں۔ انعامی اسکیموں میں فائدہ زہرہ تسدیس مشتری کی وجہ سے ہوسکتا ہے۔ سفر بہترین ثابت ہوگا ایک اچھا اور اہم موقع آپ کے ہاتھ آنے والا ہے۔ کچھ لوگ آپ سے متعلق غلط افواہیں پھیلا رہے ہیں آپ اپنے ارادے کو جاری رکھیں۔

(17 تا 25) یہ ہفتہ پہلے کی نسبت بہتر گزریگا کچھ دوستو سے مل کر خوشی کا احساس ہوگا مہمانوں کو گھر پر مدعو کرنے کیلئے مناسب وقت ہے۔ دوسروں کو اپنا غلام بنانے کیلئے کچھ تو قربانی دینا ہوگی۔ مکان و جائیداد سے متعلقہ معاملات فوری حل کرلیں وقت کم ہے اگر آپ نے کوئی **عملی قدم** نہ اٹھایا تو بعد میں پچھتانا پڑیگا۔ اس ہفتہ میں جگر اور معدہ کے امراض پیدا ہوسکتے ہیں **کم غذاء** کا استعمال آپ کی **صحت** کو بہتر بنا سکتا ہے۔ روپے کے لین دین میں احتیاط ضروری ہے وہ افراد جو کسی محکمہ میں اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں کوشش کریں کہ ان دنوں کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر پر نہ لیں اور نہ ہی اہم دستاویز بے احتیاطی سے رکھیں۔

(26 تا 31) دو سیارے زہرہ مشتری کی نحس نظر مقابلہ قائم ہورہی ہے جن میں سے ایک سیارے زہرہ کا تعلق آپکے برج سے ہے لہٰذا بہت زیادہ احتیاط کرنی ہوگی کیونکہ جب کوئی **سیارہ نحس** حالت سے گزر رہا ہوتا ہے تو وہ اس برج کے حامل فرد کو بھی نقصان دیتا ہے۔ شریک حیات سے تعلق بہتر بنانے کی کوشش کریں کسی سے بلاوجہ بحث نہ کریں اور اگر ایسا ماحول بن جائے تو کوشش کریں کہ اُس جگہ سے دور نکل جائیں۔ گھریلو ماحول خراب ہوسکتا ہے جتنا ہوسکے خاموش رہیں۔

ستمبر (یکم تا 8) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ نظر قائم ہورہی ہے جس کے مجموعی ان ایام میں تیزی سے اثر انداز ہونگے۔ انہیں آپ نظر انداز کئے ہوئے ہیں۔ **مفادات** کی تقسیم آپ کو اس شہرت و مقبولیت کو مجروح کرسکتی ہے۔ جو آپ کا حق ہے اپنے دوسروں کو اپنے قریب لانے کی کوشش کیجیے۔ ملازمین پر بھروسہ نہ کریں۔ اس ہفتہ زہرہ تربیع زحل کی نحس نظر بھی قائم ہورہی ہے۔ دوستوں میں بہت کم رفاقت اور وفا پائی جائیگی۔ **بے وفائی** کا زیادہ اندیشہ ہے۔ جنسی تعلقات میں بھی کمزوری ہوگی۔ **سخت رویہ** اور غیر ذمہ دارانہ طبیعت کا رجحان رہے گا۔ نیا طرز زندگی خوش بختی لائے گا۔ لڑائی جھگڑے سے بچئے۔

(9 تا 16) ان ایام میں ملازم پیشہ افراد اپنے امور کو بخوبی انجام دیں ورنہ ایک بڑی پریشانی کھڑی ہوسکتی ہے افسران بالا تعلقات بہتر بنائیں یقیناً اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ بگڑے ہوئے معاملات بہتر بنانے کیلئے کسی بزگ سے اپنے حق میں خصوصی دعا ضرور کروائیں۔ **سابقہ غلطیوں** سے سبق حاصل کرلینا چاہئے۔ چھوٹی سی کامیابی کو بڑی کامیابی ہرگز نہ سمجھیں۔ اس ہفتہ حالات قدرے بہتر اور آپ کے حق میں ہیں لیکن آنے والے دنوں میں احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ خطرہ ابھی سر سے نہیں ٹلا جو لائحہ عمل تیار کیا گیا ہے اگر آپ نے **خاموشی** سے اس پر عمل کیا تو یقیناً فائدہ ہوگا۔ سواری کا خاص خیال رکھیں۔

(17 تا 25) ان ایام میں معاملات کو ٹھنڈے طریقے سے حل کریں عزیز و اقارب سے تعلقات کشیدہ نہ ہونے دیں۔ سسرالی رشتہ داروں سے مل کر معاملہ کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ جو شخص قابل عزت ہے اس کی **عزت دینا** آپ کا فرض ہے۔ احتیاط نہ کی تو کسی نقصان کا اندیشہ ہے۔ عدالتی کاروائیوں سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کریں۔ فی الوقت آپ اس پوزیشن میں نہیں کہ ہر فیصلہ آپ کے حق میں ہو۔ آپ کو سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ محبوب سے بلاوجہ تنازعہ کھڑا ہوسکتا ہے۔

(26 تا 30) اس ہفتہ زہرہ تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ آسودگی اور خوشحالی ان ایام میں میسر آئیگی۔ ہمت سے کام لیں اور ذہانت کو بروئے کار لاتے ہوئے بہتر لائحہ عمل تیار کریں۔ **نکاح** کیلئے یہ ایام بہترین ثابت ہونگے۔ بیشک حالات آپکے حق میں ہیں لیکن پھر بھی احتیاط ضروری ہے۔ سیارگان کی اس سعد نظر کی وجہ سے ان ایام میں امدادی غرض کیلئے مالی امداد کرنا، ہمت اور بہادری کیلئے، مستقبل کی منصوبہ بندی کرنا اور بری عادتوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے بے حد مفید ہے۔ جمعہ کا دن خصوصاً **اختراعی مقاصد** کی خاطر بہت عمدہ ہے۔ جائیداد کی خرید و فروخت سے فائدہ ہوگا۔

اکتوبر (یکم تا 8) زائچہ میں بہت سے سیارگان کمزوری کو ظاہر کررہے ہیں۔ ابھی چند دنوں تک ہر بات میں تحمل مزاجی سے کام لیں تو یقیناً آپ کو فائدہ ہوگا۔ کاروباری پوزیشن بہتر نہ رہے گی۔ وہ افراد جو کہ غیر ملکی سفر کے خواہاں ہیں اُنکے **سفر** میں رکاوٹیں پیش آسکتی ہیں۔ **شراکتی کاروبار** سے گریز کریں۔ صحت کا خیال رکھیں۔ بخار یا **سینے کے امراض** پیدا ہوسکتے ہیں۔ نمود و نمائش سے گریز کریں۔ ہر کام راز داری سے کرنا اچھا ہے۔

(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زہرہ قائم ہورہی ہے جس کے اثرات 10 تا 14 اکتوبر رہیں گے اس نظر کے تحت حالات میں بہتری ملے گی۔ تقاریب جانے کا موقع ملے گا۔ آپکی زندگی میں بے شمار انقلابات آنے والے ہیں۔ **گرم مزاج** ہونے کی وجہ سے سرد مقامات پر رہنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ اس ہفتہ مایوسی کا خاتمہ ہوگا دل و ذہن میں ایک خوشی کا احساس پیدا ہوگا۔ شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی متاثر ہوگی۔ قریبی رشتہ داروں خصوصاً بھائی، بہن کی محبت آپ کے دل میں جوش پیدا کرے گی اس دوران ہوش و حواس سے کام لیں قرض دینا اچھی بات ہے مگر احتیاط کریں۔

الحبیب نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ حیدر آباد۔ 0300-3037026 روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

(17 تا 25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہورہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے سیارگان کی یہ نظر آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگی۔ اس دوران **نئے کام کی ابتداء** انعامی اسکیموں میں حصہ لینا شیئرز کی خرید وفروخت سونا چاندی کی خرید وفروخت فائدہ دے سکتی ہے۔ اس ہفتہ طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب رہیگا آپ کو آرام کرنا چاہئے یا کسی تفریحی مقام پر چلے جانا چاہے ماحول کی تبدیلی سے صحت بہتر رہیگی۔

(26 تا 31) ان ایام میں اپنے گھریلو معاملات بارے کسی بھی شخص کو دخل اندازی کرنے کی اجازت نہ دیں۔ **فضول اخراجات** سے گریز کریں۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ ٹانگوں میں درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ معدہ کے امراض بھی پیدا ہوسکتے ہیں۔ اس ہفتہ طبیعت میں بوجھل پن اور سستی رہیگی۔ مجالس وروحانی محافل میں شرکت کرنے سے تقویت ملے گی۔ کام کی زیادتی رہے گی لیکن عبادت وریاضت کی طرف بھی زیادہ توجہ ہوگی۔ ان ایام میں **بحث وتکرار** سے گریز کریں۔ مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔ حالات تیزی سے بہتر ہورہے ہیں۔ **غلط فہمی** سے بچنے کیلئے خود معاملہ کے تہہ تک پہنچیں۔

نومبر (یکم تا 8) آپ کیلئے اچھی خبر یہ ہے کہ علم عقل اور دانش حکمت کا سیارہ جو کہ آپ کے برج میں مقیم ہے اس ہفتہ 03 نومبر کو اپنی رجعت ختم کررہا ہے کسی بھی سیارے کی رجعت اُسکی سعد قوت کو کھودیتی ہے اب یہ حالت رجعت سے مستقیم حالت میں آرہا ہے۔ استقامت کی یہ حالت رُکے ہوئے معاملات اور مصائب کے حل ہونے کا اشارہ ہے۔ گزشتہ دنوں جو **نقصانات** اور پریشانیاں آپ کو برداشت کرنا پڑی وہ عطارد کی رجعت کی وجہ سے تھی۔ خرابی صحت کی بھی یہی وجہ تھی۔ ذہنی دباؤ کا شکار تھے لیکن اب وقت بدل گیا۔ ان ایام میں گھریلو معاملات خود بہتر طریقہ سے حل کرسکتے ہیں۔ **خوشی کی تقریبات** میں جانے کا موقع ملے گا کچھ پرانی یادیں تازہ ہونگی جذبات کو کنٹرول میں رکھیں۔ چہرے سے پریشانی کو ظاہر نہ ہونے دیں۔

(9 تا 16) زہرہ مشتری تربیع کے نحس اثرات کیوجہ سے اس ہفتہ گھر سے نکلتے ہوئے یا رات کو کاروباری مقام یعنی دوکان یا دفتر کو تالا لگانے کے بعد اچھی طرح چیک کرلیں ذراسی سستی نقصان دے سکتی ہے ملازمین پر بھروسہ نہ کریں خاص طور سے وہ خواتین جو کہ گھریلو ملازمہ رکھتی ہیں اس پر خاص نظر رکھیں قیمتی اشیاء کی چوری کا اندیشہ ہے۔ علاوہ ازیں الیکٹرک اور الیکٹرونکس اشیاء **غفلت** کے باعث خراب ہوسکتی ہیں۔ اپنی قیمتی اشیاء کی خود حفاظت کریں اور یاد رکھیں کسی پر بھی حد سے زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ اس ہفتہ کوئی ایسی غلطی نہ کریں جسکی وجہ سے آپ کو نقصان سے گزرنا پڑے۔ ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہیں۔

(17 تا 25) قرضوں کی وصولی کیلئے یہ ہفتہ بہتر ہے کاروباری ترقی یا نیا کاروبار کرنا آپکے حق میں بہتر ہوگا۔ الیکٹرانک اشیاء کی خریداری کیلئے یہ بہترین دن ہیں۔ غیر قانونی ذرائع سے آمدن میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ بذریعہ سفر کچھ رکے ہوئے کام انجام پاسکیں گے۔ شریک حیات کا ذہنی لگاؤ مذہب کی جانب ہوگا۔ آپکے خفیہ دشمن مغلوب رہیں گے سرگرمیوں میں زیادہ تر فلاح وبہود کے کاموں میں توجہ رہیگی۔ منافع بخش اسکیموں میں سرمایہ لانے سے فائدہ ہوسکتا ہے۔

(26 تا 30) ان ایام میں کوئی بھی کام شروع کرنے سے قبل گردوپیش کے حالات کا جائزہ ضرور لگالیں ایسا نہ ہو کہ بعد میں پچھتانا پڑے۔ کچھ لوگ آپکے ہمت اور حوصلہ کم کرنے کی کوشش کریں گے لیکن آج آپ ثابت قدمی سے اپنے **مشن کی تکمیل** کریں کسی کی باتوں پر دھیان نہ دیں۔ ان شاء اللہ فیصلہ آپکے حق میں ہوگا۔ گھریلو امور کو اس ہفتہ انجام دے سکتے ہیں کچھ لوگ نہیں چاہتے کہ آپ بہتر طریقہ سے اپنے نظام کو چلاسکیں۔ سفر کے دوران احتیاط کریں۔

دسمبر (یکم تا 8) ان ایام میں کاروباری معاملات انعامی اسکیموں میں حصہ، شیئرز کی خرید وفروخت کیلئے اس سے اعلیٰ موقع آپ کو دوبارہ نہیں ملے گا۔ قریبی عزیز یا بھائی کی جانب سے مالی نقصان کا خدشہ ہے۔ اخراجات میں کمی کرکے **فائدہ** حاصل کرسکتے ہیں۔ پیار ومحبت کا سیارہ محبوب سے تعلقات استوار رکھنے کی جانب اشارہ دے رہا ہے یا وہ لوگ جو کہ ابھی رشتہ ازدواج میں منسلک نہ ہوئے۔ خوشخبری مل سکتی ہے۔ خدشات کو ذہن میں نہ آنے دیں کچھ لوگ بلاوجہ آپکو پریشان کرنا چاہ رہے ہیں ان کی باتوں پر ذرا توجہ نہ دیں۔ کاروبار میں کسی بھی قسم کی تبدیلی نہ کریں جو جیسا ہے اسے ویسا ہی چلنے دیں۔

(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہورہی ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے اس نظر کے تحت ان ایام میں خواتین کو اچانک رقم مل سکتی ہے یا وہ لوگ جو انعامی اسکیموں میں حصہ لیتے ہیں کسی خاتون کے نام سے حصہ لیں تو انہیں باآسانی کامیابی مل سکتی ہے۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ عشق ومحبت کے معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ خواتین میں جنسی امراض بڑھ جانے کا خدشہ ہے۔ بہت سی نئی چیزیں آپ کے سامنے کھل کر آئینگی۔

(17 تا 25) آپ کو حد سے زیادہ سخی بننے کا شوق ہے لین دین کے معاملات میں احتیاط کریں۔ الیکٹرانکس اور الیکٹرک اشیاء کی خریداری اس ہفتہ کرسکتے ہیں۔ گھر کے برقی آلات مرمت کروالیں۔ بے احتیاطی بڑا نقصان بھی دے سکتی ہے۔ شریک حیات کی جانب سے کسی بات پر انتہائی دکھ پہنچ سکتا ہے لیکن ایک خوشی بھی آپ کو ملے گی۔ وہ شخص جو کہ آپ کے ساتھ زندگی گزارنے کیلئے تیار ہے آپ کی توجہ کا طلبگار ہے۔ ازدواجی زندگی اس ہفتہ یقیناً متاثر ہوگی۔

(26 تا 31) ان ایام میں دشمنوں پر نظر رکھیں بجائے اس کے کہ گھنٹوں سوچتے رہیں۔ **عملی کاموں** کی طرف توجہ دیں تو زیادہ فائدہ حاصل کرسکیں گے۔ ایسی مصروفیات سے دور رہیں جن میں آپکو حاصل کچھ نہ ہو ورنہ مفت کی **بدنامی** ملنے کا اندیشہ ہے۔ گھریلو حالات بہتر نہ ہونگے لیکن آپکو بہت احتیاط کی ضرورت ہے اگر کوئی شخص آپ کی بات نہیں مانتا تو ضد اور بحث سے گریز کریں۔ دیرینہ مرض دوبارہ سے پیدا ہوسکتا ہے اخراجات میں اضافہ کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔

اسٹار نیوز ایجنسی، بازار کلاں پشاور 0345-9067247 ماھنامہ روحانی تحفہ روحانیات

SCORPIO عقرب

تاریخ پیدائش:۔ 24 اکتوبر تا 22 نومبر | نام کا سرحرف:۔ ن، ز، ظ، ض | موافق دن:۔ منگل | حاکم سیارہ:۔ مریخ

نفس خصلت:۔ مضطرب، گرم مزاج | موافق عدد:۔ 9

خاصیت:۔ وجدانی کیفیت، مضبوط قوت ارادی | موافق پتھر: پکھراج، عقیق، موتی

امراض:۔ حلق کی بیماریاں، نزلہ، زکام، معدہ کے امراض | موافق رنگ: سرخ، قرمزی، تیز براؤن، میرون

جنوری (یکم تا 8) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ نظر قائم ہو رہی ہے آپ کے بعض کاموں میں قدرتی طور پر رکاوٹیں پیدا ہونگی جس سے **دل کو صدمہ** اور دکھ ہوگا، مگر یہ رکاوٹیں سعی فرمانے کے بعد دور بھی ہو سکیں گی لہذا چنداں متفکر اور پریشانیوں ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ اس ہفتہ میں عنصر آب سے پرہیز کریں اس سے **کچھ نقصان** پہنچتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ آپ بارش میں بھی نہ نہائیں چوٹ لگنے کا احتمال ہے کوئی نیا کام خود کرنا تو **نفع بخش** ثابت ہوگا مگر وہی کام اگر کسی عزیز کی شرکت سے کریں گے تو انجام کار نقصان دہ ثابت ہوگا۔ جائیداد یا قیمتی شے کا فروخت کرنا اس ہفتہ میں بہتر نہیں۔

(9 تا 16) بہت سے معاملات حالات آپ کی گرفت میں ہے برج حوت سے تعلق رکھنے والا شخص آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ شراکتی کاروبار کرنا چاہتے ہیں۔ تو برج حوت سے متعلقہ شخص کے ساتھ کریں **یقینی فائدہ** ہوگا۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے موزوں وقت ہے، 31,35,36 یہ ایسے اعداد ہیں جو کہ آپکو نقصان نہیں دینگے۔ اس ہفتہ اولاد کی جانب سے خوشی ملنے کی امید ہے وہ افراد جو کہ اب تک اولاد کی نعمت سے محروم رہے روحانی وجسمانی علاج سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں قریبی رشتہ داروں سے تعلقات بہتر ہو جائیں گے۔ غیر ملکی سفر کے خواہشمند عقربی افراد کو بھی خوشخبری ملنے کا امکان ہے۔

(17 تا 25) ان ایام میں نظر عطارد تسدیس مریخ اثرات کیوجہ کے سبب مسلسل بہتری کی جانب جا رہے ہیں اگر کسی سے کوئی دُکھ پہنچا ہے تو اُسے اپنے سر پر سوار نہ کریں۔ قانونی معاملات نہایت سوچ سمجھ کر طے کرنا ہونگے۔ کسی بھی وجہ سے کہیں پر بھی اپنے آپ کو کمزور ظاہر نہ کریں۔ روحانی محافل میں شرکت اختیار کریں۔ آپ اس وقت طاقت ور انسان ہیں۔ محبوب سے ملاقات کیلئے یہ ہفتہ بہتر رہیگا۔ اس وقت صبر و تحمل اور ثابت قدمی سے کام لیں خوشخبری ملنے کی امید ہے۔

(26 تا 31) حاسدین جو کچھ کر رہے ہیں ان کو یقیناً منہ کی کھانی ہوگی۔ **حصول روحانیت** کے سلسلے میں سرگراں افراد کو اس ہفتہ میں کامیابی مل سکتی ہے۔ کوئی الجھا ہوا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ شہرت میں غیر معمولی اضافہ ہو سکتا ہے۔ مختلف سیاروں کا اجتماع آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ کہ آپ جو کچھ کرنا چاہئیں تو کر گزریں۔ **تفریحی مقامات** پر جانے سے طبیعت میں چڑچڑاپن ختم ہو جاتا ہے۔ دوران سفر احتیاط کریں نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔

فروری (یکم تا 8) کچھ معاملات حسب منشاء طے پا جائینگے۔ وہ عقربی افراد جو کہ اولاد کے خواہشمند تھے اور اس ہفتہ اولاد کی نعمت سے مالا مال ہوئے انہیں بیٹی کی نعمت ملنے کا امکان ہے۔ سیارہ مشتری زائچے کے تیسرے گھر میں حرکت پذیر ہے اس سیارے کی حرکت **حالت استحکام** پیدا کرے گی۔ اس دوران آپ کی صحت کے معاملات متاثر ہونگے۔ ذاتی ملازمین سے **اختلاف رائے** پیدا ہوگا۔ گھریلو خواتین گھر میں کام کاج کرنے والوں سے سخت تنگ آ جائیگی۔

(9 تا 16) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ 16 فروری کو خانہ شرف میں داخل ہو رہا ہے برج جدی کے 28 درجہ پر یہ سیارہ درجہ شرف سے گزریگا لیکن یہ وقت آپ کیلئے انتہائی موزوں ہے جب تک یہ سیارہ خانہ شرف میں موجود ہے ہر شے آپ کی مٹھی میں ہے۔ ہر جائز کام کر سکتے ہیں۔ جب بھی کوئی سیارہ خانہ شرف میں موجود ہوتا ہے تو انتہائی طاقتور ہو جاتا ہے آپ کی پوشیدہ قوتوں کو طاقت دینے کیلئے آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ یہاں پر یہ انتہائی طاقتور اثرات ظاہر کریگا اس برج میں اس کا قیام 31 مارچ تک ہے۔ اس دوران نیا کاروبار شروع کر سکتے ہیں اگر سرکاری ملازمین کوشش کریں تو ترقی ممکن ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ شمس تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ بزرگوں سے مالی فائدہ ہو سکتا ہے۔ یہ ہفتہ قانونی اور دفتری معاملات میں بھی مسائل لائے گا۔ روزگار اور **پیشہ وارانہ** معاملات پر زبردست دباؤ لائے گا۔ اس ہفتہ بعض اوقات زائد کام اور ذمہ داریوں سے واسطہ پڑے گا لیکن یہی چیز مستقبل میں آپ کے کام آئے گی۔ مستقبل میں ترقی کیلئے منصوبہ پر بنیادیں رکھنے کے لئے بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ اپنی صلاحیتوں کو **زنگ آلود** نہ ہونے دیں۔ خوف اور بزدلی کی کیفیت کو دور کرنے کیلئے سلام مریخ کا ورد کریں اس دوران نگینہ مرجان اور زبرجد کا استعمال آپ کیلئے فائدہ کا باعث ہوگا۔

(26 تا 29) سیارگان اس پوزیشن میں ہیں کہ نظر عطارد تسدیس مریخ اچھی نظر ہے ظاہری طور پر بڑے ہی بلند بانگ دعوؤں کیساتھ خود کو بڑا بہادر ثابت کرنیکی کوشش کریں گے لیکن سیاروں کی حالت کو دیکھتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ آپ میں اتنی جرات ہے کہ جسمانی اور روحانی طور پر خود کو طاقت ور محسوس کریں گے۔ بہتر حال ہر قدم آزادانہ طور پر اٹھائیے۔ نہ بھولیں کہ اس وقت آپ پر جادوئی حملے بھی کئے جا رہے ہیں لیکن آپ کے برج کا **حاکم سیارہ قوت** اور طاقت میں ہونے کی وجہ سے ان حملوں کو بے اثر کر رہا ہے۔ جتنا ممکن ہو سکے اپنے برج کے مطابق صدقے کا خصوصی اہتمام کریں اور اپنے نام کا اسم اعظم لازمی ورد کریں۔

دارالادب بکسیلر، تلمبہ روڈ میاں چنوں 0321-7248462 روحانی ماھنامہ تحفہ روحانیات

غیر ملکی سفر کے سلسلہ میں رکاوٹیں حاصل ہوں گی۔ اور اگر سفر پیش آئے تو تکلیف دہ ثابت ہوگا اس لئے نہ کریں تو بہتر ہے۔ اس ہفتہ
مارچ (یکم تا 8) قانونی چارہ جوئی سے بھی گریز کریں سوائے شکست کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ آپ کیلئے نگینہ مرجان پہننا مفید ہے۔ مخالفین سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔
غفلت سے فائدہ اٹھا کر نقصان دینے کی کوشش کرینگے۔ خفیہ امور کی انجام دہی میں راز کا اخفاء لازمی ہے۔ کاروبار میں خیر و برکت رہے گی۔ آمدنی میں
اضافہ ہوگا۔ نئے کام کا اجراء بھی فائدہ مند ثابت ہوگا۔ مشترکہ مفاد کے پروگراموں میں حصہ لینے سے مادی فوائد ملیں گے دوسروں کی مادی اعانت نقصان دیگی۔
(9 تا 16) اس ہفتہ کاروباری امور کی انجام دہی حسب منشاء ہوگی ترقی و توسیع کی کوششیں کامیاب رہیں گی نئے کاروبار کے کرنے سے مادی فوائد ملیں گے
دوسروں کو شریک کار کر لینا بھی بہتر ثابت ہوگا۔ کچھ نئے راستے آپ کو نظر آئینگے ان پر عمل کر لینا چاہئے۔ جن پر عمل کر کے آپ کو فائدہ مل سکتا ہے۔ اہل
خانہ سے حالات بہتر قائم ہونگے۔ حالات کو سنبھال کر وقت گزارنا ہوگا ورنہ نقصان کا اندیشہ بھی ہے۔ خصوصاً اہل خانہ سے یا شریک حیات سے معاملات کو
بہتر طریقہ سے حل کرنے کی کوشش کریں۔ گھریلو ماحول بہتر بنائیں۔ آپ کے لئے خوش آئین بات ہے۔ ان دنوں طبیعت میں ہمت اور حوصلہ پیدا ہوگا۔
(17 تا 25) ہمت بہادری طاقت کا احساس آپ کو رہے گا کیونکہ طاقت حکمت علی بہادری اور آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ آپ کے دوست برج جدی
میں قیام پذیر ہے۔ اس برج میں اس سیارہ کو شرفی قوت بھی حاصل بہتر ہے کہ اپنی راہنمائی کے لئے کسی اسدی دوست سے مدد طلب کریں یقیناً کامیابی
حاصل ہوگی لکی عدد 59 ہے۔ کوئی دیرینہ آرزو پوری ہوگی لیکن دھوکہ تو صرف ایک بار ہی کھایا جاسکتا ہے کسی سے بار بار دھوکہ کھانے پر بیوقوف کہا جائے گا۔
(26 تا 31) اپنے حاکم سیارہ کی لوح شرف مریخ اس نایاب وقت میں ضرور بنوائیں۔ کیونکہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ ڈیڑھ سال بعد 26 مارچ کو
شرف کے درجہ پر آرہا ہے شرفی درجات سے گزرتے ہوئے آپ کے برج کا حاکم سیارہ قوتوں سے بھرپور ہوگا۔ ہمت جرات بہادری میں اضافہ ہوگا آپ
دشمنوں پر بھاری ہوسکتے ہیں۔ جلدی امراض، معدہ کے امراض اور بخار سے بھی نجات مل سکتی ہے۔ لوح شرف مریخ آپ کی زندگی کو بدل کر رکھ دے گی۔
اپریل (یکم تا 8) اس ہفتہ کے آغاز سے آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ برج دلو میں داخل ہو رہا ہے یہاں اس کا قیام 31 مارچ تا 13 مئی ہے۔ یہ
سیارہ زوال اور بیقدری کا شکار ہوگا آپ کی قوتیں کمزور ہوسکتی ہیں۔ ہر کام محتاط انداز سے کریں خاص طور سے پنچائتی معاملات، لڑائی جھگڑا، آگ، ہتھیار اور
اوزار کے استعمال میں محتاط رہیں۔ مریخ جو کہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ ہے اس سیارہ کی تمام تر کیفیات آپ کو متاثر کرتی ہیں 31 مارچ تا 13 مئی یہ سیارہ
ناقص حالت اور اپنے زوالی برج یعنی دلو میں داخل ہوا جہاں پر یہ کمزوریوں کو ظاہر کریگا اس دوران کسی بھی قسم کا اہم قدم آپ کیلئے نقصان دہ ہوسکتا ہے محتاط رہیں۔
(9 تا 16) آپ عقل و دانش بروئے کار لاتے حالات کو دیکھتے ہوئے قدم اٹھائیں گرد و پیش پر نگاہ رکھیں۔ سب کچھ درست ہو جائیگا۔ اس ہفتہ یقیناً آپ کو
کسی **غلط فہمی** میں مبتلا کیا جائیگا جو کچھ آپ سوچ رہیں ضروری نہیں کہ ویسا ہی ہو آپ کے برج میں چند ستارے کمزوری کی حالت میں موجود ہیں۔
علم و عقل کا سیارہ اپنا برج تبدیل کرتے ہوئے وبال اور نحتی کی جانب آئیگا۔ لہٰذا یہ وقت ہے جب فیصلے سوچ سمجھ کر کیے جائیں تحریری کاموں میں احتیاط کریں۔
(17 تا 25) اس سے زیادہ مزید بہتر وقت آپ کے ہاتھ نہ آئے گا کیونکہ عطارد تسدیس مریخ سعد نظر ہے اپنی خواہشات کی تکمیل کے لئے کی گئی
کوششیں کامیاب ہونگی۔ ایسے خواتین حضرات جن کا شریک حیات سے کوئی **جھگڑا** یا ناراضگی چل رہی تھی۔ ان ایام میں اپنی اس ناراضگی کو صلح میں تبدیل کر
سکتے ہیں اور اگر کسی کا محبوب ناراض ہو تو اسے بھی منانے کیلئے یہ ہفتہ بہتر رہے گا۔ یہ ہفتہ مقدمات کو فیصلہ کروانے کے لئے یا عزیز و اقارب سے بہتر تعلقات استوار
کرنے کے لئے اچھا رہے گا۔ خواتین اس ہفتہ منگل یا بدھ کے دن زیورات کی خریداری کریں تو اس سے ان کو فائدہ ہوگا نیا کاروبار شروع کرنے کے لئے یہ اچھے دن ہیں۔
(26 تا 30) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ 25 اپریل تا 13 مئی کو برج دلو میں اس سیارہ کو حضیض حاصل ہے برج دلو سیارہ مریخ کیلئے نحس ہے۔ لہٰذا
ہر قسم کے معاملات میں احتیاط برتیں خصوصاً آگ یا چھری یا ہتھیار کسی بھی قسم کا ہو محتاط رہیں لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ **دشمنوں کی چالیں**
آپ پر کامیاب ہوسکتی ہیں محبت میں ناکامی اور مذہبی لوگوں سے ناراضگی کا اندیشہ ہے۔ اپنے برج کا **صدقہ** ضرور دیں یا لوح شرف مریخ ضرور بنوائیں۔
مئی (یکم تا 8) ذمہ داریاں آپ کے کاندھوں پر ہیں آپ بخوبی ان کو حل کرسکتے ہیں۔ گھبراہٹ کچھ غلط کرنے سے گریز کریں۔ تحمل مزاجی آپ
ہی کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگی۔ کچھ کواکب آپ کے حق میں نہیں ہیں لیکن اپنے معیار کو برقرار رکھیں کمزوری کو ظاہر نہ ہونے دیں چہرے کے تاثرات
اطمینان بخش رکھیں۔ ضروری بھی نہیں کہ ہر شخص آپ کی بات مانے۔ قیمتی اشیاء کی چوری کا اندیشہ ہے آپ کو احتیاط کی ضرورت ہے۔ قریبی دوست پر اعتبار نہ
کریں تو زیادہ بہتر ہے۔ ضرورت کے مطابق ہی کم گفتگو کریں حد سے زیادہ بولنا آپ کیلئے خوشخبری لاسکتا ہے۔ اس ہفتہ کے آخری ایام آپ کیلئے مبارک ہیں۔
(9 تا 16) 13 مئی مریخ کا داخلہ برج حوت میں ہے اس دوران آپ کی **وجدانی قوتوں** پر زبردست دباؤ ہوگا ہر معاملے کو سلجھانے کی صلاحیت
خود اعتمادی اور ثابت قدمی پیدا کرنا ہوگی اور یہی دو عناصر ہیں جو **مادی کامیابی** اور سماجی استحکام بخشنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ دوکاندار
حضرات اپنے ملازمین پر زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ ملازم پیشہ افراد افسران بالا سے بنا کر رکھیں سخت بات کرنے کی وجہ سے آپ کو اس کا بہت زیادہ خمیازہ بھگتنا ہوگا۔

عابد شاپر فروش ، ریلوے چوک کوٹ ادو۔ 0333-6002048 ماہنامہ روحانی **تحفہ روحانیات**

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد مقابلہ مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ نئے تجربات ابھی نہ کریں بدنامی کا اندیشہ ہے سماجی بھلائی کے کاموں سے استفادہ کے لئے موزوں وقت نہیں ہے۔ وراثت سے متعلقہ مسائل حل نہ ہونگے۔ آپ کو موجودہ منصوبے جتنے پر کشش ہیں آنے والے ہفتوں میں آپ کو ان کے لئے اتنی ہی محنت کرنا پڑے گا بہتر ہے کہ پہلے تمام حالات وواقعات کا اچھی طرح جائزہ لے لیا جائے اور پھر منزل مقصود کا تعین کیا جائے۔ ان ایام میں معدہ کے امراض، سینے کی جلن خواتین میں امراض مخصوصہ بڑھ سکتے ہیں۔ احتیاط علاج سے بہتر ہے۔ اہل خانہ کے ہمراہ زیادہ وقت گزارنے سے پریشانیوں میں کچھ کمی آئیگی۔

(26 تا 31) جو کچھ کریں سوچ سمجھ کر بہتر طریقہ سے انجام دے سکتے ہیں۔ اس ہفتہ میں جگر اور معدہ کے امراض پیدا ہو سکتے ہیں کم غذاء کا استعمال آپ کی صحت کو بہتر بنا سکتا ہے۔ روپے کے **لین دین** میں احتیاط ضروری ہے وہ افراد جو کسی محکمہ میں اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں کوشش کریں کہ ان دنوں کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر پر نہ لیں اور نہ ہی اہم دستاویز بے احتیاطی سے رکھیں۔ قریبی رشتہ داروں خصوصاً بھائی، بہن کی محبت آپ کے دل میں جوش پیدا کرے گی اس دوران ہوش وحواس سے کام لیں **قرض** دینا اچھی بات ہے۔ کاروباری پریشانی آسکتی ہے۔ بہتر عملی اختیار کریں۔ اس ماہ آپ کا نحس عدد 9 اور 4 ہے۔

جون (یکم تا 8) نحس ایام کا آغاز ہو چکا ہے جس کی وجہ زہرہ تربیع مریخ نظر قائم ہو رہی ہے۔ عزیزوں دوستوں اور رشتہ داروں افسران بالا خصوصاً کسی جگری دوست اور کسی واقف کار افسر اعلیٰ سے خاص طور نقصان کا اندیشہ ہے۔ جس سے دل رنجیدہ ہو جائے گا آپ کی اپنی صحت جسمانی چند روز خراب رہے گی اور اندرون خانہ بھی کسی بیماری کے باعث تشویش لاحق ہوگی۔ انعامی اسکیموں لاٹری اور سٹہ میں بھی فائدہ کی امید دکھائی دیتی ہے لیکن حد سے زیادہ تجاویز نقصان دہ رہے گا۔ زمین وجائیداد کے مسائل بھی حل ہونگے۔ اس سال مشتری کی گردش سے کاروباری معاملات میں دشواری کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

(9 تا 16) بہن بھائیوں سے لڑائی جھگڑا، مصیبت اور رنج میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ شمس تربیع مریخ نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ امراض قلب اور آنتوں کا مرض بھی پیدا ہو سکتا ہے۔ عمر رسیدہ افراد کی جانب سے صدمہ کا امکان ہے۔ کاروباری افراد کے سلسلے میں اپنے ملازمین کے ہاتھوں خاصا نقصان اٹھانا پڑے گا۔ سیارہ مریخ کے نحس ہو جانے کی وجہ سے دشمنوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہوگا۔ بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں چوری کا بھی امکان ہے۔ سفر کامیاب رہے گا۔

(17 تا 25) یہ ہفتہ قرض دینے یا لینے کے معاملہ میں نحس ثابت ہوگا کسی بھی نقصان سے محفوظ رہنے کے لئے خاص طور سے کسی بزرگ سے دعا کروائیں ان شاءاللہ بہتری ہوگی۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے لئے یہ ہفتہ بہتر ثابت ہوگا لیکن ایک حد تک قسمت آزمائی کر سکتے ہیں کاروبار میں لگائی گئی رقم فائدہ دیگی اچھے فیصلے کرنے کا وقت ہے۔ غیر شادی شدہ افراد رشتہ ازدواج میں منسلک ہو سکتے ہیں۔ محبوب سے اظہار محبت کا اچھا وقت ہے۔ وہ افراد جو کہ اب تک خاموش محبت اپنے دل میں لئے بیٹھے تھے چاہئے کہ اس کا اظہار اس سے کر دیں جس کو وہ قابل محبت سمجھتے ہیں۔ منگنی یا شادی ہونے کا بھی امکان ہے۔

(26 تا 30) برج کا حاکم مریخ 28 جون کو برج حمل میں داخل ہوگا۔ **مفاد پرست** لوگوں سے ہوشیار رہیں ان ایام میں کسی شخص سے بدنامی کا خدشہ ہے۔ اس دوران بہت سی تبدیلیاں واقع ہو سکتی ہیں۔ **نرم رویہ** اختیار کریں تلخ کلامی سے مزید مسائل پیدا ہونگے جس حد تک ہو سکے **اختلافات** سے بچنے کی کوشش کریں لیکن یاد رکھیں کسی پر بھروسہ کرنا آپ کیلئے نقصان کا باعث ہو سکتا ہے۔ چند لوگ مل کر آپ کے خلاف سازشوں کا جال بن رہے ہیں۔

جولائی (یکم تا 8) اس ہفتہ آپ کے ستارے کمزور حالت میں ہیں عطارد مریخ نحس نظر بنا رہے ہیں۔ بڑی عمر کی عورتوں سے **رومانس** کرنا تو اچھی بات نہیں یہ الگ بات ہے کہ وہ اگر آپ کو پسند کریں اور ان کی توجہ آپ کی جانب رہے **جسمانی صحت** کا خیال رکھیں۔ پراعتماد کی فضا قائم کرنے کے لئے آپ کو کچھ تبدیلیاں لانی ہونگی۔ زائچہ میں بچوں کی جانب سے بہتر **لائحہ عمل** پیش کرنے کی نشانی موجود ہے۔ جس سے گھریلو ماحول خوشگوار ہوگا

(9 تا 16) عشق وجنون سر پر سوار نہ ہونے دیں ایک حد میں رہ کر تمام امور کو بخوبی انجام دیں۔ اخراجات کی زیادتی کہ وجہ سے ذہنی دباؤ کا شکار رہینگے۔ آمدنی میں کمی ہو سکتی ہے یا یوں کہہ لیں کہ بے برکتی کی وجہ سے چند مسائل کھڑے ہو جائیں گے۔ یہ وہ وقت ہے جب آپ کو نہایت احتیاط سے تمام مسائل کو حل کرنا پڑتا ہوگا۔ کچھ لوگ خلاف توقع آپ کی امید پر پورا اتریں گے۔ شریک حیات کی صحت خراب ہو سکتی ہے۔ جس کی وجہ سے آپ کو خصوصی توجہ دینی ہوگی

(17 تا 25) اس ہفتہ کوئی ایسی غلطی نہ کریں جسکی وجہ سے آپ کو نقصان سے گزرنا پڑے۔ کاروبار کسی بھی قسم کی تبدیلی نہ کریں جو جیسا ہے ایسے ویسے ہی چلنے دیں۔ اس ہفتہ سفر نہ کریں تو آپکے حق میں بہتر ہے ازدواجی متاثر ہو سکتی ہے۔ روپے کے لین دین بحث وتکرار فائدہ نہ دیگی معاملہ کو بہتر طریقہ سے سلجھانے کی کوشش کریں۔ ملازمین پر نگاہ رکھیں حد سے زیادہ اعتبار نقصان دے سکتا ہے، سسرالی رشتہ داروں سے تعلقات بہتر بنائیں کیونکہ اپنی عزت اپنے ہاتھ ہے۔

(26 تا 31) اس ہفتہ کی ابتداء بہتری سے ہوگی سفر سے **بہتر نتائج** برآمد ہونگے لیکن طویل سفر سے گریز کریں۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ یہ ہفتہ ایک بڑے فائدہ کی جانب اشارہ دے رہی ہے لیکن اس کے نتیجہ میں آنے والی رقم ضائع نہ کریں یہ بھی ممکن ہے کہ ان دنوں میں کہیں سے **مفت کی دولت** ہاتھ آسکتی ہے۔ وراثتی جائیداد کے حصول کیلئے کوشش کریں تو کامیابی ممکن ہے۔ **غصہ کو قابو** میں رکھیں۔ اپنی چرب زبانی سے پرہیز کریں۔ سماجی واقعات اور تقریبات بڑی سودمند ثابت ہوں گی لہٰذا زیادہ سے زیادہ **تقریبات اور اجتماعات** میں شریک ہونے کی کوشش کریں

طاہر نیوز ایجنسی، عارف بازار بورے والا۔ 0334-7193958 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

اگست (یکم تا 8) کاروباری پوزیشن اس ہفتہ بہتر رہے گی۔ آپ میں سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ جب آپ کے ہاتھ میں کچھ رقم آجاتی ہے تو گویا آپ سے بڑا کوئی بادشاہ نہیں ہے۔ آئندہ حالات کی بہتری کے لئے کچھ سوچیں بہترین لائحہ عمل تیار کریں۔ ایک خواہش پوری ہونے کا امکان ہے۔ قرضوں کی وصولی کے لئے یہ ہفتہ بہتر ہے کاروباری ترقی یا نیا کاروبار کرنا آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔ الیکٹرانک اشیاء کی خریداری کیلئے یہ بہترین ایام ہیں۔
(9 تا 16) اس ہفتہ شمس تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس سعد نظر کے تحت کوئی نیا کام کریں اور اس سے لطف اندوز ہوں اگر چہ آپ کو خاصی مخالفت کا سامنا کرنا پڑے گا لیکن اس کے باوجود آپ شفقت آمیز برتاؤ کی وجہ سے اپنی منزل پر پہنچ جائیں گے اس مخالفت کو پریشانی کی وجہ نہ بنائیں سفر آج کیلئے سودمند ہے ممکن ہو تو سفر اختیار کر سکتے ہیں۔ اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں اور اپنے اسم الٰہی کا ورد بھی کریں۔ مختلف طریقوں سے مال و دولت کا حصول آسان ہوگا۔ اپنے سے بڑی عمر کے لوگوں سے فائدہ ہوگا چند خواہشات تکمیل کو پہنچ سکیں گی۔ گھر کی تزئین و آرائش بہتر بنانے کی طرف دھیان رہے گا۔
(17 تا 25) جو بات نرم رویہ سے حل ہو جائے اسے سختی سے کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ عطارد تثلیث مریخ اشارہ دیتے ہیں کہ **حج عمرہ** اور زیارت کے خواہشمند حضرات کی اس سال خواہش پوری ہو سکتی ہے۔ اپنے مخالفین پر غالب ہیں اور انہیں صلح پر آمادہ کر سکتے ہیں اس ہفتہ کے پہلے چند دن آپ کے ازدواجی حالات خراب ہو سکتے ہیں لیکن آپ دشمنوں پر بدستور **غالب** رہیں گے مکان کی تبدیلی کے خواہشمند حضرات ابھی کوئی قدم نہ اٹھائیں
(26 تا 31) غیر قانونی ذرائع سے آمدن میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ بذریعہ سفر کچھ رکے ہوئے کام انجام پا سکیں گے۔ شریک حیات کا ذہنی لگاؤ مذہب کی جانب ہوگا۔ آپ کے خفیہ دشمن مغلوب رہیں گے سرگرمیوں میں زیادہ تر فلاح و بہبود کے کاموں میں توجہ رہے گی۔ منافع بخش اسکیموں میں سرمایہ لانے سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ اس ہفتہ مایوسی کا خاتمہ ہوگا دل و ذہن میں ایک خوشی کا احساس پیدا ہوگا۔ شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی متاثر ہوگی۔ محبوب سے بلاوجہ تنازعہ کھڑا ہو سکتا ہے۔ زائچہ میں بہت سے سیارگان کمزوری کو ظاہر کر رہے ہیں۔ ابھی چند دنوں تک ہر بات میں تحمل مزاجی سے کام لیں تو یقیناً آپ کو فائدہ ہوگا۔
ستمبر (یکم تا 8) اس ہفتہ کے آغاز سے شریک حیات، دوستوں یا اپنے حلقہ احباب میں سے کسی سے جھگڑا کرنے کی کوشش نہ کریں کہ نحس نظر زہرہ تربیع مریخ نظر قائم ہو چکی ہے اگر آپ کے مالی حالات کمزور ہیں تو ان دنوں کہیں سے مالی نقصان کا اندیشہ ہے یا یوں بھی کہہ لیں کہ کسی بھی نقصان کا اندیشہ ہے۔ ملازم پیشہ افراد افسران بالا یا دوستوں یا شریک حیات سے بحث تکرار سے گریز کریں۔ احتیاط سے کام لیں بسلسلہ تعلیم مایوسی اور ناکامی کا اندیشہ ہے۔ فضول خرچی سے گریز کریں۔ کاروباری پوزیشن بہتر نہ رہے گی۔ وہ افراد جو کہ غیر ملکی سفر کے خواہاں ہیں ناکام رہیں گے۔ سفر میں رکاوٹیں پیش آ سکتی ہیں۔
(9 تا 16)۔ اس ہفتہ آپ کا ذاتی سیارہ مریخ رجعت پذیر ہے جو کہ بزدلی کمزور دلی دشمنوں سے مغلوب ہونا اور اسی طرح کے دیگر منفی رجحانات کی جانب اشارہ دیتا ہے۔ اس ہفتہ آپ کو ہتھیار، اوزار، آگ سے بھی بچنا ہوگا بہتر ہے کہ سرخ اور نیلے رنگ کا استعمال ان دنوں نہ کریں عقیق سرخ پہننا آپ کیلئے انتہائی نحوست کا باعث بنے گا زبرجد اور زمرد پہننا بھی اچھا ثابت نہ ہوگا۔ بات بات پر جذباتی ہونا احساس کمتری کا شکار ہونے کا اندیشہ ہے۔ آپ کے سیارے کے زیر اثر ہے عزیز و اقارب، دوستوں اور شریک حیات سے اپنے تعلقات بہتر بنائیں کوشش کریں کہ ان دنوں کسی بھی قسم کی کوئی رنجش پیدا نہ ہو۔
(17 تا 25) اس ہفتہ یقیناً آپ کو کسی **غلط فہمی** میں مبتلا کیا جائیگا جو کچھ آپ سوچ رہیں ضروری نہیں کہ ویسا ہی ہو آپ کے برج میں چند ستارے کمزوری کی حالت میں موجود ہیں۔ یعنی ان ایام میں عطارد مقابلہ مریخ کی نحس نظر بن رہی ہے علم و عقل کا سیارہ عطارد گردش میں ہے اس کی وجہ سے وبال اور سختی میں اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ لہٰذا یہ وقت ہے جب فیصلے سوچ سمجھ کر کیے جائیں تحریری کاموں میں احتیاط کریں اعتبار نہ کریں تو زیادہ بہتر ہے۔
(26 تا 30) اس ہفتہ زہرہ تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ کچھ لوگ آپ کی بھلائی چاہتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آپ کو بہتر فیصلہ کرنے کیلئے کچھ وقت دیا جائیگا۔ معاملات کو سلجھانے کی کوشش کریں نہ کے مزید الجھانے کی۔ کوئی دیرینہ خواہش پوری ہو سکتی ہے۔ نہایت سمجھداری سے ان تمام حالات سے نکلنا ہوگا۔ ملازم پیشہ افراد اس ہفتہ محتاط رہیں تو بہتر ہوگا۔ افسران بالا کی جانب سے **نیا حکم نامہ** بھی جاری ہو سکتا ہے۔ جس کی وجہ سے ماتحت افراد سختی میں آ سکتے ہیں۔ تعلیمی اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ بچوں کی طرف سے پریشانی لاحق ہو سکتی ہے۔ سیر و تفریح کا پروگرام فی الحال ملتوی کر دیں تو بہتر ہے۔
اکتوبر (یکم تا 8) دوست یا شریک حیات سے اختلاف ہے تو فوراً صلح کریں ورنہ بگڑی ہوئی بات کو سنبھالنے میں بہت عرصہ لگ سکتا ہے۔ ان ایام میں جسمانی صحت کا خاص خیال رکھیں ورنہ چھوٹی بیماری طول پکڑ سکتی ہے۔ جس سے ذہنی صلاحیتیں بھی متاثر ہو سکتی ہے کسی کی بھی کی گئی بات کو ذہن میں جگہ نہ دیں سفر کر سکتے ہیں لیکن احتیاط اب بھی ضروری ہے۔ ایک قریبی عزیز آپ سے دھوکہ کرنا چاہتا ہے اور وہ کچھ رقم حاصل کرنے کی کوشش میں ہے۔
(9 تا 16) آپ کے برج سیارہ عطارد 14 اکتوبر تا 03 نومبر **رجعت پذیر** ہو رہا ہے اس سیارہ کے نحس اثرات کی وجہ سے ان ایام میں کسی بھی قسم کا **معاہدہ نہ کریں**۔ کوئی بھی تحریر کرنے سے قبل بغور جائزہ لے لیں، عدالتی معاملات یا **لڑائی جھگڑے** کے لیے وقت موزوں نہیں ہے ان ایام میں سخت احتیاط کرنا ہوگی۔ **شریک حیات** سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں چھوٹی سی غلطی **بڑا نقصان** دے سکتی ہے

حاجی خان نیوز ایجنسی، تعلقہ و ڈسٹرک ٹنڈو محمد خان ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

(17 تا 25) زہرہ جو کہ اس ہفتہ 24,25 اکتوبر خفیف درجات سے گزر رہا ہے۔ یہ ہفتہ نحس ثابت ہوسکتا ہے خاص طور سے شادی افراد کی ازدواجی زندگی پر نحس اثرات مرتب کرینگے یا غیر شادی شدہ افراد کا اپنے محبوب سے کسی بھی معمولی بات پر اختلاف ہوسکتا ہے۔ لڑائی جھگڑا بھی بڑھ سکتا ہے سب سے بہتر بات یہ ہے کہ ان انعام میں بہت محتاط رہیں۔ کوئی خوشی کی تقریب منگنی یا نکاح رسم ادا کرنے کیلئے یہ ایام بہتر نہ ہیں۔ ازدواجی زندگی اس ہفتہ یقیناً متاثر ہوگی۔

(26 تا 31) ملازم پیشہ افراد اپنے امور کو بخوبی انجام دیں ورنہ ایک بڑی پریشانی کھڑی ہوسکتی ہے افسران بالا تعلقات بہتر بنائیں۔ یقیناً اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ سواری کا خاص خیال رکھیں۔ **چوری** کا بھی امکان ہے۔ بگڑے ہوئے معاملات بہتر بنانے کے لئے دُعا ضرور کروائیں کسی **بزرگ** کریں۔ سابقہ غلطیوں سے سبق حاصل کر لینا چاہئے۔ چھوٹی سی **کامیابی** کو بڑی کامیابی ہرگز نہ سمجھیں۔ اس ہفتہ حالات قدرے بہتر اور آپ کے حق میں ہیں۔

نومبر (یکم تا 8 لیکن فی الوقت ابھی آپ کو معاملات بہتر نظر آرہے ہیں آنے والے دنوں میں احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ خطرہ ابھی سر سے نہیں ٹلا جو لائحہ عمل تیار کیا گیا ہے اگر آپ نے خاموشی سے اس پر عمل کیا تو یقیناً فائدہ ہوگا۔ اہل خانہ کے ہمراہ زیادہ وقت گزارنے سے پریشانیوں میں کچھ کمی آئیگی۔ معاملات کو ٹھنڈے طریقے سے حل کریں عزیز واقارب سے تعلقات کشیدہ نہ ہونے دیں۔ سسرالی رشتہ داروں سے مل کر معاملہ کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ آپ کے برج کا سیارہ گردشی حالت میں ہے یعنی عطارد مقابلہ مریخ کی نحس نظر قائم ہے، دوستو سے فائدہ ملنے کا کوئی امکان نہیں ہے اولاد کی طرف سے بھی مایوسی ہوگی اخراجات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ یہ وہ وقت ہے کہ ایک کمزور دشمن بھی آپ پر حاوی ہوسکتا ہے۔ اپنے مقصد پر **یکسوئی** رکھیں۔ وقار بلند رکھیں۔ بلاوجہ گفتگو سے پرہیز کریں۔ اگر اولاد جوان ہے تو اس سے مشورہ ضرور کریں ضروری ہی نہیں کہ بڑی عمر کے لوگ آپکو درست مشورے دیں۔

(17 تا 25) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ جو کہ 10 ستمبر کو **حالت رجعت** میں گیا تھا۔ اس ہفتہ کے آغاز 17 نومبر کو حالت مستقیم میں آرہا ہے اس وقت اس سیارہ کا قیام برج حمل میں ہے جو کہ آپ کی مثبت قوتوں کو کمزور کر رہا تھا اب بہتری کی جانب لانے کیلئے تیار ہے۔ **نئی قوت** کے ساتھ اپنے کام کا آغاز کریں۔ اس کی یہ استقامت آپ کو فائدہ دیگی وہ معاملات جو کہ التواء میں ڈالے ہوئے تھے اب بہتری کی جانب آنا شروع ہوجائینگے۔ ہمت کریں اور وقت ضائع کرنے سے گریز کریں۔ صحت کا خیال کریں۔ آپ کو حد سے زیادہ سخی بننے کا شوق ہے لین دین کے معاملات میں احتیاط کریں۔

(26 تا 30) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ اپنے فطرتی گھر برج حمل میں موجود ہوگا لیکن اب بھی احتیاط کی ضرورت ہے۔ صحت کا خیال رکھیں۔ بخار یا سینے کے امراض پیدا ہوسکتے ہیں۔ نمود نمائش سے گریز کریں۔ ہر کام رزداری سے کرنا اچھا ہے۔ یہ ہفتہ پہلے کی نسبت بہتر گزرے گا کچھ دوستو سے مل کر خوشی کا احساس ہوگا مہمانوں کو گھر پر مدعو کرنے کے لئے مناسب وقت ہے۔ دوسروں کو اپنا غلام بنانے کے لئے کچھ تو قربانی دنیا ہوگی۔ **مکان و جائیداد** سے متعلقہ معاملات فوری حل کرلیں وقت کم ہے اگر آپ نے کوئی عملی قدم نہ اٹھایا تو بعد میں پچھتانا پڑے گا۔ احتیاط نہ کی تو کسی حادثہ اندیشہ ہے۔

دسمبر (یکم تا 8) ان ایام میں شمس تثلیث مریخ کی نظر قائم ہوگی۔ جو خوشگوار خبریں اور مالی فائدہ لائے گی عقربی افراد کو رشتہ داروں یا سسرالی رشتہ داروں سے فائدہ حاصل ہونے اور کچھ کو غیر متوقع طور پر **مال و دولت** ملنے کا امکان ہے۔ طبیعت میں اداسی رہے گی ان دنوں بات بات پر غصہ آنا شروع ہوجائیگا۔ کاروباری لین دین کے چکر میں خاصی رقم ضائع ہونے کا اندیشہ ہے۔ اگر آپ نے ہمارے مشورے پر عمل کرتے ہوئے احتیاط رکھی تو آپکی رقم محفوظ رہے گی۔ اس رقم کو جو آپ کسی نہ کسی سبب آپ کو ملے گی اس کو اپنے پاس محفوظ کرلیں۔ جو شخص قابل عزت ہے اس کی عزت دینا آپ کا فرض ہے۔

(9 تا 16) نظر عطارد تسدیس مریخ اثرات کیوجہ کے سبب مسلسل بہتری کی جانب جارہے ہیں اگر کسی سے کوئی دُکھ پہنچا ہے تو اُسے اپنے سر پر سوار نہ کریں۔ قانونی معاملات نہایت سوچ سمجھ کر طے کرنا ہونگے۔ کسی بھی وجہ سے کہیں پر بھی اپنے آپ کو کمزور ظاہر نہ کریں۔ روحانی محافل میں شرکت اختیار کریں۔ آپ اس وقت طاقت ور انسان ہیں۔ محبوب سے ملاقات کیلئے یہ ہفتہ بہتر رہیگا۔ خوشخبری ملنے کی امید ہے حاسدین جو کچھ کر رہے ہیں ان کو یقیناً منہ کی کھانی ہوگی۔

(17 تا 25) ضرورت کے مطابق ہی کم گفتگو کریں حد سے زیادہ بولنا نقصان کا باعث ہوسکتا ہے۔ ان ایام میں نظام ہضم میں خرابی پیدا ہوسکتی ہے۔ سر کا درد شدت بھی پکڑ سکتا ہے اپنی شخصیت میں نکھار پیدا کریں **اخراجات** میں اضافہ ہوسکتا ہے یہ الگ بات ہے کہ کچھ لوگ آپ کو خودغرض کہتے ہیں۔ اس ہفتہ کے درمیانی ایام میں سفر کرنا نحس ثابت ہوگا۔ اپنے دوست نما دشمنوں سے احتیاط کریں کاروباری پوزیشن بھی اچھا نہ ہوگی بہتر ہے کہ زیادہ وقت گھر پر ہی پرانے دوستوں سے مل کر یادیں تازہ کرسکتے ہیں۔ والدین کی جانب سے **خوشخبری** مل سکتی ہے۔ عدالتی کاروائیوں سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کریں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ کے آغاز سے ہی کچھ پریشانیوں سر پر منڈلا رہی ہونگی۔ اخراجات میں از حد ہوسکتا ہے روپے پیسے کی بربادی نہ کریں۔ حالات کو بہتر ہونے میں کچھ وقت ضرور لگے گا۔ بہتر حکمت عملی اختیار کریں۔ خدشات کو ذہن میں نہ آنے دیں۔ اپنے فیصلہ کو تبدیل کرنے کے لئے یہ اچھا وقت نہیں ہے۔ شریک حیات کی جانب سے کسی بات پر انتہائی دکھ پہنچ سکتا ہے۔ نئے کام کا آغاز ان دنوں نہ کریں اہم کاموں میں بزرگوں سے مشورلازمی لیں فائدہ ہوگا۔

جدہ نیوز ایجنسی ،توپانواله چوک ڈیرہ اسماعیل خان 0333-9964049 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

SAGITTARIUS
تاریخ پیدائش:۔ 23 نومبر تا 21 دسمبر | نام کا سر حرف:۔ ف | موافق دن:۔ جمعرات | حاکم سیارہ:۔ مشتری

قوس

خاصیت:۔ ہمدرد، انصاف پسند، خود مختار
نقائص خصلت:۔ تیز مزاج، مشتعل ہونے والا
امراض:۔ عرق النساء، لنگڑاپن، ہاضمہ کی خرابی

موافق عدد:۔ 3
موافق رنگ: سفید، سبز، گولڈن
موافق پتھر: شجری، فیروزہ، حجر القمر

خوب رہے گی اور اندرون خانہ بھی خیر و عافت رہے گی۔ عطارد قران مشتری ستاروں کا اچھا
جنوری (یکم تا 8) اس ہفتہ **صحت جسمانی** خوب رہے گی۔ سفر حصول مقاصد کا باعث ہوگا ازدواجی امور کی انجام دہی محتاط روی سے کام کریں
ملاپ ہے اس ہفتہ انعامی اسکیموں لاٹری یا بانڈ سے بھی فائدہ ہوسکتا ہے۔ سفر حصول مقاصد کا باعث ہوگا ازدواجی امور کی انجام دہی محتاط روی سے کام کریں
تو بہتر ہوگا مگر زمین و جائیداد سے متعلقہ امور و معاملات حل ہوسکیں گے۔ ملازمتی فرائض کی باحسن بجا آوری سے مادی فوائد کی توقع رکھیں اس ہفتہ صحت سے
لاپرواہی طویل عدالت کا باعث ہوگی۔ ملازمتی امور کی بجا آوری کے دوران ماتحتوں سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے غفلت میں نقصان کا موجب ہونگے۔
(9 تا 16) اس ہفتہ سیارہ مریخ برج قوس میں داخل ہورہا ہے وہ قوسی افراد جو کہ بیرون ملک سفر کے خواہشمند تھے ان ایام میں اپنی **دیرینہ خواہش**
پوری کرسکتے ہیں۔ کوئی بھی کام شروع کرنے سے قبل گرد و پیش کے حالات کا جائزہ ضرور لگالیں ایسا نہ ہو کہ بعد میں پچھتانا پڑے۔ کچھ لوگ آپ کے ہمت
اور **حوصلہ کم** کرنے کی کوشش کریں گے۔ لیکن آج آپ ثابت قدمی سے اپنے مشن کی تکمیل کریں کسی کی باتوں پر دھیان نہ دیں۔ ان شاء اللہ فیصلہ
آپ کے حق میں ہوگا۔ وہ افراد جو کہ خاتون خانہ کے ظلم و ستم سے تنگ آچکے ہیں اب آپ قوت میں ہیں۔ اس کا قیام اِس برج میں 16 فروری تک رہیگا۔
(17 تا 25) زہرہ تسدیس مشتری کی سعد نظر کے تحت **بہت جلد خوشی** ملنے والی ہے جو محبت کے سلسلے میں ہوگی، یقین کیجئے کہ جو کچھ آپ کے
گھر میں ہے وہ آپ کیلئے بہتر ہے۔ دوسروں کے دل کو موہ لینے والے الفاظ پر نہ جائیں اگر آپ اس نصیحت پر کاربند رہے تو یقیناً آپ کی خوشی دیرپا ہو
گی۔ ان ایام میں کاروبار کی غرض سے کیا گیا۔ اس دوران نئے کام کی ابتداء انعامی اسکیموں میں حصہ لینا شیئرز، سونا چاندی کی خرید و فروخت فائدہ دے سکتی
ہے۔ تفریحی مقامات پر جانا آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ یکسانیت سے بچنے کے لئے تفریحی کا پروگرام بناسکتے ہیں۔ دوست اور دشمن کی پہچان رکھیں۔
(26 تا 31) فی الوقت آپ اس پوزیشن میں نہیں کہ ہر فیصلہ آپ کے حق میں ہو۔ الیکٹرانکس اور الیکٹرک اشیاء کی **خریداری** اس ہفتہ کرسکتے ہیں۔
گھر کے **برقی آلات** مرمت کروالیں۔ بے احتیاطی بڑا نقصان بھی دے سکتی ہے۔ لیکن ایک خوشی بھی آپ کو ملے گی۔ وہ شخص جو کہ آپ کے ساتھ
زندگی گزارنے کے لئے تیار ہے آپ کی توجہ کا طلبگار ہے۔ دوسروں کے معاملات میں نہ پڑیں تو زیادہ بہتر ہے۔ **سخت احتیاط** کی ضرورت ہے۔
فروری (یکم تا 8) آپ کے سالانہ حالات یونانی زائچہ کے مطابق بتائے جارہے ہیں اس سال آپ کے برج کا حاکم سیارہ مشتری حالت ہبوط
سے گزر رہا ہے اس کا یہ دور 02 تا 07 فروری ہے۔ اس نحس دور میں آپ کو بہت احتیاط کرنا ہوگی۔ ویسے بھی جب تک اس سیارے کا قیام برج جدی میں
ہے۔ آخر میں نحس ثابت ہوگا۔ 19 دسمبر کو یہ اپنا برج تبدیل کرے گا تو **امید** کی جاسکتی ہے کہ آپ کے سیارے کی یہ گردش ختم ہوجائے اور بہتر نظر آئے۔
(9 تا 16) سیارگان کی نشست کچھ ایسی ہے کہ کاروباری معاملات انعامی اسکیموں میں حصہ، شیئرز کی خرید و فروخت کیلئے اس سے اعلیٰ موقع آپ کو دوبارہ
نہیں ملے گا۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 31,36 ہے۔ قسمت آزمائی کرسکتے ہیں۔ قریبی عزیز یا بھائی کی جانب سے مالی نقصان کا خدشہ ہے۔ اخراجات میں کمی کر
کے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔ پیار و محبت کا سیارہ محبوب سے تعلقات استوار رکھنے کی جانب اشارہ دے رہا ہے یا وہ لوگ جو کہ ابھی رشتہ ازدواج میں منسلک نہ ہوئے۔
(17 تا 25) یہ ہفتہ قرض لینے اور دینے کیلئے غیر مناسب ہے کسی بھی قسم کا کسی بھی شخص سے قرض نہ لیں اور نہ ہی دیں۔ **جسمانی چوٹ** یا نقصان
کا اندیشہ ہے وہ افراد جو کہ **پیچیدہ امراض** میں مبتلا ہیں اپنا مکمل چیک اپ کروائیں اس ہفتہ اپنے برج سے متعلق صدقہ ضرور دیں کیونکہ اندیشہ
ہے کہ بیماری طول نہ پکڑ جائے خاص طور سے شوگر اور ہیپا ٹائٹس کے مریض اپنے مرض کی بہتری کیلئے خاص توجہ دیں۔ خواتین میں جنسی امراض بڑھ جانے کا
خدشہ ہے خصوصاً اس برج سے متعلق خواتین اپنے **جنسی مرض** کی صحت یابی کیلئے اقدامات کریں۔ یہ تمام اندیشے زہرہ مشتری تربیع کے تحت ہیں۔
(26 تا 29) اس ہفتہ کوئی اہم خوشخبری مل سکتی ہے۔ خدشات کو ذہن میں نہ آنے دیں کچھ لوگ بلاوجہ آپ کو پریشان کرنا چاہ رہے ہیں ان کی باتوں پر
ذرا توجہ نہ دیں۔ اس ہفتہ طبیعت میں بوجھل پن اور سستی رہیگی۔ مجالس و روحانی محافل میں شرکت کرنے سے تقویت ملے گی۔ کام کی زیادتی رہے گی لیکن
عبادت و ریاضت کی طرف بھی زیادہ توجہ ہوگی۔ گھریلو امور کو اس ہفتہ انجام دے سکتے ہیں کچھ لوگ نہیں چاہتے کہ آپ بہتر طریقہ سے اپنے نظام کو چلاسکیں۔ اپنے
معاملات میں کسی بھی شخص کو دخل اندازی کرنے کی اجازت نہ دیں۔ فضول اخراجات سے گریز کریں۔ دشمنوں پر نظر رکھیں بجائے اس کے کہ گھنٹوں سوچتے رہیں۔

ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات
کیپٹل نیوز ایجنسی، جی ٹی روڈ ھری پور ھزارہ 0314-9204421

مارچ (یکم تا 8) عملی کاموں کی طرف توجہ دیں تو زیادہ فائدہ حاصل کرسکیں گے۔ایسی مصروفیات سے دور رہیں جن میں آپ کو حاصل کچھ نہ ہو ورنہ مفت کی بدنامی ملنے کا اندیشہ ہے۔گھریلو حالات بہتر نہ ہونگے۔لیکن آپ کو بہت احتیاط کی ضرورت ہے اگر کوئی شخص آپ کی بات نہیں مانتا تو ضد اور بحث سے گریز کریں۔دیرینہ مرض دوبارہ سے پیدا ہوسکتا ہے اخراجات میں اضافہ کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔گھریلو معاملات خود بہتر طریقہ سے حل کرسکتے ہیں۔

(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس مشتری قائم ہورہی ہے۔اس نظر کے تحت قریبی عزیز آپ کے لئے پریشانیاں کھڑی کررہے ہیں خصوصاً وہ افراد جن سے آپ کا خونی رشتہ ہے آپ کو **خوشحال** نہیں دیکھنا چاہتے ہیں اس ہفتہ خلاف توقع کوئی رقم ملنے کی امید ہے۔شمس مشتری تسدیس کے اثرات مفت کی دولت ڈوبی ہوئی رقم وراثتی جائیداد کا حصول کی جانب اشارہ دے رہے ہیں۔کاروباری پوزیشن بھی بہتر رہے گی ان ایام میں کاروباری حالات بہتر رہیں گے نئی عمارت کی تعمیر مبارک ثابت ہوگی۔شیئرز جائیداد کی خرید وفروخت بھی فائدہ دیگی۔یہ ہفتہ آپ کے لئے کوئی نحس خبر بھی لاسکتا ہے۔

(17 تا 25) خوشی کی تقریبات میں جانے کا موقع ملے گا کچھ پرانی یادیں تازہ ہونگی جذبات کو کنٹرول میں رکھیں۔چہرے سے پریشانی کو ظاہر نہ ہونے دیں۔ان ایام میں بحث وتکرار سے گریز کریں۔مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔حالات تیزی سے بہتر ہورہے ہیں۔ **غلط فہمی** سے بچنے کیلئے خود معاملہ کی تہہ تک پہنچیں۔بہت سی نئی چیزیں آپ کے سامنے کھل کر آئینگی۔اس ہفتہ رکے ہوئے کاموں کی تکمیل کرلیں۔ملازم پیشہ افراد افسران بالا سے بنا کر رکھیں۔

(26 تا 31) خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہورہی ہے انعامی اسکیموں، لاٹری وغیرہ سے حتی الامکان گریز کریں آمدنی کے ساتھ ساتھ خرچ کی زیادتی کا امکان ہے۔مالی نقصان کا بھی خطرہ ہے اپنی اولاد کی صحت کا بھی خاص خیال رکھیں کاروبار میں خیر وبرکت رہے گی۔اس ہفتہ اگر کہیں سے روپیہ وصول کرنا ہے تو تاخیر کے لیے تیار رہیں قریب قریب خاص طور پر محتاط رہیں اگر جلد بازی کی تو مشکل میں پھنس جائیں گے۔قیمتی اشیاء کی چوری کا اندیشہ ہے یا بزرگوں سے اختلاف قائم ہوسکتا ہے لڑائی جھگڑا بھی بڑھ سکتا ہے۔ایسے معاملات سے نبٹنے کیلئے ہفتہ کے دن صدقہ اور بزرگ سے دعا کروائیں تاکہ نقصان نہ ہو۔

اپریل (یکم تا 8) ان ایام میں زہرہ مشتری تسدیس قائم ہورہی ہے۔ان ایام میں خواتین کو اچانک رقم مل سکتی ہے یا وہ لوگ جو انعامی اسکیموں میں حصہ لینے ہیں کسی خاتون کے نام سے حصہ لیں تو انہیں باآسانی کامیابی مل سکتی ہے۔آمدنی میں اضافہ ہوگا۔عشق ومحبت کے معاملات بگڑ سکتے ہیں۔اپنی صحت کا خیال رکھیں۔انعامی اسکیموں میں حصہ لینے والے افراد کے لئے یہ ہفتہ مبارک ثابت ہوگا۔بہت سی تبدیلیاں اس ہفتہ متوقع ہیں۔سونا چاندی کا کاروبار کرنے والے حضرات بھی اس ہفتہ خوب پیسہ کما سکیں گے۔شیئرز کی خریداری کیلئے بہترین تاریخیں یکم تا 07 اپریل ہے۔اپنی صحت کا خیال رکھیں کوئی مرض بھی ہوسکتا ہے۔

(9 تا 16) کسی دوسرے کو بھی بولنے کا موقع دیں بلاوجہ حد سے زیادہ بولنا آپ کے لئے بہتر ثابت نہ ہوگا۔قرض لینے یا دینے کے لئے یہ دن اچھے نہیں معاشرہ میں آپ کی عزت ہے بہتر ہے کہ اگر آپ اس عزت کو برقرار رکھیں۔لیکن اپنی ہی غلطی کی وجہ سے چند مسائل کھڑے کرلیں گے۔ذمہ داریوں کو بڑے سلیقہ سے نبھائیں ورنہ لینے کے دینے پڑ سکتے ہیں۔شادی شدہ افراد کے لئے یہ ہفتہ نحس ثابت ہوسکتا ہے۔صحت کے لحاظ سے یہ ہفتہ اچھا ثابت نہ ہوگا۔

(17 تا 25) اس ہفتہ شمس مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔اپنی قوت اور دائرہ اختیار کو بڑھانے اور مقبولیت کے لئے اعلی عہدوں پر فائز لوگوں سے ملیں۔دوسروں کی رہنمائی کریں،ایسے ادارے جو کسی ادارے کے متعلق ہوں **عملی اقدام** کرنا مفید ہے۔ان ملازمین سے جو آپ کی پوزیشن کے ہوں۔اعلی طبقہ کے لوگ،حکام اعلی سے ملنا کامیابی لائے گا۔یاد رہے کہ نچلے درجے کے لوگ بھی اس وقت آپ کو شدید نقصان دے سکتے ہیں ہر ایک پر نگاہ رکھیں۔

(26 تا 31) عطارد تربیع مشتری کی نحس نظر ہے۔ان ایام میں جادوئی حملے ہوسکتے ہیں جس میں آپ کو تباہ وبرباد کیا جاسکتا ہے مالی نقصان بھی متوقع ہے کاروبار بند کرنا یا آپ کے دل ودماغ پر **خوف دہشت** مسلط جیسے اقدامات کئے جاسکتے ہیں۔خصوصاً رقم کا لین دین ان ایام میں نہ کریں۔اس نحس نظر کے تحت حوصلہ مندی سے حالات کا مقابلہ کریں مضبوط قوت ارادی کی وجہ سے آپ پیچیدہ مسائل سے نکل سکتے ہیں۔ایسے افراد جو کہ عدالتی معاملات میں الجھاؤ کا شکار ہیں اس ہفتہ انہیں ناکامی کا اندیشہ ہے۔اگر آپ نے کسی کو اس دوران قرض دیا تو واپس نہ ملے گا بلکہ واپسی کا مطالبہ کرنے پر لڑائی جھگڑا پیدا ہوجائیگا۔

مئی (یکم تا 8) ضرورت سے زیادہ کام اور تھکن میں چڑچڑاپن آسکتا ہے۔اپنے کام کی طرف مکمل توجہ دیں لیکن ایک حد میں رہ کر۔زندگی کے لطیف پہلو اور سیر وتفریح پر منفی اثرات پڑیں گے۔لڑائی جھگڑے سے بچیں سسرالی رشتہ داروں سے دور رہیں تو آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔ملازم پیشہ افراد اس ہفتہ من پسندیدہ مقام پر تبادلہ کی کوشش کریں گے تو انہیں خاطر خواہ کامیابی نہ مل سکے گی۔محبت کے معاملات سے متعلق سیاران دنوں نحس اثرات سے گزر رہا ہے

(9 تا 16) ان ایام میں طبیعت **غم و غصہ** پر قابو پانے کی اشد ضرورت ہے۔دوسروں سے معاملات طے کرتے وقت جذبات کا مظاہرہ نہ کریں ورنہ بنتے کاموں میں رکاوٹیں حائل ہونگی۔کوئی نیا کام خود کرنا تو نفع بخش ثابت ہوگا مگر وہی کام کسی عزیز کی شرکت سے کریں گے تو انجام کار نقصان دہ ثابت ہوگا۔قرضدار کا قرضہ صالح نیت کے تحت بھی ادا نہ ہوسکے گا اور نہ ہی **قرض خواہ** اپنے مقروض سے کچھ وصول کرسکے گا۔اس ہفتہ کے آخری ایام میں معاملات **عشق و حسن** پروان چڑھیں گے۔محبوب سے توقعات پوری ہونگی۔اس ہفتہ یہ سب حالات عطارد مشتری تثلیث کے زیر اثر ہونے کا امکان ہے۔

الکریم نیوز ایجنسی، کچہری بازار اوکاڑہ 0345-7526419 روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

(17 تا 25) اس ہفتہ شمس تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ یہ سلسلہ ملازمت ترقی کے امکان ہیں۔ تعلیم کے دوران مایوسی رہے گی اس کے بعد کسی **وسیلہ** سے آگے بڑھنے کا موقع ملے گا۔ اپنی کوشش جاری رکھئے بفضلِ الٰہی آپکو اسی سال مطلوبہ شعبے میں داخلہ مل جائے گا۔ غیر ملکی سفر کا پروگرام اگر بنائیں تو بہتر نتائج برآمد ہوں گے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینا فائدہ مند ثابت ہوگا۔ صاحب علم فرد سے مل کر اس نایاب قوت میں اپنے لئے خاص لوح تیار کروا سکتے ہیں۔

(26 تا 31) گذشتہ ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ **مشتری رجعت پذیر** ہوا اس کی رجعت 13 ستمبر تک رہے گی اور ان دنوں میں اس کا قیام برج جدی میں ہے یہ رجعی حالت اسی برج میں ختم ہو رہی ہے۔ 13 ستمبر سے قبل قیمتی اشیاء الیکٹرک الیکٹرونکس، اسٹاک ایکسچینج، شیئرز، جائیداد کی خرید و فروخت نقصان دہ سکتی ہے۔ اس دوران مالی معاملات میں خرابی بڑھ جانے کا امکان ہے قرض دینے سے گریز کریں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ نہ لیں۔

جون (یکم تا 8) اس ہفتہ کی 5 تاریخ آپکے لئے نہایت اہم ہے ویسے بھی مکمل طور پر یہ ہفتہ نحس ثابت ہوسکتا ہے مگر اولاد بھائیوں سے تعلقات، سفر اور والدسے منسوب سیارہ آپکے برج میں گرہن کی نحوست سے گزریگا یہ گرہن 5 جون کو ہو رہا ہے۔ جنتری ہذا میں گرہن کے اوقات دیکھیں ان اوقات سے قبل گرہن سے متعلق احتیاط کریں صدقہ و خیرات کا خصوصی بندوبست کریں۔ یہ **قمری گرہن** آپکے لئے نحس ثابت ہوسکتا ہے۔ گرہن کے آغاز سے قبل غسل کریں 2 رکعت نماز خسوف ادا کریں۔ اپنے اسم اعظم کا ورد کریں اگر گھر میں کوئی حاملہ خاتون ہے تو اُسے ضرور اس گرہن کے بارے مطلع کریں۔

(9 تا 16) ذمہ داریاں آپ کے کاندھوں پر ہیں آپ بخوبی ان کو حل کر سکتے ہیں۔ گھبراہٹ کچھ غلط کرنے سے گریز کریں۔ تحمل مزاجی آپ ہی کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگی۔ کچھ کوا کب آپ کے حق میں نہیں ہیں لیکن اپنے معیار کو برقرار رکھیں کمزوری کو ظاہر نہ ہونے دیں چہرے کے تاثرات اطمینان بخش رکھیں۔ ضروری بھی نہیں کہ ہر شخص آپ کی بات مانے۔ قیمتی اشیاء کی چوری ہوجانے کا اندیشہ ہے آپ کو احتیاط کی ضرورت ہے۔ گھر سے نکلتے وقت احتیاط کرنا بہتر ہے۔

(17 تا 25) آپ کے برج کا حاکم سیارہ طویل گردشی سے نکل چکا ہے یہ وہ وقت ہے جب آپ اپنی بہتری کی طرف آ رہے ہیں لوگوں کی باتوں پر توجہ نہ دیں وقت کے ساتھ سب کچھ ٹھیک ہوجائیگا۔ ازدواجی الجھنوں کا امکان ہے۔ شادی کے سلسلہ میں رکاوٹ ہوسکتی ہے۔ لاپرواہی ہرگز نہ کریں چوری بھی ہو سکتی ہے۔ اس ہفتہ اگر کھانسی نزلہ یا زکام کی شکایت ہو تو بہتر معالج سے فوری علاج شروع کروائیں۔ ورنہ بیماری دیر سے ختم ہوگی۔ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔

(26 تا 30) ایک قریبی شخص آپ کو بے وقوف سمجھ کر نقصان دینا چاہتا ہے۔ ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے گرد و پیش کا جائزہ لیں۔ ملازمت میں کوئی گڑبڑ ہو سکتی ہے۔ افسران بالا تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں تا حال آپ کے برج کا حاکم سیارہ رجعت میں ہے نئی پریشانیوں کا سامنا ہوسکتا ہے۔ عزیز و اقارب کی جانب سے رقم کا تنازعہ ہوسکتا ہے ان دنوں نزلہ کھانسی یا سانس کے امراض پیدا ہونے کا خطرہ ہے صاحب اولاد حضرات کو اولاد کی طرف سے شکایت موصول ہوسکتی ہے۔ شریک حیات کی جانب سے روحانی سکون حاصل ہوگا۔ دوستو سے فائدہ ملنے کا امکان ہے لیکن اولاد کی طرف سے مایوسی ہوگی۔

جولائی (یکم تا 8) مذہب کے بارے میں مختلف وہمات ذہن میں آسکتے ہیں یہ بھی ممکن ہے کہ مذہب سے دوری اور عبادت ریاضت میں کمی ہو لیکن مستقل مزاجی سے آپ معاملے کو بہتر طور سے حل کر سکتے ہیں۔ اس ہفتہ آپ کے جذبات میں شدت آسکتی ہے۔ ملازمہ پیشہ افراد کی ترقی کے امکانات روشن ہیں اخراجات میں اضافہ رہے گا۔ مفت کی دولت ملنے کا امکان ہے۔ ان ایام میں سفر نہ کریں تو بہتر ہے **صحت بہتر** ہوسکتی ہے اس ہفتہ کسی دوست کی جانب سے خوشی کی خبر ملے گی لیکن دوسری جانب ایک دوسرا دوست ہے آپ سے جدا بھی ہوسکتا ہے۔ کسی بھی شخص سے اختلافات کرنا آپ کے لئے بہتر نہیں ہے۔

(9 تا 16) طالب علموں کو جزوی کامیابی مل سکتی ہے۔ دوران گفتگو الفاظ میں نرمی پیدا کریں۔ گھریلو ماحول تنگی کا شکار رہیگا صحت بھی خراب ہوسکتی ہے۔ کسی عزیز کے ہاں سے **صدمہ** کی خبر آسکتی ہے۔ دوران سفر احتیاط کریں یہ بھی ممکن ہے کہ ان دونوں دور سے آیا ہو مہمان کا قیام آپ کے گھر پر ہو قیمتی اشیاء کا خیال رکھیں۔ ظاہری ہمدرد پر اعتبار نہ کریں دھوکہ بھی ہوسکتا ہے۔ عزیز و اقارب کی جانب سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ بدنامی کا خدشہ ہے گھریلو الجھنوں میں اضافہ ہوسکتا ہے

(17 تا 25) یہ ہفتہ آپ کے لئے نحس ثابت ہوسکتا ہے بھی ممکن ہے کہ اس دوران آپ کی صحت خراب ہو یا آپ زخمی ہوجائیں۔ ابھی سفر ہرگز نہ کریں۔ بڑی عمر کے لوگوں سے اختلافات ہوسکتا ہے۔ اس ہفتہ کی آغاز بھی اچھا نہ ہوگا۔ طبیعت میں **مایوسی** کا عنصر غالب رہے گا افسردگی رہے گی۔ یہ ہفتہ انعامی اسکیموں شیئرز یا جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے بالکل غیر موافق ہے آپ ایسی سرگرمیوں سے اجتناب کریں جہاں پر سرمایہ خرچ ہوتا ہے فی الوقت خاموشی سے سلسلہ کو جاری رکھیں۔ اس ہفتہ والدہ کی صحت خراب ہوسکتی ہے۔ دماغ پر فضولیات اور بلاوجہ کے خیالات کی بھرمار نہ ہونے دیں۔ معاملات مزید بگڑ سکتے ہیں۔

(26 تا 31) ان ایام میں اپنی ناکامی کو کامیابی میں بدلنے کے لئے انہیں چاہئے کہ 05 اناج کا صدقہ دیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے والے خواہشمند افراد قسمت آزمائی نہ کریں۔ جو بات نرم رویہ سے حل ہو جائے اُسے سختی سے کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ عمرہ اور زیارت کے خواہشمند حضرات کی اس ہفتہ خواہش پوری ہوسکتی ہے۔ آپ اس ہفتہ اپنے مخالفین کے سامنے کمزور ہیں اور انہیں صلح پر آمادہ کرنے کی کوشش کریں۔ ملازم پیشہ افراد یا گھر کے سربراہ کوشش کریں کہ کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر نہ لیں ورنہ ان کی سابقہ محنت رائیگاں جاسکتی ہے۔ ان ایام سیارگان کی گردش عطارد مقابلہ مشتری قائم ہے۔

سلطانی نیوز ایجنسی، پرانا اڈا لاریاں چکوال 0334-8761952 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

اگست (یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ یہ ایام آپ کیلئے نحس ثابت ہو سکتے ہیں قیمتی اشیاء کی چوری کا اندیشہ ہے یا بزرگوں سے اختلاف قائم ہو سکتا ہے لڑائی جھگڑا بھی بڑھ سکتا ہے۔ ایسے معاملات سے نبٹنے کیلئے ہفتہ کے دن صدقہ اور بزرگ سے دعا کروائیں کہ نقصان نہ ہو۔ لاپرواہی یا جلد بازی سے بنا ہوا کام بگاڑ لیں گے۔ اچانک بڑی تبدیلی رونما ہو سکتی ہے۔ خوشخبری بھی مل سکتی ہے اظہار محبت کیلئے یہ وقت بہتر ہے چند نئے رستے نظر آئینگے کاروبار کو فروغ دے سکتے ہیں۔ اس ماہ آپ کے ستارے کمزور حالت میں ہیں لیکن اس ہفتہ ان ستاروں کی کمزوری میں بہت اضافہ ہوگا۔

(9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ مقابلہ مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ نظر کے تحت نظام ہضم میں خرابی پیدا ہو سکتی ہے۔ چوری کا اندیشہ ہے قیمتی اشیاء سنبھال کر رکھیں۔ سفر پر جانے سے قبل دروازے اور تالے اچھی پڑتال کرلیں۔ کسی پر **اعتبار** کرنا نقصان کا باعث ہو سکتا ہے۔ قریبی عزیز یا بھائی کی جانب سے مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ آپ کے کسی قریبی رشتہ دار یا پھر انتہائی راز دار قسم کے دوست پر اسکی کسی غلطی کی بنا پر مقدمہ بھی قائم ہو جائے گا۔ ممکن ہے کہ وہ آپ پر بھی محض اپنے بچاؤ کے لئے جھوٹا الزام لگا دے۔ اگر آپ اپنی صلاحیتوں سے کام لے کر اس سارے چکر کو فوری ہی ختم کر دیں۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 2.7 ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ کا آغاز کچھ اچھا نہ ہوگا۔ **بے احتیاطی** نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ اس دوران کوئی نیا کام شروع نہ کریں اور معاہدے، عدالتی، امور، رقم کا لین دین بگڑے ہوئے معاملات اور اسی نوعیت کے دیگر امور میں سخت احتیاط برتیں۔ آخری ایام میں اس ہفتہ عطارد تسدیس مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس ہفتہ آپ کے لئے ہلکے رنگ کا لباس پہننا بہتر اور مفید رہے گا۔ زیادتی نقل و حرکت سے گریز کریں اور غذائی پرہیز کریں اندرون خانہ ہر طرح سے خیر و عافیت رہے گی۔ اس ہفتہ معقول رقم ہاتھ آسکتی ہے۔ جس کو آپ اپنے کاروبار میں لگا کر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ مالی طور پر بھی فائدہ ہو سکتا ہے۔

(26 تا 31) ان ایام میں ذہنی طور پر بہت الجھے رہیں گے۔ لیکن آپ کو چاہئے کہ اس وقت جو بھی فیصلہ کریں بہت سوچ سمجھ کر کریں غلطی کا امکان نہ رہے۔ مقدمہ میں ناکامی کا اندیشہ ہے بہتر ہے کہ اپنی چھپی ہوئی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ھاری ہوئی بازی کو جیت جائیں۔ تعلیمی کامیابی ممکن ہے۔ محبوب سے ملاقات کیلئے یہ ایام بھی کچھ بہتر ہیں۔ اور ان کی توجہ آپ کی جانب رہے جسمانی صحت کا خیال رکھیں۔ پر اعتماد کی فضا قائم کرنے کے لئے آپ کو کچھ تبدیلیاں لانی ہونگی۔

ستمبر (یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد تسدیس زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے جس کے قوی اثرات یکم تا 04 ستمبر رہینگے۔ ان ایام میں خاص کر **طالب علم** کو اپنی تعلیم پر خاص توجہ دینی پڑیگی۔ کوئی بگڑا ہوا کام بن سکتا ہے۔ اپنے حق میں بزگوں سے دعا کروانا فائدہ مند ثابت ہوگا اور **ناراض** رشتہ داروں کو منانے کا اچھا وقت ہے۔ کاروباری نقطہ نظر سے اگر آپ کے پاس **بزرگ ملازمین** ہیں تو اُنکا خاص خیال رکھیں یا کسی بزرگ کی مالی مدد کریں تو بگڑے ہوئے کام سدھر سکتے ہیں۔ یہ وہ وقت ہے کہ ایک کمزور دشمن بھی آپ پر حاوی ہو سکتا ہے۔ بڑی عمر کی عورتوں سے رومانس کرنا تو اچھی بات نہیں یہ الگ بات ہے کہ اگر وہ آپ کو پسند کریں۔

(9 تا 16) یہ ہفتہ آپ کو کاروباری نقصان سے دوچار کر سکتا ہے۔ حوصلہ بلند رکھیں اپنے برج کے مطابق **صدقہ دیں** اور اسم الٰہیٰ کا ورد جاری رکھیں یقیناً اس **مشکل وقت** سے باہر نکل آئیں گے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کا ذہن اسے تسلیم کرتا ہے یا نہیں اس ہفتہ شمس تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت کاروبار میں ترقی **آمدنی** میں اضافہ ہوگا۔ اپنے کاروبار کو ترقی دینے کیلئے آپ جو بھی طریقہ اپنائیں گے کامیابی ہوگی۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے۔ اپنے مقصد پر **یکسوئی** رکھیں۔ وقار بلند رکھیں۔ بلاوجہ گفتگو سے پرہیز کریں۔

(17 تا 25) آپ کے برج کا حاکم سیارہ ان ایام میں نحس حالت سے گزر رہا ہے لہذا انعامی اسکیموں یا نئے کاروبار کے آغاز یا کسی کو قرض دینے یا لینے کے لئے یہ مناسب وقت نہ ہے اس ہفتہ **قیمتی اشیاء** کی چوری کا بھی اندیشہ ہے بہت زیادہ احتیاط کرنا ہوگی۔ وہ افراد جو کہ بیرون ملک سفر کے خواہشمند تھے اس ہفتہ اگر اُنکو اسکے متعلق کوئی خبر آتی ہے تو وہ اچھی نہ ہوگی۔ اندرن ملک دوران سفر محتاط رہیں۔ ان ایام سیارگان کی گردش عطارد تربیع مشتری قائم ہے۔

(26 تا 30) گذشتہ ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ مشتری برج جدی میں **حالت مستقیم** اختیار کر رہا ہے۔ رُکے ہوئے معاملات بہتری کی جانب آنا شروع ہو جائینگے۔ لیکن احتیاط کی اب بھی ضرورت ہے کیونکہ آئندہ دو ہفتہ تک اب بھی خطرے سے آپ باہر نہیں نکلے۔ قرض لینے یا دینے کیلئے اچھا وقت نہیں ہے۔ احتیاط بہتر ہے۔ اپنی طاقت کھونے کے بعد یہ سیارہ سابقہ قوت پر بحال ہوگا۔ اس کی استقامت کے ثمرات اسی ہفتہ ملنا شروع ہو جائینگے۔

اکتوبر (یکم تا 8) کسی عزیز کی جانب سے یا کسی قریبی دوست سے دکھ مل سکتا ہے آپ کے ساتھ دھوکہ کیا جا رہا ہے نہایت احتیاط کرنی ہوگی اس ہفتہ آپ کے سیارے اچھی حالت میں نہیں ہے۔ احتیاط سے کام لیں۔ شریک حیات سے کسی بات پر اختلافات ہو سکتا ہے اگر فوری طور پر معاملہ کو نہ سنبھالا تو نقصان آپ کا ہے۔ غلطیوں سے سبق سیکھیں اور کوشش کریں کہ آئندہ اس قسم کی غلطی نہ ہو۔ گھریلو ماحول کو بہتر بنانے کے لئے اپنے مزاج کو تبدیل کریں۔

(9 تا 16) رویہ میں تبدیلی لائیں سخت مگر بے جان چیز کو بھی موڑنے کی کوشش کی جائے تو وہ بھی ٹوٹ جاتی ہے۔ اپنے آپ کو احساس برتری سے نکالیں۔ کسی دوسرے کو حقیر نہ سمجھیں۔ حالات بہتری کی طرف آرہے ہیں طبیعت میں سے غصہ کا عنصر کم کریں ورنہ آئندہ کی کامیابی کو آپ ناکامی میں تبدیل کر بیٹھیں گے قوت ارادی مضبوط کرلیں۔ مخالفین آپ پر غلبہ پا سکیں یاد رکھیں کہ کچھ لوگ آپ کو نیچا دکھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ سیاہ لباس کا استعمال نہ کریں۔

دولت خان نیوز ایجنٹ، چشتیاں 0308-7252045 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

(17 تا 25) اس ہفتہ زہرہ تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ بہت جلد خوشی ملنے والی ہے جو محبت کے سلسلے میں ہوگی، یقین کیجئے کہ جو کچھ آپ کے گھر میں ہے وہاں آپ کے لئے بہتر ہے۔ دوسروں کے دل کو موہ لینے والے الفاظ پر نہ جائیں اگر آپ اس نصیحت پر کاربند رہے تو آپ کی خوشی دیرپا ہوگی۔ تزئین و آرائش کی کاموں میں دلچسپی رہے گی۔ کاروباری حالات بہتر رہیں گے۔ تنہائی سے نکلیں اور دوستوں میں وقت گزاریں۔ اس ہفتہ سفید رنگ مبارک ہوگا۔

(26 تا 31) اگر اولاد جوان ہے تو اس سے مشورہ ضرور کریں ضروری ہی نہیں کہ بڑی عمر کے لوگ آپکو درست مشورے دیں۔ مخلص دوستوں سے مشورہ کرنا آپ کے حق میں بہتر ہے۔ زائچہ میں بچوں کی جانب سے بہتر لائحہ عمل پیش کرنے کی نشانی موجود ہے۔ بیرون ملک سفر کے خواہاں افراد کو خاطر خواہ کامیابی نہ ملے گی۔ بلکہ مزید معاملات خراب ہونگے۔ بیرون ملک سفر کے خواہاں افراد کوشش کر کے سفر کر بھی لیں تو ناکامی ہوگی ہوسکتا ہے کہ واپس خالی ہاتھ آنا پڑے۔

نومبر (یکم تا 8) قریبی عزیز کو ادھار رقم ہرگز نہ دیں کوشش کریں کہ سابقہ دی گئی رقم یا قرض واپس مل جائے اگر اس دوست سے آپ نے رقم کی واپسی کا تقاضا نہ کیا تو یاد رکھیں آئندہ کئی ماہ تک آپ کو وہ رقم نہ ملے گی۔ دوستوں کی جانب سے بدنامی کا خدشہ ہے۔ گھریلو ماحول تنگ رہیگا ایسا محسوس ہوگا کہ جیسے آپس کی پیار محبت ختم ہو چکی ہے۔ شک و شبہ کو دل میں جگہ نہ کرنے دیں۔ ملازمت میں ترقی نہیں ہے۔ مقدمہ میں کامیابی نہیں ملے۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 6 ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تربیع مشتری کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ رہائش کی تبدیلی ممکن ہے یا مکان کی مرمت کروا سکتے ہیں۔ ان دنوں خرید و فروخت سے گریز کریں۔ کوئی اہم کام شروع کرنے سے پہلے گواہ ضرور بنالیں ورنہ نقصان ہونے کی صورت میں تمام ملبہ آپ کے سر ڈال دیا جائیگا۔ ایسے اقدام اسے جو ذاتی ارادوں کو سہارا نہ دیں درگزر نہ کریں اگر کوئی معاملہ درپیش ہو تو تحریری دستاویزات کو درمیان میں لائیں ورنہ بات چیت یا فیصلہ بالآخر لڑائی پر ختم ہوگا۔ لیکن اس کے باوجود بھی آپ ان سب پر غالب ہیں۔ گھبراہٹ اور پریشانی کی وجہ سے عجیب ماحول رہیگا۔ ذہن میں نئے خیالات اور خوابوں کی بھرمار رہے گی۔

(17 تا 25) اس ہفتہ مصروفیات میں اضافہ ہوگا عمل میل جو بڑھے گا با مقصد نوعیت کی سرگرمیاں بھی رہینگی۔ ایسے لوگ جن کا آپ سے قریبی تعلق ہے۔ **فائدہ** پہنچ سکتا ہے۔ گرما گرم بحث اور تکرار سے اجتناب کریں۔ مشہور ہے کہ انسان **غصہ** کی حالت میں ہی پہنچانا جاتا ہے کچھ لوگ آپ سے متعلق غلط افواہیں پھیلا رہے ہیں اپنے ارادے کو جاری رکھیں کئی کوئی **جھول** نہ آنے دیں۔ جذبات میں آکر آپ اپنا ہی نقصان کر بیٹھتے ہیں آپ کے لئے خوشخبری ہے کہ ایک طویل عرصہ جو کہ مایوسی اور احساس کمتری میں گزرا اب بہتری کی طرف آرہے ہیں۔ طبیعت میں بے چینی رہیگی اپنے منصوبوں کو تکمیل کی جانب لے جائیں۔

(26 تا 30) ایک دشمن آپ کے تعاقب میں ہے نقصان دے سکتا ہے۔ نفع بخش کاروبار ثابت ہوگا اخراجات میں زیادتی کی وجہ سے پریشانی ہوسکتی ہے۔ اس ہفتہ کاروباری شریک اور شریک حیات کی مالی حالت کو بہتر بنانے کے لئے موافق ہے۔ ایک تعلق کسی خفیہ کمزوری کو منظر عام پر لائے گا یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ برج سے متعلق تمام سیارے چاہئے وہ موافق ہوں یا غیر موافق آپ کی اپنی قوت ارادی ہمیشہ رد بدل رہے گی اس کو استعمال کر کے اپنے خوش قسمت یا بدقسمت دونوں قسم کے اثرات کا بخوبی مقابلہ کر سکیں گے۔ اہم ذاتی تعلقات میں اہم تبدیلیاں آئے گی۔ یہ ہفتہ عطارد مشتری تسدیس کے تحت گزرے گا۔

دسمبر (یکم تا 8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات یکم تا 05 دسمبر رہیں گے۔ ان ایام میں احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ بزرگ خواتین سے دعا کروانے سے ایک مسئلہ حل ہوسکتا ہے۔ بے روزگار افراد کو روزگار حاصل ہوسکتا ہے۔ مستقبل میں بہتر زندگی گزارنے کیلئے ایک اچھا اور بہتر موقع آپ کے ہاتھ آئیگا۔ آپ یہ موقع کسی صورت ہاتھ سے جانے نہ دیں۔ دوست احباب میں آپ کی عزت میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہو رہی ہے اس نظر کے تحت ان ایام میں خواتین کو اچانک رقم مل سکتی ہے یا وہ لوگ جو انعامی اسکیموں میں حصہ لیتے ہیں کسی خاتون کے نام سے حصہ لیں تو انہیں باآسانی کامیابی مل سکتی ہے۔ قانونی نوعیت کے کام کرنے کیلئے یہ ہفتہ بہترین ہے لیکن 13 دسمبر کے بعد آپکو بہت زیادہ محتاط رہنا ہوگا کیونکہ 14 دسمبر کو آپکے برج میں عزت مال و دولت کا سیارہ بادشاہ فلک شمس گرہن کی کیفیت سے گزر رہا ہے اس دوران مالی نقصان ہوسکتا ہے۔ گرہن کے وقت نماز کسوف ادا کریں چاول اور سوجی کا صدقہ دیں۔ اپنے نام کے اسم اعظم کا ورد کرتے رہیں تا کہ نحوست سے بچا جا سکے۔

(17 تا 25) سیارہ مشتری برج دلو میں داخل ہو رہا ہے۔ یہ وہ وقت ہے جب آپ سب کچھ کر سکتے ہیں کیونکہ کہ آپ سخت اور مشکل وقت گزار چکے ہیں۔ ایک مشکل ترین دور سے گزرنے کے بعد خوش بختی میں داخل ہو چکا ہے جہاں پر اسے بہت وقت ملے گا۔ اب آپ اپنے رُکے ہوئے کاموں کا انجام دے سکتے ہیں خاص طور سے وہ امور جو کہ بیرون ملک سفر سے متعلق تھے۔ صحت مند زندگی گزارنے کے لئے اپنے ڈاکٹر کی ہدایت پر عمل کریں۔ لکی عدد 311 ہے۔

(26 تا 31) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مشتری اپنے سعد خانہ برج دلو میں ہے یہاں اس کی موجودگی بہت سی **خوشخبریوں** کی طرف اشارہ دے رہی ہے **حالات تیزی** سے بہتری کی جانب آنا شروع ہو گئے ہیں۔ وراثتی جائیداد سے حصہ لینے کی قوی امید ہے عرصہ سے رکا ہوا ایک مسئلہ بھی حل ہونے کی جانب اشارہ ہے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ لیکن اتنا بھی نہیں کہ **لالچ** میں سب کچھ لٹا کر بیٹھ جائیں۔ یہ ایام آپ کے حق میں جا رہے ہیں۔ احتیاط کرلیں ایک دبا ہوا مسئلہ دوبارہ سے سر اٹھائے گا۔ مخالفین کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔ بگڑے ہوئے معاملات مزید بگڑ سکتے ہیں۔

ملک نوید نیوز ایجنٹ کمالیہ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ 0305-9720805 روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

CAPRICON

تاریخ پیدائش:۔20دسمبرتا20جنوری | نام کا سرحرف:۔ج،خ | موافق دن:۔ہفتہ | حاکم سیارہ:۔زحل

جدی

خاصیت:۔خوداعتماد،غیرت مند،دلکش

نقائص خصلت:۔خودغرض،حد سے زیادہ خوداعتمار

امراض:۔دانتوں کے امراض،اعصابی تناؤ،جلدی امراض

موافق عدد:۔8

موافق رنگ:۔نیلا،سیاہ،جامنی،آتشی

موافق پتھر:۔سفید عقیق،چشم سلیمانی،نیلم

جنوری (یکم تا 8) یہ بھی ممکن ہے کہ کسی جانب سے آپ اس دوران **نظر بد کا شکار** بھی ہوسکتے ہیں بہتر یہی ہے کہ خاموشی سے اپنے کام کوانجام دیں۔ہوائی قلعے بنانے سے بہتر ہے کہ آپ ان دنوں عملی کام کریں۔یکے بعد دیگر دل میں یہ خیال آتا رہے گا کچھ ہونے والا ہمیشہ مصروف رہیں اکیلے رہنے میں آپ ہی کا نقصان ہے۔پست حوصلوں سے جینا کوئی جینا نہیں لوگ کیا کرتے ہیں۔اس پر دھیان نہ دیں لیکن اس وقت میں بداخلاقی سے گریز کریں۔

(9 تا 16) عطارد کا تعلق علم قلم اور عمل سے ہے۔جبکہ زحل کو روحانیت کا سیارہ کہتے ہیں۔کسی بزرگ سے دعا کرنے پر آپ کی مشکل حل ہوگی۔دوردراز کا سفر پیش آسکتا ہے۔مصیبت اور پریشانی کے خاتمہ کیلئے گھر میں پرندے رکھیں۔بدھ کے دن اپنے ہاتھ سے باجرہ دیں۔موجودہ وقت میں **مصیبت صدقہ** کی برکت سے ٹل سکتی ہے۔قریبی بزرگ سے رابطہ کریں اور خاص طور سے دعا کریں ان کی خدمت کا موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں۔یہ عطارد زحل قران اپنے نحس اثرات ظاہر کریگا۔پریشانیوں اور مصیبتیں دن بدن آپ کے نزدیک آتی جارہی ہیں دیگر آپ کے برج کا حاکم سیارہ نحس درجات سے گزر رہا ہے۔

(17 تا 25) ان ایام میں زحل قران شمس قائم ہورہی ہے۔**شراکت داری** سے فائدہ ہوگا۔مالی معاملات خود اپنے ہاتھ میں رکھیں۔رقم کا حساب کتاب اچھی طرح جانچ پڑتال کریں۔**لاپرواهی** مالی نقصان دے سکتی ہے اخراجات میں بھی اضافہ ممکن ہے۔یہ نحس ترین وقت ہے کوئی بھی فیصلہ کرنے سے پہلے خوب سوچ سمجھ کرلیں مالی نقصان کو اندیشہ ہے ان ایام میں چوری بھی ہوسکتی ہے۔گھر سے باہر جانے سے قبل اپنی قیمتی اشیاء کو سنبھال کر رکھیں۔

(26 تا 31) آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا۔ایک شخص آپ کو مالی دھوکہ دینا چاہ رہا ہے احتیاط کرنی چاہئے۔وہ خودغرض آپ کے نزدیک ہی سے اپنے لفظوں میں تناؤ پیدا کریں کمزور لہجہ میں کی گئی گفتگو آپ میں مزید کمزوریاں پیدا کریگی۔اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کریں ورنہ بعد میں پچھتاوے کے کچھ ہاتھ میں نہ آئیگا۔اگر سفر کا ارادہ ہے تو یہ ہفتہ آپ کے لئے بہترین ہے کامیابی مل سکتی ہے۔صاحب اولاد حضرات بچوں کی جانب خاص توجہ دیں۔والدہ یا قریبی بزرگ سے خصوصی طور پر اپنے حق کے لئے دعا کروائیں۔ان کے اٹھے ہوئے ہاتھوں میں آپ کے لئے وہ انعامات،برکات،تجلیات ہیں جو کہ آپ کے لئے سرمایہ افتخار ہیں۔

فروری (یکم تا 8) اس ہفتہ زہرہ تسدیس زحل کی سعد نظر قائم ہورہی ہے جس کے اثرات ظاہر ہورہے ہیں۔مالدار خواتین سے تعلقات قائم رہیں تو اس ہفتہ مالی فائدہ بھی ممکن ہے۔اپنی شان دار شخصیت کی بدولت **نئے تعلقات** سے فائدہ اٹھائیے۔گھریلو ماحول بہت خوشگوار رہیگا۔خوشی کی تقریب کرنے کیلئے یہ دن اچھے ہیں۔عزیز واقارب کے ساتھ کوئی تقریب منعقد کرسکتے ہیں۔خواتین کو اس ماہ مالی فائدہ ہوسکتا ہے اچانک کھوئی ہوئی شے ملنے کی امید ہے۔ایک خوشخبری ملنے والی ہے حالات بہتری کی جانب آرہے ہیں نئی جائیداد کی خرید وفروخت کیلئے اچھے ایام ہیں۔مال،زیور قیمتی اشیاء سنبھال کر رکھیں۔

(9 تا 16) سیارہ مریخ کو آپ کے برج میں شرف ہوتا ہے،یہ سیارہ 16 فروری کو خانہ شرف میں داخل ہورہا ہے برج جدی کے 28 درجہ پر یہ سیارہ درجہ شرف سے گزریگا لیکن یہ وقت آپ کیلئے انتہائی موزوں ہے جب تک یہ سیارہ خانہ شرف میں موجود ہے ہر شے آپ کی مٹھی میں ہے۔ہر جائز کام کرسکتے ہیں۔ایک الجھا ہوا مسئلہ سلجھ جائیگا۔طبیعت میں خوشگوار عنصر موجود رہے گا جب بھی کوئی سیارہ خانہ شرف میں موجود ہوتا ہے تو انتہائی طاقتور ہوجاتا ہے آپ کی پوشیدہ قوتوں کو طاقت دینے کیلئے داخل ہوا۔یہاں پر یہ انتہائی طاقتور اثرات ظاہر کریگا اس برج میں اس کا قیام 31 مارچ تک ہے۔سرخ رنگ فائدہ دیگا۔

(17 تا 25) بگڑے ہوئے معاملات کو سنبھالنے کے لئے یہ ایام بہترین ہیں طبیعت میں مایوسی نہ آنے دیں بہتر مستقبل کے لئے آخر کچھ تو کرنا ہے نئے رابطے اور نئی دوستیاں بن سکتی ہیں جو کہ آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہونگی۔ایک شخص آپ کو اپنے مقصد سے ہٹانے کیلئے کوشش کررہا ہے۔آپ کو حوش وحواس رکھ کر بات کرنا ہوگی۔اس ہفتہ کاروبار کی غرض سے کیا گیا سفر بہترین ہوسکتا ہے۔ایک اچھا اور اہم موقعہ آپ کے ہاتھ آنے والا ہے۔نازک مزاجی کو چھوڑیں سستی کو قریب نہ آنے دیں ذہنی اور جسمانی صحت بہتر رہیگی۔آپ اپنی منزل کی طرف کامیابی سے بڑھ رہے ہیں لیکن سستی کو نزدیک نہ آنے دیں۔

(26 تا 29) پریشانی میں صبر واستقامت سے کام لیں۔شدید سر درد یا ٹانگوں میں درد کی شکایت ہوسکتی ہے کوئی بیماری حملہ آور ہوسکتی ہے۔اس ہفتہ آپ کیلئے کوئی اچھی خبر نہ ہے لہذا شریک حیات سے حالات استوار رکھیں سخت لہجہ اپنانے سے گریز کریں۔معاملات بگڑ سکتے ہیں۔عدالتی امور التواء میں کردیں اگر انتہائی ضروری قانونی امور ہیں تو انکو نہایت احتیاط سے حل کریں خواب سوچ سمجھ لیں بغیر پڑھے کسی بھی کاغذ پر دستخط کرنا آپ کے لئے نیا مسئلہ کھڑا کرسکتے ہیں۔

جمالی نیوز ایجنسی،شاھی بازار جیکب آباد۔ 0333-7346646 ماھنامہ روحانی تحفہ روحانیات

نحس نظر زہرہ مقابلہ زحل بھی شروع ہے۔ محبوب کے معاملہ میں بہت توجہ چاہئے۔ ورنہ نتائج اچھے برآمد نہ ہوں گے۔ اپنی مسرتوں
مارچ (یکم تا 8) میں اضافے کے لئے اپنی صلاحیتوں سے کام لیجئے۔ **مستقبل کی فکر** بھی حال ہی کی طرح کیجئے۔ آپ کو بہت **تحفظ** کی ضرورت ہے۔ نئے
نئے **تصورات** کا مطالعہ کیجئے اوران کے مطالب سمجھنے کی کوشش کیجئے۔ اس لئے کہ آپ ایسا کر سکتے ہیں آگے بڑھنے سے پہلے اطمنان کرلیں کہ ہر شے
اپنے مقام پر ہے۔ اپنی **مہارت** کو مزید کام کیلئے بروئے کار لائیں راستے میں آنے والی ہر خوشی کو خوش آمدید کہیں۔ نئی خریداری کیلئے یہ وقت موزوں ہے۔
(9 تا 16) اس ہفتہ مخالفین میں اضافہ کا خدشہ ہے۔ آپ کو لاپرواہی نہیں کرنی چاہے وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں انعامی اسکیموں
میں حصہ لینے کیلئے یہ ہفتہ موافق ہے۔ لکی عدد 91,95 ہے۔ آپ خوبصورتی کے پرستار ہیں لیکن ہر جنس مخالف کو دیکھ کر دل دے بیٹھنا آپکی کمزوری ہے۔ تیز
رفتاری سے گریز کریں۔ کسی شے کے کھو جانے کا بھی اندیشہ ہے۔ عزیز واقارب سے معاملات بہتر بنائیں آپکے حق میں ہی فیصلہ ہوگا۔ صاحب اولاد ان
دنوں بچوں کی منگنی یا شادی بیاہ انجام دے سکتے ہیں۔ غیر شادی شدہ افراد جو محبوب کہ تحفہ پیش کریں۔ توان کو مثبت جواب ملے گا۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔
(17 تا 25) آپ کے برج کا حاکم زحل دردلو 22 مارچ تا 02 جولائی تک ہے اس دوران **نحس نظرات** بھی شامل ہوں گی جس کی وجہ سے نحوست
میں زیادہ اضافہ ہوا جادو یا حادثہ یا چوری یا **جانی و مالی نقصان** کا اندیشہ ہے مزدوداور ملازم پیشہ افراد کیلئے یہ دورانیہ اچھا نہیں کوشش کریں کہ بہت
خاموشی سے اس وقت کو گزاریں مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ اوراپنے برج سے متعلق **صدقہ** ضرور دیں۔ اپنے نام کا اسم اعظم ادارہ سے معلوم کرکے ورد کریں۔
(26 تا 31) راز کی بات کسی سے نہ کہیں دل کی بات دل میں رہنے دیں۔ ان ایام میں چوری ہونے والی اشیاء کا ملنا ناممکن سی بات ہے۔ بزرگ کی بات
مان لینے میں ہی آپ کا فائدہ ہے۔ اختلافات ختم کردیں اوران کے سامنے سر کو جھکا دیں ورنہ نقصان ہوسکتا ہے کہ جس کا آپ کو اندازہ ہی نہیں اس ہفتہ گھر
کی مرمت کروائیں اور قابل مرمت دیگر اشیاء خصوصا الیکٹرک اور الیکٹرانک سے **متعلقہ** کوئی بھی شے ہو اس کو استعمال میں نہ لائیں ورنہ نقصان کا اندیشہ
ہے۔ **ڈوبی ہوئی رقم** ملنے کا امکان ہے۔ قریبی عزیزوں سے تعلقات استوار رکھیں ایک شخص آپ کی توجہ کا طلبگار ہے۔ دوران سفر احتیاط کی ضرورت ہے
اپریل (یکم تا 8) ان ایام میں ایک سعد نظر زہرہ تثلیث زحل قائم ہورہی ہے۔ وہ افراد جو کہ **روحانی وظائف** سے قوت لینا چاہتے ہوں
فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔ مالدار خواتین سے تعلقات قائم رہیں تو اس ہفتہ مالی فائدہ بھی ممکن ہے۔ اپنی شاندار شخصیت کی بدولت نئے تعلقات سے فائدہ
اٹھایئے۔ ان ایام میں فضول جگہ پر اپنی **رقم کو ضائع** نہ کریں حالات کنٹرول کرنے کیلئے زبان کو کنٹرول کریں ایک چھوٹی سی غلطی بڑا نقصان دے
سکتی ہے احتیاط کرنا ہوگی حد سے زیادہ اعتبار نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ خواتین کو اس ماہ **مالی فائدہ** ہوسکتا ہے اچانک کھوئی ہوئی شے ملنے کی امید ہے۔
(9 تا 16) کاروباری حضرات اس ہفتہ فائدہ حاصل کرسکیں گے کچھ لوگ آپ کے بارے میں غلط افواہیں پھیلا رہے ہیں آپ کو ان کی باتوں پر دھیان
نہیں دینا چاہئے اگر کوئی جو کچھ کہتا ہے اسے کہنے دیں۔ مالی فوائد اس ہفتہ حاصل ہوسکتے ہیں۔ **شریک حیات** کی جانب سے کچھ فائدے متوقع
ہیں۔ انعامی اسکیموں میں **حصہ** لینا اس ہفتہ فائدہ مند ثابت ہوگا۔ سفر بھی کامیاب رہیگا۔ چھوٹے سفر خصوصاً اہمیت کے حامل ہونگے۔ اگر آپ اپنی کوئی
جائیداد یا قیمتی شے فروخت کرنا چاہتے ہیں تو اس ہفتہ ایسا نہ کریں ورنہ اس ہفتہ **نقصان کا خطرہ** ہے۔ اہل خانہ کے ساتھ نرم رویہ اختیار کریں۔
(17 تا 25) اس ہفتہ آپ کے برج میں مریخ کا متبادل ہمت جرات طاقت کا سیارہ پلوٹو رجعت پذیر ہورہا ہے اس کی رجعت آپ کی ہمت توڑنے میں
اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ پلوٹو کی کمزوری رجعت آپ کو مختلف امراض میں بھی مبتلا کرسکتی ہے کسی بھی خطرہ سے بچنے کے لئے منگل کے دن گوشت کا صدقہ ضرور
دیں۔ سرخ سیاہ اور نیلے رنگ کا لباس کم از کم دو ہفتہ استعمال نہ کریں۔ بحث مباحثہ لڑائی جھگڑا سے گریز کریں۔ رویہ میں نرمی رکھیں گے تو بات بن جائے گی۔
(26 تا 30) اس ہفتہ عطارد تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہورہی ہے۔ ان ایام میں کسی سے **تلخ کلامی** سے نہ پیش آئیں کوشش کریں کہ اپنے برج کا
صدقہ لازمی دیں۔ جو بات دل میں ہوا سے زبان پر لے آئیں کسی کے معاملات میں پڑنے یا الجھنے کی کوشش نہ کریں اپنے کام سے کام رکھیں تو زیادہ بہتر
ہے۔ جو کام کرنا ہوا سے فوری انجام دیں۔ سستی کو اپنی زندگی سے نکال کر پھینک دیں۔ **نئی منصوبہ بندی** کرسکتے ہیں۔ کوئی خوشی بھی مل سکتی ہے۔
مئی (یکم تا 8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ زحل اپنے طبعی برج دلو اس ہفتہ رجعت اختیار کررہا ہے جہاں پر اس کی **تمام تر قوتیں**
کمزور ہوجائیں گی اس سیارہ کی یہ رجعت 29 ستمبر کو برج جدی میں ختم ہوگی۔ اس دوران **وظائف میں کمزوری** اور دین سے دوری کی
حالت بھی پیدا ہوسکتی ہے۔ دشمن کی جانب سے جادوئی حملوں کا خطرہ ہے۔ جھوٹے مقدمات بن سکتے ہیں اور نچلے درجہ کے لوگوں سے نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔
(9 تا 16) سیارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر حالت آپ کے برج میں رجعت پذیر ہورہا ہے، یہ رجعی حالت اسی برج میں ختم ہورہی ہے۔ اس
دوران قیمتی اشیاء الیکٹرک الیکٹرونکس، اسٹاک ایکسچینج، شیئرز، جائیداد کی خرید و فروخت نقصان دہ سکتی ہے۔ اس دوران مالی معاملات میں بہتری پیدا نہ ہوگی
قرض دینے سے گریز کریں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ نہ لیں۔ والدین اپنے بچوں کی بات کو سمجھنے کی کوشش کریں ضروری نہیں کہ ہر بار آپ ہی درست ہوں۔

ملک ٹریڈرز اینڈ جنرل اسپلائر، جنوبی گیٹ لاری اڈا میانوالی ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

(17 تا 25) ان ایام میں خواتین میں **پوشیدہ امراض** پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ بزرگوں سے اپنے حق میں دعا کروائیں۔ ان ایام میں قیمتی اشیاء کی خرید وفروخت بھی فائدہ دے سکتی ہے خصوصاً **زیورات** کی خریداری کا اچھا وقت ہے۔ دل میں خوشی کا احساس ہوگا۔ کاروبار میں وسعت آئیگی۔ اگر آپ نے احتیاط نہ کی تو جان لیں ہر **فیصلہ** آپ کے خلاف ہوگا۔ یاد رہے یہ ہفتہ آپ شمس تثلیث زحل سعد اثرات کے زیر اثر گزار رہے ہیں۔ **کاروباری** غرض سے کیا گیا سفر آپ کیلئے بہتر ہوگا۔ کسی عزیز دوست کے ساتھ مل کر کاروبار کا آغاز کر سکیں گے معروفیات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

(26 تا 31) یہ ہفتہ آپ کیلئے پریشانیاں لاسکتا ہے۔ **جسمانی بیماری** میں بخار اور سر درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ جمعہ کے روز شکر کا صدقہ دیں یا منگل کے دن 9 دانے سرخ مرچ ثابت آگ میں ڈال دیں آنے والی پریشانی سے کسی حد تک نجات مل جائیگی۔ **خفیہ دشمن** سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کریں اپنی قوتوں کا بھرپور فائدہ اٹھائیں دور اندیشی سے آپ اپنے مسائل حل کر سکتے ہیں اس ہفتہ کے آخری دو دن آپ کے لئے خوشخبری لاسکتے ہیں۔

جون (یکم تا 8) اس ہفتہ جذبات کو قابو میں نہ رکھیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے کوا کبی صورتحال مجموعی طور پر اتنی اچھی نہیں ہے ازدواجی معاملات میں بگاڑ پیدا ہوسکتا ہے۔ گھریلو مسائل کو گھر میں ہی بیٹھ کر حل کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔ **ذہنی** اور جسمانی توجہ عملی معاملات کی جانب مائل رہیگی۔ کاروباری معاملات بہتر ہونگے ایک رکا ہوا مسئلہ بھی حل ہوسکتا ہے اطمینان بخش حل مل جانے کا امکان ہے۔ شراکتی کاروبار سے گریز کریں یقیناً نقصان آپ کے ہی حصہ میں آئیگا خوش بختی کا یہ ہفتہ کچھ نئی تبدیلیاں بھی لاسکتا ہے۔ کاروباری حالات میں خاصی تبدیلی آسکتی ہے۔ انہی ایام میں کوئی نئی خوشخبری سن سکیں گے۔

(9 تا 16) یہ ایام جائیداد کی خریداری کیلئے مناسب ہیں قوی امید ہے کہ ان دنوں میں آپ رکا ہوا پیسہ یا قرض بھی واپس مل جائے کچھ ستارے آپ کے حق میں بہتر جا رہے ہیں کسی نوعیت کا فائدہ ملنے والا ہے۔ بڑے پیمانے پر **لین دین** سے واضح تبدیلی آئیگی اچھی قیمت پر خریداری یا فروخت سے فائدہ ہوگا لاپرواہی یا جلد بازی نقصان سے ثابت ہوسکتی ہے۔ ہفتہ کے آخر میں چند نحس نظرات نقصان کی جانب اشارہ دے رہی ہیں۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ گھریلو معاملات اور جائیداد کا مسئلہ خاموشی سے طے کریں تو زیادہ بہتر ہوگا۔ اگر بڑی نوعیت کا کام آپ خود کرنا چاہ رہے ہیں تو جلد بازی سے گریز کریں۔ سیارہ مریخ طاقت اور قوت کا ایسا سیارہ ہے کہ جو جلد از جلد مثبت اور منفی دونوں کی طرح کی طاقتوں کو ظاہر کرتا ہے۔ اس ہفتہ تیز دھار آلات مثلاً چاقو، چھری یا آگ کے استعمال سے گریز کریں۔ چوٹ لگنے کا قوی اندیشہ ہے دوسروں کے لڑائی جھگڑے میں آپ ہیرو کی طرح اڑنے کی کوشش نہ کریں ورنہ سارا ملبہ آپ ہی کے سر آن گرے گا۔ طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو پورا کرنے کیلئے تعلیم پر پوری توجہ دیں۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 53,35 ہے۔

(26 تا 30) **چوری سے بچنے** کیلئے خود احتیاط کریں۔ اس ہفتہ حصول مال کے خاطر کی گئی کوششیں کامیاب ہوسکتی ہے۔ چند نئے رستے نظر آئینگے۔ جس سے آپ اپنے کاروبار کو فروغ دے سکتا ہے۔ معاملات آپ کے حق میں ہیں۔ اس ہفتہ میں زیادہ توجہ قوت فیصلہ کی جانب رکھیں اپنے ارادے مضبوط رکیں اور جو کچھ کرنا ہے کر گزریں۔ ایسے کام جن کو اب تک آپ غیر اہم سمجھتے آئے یا ادھورا چھوڑا ہوا تھا کہ مکمل کرلیں۔ فائدہ حاصل ہوسکتا ہے۔

جولائی (یکم تا 8) ان ایام میں آپکے برج کا حاکم زحل رجعت پذیر ہو رہا ہے اس کی یہ رجعت برج جدی میں ہے عزیز واقارب خصوصاً والدین سے تعلقات خراب ہونے کا اندیشہ ہے نرم رویہ اختیار کریں اس دوران دشمنوں کی جانب سے جادو کے وار بھی کئے جا سکتے ہیں رجعت 02 جولائی تا 17 دسمبر ہے اس سیارے کی رجعت ہے۔ چھوٹے اور نیچ درجہ کے لوگوں سے بھی نقصان ہوسکتا ہے۔ چوری کا خدشہ ہے۔ لوح **شرف زحل** لازمی پاس رکھیں۔ آپکے برج میں اولاد سفر اور بھائیوں سے متعلقہ حال سیارہ قمر 5 جولائی **گرہن** کی کیفیت سے گزریگا جس کے منفی اثرات آپکے برج پر پڑیں گے۔

(9 تا 16) آپ کے سالانہ حالات یونانی زائچہ کے مطابق بتائے جا رہے ہیں اس ہفتہ اہم تبدیلیاں ممکن ہیں اور بہت سا اتار چڑھاؤ دیکھنے میں آئے آپ کے برج کا مالک سیارہ زحل بہت سست رفتاری سے سورج کے گرد اپنا چکر پورا کرتا ہے اس ہفتہ کوئی حادثہ پیش آسکتا ہے۔ لہذا بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ یہ نحس ایام ہیں ممکن ہے کہ کوئی حادثہ رونما ہو جائے بے احتیاطی برا انجام دے سکتی ہے۔ شریک حیات اور دوستوں سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں۔ اپنے غصہ کو قابو میں رکھیں **دوران گفتگو** احتیاط سے کام لیں ورنہ آپ کے بنے ہوئے کام بگڑ سکتے ہیں۔ اس ہفتہ کے آخری ایام میں آپکا حاکم سیارہ **نحس اثرات** سے گزر رہا ہے۔ یہ ہفتہ آپ کے لئے تبدیلیاں لے کر آئے گا۔ آپ کے **درست فیصلے** اس ہفتہ رنگ لائیں گے۔ **نکاح** اور شادی بیاہ منگنی طے کرنے کے لئے اس ہفتہ کے پہلے 03 دن مبارک ثابت ہونگے۔

(26 تا 31) 28.29 جولائی انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں اور دیگر معاملات پر رقم خرچ کرنے کے لیے اچھی تاریخیں ہیں۔ ان دنوں میں عدالتی کاروائی سے فائدہ ہوسکتا ہے۔ **سسرالی** رشتہ داروں سے احتیاط برتیں۔ لاپرواہی اور فضول گفتگو سے گریز کریں ورنہ آپ کو اس کی بھاری قیمت چکانا ہوگی۔ سخت لہجہ اور نمائشی انداز آپ کے شایان شان نہیں۔ اس ہفتہ ایک شخص اپنی مصنوعی محبت کا آپ سے اظہار کرے گا لیکن آپ کو محتاط رہنا چاہئے اور اس کی چال کو سمجھ جانا چاہئے بہت کچھ آپ کی مٹھی میں ہے لیکن عیاشی کی جانب اپنے مزاج کو نہ لے جائیں یہی وقت سدھرنے اور سنبھلنے کا ہے۔

سید نیوز ایجنسی، دینہ 0300-9526273☆0300-9528023
ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

اگست (یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں اپنا طبی معائنہ لازمی کروائیں۔ والدین سے ناراضگی ہو سکتی ہے کسی قریبی عزیز کی وفات کا بھی خدشہ ہے۔ ان ایام میں معاملات بگڑتے ہوئے محسوس ہونگے۔ لڑائی جھگڑا اور تلخ کلامی سے گریز کریں۔ کاروبار میں **نقصان** کا اندیشہ ہے۔ سیارگان کے نحس اثرات کی وجہ سے بزدلی پیدا ہو سکتی ہے خوف اور دہشت کا عنصر بھی غالب رہیگا۔ اس ہفتہ جرات کی جائے مگر کوشش نہ کی جائے تو یہ ہفتہ طرفداری نہ کرے گا۔ نئی خریداری کیلئے یہ وقت موزوں نہیں۔ اس ہفتہ بدنامی کا خدشہ ہے۔ جس عزیز پر اعتبار کیا وہی نقصان دے گا۔

(9 تا 16) کہ اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو منگنی کا امکان زیادہ ہے یا اپنے محبوب سے اظہار محبت کر سکتے ہیں طبیعت میں بہادری اور ہمت پیدا کریں اپنے موقف پر ڈٹے رہیں۔ بلاوجہ بحث سے گریز کریں۔ پرانی شادیاں شراکتیں یا قریبی تعلقات جن میں انتشار چلا آ رہا ہے ختم ہو جائیں گے۔ سرخ رنگ استعمال نہ کریں۔ نئے دوست ضرور بنائیں لیکن پرانے دوستوں کو قطعی نظر انداز نہ کریں۔ اس ہفتہ آپ کی کئی خواہشات پوری ہو سکتی ہیں طبیعت میں خوشگواری کا عنصر غالب رہے گا آپ اپنے اندر ایک نئی قوت کو محسوس کریں گے۔ افسران بالا سے تعلقات بہتر بنائیں۔ آپ بہتر طور پر اپنے خیالات کو عملی جامہ پہنا سکتے ہیں۔

(17 تا 25) آپ کے سالانہ حالات یونانی زائچہ کے مطابق بتائے جا رہے ہیں بلاوجہ کی لڑائی جھگڑا مقدمہ بازی عدالتی کاروائی پنچائتی فیصلے عزیز و اقارب سے ناراضگی سے گریز کریں ورنہ آپ خود اپنے جال میں پھنس کر رہ جائینگے۔ یہ ہفتہ آپ کیلئے کچھ بہتر ثابت نہ ہوگا۔ غیر شادی شدہ افراد کی کوشش کے باوجود بھی شادی نہ ہوگی۔ اور ایسا بھی ممکن ہے کہ منگنی یافتہ افراد کی اس ہفتہ منگنی ٹوٹ جانے کا خدشہ ہے خاموشی سے وقت کو گزاریں تو آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔

(26 تا 31) نئے کاروبار کا آغاز کرنے کے خواہشمند حضرات اس ہفتہ کامیابی حاصل کر سکیں گے۔ چند افراد کو محبت کے معاملہ میں اس ہفتہ کامیابی مل سکتی ہے۔ آپ کے لئے نحس ایام ہیں۔ عدالتی امور میں کامیابی حاصل ہوگی کئی الجھے ہوئے مسائل حل ہو جائینگے شادی شدہ افراد کے حالات بہتر ہونگے۔ دوسری شادی کے خواہشمند افراد اس ہفتہ کوئی غلطی نہ کریں ورنہ ان کی یہ خواہش خواہش ہی رہے گی جو کبھی پوری نہ ہوگی۔ نئی خریداری کیلئے یہ وقت موزوں نہیں ہے۔

ستمبر (یکم تا 8) خاتون خانہ سے نرم رویہ اختیار کریں کیونکہ زہرہ زحل مقابلہ ماحول میں کشیدگی پیدا کر سکتی ہے۔ بہت پرسکون رہ کر تمام حالات سے گزرنا ہوگا۔ صحت کی جانب سے بہتری نظر آتی ہے۔ ذہنی تناؤ قائم رہے گا۔ نئی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔ اس ہفتہ میں آنکھیں بند کر کے سب کچھ دیکھتے نہ رہیں جب تک آپ خود عملی طور پر نہ کریں گے حالات میں بہتری نہ آئیگی غصہ کرنے سے پرہیز کریں۔ چند معتبر شخصیات کو معاملہ کی حقیقت بتا کر اعتبار میں لے سکتے ہیں۔ مسائل حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ شریک حیات سے عام بات پر اختلاف ہو سکتا ہے۔ مجموعی طور پر اس ہفتہ ملے جلے اثرات ظاہر ہونگے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ 13 ستمبر کو انعامی اسکیموں میں جیت عزت مال دولت کا حاکم سیارہ مشتری برج جدی میں حالت مستقیم اختیار کر رہا ہے۔ رُکے ہوئے معاملات بہتری کی جانب آنا شروع ہو جائینگے۔ لیکن احتیاط کی اب بھی ضرورت ہے کیونکہ آئندہ دو ہفتہ تک اب بھی خطرے سے آپ باہر نہیں نکلے۔ قرض، لینے یا دینے کیلئے اچھا وقت نہیں ہے۔ احتیاط بہتر ہے۔ اپنی طاقت کھونے کے بعد یہ سیارہ سابقہ قوت پر بحال ہوگا۔ اس کی استقامت کے ثمرات اسی ہفتہ ملنا شروع ہو جائینگے۔ مگر اب بھی آپ کو روپے کے لین دین میں بھی سخت احتیار کرنا ہوگی۔ کوشش کریں ادھار نہ دیں بطور ادھاری دی گئی رقم واپس نہ ملے گی۔

(17 تا 25) ان ایام میں شمس تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے اثرات 19 تا 24 ستمبر رہینگے۔ ان ایام میں کیا گیا نیا کاروبار آپ کو فائدہ دیگا۔ کاروبار کی غرض سے ہونے والا سفر **کامیاب** ثابت ہوگا۔ دوست احباب کی طرف زیادہ میں اضافہ ہوگا۔ خاندان کے ساتھ سیر و تفریح کا پروگرام بھی بن سکتا ہے۔ قوت ارادی مضبوط کریں ان ایام میں چند ایسے راز بھی کھل کر سامنے آئیں گے جو کہ اب تک آپ سے پوشیدہ تھے مشکلات کو حل کرنے کا موقع ملے گا۔

(26 تا 30) چیخنے چلانے سے معاملات بگڑتے ہیں کوئی حادثہ رواں ہفتہ ہو سکتا ہے اپنے برج کے مطابق صدقہ دیں۔ طبیعت میں تیزی کا عنصر غالب رہے گا اور ہر بات پر بلاوجہ غصہ کا آنا اچھا نہیں ہے۔ شریک حیات سے کسی بات پر **جھگڑا** ہو سکتا ہے آپ کو تحمل مزاجی سے کام لینا ہوگا اس کچھ معلوم ہوتے ہوئے بھی اپنی زبان اور کان بند رکھیں بس خاموش سے دیکھتے جائیں ابھی بولنے کا وقت نہیں۔ بہت سوچ سمجھ کر نئے دوست بنانا مبارک ثابت ہوگا۔

اکتوبر (یکم تا 8) مریخ کا متبادل ہمت جرات طاقت کا سیارہ پلوٹو 26 اپریل کو آپ کے برج میں رجعت پذیر ہوا تھا اس کی رجعت نے آپ کی ہمت کو توڑ دیا تھا۔ اس ہفتہ 04 اکتوبر یہ سیارہ مستقیم ہو چکا ہے۔ پلوٹو کی کمزوری رجعت آپ کو مختلف امراض میں بھی مبتلا کر دیا تھا۔ اب بھی خطرہ ٹلا نہیں کسی بھی مصیبت سے بچنے کے لئے منگل کے دن گوشت کا صدقہ ضرور دیں۔ سرخ سیاہ اور نیلے رنگ کا لباس استعمال کر سکتے ہیں۔ عزیز اقارب سے تعلقات بہتر کر لیں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ انعامی اسکیموں میں حصہ نہ لیں ورنہ ناکامی ہوگی۔ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زحل اس ہفتہ زیادہ قوت میں نہیں ہے یا آسان الفاظ میں یوں کہہ لیں کہ اس ہفتہ آپ کا سیارہ گردش میں ہے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے یہ ایام نحس ہیں۔ چند جدی افراد کسی کے بعد تحت رہ کر کام کرنا اپنی توہین سمجھتے ہیں لیکن وہ افراد جو کہ کسی کے بھی ماتحت ہیں اس ہفتہ کی آپ کے 11,12 تاریخیں نحس ثابت ہو سکتی ہے اس دوران ہر طرح کی بحث و مباحثہ اور لڑائی جھگڑے سے گریز کریں۔ آپ کا ایک قریبی عزیز آپ سے قرض لینے کا خواہش مند ہے لہذا آپ ایسی بے وقوفی نہ کریں جس سے آپ کو بعد میں پریشانی ہو۔

بابا عبدالرحمن اخبار فروش، نزد آسن سینما رحیم یار خان — روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

(17 تا 25) ایک قریبی **دوست نما دشمن** آپ کیلئے جال بن رہا ہے اس شخص سے محتاط رہیں وقتی طور پر آپ اُس شخص سے علیحدگی اختیار کر لیں یا خاموشی سے ان ایام کو گزاریں وہ شخص جس کو آپ بے انتہا چاہتے ہیں۔ اپنے سابقہ پروگراموں کو عملی جامہ پہنائیں ہائی قلعہ بنانا چھوڑ دیں۔ اس ہفتہ زہرہ تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس وجہ سے آپ دشمنوں کو با آسانی پہچان سکیں گے۔ گزشتہ ہفتہ بگڑے ہوئے حالات کچھ بہتری کی طرف آسکتے ہیں طبیعت میں رومانوی اثر رہے گا۔ آمدن کے مقابلہ میں اخراجات کی زیادتی ہوگی لیکن آپ بہتر حکمت عملی سے ان مشکل حالات کو کنٹرول کر سکیں گے۔

(26 تا 31) کام کی زیادتی کے باعث اور **گھریلو پریشانی** کی وجہ سے ذہنی دباؤ کا شکار رہیں گے۔ مگر سخت ذہنی دباو کے باوجود آپ اپنے مقاصد میں کامیاب ہو جائیں گے۔ شمس میزان میں ہے اور زحل آپ کے برج میں ہے۔ جس کی وجہ سے صورتحال بہتر نہ ہوگی لیکن آپ کی جانب سے کی گئی بے احتیاطی کچھ نقصان بھی دے سکتی ہے۔ دشمنوں سے محتاط رہیں۔ ایک دوست جس سے آپ کو بہت سے امیدیں تھیں اس ہفتہ دھوکہ دے جائیگا۔

نومبر (یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد مقابلہ زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ اخراجات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ چوری کا بھی اندیشہ ہے۔ نقدی اور سونے کی اشیاء سنبھال کر رکھیں۔ دل کے راز کسی سے بیان نہ کریں بدنامی کا اندیشہ ہے اہم معاہدے تکمیل پا سکتے ہیں۔ ملازمین پر بھروسہ نہ کریں۔ اچانک حادثات اور بڑی تبدیلیاں لا سکتی ہے۔ بدنامی کا بھی اندیشہ ہے۔ بزنس کرنے والے افراد اگر انتہائی صبر و تحمل اور سوچ بچار کیساتھ اقدامات کریں تو پھر خاصی آمدنی ہوگی۔

(9 تا 16) آپ کے سالانہ حالات یونانی زائچہ کے مطابق بتائے جا رہے ہیں۔ وہ جدی افراد جن کا شریک حیات سے تنازعہ چل رہا ہے یا جن کے دوست ان سے ناراض ہیں اس ہفتہ ان لوگوں کی محبوب یا شریک حیات سے دائمی یا عارضی **علیحدگی** کا خطرہ ہے لہذا کوشش کریں کہ معاملہ کسی بھی طرح سے سلجھ جائے اس ہفتہ لوہے کے ہتھیار اوزار سے محتاط رہیں۔ زخمی ہونے اور **نقصان کا خدشہ** ہے۔ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زحل بہتری اور طاقت کے باعث کچھ بہتر امیدوں کی نشاندہی کر رہا ہے لیکن اس دوران یہ نہ سمجھیں کہ خطرات ٹل چکے ہیں کاروباری اسکیمیں فائدہ مند رہینگی۔

(17 تا 25) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ تربیع زحل ہے محبوب یا شریک حیات سے تعلقات خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ کوشش کریں کہ ان دنوں خاموشی اختیار کر لی جائے۔ کڑوے اور سخت جملے بولنے سے گریز کریں۔ کسی تقریب جانے کا اتفاق ہوگا جہاں پر آپ کی ملاقات کچھ پرانے دوستوں سے ہو گی آپ نے ان سے اپنے دُکھ بیاں نہیں کرنے کیونکہ آپ کی اسی عادت کی وجہ سے آپ کے اپنے بھی آپکو چھوڑ چکے ہیں۔ سفید اور سیاہ لباس استعمال نہ کریں۔

(26 تا 30) اس ہفتہ کسی نقصان سے دوچار ہو سکتے ہیں۔ لیکن کاروباری حالات اس دوان بہتر ہونگے ان ایام میں چوری بھی ہو سکتی ہے جسمانی صحت خراب ہونے کا بھی خطرہ ہے۔ گھریلو ماحول قدرے بہتر رہے گا۔ **پنچایتی وعدالتی** کاروائیوں سے گریز کریں ورنہ پریشان کن نتائج سے گزرنا پڑے گا۔ اس ہفتہ آپکو کسی بھی مقصد میں کامیابی مشکل سے ہوگی۔ ملازم پیشہ افراد افسران بالا سے محتاط رہیں ان کے خلاف کوئی بھی سازش کی جا سکتی ہے یا کسی بھی الزام میں ملازمت سے برطرف کیا جا سکتا ہے۔ وراثتی جائیداد کے حصول کیلئے ان ایام میں کوشش کریں تو جلد ہی مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔

دسمبر (یکم تا 8) بہتر منصوبہ بندی سے اپنے کاروبار کو بڑھا سکتے ہیں اس ہفتہ کیا گیا کاروباری سفر فائدہ دیگا دیگر مقاصد کے لیے بھی سفر میں کامیابی ہو سکتی ہے۔ آپ کا حاکم سیارہ زحل اپنے طبعی برج جدی میں قیام پذیر ہے۔ غیر ملکی سفر بھی اس ہفتہ فائدہ نہ دے گا۔ یہ سال مجموعی طور پر آپ کے لئے اہمیت کا حامل ہے۔ لیکن اس سال کے آخری چند ماہ آپ کے لئے بہتر نہ ہوں گے۔ ذہنی دباو اور پریشانی کے باعث طبیعت خراب رہ سکتی ہے۔ صحت کا خیال رکھیں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تسدیس زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ اس سعد نظر کے تحت آپ اپنے آپکو پہلے سے زیادہ طاقتور محسوس کریں گے دشمنوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کریں اپنے مطالبات منوائیں آپ بظاہر کمزور ہیں لیکن کمزور نہیں۔ احساس کمتری کو نزدیک نہ آنے دیں۔ خواتین سے متعلقہ امور میں مدد حاصل ہوگی لیکن بہت احتیاط کی ضرورت ہے اگر آپ نے احتیاط نہ کی تو جان لیں ہر فیصلہ آپکے خلاف ہوگا۔ آپ خوبصورتی کے پرستار ہیں لیکن ہر جنس مخالف کو دیکھ کر دل دے بیٹھنا آپکی کمزوری ہے۔ عدالتی امور سے دور رہیں ورنہ کوئی نیا مسئلہ کھڑا ہو سکتا ہے۔ زیادہ بولنا بھی اچھی عادت نہیں

(17 تا 25) اس ہفتے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ دوران سفر کچھ ایسے لوگ **شریک سفر** ہونگے۔ جن سے آپ کی گفتگو مفید ثابت ہوگی۔ اور کاروبار میں مزید ترقی کے موضوع پر تبادلہ خیال ثابت ہوگا۔ غیر شادی شدہ حضرات شادی کروانے میں کچھ رکاوٹیں محسوس کریں گے جو قدرے سعی کے بعد دور ہونگی۔ کاروبار میں خیر و برکت رہے گی۔ ملازمتی امور کی انجام دہی بھی اچھے طریقہ سے ہوگی فرائض منصبی کی بجا آدری حیثیت و شخصیت میں اضافہ ہوگا۔

(26 تا 31) طبیعت میں **چڑ چڑاپن** رہیگا۔ ایک دم سے غصہ میں آنا اور بے موقع بات کاٹ کر جانا آپ کے لئے نقصان کا باعث ہو سکتا ہے۔ آپ ہر بات کو کریدنے کی کوشش کرتے ہیں آپکی اس عادت سے کئی دوست خفا ہیں۔ دوسروں کے معاملات میں دخل اندازی سے گریز کریں۔ جنس مخالف آپ کی توجہ کا مرکز رہیگی۔ لیکن آپکو محتاط رہنا ہوگا۔ آپکی سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ جب بھی آپکے ہاتھ کچھ رقم آتی ہے آپ جیسا بادشاہ دنیا میں کوئی دوسرا نہیں ہوتا۔ آپ اپنی عادتوں کے باعث خود اپنے لئے مسائل کھڑے کر لیتے ہیں۔ بچت کی عادت اپنائیں۔ غصہ پر قابو پائیں اور اپنے مزاج میں نرمی پیدا کریں۔

الفتح نیوز ایجنسی، مہران مرکز سکھر 0300-3293790 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

AQUARIUS تاریخ پیدائش:۔21 جنوری تا19 فروری | نام کا سرحرف:۔س، ش، ث، ص | موافق دن:۔ ہفتہ | حاکم سیارہ:۔یورانس

دلو

خاصیت:۔مدد کرنے والا، جذبہ ایثار، باحیاء
امراض:۔آنتوں کے امراض، ہیپاٹائٹس
نقائص خصلت:۔جذباتی، جلد غصہ کرنے والا
موافق عدد:۔4
موافق پتھر:۔نیلم، حدید، عقیق سیاہ
موافق رنگ:۔سفید، کریم، ہلکا نیلا، آسمانی

جنوری (یکم تا 8) اس ہفتہ آپ کاروبار میں غیر متوقع فائدہ حاصل کرسکیں گے۔یہ ایام آپکی ملازمت کاروبار، صحت اور جائیداد وغیرہ کے معاملات کیلئے بہتر ہوں گے۔سرمایہ کاری سودمند رہے گی۔لین دین میں احتیاط برتیں سماجی تقریبات میں شرکت کے مواقع حاصل ہونگے۔اس ہفتہ رومانس اور سفر بھی خاص اہمیت کے حامل ہونگے۔اس ہفتہ مختلف کاموں میں کامیابی آپ کیلئے خوشخبری اور خوش بختی کی علامت ہوگی۔سیاہ نیلا رنگ مبارک ہے۔
(9 تا 16) ایک قریبی بزرگ اِس وقت بیماری کی حالت میں ہے اور آپ کا منتظر ہے چاہیے کہ آپ اس سے ملاقات کیلئے آپ لازمی جائیں۔عطارد زحل کا قران اپنے اثرات دکھائے گا۔ان ایام میں بدھ اور ہفتہ کو بہت محتاط رہیں۔انتہائی احتیاط کی ضرورت ہے ایسے معاملات جن میں پنچایتی فیصلہ ہونا ہو آپ کو محتاط انداز میں گفتگو کرنا ہوگی ایک بزرگ آپکی **توجہ کا منتظر** ہے بچوں سے نہایت نرم رویہ رکھیں بگڑ جانے کا اندیشہ ہے۔اپنے برج کے مطابق صدقہ لازمی دیں۔ان سیارگان کے نحس اثرات سے بچنے کے لئے بدھ کے دن پرندوں کو باجرہ ڈالیں۔ہفتہ کے روز کیڑے مکوڑوں کو ان کی خوراک ڈالیں۔
(17 تا 25) شمس قران زحل کی نظر قائم ہوئی۔یہ اثرات اس ہفتہ رہیں گے۔ان ایام میں ایسا کوئی قدم نہ اٹھائیں کہ آپ کو بعد میں پریشانی کا سفر کرنا پڑے گا۔ابھی آپ کا **سیارہ توازن** میں نہیں اس دوران کسی بزرگ سے بھی فائدہ ہوسکتا ہے۔گزشتہ ماہ کی طرح ان دنوں بھی **چھوٹے سفر** فائدہ دینگے دوستی اور محبت روپے کے لین دین کی وجہ سے خراب ہوسکتی ہے۔لہذا ایسا کوئی قدم ہی نہ اٹھائیں کہ آپ کو بعد میں پریشانی کا سفر کرنا پڑے گا۔
(26 تا 31) آپ کو ہر طرح سے احتیاط کی ضرورت ہے یہ نہ بھولیں کہ کچھ لوگوں کی نظریں آپ پر لگی ہوئی ہیں وہ ہر طرح سے آپ کو نیچا دکھانے کی کوشش کررہے ہیں آپ خود معاملہ کی سنگینی کو بہتر طور سے جان سکتے ہیں۔طبیعت میں **چڑ چڑا پن** رہیگا لیکن کوشش کریں کہ آپ لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کروانے میں کامیاب ہوجائیں۔شراکتی معاملات اور گھریلو زندگی سے روزمرہ کے معاملات پر بات کرنے سے ذہنی دباؤ کم ہوگا ایک راز بھی ابھی آپ پر کھل سکتا ہے اچانک تبدیلیاں آپ کو **چونکا** دیں گی۔اخراجات کو قابو میں رکھیں جب آمدن سے زیادہ اخراجات ہوجائیں تو مسائل میں اضافہ ہوتا ہے۔

فروری (یکم تا 8) اس ہفتہ زہرہ تسدیس زحل کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔اس سعد نظر کے تحت محبوب یا شریک حیات سے مالی فائدہ ہوگا۔ان ایام میں غیر شادی شدہ افراد رشتہ ازدواج سے منسلک ہوسکتے ہیں۔کاروبار میں تیزی آئیگی **مالی فائدہ** ہوگا۔خوشی کی تقریب کرنے کیلئے یہ دن اچھے ہیں۔عزیز واقارب کے ساتھ کوئی **تقریب** منعقد کرسکتے ہیں۔ان دنوں دھیان علم وادب کی طرف رہے گا۔شاعری کی طرف طبیعت راغب ہوسکتی ہے۔گھریلو مسائل پر توجہ رہے گی۔ملے جلے اثرات رہ سکتے ہیں لیکن محبت میں **ناکامی** کا اندیشہ ہے۔ **تجارت سے فائدہ** حاصل ہوگا۔
(9 تا 16) ان ایام میں کاروباری معاملات میں **سخت محنت** درکار ہوگی ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہونگے گرمیوں میں سیر وتفریح کے پروگرام پر عمل کرسکیں گے آپ کی شخصیت دوسروں کو متاثر کرسکے گی طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو دور کرسکیں گے۔شریک حیات کا تعاون اور ہمدردیاں آپ کے ساتھ رہیں گی۔عزیز واقارب سے تعلقات بہتر ہوسکیں گے دوستوں سے کسی اہم کاروباری معاملات میں بات چیت کامیاب رہے گی کوئی قانونی معاہدہ طے کرسکیں گے۔خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی طے پائے گی **رومانس** کے مواقع حاصل ہونگے دوران سفر بچوں کے معاملے میں احتیاط کریں۔
(17 تا 25) ملازم پیشہ افراد اس ہفتہ احتیاط برتیں بلاوجہ افسران بالا سے تکرار ہوسکتی ہے۔اگر آپ نے اس ہفتہ غلط بیانی سے کام لیا تو لینے کے دینے پڑسکتے ہیں۔کسی بوڑھی عورت یا بزرگ خاتون سے فائدہ ہوسکتا ہے یہ **بزرگ خاتون** آپ کی والدہ یا خاندان کی کوئی دوسری عورت بھی ہوسکتی ہے۔یہ ہفتہ آپ کیلئے **امتحان کا وقت** ہے نہایت احتیاط سے یہ وقت گزارنا ہوگا اس احتیاط میں گھریلو اور کاروباری جسمانی اور روحانی ہر طرح کا خیال رکھنا ہوگا۔15 اور 20 فروری آپکو ایک خوشخبری مل سکتی ہے۔ایک نادر موقع ملنے والا ہے۔اس وقت زائچہ کے مطابق آپ کا خانہ مال زیادہ طاقت میں ہے۔
(26 تا 29) یہ ہفتہ اپنے بزرگوں سے خصوصی دعا کروانے کیلئے بہتر ہے ملازمت پیشہ افراد اس ہفتہ ایک نئی آزمائش سے گزر سکتے ہیں۔دوستی سمیت ہر معاملہ میں احتیاط کریں۔یہ ہفتہ قانونی اور **آفیشل معاملات** میں بھی مسائل پیدا کرسکتا ہے۔جو کچھ کریں سوچ سمجھ کر بہتر طریقہ سے انجام دے سکتے ہیں۔قیمتی اشیاء کی خریداری کیلئے یہ ہفتہ بہتر رہیگا۔چھٹیوں میں سیر وتفریح کا پروگرام بنا سکیں گے۔سرخ میرون رنگ کا لباس استعمال نہ کریں۔

عبداللہ بک ڈپو، مین بازار لاڑکانہ 074-40115
ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

مارچ (یکم تا 8) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ تربیع زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات یکم تا 05 مارچ تک رہیں گے اس نظر کے تحت کسی قریبی عزیز کا صدمہ برداشت کرنا پڑ سکتا ہے۔ بھائیوں سے علیحدگی ہو سکتی ہے۔ شریک حیات سے **جدائی کا خطرہ** ہے۔ مختلف معاملات طے کرتے وقت محتاط رہیں ورنہ **دھوکہ دہی کا خدشہ** ہے۔ سفر کرنے سے حتی الامکان گریز کریں۔ شریک حیات کی **صحت** کے ناقص رہنے کا بھی احتمال ہے۔
(9 تا 16) یہ ہفتہ آپ کیلئے نحس ثابت ہو سکتا ہے، اس ہفتہ آپکو شدید چوٹ بھی آ سکتی ہے۔ صحت کا خاص طور سے خیال رکھیں دل سے متعلقہ امراض ابھر سکتے ہیں۔ کوئی بیماری کی علامت پائیں تو فوری طور پر معالج سے رجوع کریں۔ مرض کو معمولی ہرگز نہ سمجھیں طول پکڑ سکتا ہے۔ پنچایتی فیصلے اور خاندان میں عزت برقرار رکھنے کا ہفتہ ہے۔ اہم فیصلے سوچ سمجھ کر کریں اپنی طبیعت میں لچک ضرور پیدا کریں لہجہ نرم اور شگفتہ ہو تو کئی مخالف بھی آپ کی بات سننے کو تیار ہو جائینگے۔
(17 تا 25) اس ہفتہ شمس تسدیس زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ صحت بہتر ہو جائیگی **مال و دولت میں اضافہ** ہوگا۔ رزق میں ترقی اور وراثتی جائیداد بھی مل سکتی ہے **مذہبی لگاؤ** بڑھ جائیگا۔ مشکلات سے ان ایام میں خاتمہ ہو جائیگا۔ آپ بڑے **وفادار** اور سچے ہیں۔ والدین یا بزرگوں سے بھی مالی فوائد حاصل کرنے کا اچھا وقت ہے۔ ان ایام میں صدقہ کیلئے زیر زمین پیدا ہونے والی اشیاء دینا مناسب رہیگا۔ اس صدقے کی برکت سے روزگار میں اضافہ ہوتا ہے علاوہ ازیں دل، جگر، ریڑھ کی ہڈی جیسے امراض کی شدت میں بھی کمی اس **صدقہ کی برکت** سے ہو سکتی ہے۔
(26 تا 31) اس ہفتہ کے آخر میں سیارہ مریخ برج دلو میں داخل ہو رہا ہے یہاں اس کا قیام 31 مارچ تا 13 مئی ہے۔ یہ سیارہ زوال اور بیقدری کا شکار ہوگا آپ کی قوتیں کمزور ہو سکتی ہیں۔ ہر کام محتاط انداز سے کریں خاص طور سے پنچایتی معاملات، لڑائی جھگڑا، آگ، ہتھیار اور اوزار کے استعمال میں محتاط رہیں۔ سیارہ مریخ کی تمام تر کیفیات آپ کو متاثر کرتی ہیں یہ سیارہ ناقص حالت اور اپنے زوالی برج یعنی دلو میں داخل ہو چکا ہے جہاں پر یہ کمزرویوں کو ظاہر کریگا اس دوران کسی بھی قسم کا اہم قدم آپ کیلئے نقصان دہ ہو سکتا ہے محتاط رہیں۔ لوح شرف مریخ اپنے پاس رکھیں تا کہ اس کی نحوست سے بچا جا سکے۔

اپریل (یکم تا 8) اس ہفتہ سعد نظر زہرہ تثلیث زحل قائم ہو رہی ہے ان ایام میں نکاح نسبت کیلئے بہتر ثابت ہوگا اگر انہی ایام میں کسی سے پیمان محبت باندھ لیں گے تو وہ استوار رہے گا۔ **مالدار خواتین** سے تعلقات قائم رہیں تو اس ہفتہ مالی فائدہ بھی ممکن ہے۔ اپنی شان دار شخصیت کی بدولت نئے تعلقات سے فائدہ اٹھایئے ان ایام میں آپ معمولی سی تکالیف اور بیماری کو برداشت نہیں کر پائیں گے۔ ایسا کوئی کام نہ کریں جس میں محنت زیادہ کرنی پڑے۔ ضروری ہے کہ اپنا طبی معائنہ کروائیں اور صدقہ دیں۔ خداداد جوہر آزمایئے، **خوشخبری** قریب ہے۔ جہاں آپ کی ضرورت وہاں ضرور جایئے۔
(9 تا 16) بزرگ کی بات ماننے میں ہی فائدہ ہے روحانی فیض میسر آ سکتا ہے۔ **عبادت و ریاضت** کی طرف دھیان رہے گا روحانی سکون میسر ہو گا۔ **قیمتی اشیاء** کی خریداری کیلئے اچھے ایام ہیں۔ اس ہفتہ سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔ کھلے پانی میں جانے سے گریز کریں سرسبز مقامات طبیعت میں تازگی پیدا کریں گے۔ ایک شخص آپ کی تاک میں ہے ممکن ہے کہ اس کا تعلق برج حمل سے ہو روپے پیسہ ضائع نہ کریں کسی قسم کا حادثہ پیش آ سکتا ہے۔
(17 تا 25) اس ہفتہ اہل خانہ آپکی جانب سے کسی اہم خبر کی منتظر ہیں لیکن طبیعت سے چڑچڑا پن ختم کریں **بات بات پر جھگڑنا** آپ کے وقار کو خراب کرتا ہے جو کچھ ہو چکا اسے دل و ذہن سے نکال دیں۔ عزیز کی جانب سے پریشانی لاحق ہو سکتی ہے دوران سفر محتاط رہیں اندیشہ ہے کہ کوئی بڑا نقصان نہ ہو جائے۔ اگر مزاحمت کا سامنا کرنا پڑے تو اپنے دوستوں کو پکاریئے۔ آپ عمل کے مقابلے میں منصوبہ بندی پر زیادہ وقت صرف کر رہے ہیں۔
(26 تا 30) اس ہفتہ عطارد تربیع **زحل کی نحس نظر** قائم ہو رہی ہے۔ نحس نظر کے تحت والدین اور قریبی عزیزوں سے تعلقات کو بہتر بنائیں ذرا سی تلخی بات کا بتنگڑ بنا سکتی ہے۔ بجائے اس کے کسی معاملہ کو نہ کھینچیں۔ فوری طور پر حل نکال کر بات **رفع دفع** کر دیں کیونکہ یہ نحس نظر دلوں میں بڑے اختلافات ڈل سکتی ہے۔ ان یام میں **پُرامن** رہ کر اپنے مقصد کو جاری رکھیں۔ دل اور راز کی بات کسی سے نہ کہیں کوشش کریں کہ زیادہ وقت تنہائی میں گزرے۔ جذباتی گفتگو سے پرہیز کریں۔ دور سے آیا ہو دوست مہمان آپ کیلئے کسی حد تک **تسکین کا باعث** ہوگا۔ اخراجات کو کنٹرول کریں

مئی (یکم تا 8) اس ہفتہ محبت کے معاملات کو نہ اٹھائیں کسی سے اظہار محبت بھی کرنا ہو تو فی الوقت خاموش رہیں وہ افراد جن کی منگنی ہو چکی ہے **حالات خراب** ہونے کا اندیشہ ہے کچھ الزامات لگائے جا سکتے ہیں۔ **کام کی زیادتی** تھکن محسوس کریں گے لیکن سستی میں آپ نقصان کر بیٹھیں گے۔ اگر دوسروں کے مسائل میں الجھ ہی گئے ہیں تو مستعد رہیے۔ قیمتی اشیاء کی حفاظت کریں۔ دوران سفر احتیاط کریں۔ **نقصان** کا اندیشہ ہے
(9 تا 16) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زحل برج دلو میں مقیم ہے اس برج میں سیارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر کو رجعت اختیار کر رہا ہے، دوران رجعت آپ کمزور حالت میں ہونگے۔ ملازمین پر **بھروسہ** نہ کریں اور چھوٹے طبقہ کے لوگوں سے احتیاط کریں۔ کوئی بھی شخص آپ کو نقصان دے سکتا ہے۔ دوران مستقیم آپ مضبوط ہوتے ہیں اور ہر شے آپ کے دائرہ اختیار میں ہوتی ہے۔ دشمن کی جانب سے جادوئی حملوں کا خطرہ ہے۔ کسی بھی قسم کے نقصان کا اندیشہ ہے۔ شریک حیات سے معاملات بہتر رکھنے کے لیے نرم رویہ اختیار کریں۔ تیسرا شخص آپ کے درمیان پھوٹ ڈلوانا چاہتا ہے۔ احتیاط کریں۔

صدیقی نیوز ایجنسی، لودھراں 0308-4450391 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

(17 تا 25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تثلیث زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 19 تا 24 مئی رہیں گے اس نظر کے تحت اس ہفتہ صحت بہتری کی طرف آ جائیگی۔ بگڑے ہوئے **معاملات سلجھنا** شروع ہو جائینگے۔ مالی فائدہ ہوگا انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ کاروبار میں نئی جدت لا کر زیادہ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ ملازمین پر بھروسہ نہ کریں۔ غیر شادی شدہ خواتین ان ایام میں کسی مرد سے دھوکہ کھا سکتی ہیں اور شادی شدہ خواتین اپنے شریک حیات سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں کیونکہ یہ ایام ان کیلئے ایک آزمائش ڈال رہے ہیں۔ بچوں کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔

(26 تا 31) قریبی عزیزوں سے پیدا شدہ ہونے والے خطرات اس ہفتہ ختم ہو جائینگے اور کچھ ایسے مواقع میسر آئینگے کہ آپ کسی حقدار شخص کی مدد کر سکیں۔ عزیز و اقارب سے حالات بہتر بنائیں اپنے لہجہ میں تبدیلی **نرم انداز** میں کریں۔ 26 تا 30 اپریل عبادت اور ریاضت کے ذریعہ یا اپنے برج کے مطابق اسم الہٰی کے ذریعہ پیدا شدہ مشکلات کو حل کر سکتے ہیں روحانی سکون حاصل کرنے کیلئے عبادت کی طرف دھیان دیں لاپرواہی سے آپ اپنا ہی نقصان کر بیٹھیں گے۔

جون (یکم تا 8) وہ افراد جو کہ کاروباری مقاصد کے حصول کیلئے سفر کرنے کے خواہشمند ہیں ان کو فائدہ حاصل ہوگا یا کچھ افراد کو غیر متوقع طور پر رقم مل جائیگی۔ اپنے **غصہ کو قابو** میں رکھیں ایک شخص سے لگائی گئی امید بھی پوری نہ ہوگی۔ دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہو سکتا ہے لیکن ایسی دوستی کا کیا فائدہ جو آپ کیلئے ہی وبال جان بن جائے۔ حد سے زیادہ **اعتماد** آپکو بدنام کر دے گا۔ اس ہفتہ صحت کی طرف خصوصی توجہ دیں نزلہ زکام اور جسم کے درد کی شکایت ہو سکتی ہے۔ زیادہ خیالات کے الجھاؤ میں گرفتار ہو سکتے ہیں۔ اہل خانہ کے ساتھ نرم رویہ اختیار کریں والدین کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کاروباری فائدہ ممکن ہے اگر آپ اس ہفتہ کے پہلے پندرہ دنوں میں کاروباری معاملات میں رقم لگا سکتے ہیں تو آپ کیلئے فائدہ مند ہوگی نئے کاروبار کے آغاز کیلئے 10 تا 15 جون بہترین ایام ہیں۔ اس وقت حالات آپکی مٹھی میں ہیں ملازم پیشہ افراد افسران بالا خصوصاً اعلٰی مرتبہ پر فائز افسران سے مل کر اپنی ترقی کے راستے کھول سکتے ہیں یا اپنی ترقی کروا سکتے ہیں اس دوران **ملازمین** کی جانب سے کی گئی کم محنت زیادہ فائدہ دیگی۔ ہفتہ کے آخر میں امراض کا خطرہ ہے۔ خصوصاً سینہ کے امراض، سانس کی تکالیف اور پٹھوں کے درد جیسے مرض پیدا ہو سکتے ہیں۔ ہائی بلڈ پریشر پرانے دلوی افراد خصوصاً احتیاط سے کام لیں۔

(17 تا 25) ایک ایسا شخص آپکی مدد کرنے کو تیار ہے آج کہ آپ کیلئے غیر اہم تھا کسی بھی معاملہ میں بال کی کھال اتارنے سے گریز کریں۔ شک و شبہ کی عادت آپکو خراب کر سکتی ہے۔ بنے ہوئے کاموں کو بگاڑ سکتی ہے۔ اپنے گرد و پیش پر نظر رکھے ایک **گھٹیا ذھینت** رکھنے والا شخص آپکے قریب ہی ہے اور مختلف داؤ پیچ چل رہا ہے اس کا مقصد ہر طرح آپکو نقصان دینا ہے اس سے بچیں۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ آپ نے ایک سپولیا پال رکھا ہوا اور آپ اس سے بے خبر ہوں۔

(26 تا 30) ایک ایسی **خواھش** پوری ہونے کی امید ہے۔ جس کی آپ عرصہ دراز سے منتظر تھے وہ لوگ جن کا تعلق سیاست سے ہے ان کیلئے یہ ہفتہ بہتر رہے گا۔ نئے کام کی ابتداء کیلئے اس ہفتہ 27 تا 30 جون بہتر تاریخیں ہیں۔ **مالی پوزیشن** بہتر ہو سکتی ہے۔ غصہ کی حالت میں آپ اپنا نقصان کر سکتے ہیں لہذا تحمل مزاجی سے کام کریں۔ **جذبات** کے ساتھ ہوش بھی ضروری ہوتا ہے۔ آپ کے زائچہ میں 05 ستارے ایک ہی برج میں جمع ہیں۔

جولائی (یکم تا 8) اپنے **اخراجات** پر کنٹرول کریں اخراجات کی زیادتی آپ کو نقصان دے سکتی ہے۔ **مالی مسائل** کو حل کرنے کیلئے قرضہ لینا ضروری نہیں کوئی دوسرا راستہ بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ ان دنوں اگر آپ نے قرض لیا تو اسے اتار نہ سکیں گے۔ اس ہفتہ سر درد کی شکایت ہو سکتی ہے۔ **ذھنی دباؤ** کا شکار رہینگے۔ 05 تا 08 جولائی آپ کیلئے نحس ثابت ہونگی۔ یہ ہفتہ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کیلئے اچھا نہیں ہے کسی رقم کے ڈوب جانے کا خطرہ ہے۔ شریک حیات سے توقعات پوری ہونگی۔ آمدنی زیادہ نہ ہو سکے گی لیکن آپ کو ایک بات سے مطلع کرتے ہیں کہ اپنے اخراجات کو کم کریں

(9 تا 16) اس ہفتہ کچھ ایسا پروگرام تبدیل سے سکتے ہیں جس پر عمل کر کے آپ کے کاروباری معاملات بہتری کی طرف آ جائیں گے۔ **نئے منصوبے** بنانے کیلئے یہ ہفتہ فائدہ مند ثابت ہوگا۔ جائیداد کی خرید و فروخت اس ہفتہ نہ کریں کیونکہ اس سے متعلق سیارے ان دنوں اچھی حالت میں نہیں ہیں۔ اہل خانہ سے تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ **شینرز**، جائیداد، مشینری کی خرید و فروخت ان دنوں میں بہتر ثابت ہوگی۔ سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکتے ہیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ کسی بھی قسم کا نقصان دے سکتا ہے لہذا آپ کو سخت احتیاط کرنا ہوگی۔ جسمانی صحت کا خیال رکھیں مخالفین سے محتاط رہیں۔ مالی نقصان کی توقع ہے۔ عزیز و اقارب سے معاملات کو الجھانے کی کوشش نہ کریں **تحریری معاھدہ** اور گھریلو مسائل میں احتیاط برتیں۔ آپ کی لاپرواہی سے ایک بنا ہوا الجھ جائے گا۔ یہ ایام آپ کیلئے نحس ثابت ہو سکتا ہے اس دوران کوئی نیا معاہدہ نہ کریں اور نہ ہی کسی نئی شے کی خریداری کریں زیورات اور جائیداد سے متعلق معاملات فی الوقت التواء میں ڈال دیں ابھی اس قسم کے **مسائل حل** کرنے کا وقت نہیں ہے۔ اولاد کی جانب خصوصی توجہ دیں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ نہایت احتیاط سے اپنے کام سے کام رکھیں دیگر معاملات میں دخل اندازی آپکے لئے پریشانی کا باعث بن سکتی ہے۔ اس ہفتہ عدالتی کاروائیوں سے دور رہیں اور کوشش کریں کہ تحریر و تقریر کے ذریعہ کوئی بھی معاہدہ طے نہ پائے ورنہ کیا گیا معاہدہ آپ کیلئے کی پریشانیاں لا سکتا ہے۔ یہ ہفتہ سفر کرنے کیلئے بہتر نہیں ہے۔ نقصان یا چوری ہونے کا خدشہ ہے سفر پر جانے سے قبل گھر کے تالوں کو اچھی طرح چیک کر لیں ایسا نہ ہو کہ کسی نقصان سے دوچار ہونا پڑے۔

اگست (یکم تا 8) کچھ لالچی لوگ آپ کے گرد جمع ہونا شروع ہو گئے ہیں **مہمانوں کی آمد** متوقع ہے۔ نیک نامی ہو سکتی ہے مضبوط قوت ارادی پیدا کریں حوصلہ مندی سے اپنے **مقصد** کی جانب بڑھتے رہیں۔ دوسروں پر حاکمیت جمانے کی کوشش نہ کریں۔ ان ایام میں عطارد تربیع کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 02 تا 05 اگست رہینگے۔ ان ایام میں کوئی بھی کیا گیا کاروبار بہتر نہ رہیگا۔ ان ایام میں آپ کے دشمن آپ پر **جادو ٹونے** بھی کروا سکتے ہیں جس کی وجہ سے آپ کا کاروبار بالکل تباہ ہو سکتا ہے۔ اپنے حق میں بھی بزرگوں سے دعا کروائیں اور **صدقہ** لازمی دیں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کے آغاز میں چند **عجیب تبدیلیاں** محسوس کرینگے۔ شریک حیات سے غیر متوقع طور پر اچھی خبر ملنے کی امید ہے ایک شخص آپ کی جانب صلح کا ہاتھ بڑھا رہا ہے۔ آپ کو بھی چاہئے کہ اس کا **کھلے ذہن** اور کھلے بازؤں سے خیر مقدم کریں اور نچلے درجہ کے لوگوں سے دوستی ہو سکتی ہے اس ہفتہ بنائی گئی اسکیمیں اور آئندہ تیار کیا گیا لائحہ عمل آپ کو زیادہ فائدہ دے گا۔ مقدمہ بازی اس ہفتہ ختم ہو جائیگی اور **مخالفین** صلح پر اتر آئینگے۔

(17 تا 25) ہفتہ رواں میں مایوسی کو اپنے نزدیک نہ آنے دیں۔ بزرگ خواتین سے اپنے لئے **خصوصی دعا** کروائیں تاکہ روحانی شخصیت سے مل کر موجودہ مسائل حل کر سکتے ہیں قریبی عزیز، بہن بھائیوں سے اختلاف قائم ہو سکتا ہے ایسا بھی ممکن ہے کہ کسی پیچیدہ مرض میں مبتلا شخص اس دنیا سے کوچ کر جائیگا جس کا آپ سے قریبی رشتہ ہو۔ اپنے ذہن کو دباؤ سے نکالیں اور ریلیکس ہونے کی کوشش کریں۔ کاروباری حالات بہتری کا رخ اختیار کر جائینگے۔

(26 تا 31) ایسے معاملات میں اپنا **پیسہ نہ لگائیں** جس میں آپ کو کسی بھی قسم کا چانس نہ لینا پڑے خصوصاً انعامی اسکیموں میں اپنی رقم لگانا اس ہفتہ فائدہ مند ثابت نہ ہوگا بلکہ اپنا نقصان کر بیٹھیں گے وہ شادی شدہ افراد جن کی شریک حیات کا گھر یعنی سسرالی گھر دوسرے شہر میں ہے۔ چند دنوں کیلئے انکو شریک حیات کو اس کے گھر بھیجنا ہوگا لیکن خوش مزاجی کے ساتھ آپ کی **تلخ مزاجی** اور سخت گفتگو ماحول کو خراب کر سکتی ہے۔ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔

ستمبر (یکم تا 8) اس ہفتہ زہرہ تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ کاروباری افراد کو اس ہفتہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ چوری ہو سکتی ہے۔ نقصان سے بچنے کے لیے بہترین حکمت عملی بنائیں۔ دوران سفر محتاط رہیں۔ والدین یا شریک حیات سے اختلافات ہو سکتے ہیں اور نوبت جھگڑے تک آ سکتی ہے۔ نئی خریداری کیلئے یہ وقت موزوں نہیں۔ قریبی دوست یا اولاد یا قریبی عزیز دُکھ پہنچ سکتا ہے لیکن آپ نے ہونے والے نقصان کو اپنے ذہن پر سوار نہیں کرنا ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ مذہب کی طرف رجحان رہے گا کاروباری ترقی اور کاروباری وسعت حاصل ہوگی۔ اس ہفتہ مقدمہ بازی اور عدالتی کاروائیوں سے گریز کریں ورنہ آپ کو لینے کے دینے پڑ جائینگے اور آپ کو بجائے فائدہ کے **نقصان** ہوگا۔ وہ افراد جن کا تعلق افسران بالا سے ہے زیادہ قوی افراد جو اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں اس ہفتہ کچھ مشکلات میں گرفتار ہو سکتے ہیں۔ عدالتی امور میں کامیابی نئے مکان کی تعمیر اور نئے منصوبے کے آغاز کیلئے اچھے دن ہیں۔

(17 تا 25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 18 تا 21 ستمبر رہیں گے۔ ان ایام میں کوئی خوشخبری مل سکتی ہے اور دیرینہ مسئلہ بھی حل ہو سکتا ہے۔ **قیمتی اشیاء** کی خرید و فروخت کے لئے یہ وقت موزوں ہے۔ خصوصاً جائیداد یا زمین، پلاٹ کی خرید فروخت فائدہ دیگی۔ بہت سے لوگوں سے بہت سی اُمیدیں لگانا چھوڑ دیں تو آپ کو کبھی دُکھ نہ ہوگا۔ حاکمانہ رویہ میں تبدیلی لائیں اس قدر بھی نرم نہ بنیں کہ لوگ آپکو نگل جائیں۔

(26 تا 30) اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زحل برج جدی 29 ستمبر کو مستقیم ہوگا۔ دوران رجعت آپ کمزور حالت میں تھے۔ اب آپ قوت طاقت اور خوش بختی کے دور میں آ چکے ہیں مگر اب بھی چھوٹے طبقہ کے لوگوں سے احتیاط کریں۔ کوئی بھی شخص آپ کو نقصان دے سکتا ہے۔ دوران مستقیم آپ مضبوط ہوتے ہیں اور ہر شئے آپ کے دائرہ اختیار میں ہوتی ہے۔ دشمن کی جانب سے **جادوئی حملوں کا خطرہ** ابھی ٹلا نہیں۔ شریک حیات سے معاملات بہتر رکھنے کیلئے **نرم رویہ** اختیار کریں۔ تیسرا شخص آپکے درمیان پھوٹ ڈلوانا چاہتا ہے۔ اب کچھ بہتری کی امیدیں ہیں اور ماحول سازگار ہو گا کاروباری حضرات اس ہفتہ تھوڑی محنت سے زیادہ منافع کما سکیں گے۔ ایک دوست سے فائدہ متوقع ہے۔ اس ہفتہ میں ملے جلے حالات قائم رہینگے۔

اکتوبر (یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد تربیع زحل کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔ ان ایام میں لڑائی کا خدشہ ہے۔ آپکی اچھی شہرت کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ شریک حیات سے تعلقات میں خرابی یا شہرت میں کمی کا باعث ہو سکتی ہے۔ یہ ہفتہ نہایت پُرسکون گزارنے کیلئے زبان کو تالا لگائیں۔ ان ایام میں قانونی معاملات میں الجھ سکتے ہیں لیکن آپ باآسانی ان سے نکل جائیں گے کوئی معاہدہ کرتے وقت محتاط رہیں۔ **دوست نما دشمن** آپ کے گرد ہیں۔

(9 تا 16) طالب علموں کیلئے یہ ہفتہ بہتر ثابت ہوگا وہ لوگ جو کہ تعلیم حاصل کرنے کے سات عشق اور محبت میں بھی گرفتار ہیں ناکام اور مایوس ہو جائینگے ان کو محبوب کی طرف سے متوقع خبر نہ ملے گی بہتر ہے اس ہفتہ عاشق حضرات محبوب سے کچھ کنارہ کشی اختیار کرلیں ایسا کرنا ان کے حق میں بہتر ثابت ہوگا اپنے بنے ہوئے پروگرام میں کچھ رد و بدل کریں۔ موسم کی تبدیلی کے باعث طبیعت ناساز بھی ہو سکتی ہے۔ غیر متوقع طور پر ایسی خبر مل سکتی ہے جس کی وجہ سے آپ اپنے سابقہ تمام **دکھ درد** بھول جائیں اس ہفتہ کے آخری 02 دن مقدمہ اور پھر لڑائی جھگڑے ختم کرنے کے لئے بہترین خود مخالفین سے ہاتھ بڑھ کر صلح کرلیں۔ شادی شدہ افراد اور وہ لوگ جو کہ قبل از وقت اپنے محبوب کی محبت میں گرفتار ہیں ایسے دونوں کو کوئی محبوب کی طرف سے پریشانی لاحق ہو سکتی ہے۔

شاہین نیوز ایجنسی، نمک میانی تحصیل بھیرہ 0344-7483510
ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

(17 تا 25) یہ ہفتہ تحریری معاملات معاہدہ کرنے جھگڑوں کا فیصلہ کرنے اور عزیز واقارب سے **صلح** کرنے کیلئے بہترین دن ہیں اس موقع کو ہاتھ نہ جانے دیں۔ ادھیڑ عمر اور نچلے درجہ کے لوگوں سے احتیاط کریں خاص کر افسران بالا اپنے ماتحت اور کاروباری حضرات ملازمین پر خاص نظر رکھیں ان کی وجہ سے کسی بھی قسم کا **نقصان** ہوسکتا ہے۔ آپ میں سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ کسی بھی بات کی کھال اتارنا شروع کردیتے ہیں جس کی وجہ سے لوگ اکثر اآپ سے خائف ہوجاتے ہیں اور جلد پیچھا چھڑانے کی کوشش کرتے ہیں۔ آپ پر بلاوجہ الزامات لگائے جاسکتے ہیں۔ ملازمین پر نگاہ رکھیں نقصان ہوسکتا ہے۔
(26 تا 31) غیر شادی شدہ افراد یا وہ لوگ جو **عشق و محبت** کے مارے اس ہفتہ اپنے محبوب سے اظہار محبت کرسکتے ہیں۔ اپنے اخراجات کو کنٹرول میں رکھیں اشیاء تعیشات میں زر کا اصراف نہ کریں اور کسی برے وقت کیلئے بچا کر رکھ لیں 20 تا 30 اکتوبر آپ کیلئے سخت ترین دن ہیں ان دنوں آپکا برج کا مالک سیارہ زحل مقابلہ عطارد نظر قائم کررہا ہے لہذا عبادات اور ریاضت کی طرف دھیان دیں۔ **عدالتی کاروائی** ان دنوں میں نہ کریں ورنہ نقصان کا خطرہ ہے۔
نومبر (یکم تا 8) اس ہفتہ اہل خانہ سے تعلقات بہتر بنائیں نئے مسائل نئے انداز سے سامنے آسکتے ہیں۔ صنف نازک آپ کیلئے **بدنامی** کا باعث بن سکتی ہے آپ کے اندر سے اٹھنے والی پہلی آواز آپ کو درست آگاہی دیتی ہے ان حالات میں چاہئے کہ اپنے اندر کی آواز کو غور سے سنیں اور اس پر عمل کریں۔ **رقم کا لین دین** شیئرز کی خریداری کاروباری مقاصد میں رقم لگانا یا قرض لینے اور دینے کیلئے یہ دن اچھے نہیں ہے۔ کسی بھی قسم کی جائیداد کی خرید فروخت یا نئی مشینری کا خریدنا بھی نحس ثابت ہوسکتا ہے لہذا کچھ دن بعد ان کاموں کو کریں تو زیادہ فائدہ ہوگا اور نقصان سے بچ جائیں گے۔
(9 تا 16) آمدنی کے مقابلے میں **اخراجات** اس ہفتہ زیادہ ہوسکتے ہیں بہت سے خرچے آپ نے بلاوجہ شروع کئے ہوئے ہیں آپکو ان دنوں میں زیادہ سے زیادہ رقم بچانا ہوگی کاروباری پوزیشن بہتر رہیگی۔ 14 تا 16 مئی اچانک مفت کی دولت ہاتھ آسکتی ہے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کیلئے یہ دن اچھے ہیں جائیداد کی خرید وفروخت اور دیگر معاملات میں یہ رقم خرچ کرسکتے ہیں۔ گزشتہ ہفتہ کے آخر میں جن کاموں سے منع کیا گیا تھا ان امور کو انجام دینے کیلئے یہ تاریخیں بہتر رہنگی۔ 12 تا آخر ہفتہ تک شریک حیات سے **اختلافات** پیدا ہوسکتا ہے۔ عمر رسیدہ خواتین آپ کی بدنامی کا باعث بن سکتی ہے۔
(17 تا 25) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ تربیع زحل قائم ہورہی ہے۔ معمولی بات پر بڑا جھگڑا کھڑا ہوسکتا ہے۔ وہ افراد جن کی منگنی کی بات چل رہی تھی یا نکاح قریب تھا۔ خدشہ ہے کہ کسی بھی وجہ سے یہ **معاملہ ختم** ہوجائے۔ محبوب یا شریک حیات سے تعلقات خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ کوشش کریں کہ ان دنوں خاموشی اختیار کرلی جائے۔ کڑوے اور سخت جملے بولنے سے گریز کریں۔ میاں بیوی میں اختلاف اگر مناسب حل تک نہ پہنچے تو علیحدگی کا بھی خطرہ ہے۔
(26 تا 30) ایک راز جو کہ اب تک آپ پر کھلا نہ تھا اس ہفتہ ظاہر ہوجائیگا۔ حیران ہونے کی ضرورت نہیں جو شخص آپ کیلئے غیر اہم تھا اب اہم ہوگا ملازم پیشہ افراد کی تبدیلی کا امکان ہے اس ہفتہ جذبات سے کام نہ لیں بلکہ ہوش ہواس میں رہ کر کام لیں۔ **بے احتیاطی** خطرناک ثابت ہوسکتی ہے۔ کامیابی حاصل کرنے کیلئے کچھ قربانی دینا ہوگی ملازم پیشہ افراد اور کاروبار سے تعلق رکھنے والے حضرات انی بھرپور توجہ اپنے فرائض پر دیں ورنہ ان کی غفلت مالی نقصان دے سکتی ہے۔
دسمبر (یکم تا 8) آپ بلاوجہ دوسروں کے معاملات میں دخل اندازی نہ کریں اگر کوئی برا کررہا ہے تو آپ مصلحت کے تحت خاموشی اختیار کریں زیادہ صاف گو بننے سے آپ کیلئے مسائل کھڑے ہوسکتے ہیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے والے شائقین افراد یکم دسمبر کو ہونے والی قرعہ اندازی کیلئے قسمت آزمائی کرسکتے ہیں اس ہفتہ رومانوی ماحول رہیگا۔ **نیا کاروبار** شروع کرسکتے ہیں ایسے سرکاری ملازم جن کا تبادلہ اُن کی من پسند جگہ پر نہیں ہورہا ان ایام میں کوشش کریں۔
(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس زحل قائم ہورہی ہے اس نظر کے تحت ان ایام میں صحت کی طرف سے خصوصی توجہ دیں معمولی امراض کا بھی فوری علاج کروائیں تو بڑے نقصان سے بچا جاسکتا ہے سر درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ مگر احتیاط کے طور پر دستخط کرنے سے قبل مکمل تسلی کرلیں کیوں آپ کی جانب سے کی گئی ذرا سی غفلت پریشانی کا باعث بن سکتی ہے۔ بزرگوں کی خدمت کرکے اُن سے دعائیں لیں۔ صحت کا خیال رکھیں۔ خوشی کے موقع پر خیر خواہوں کو نہ بھولیں۔ دوران سفر صحت کی طرف سے لاپرواہی پریشانی کا سبب بن سکتی ہے اور دوسروں پر بے جا اعتماد سے بھی حتی الامکان گریز کریں۔
(17 تا 25) 19 دسمبر سیارہ مشتری آپ کے برج دلو میں داخل ہورہا ہے۔ یہ وہ وقت ہے جب آپ سب کچھ کرسکتے ہیں کیونکہ کہ آپ سخت اور مشکل وقت گزار چکے ہیں۔ ایک مشکل ترین دور سے گزرنے کے بعد خوش بختی میں داخل ہوچکا ہے جہاں پر اسے بہت وقت ملے گا۔ اب آپ اپنے رُکے ہوئے کاموں کا انجام دے سکتے ہیں خاص طور سے وہ امور جو کہ بیرون ملک سفر سے متعلق تھے۔ صحت مند زندگی گزارنے کے لئے اپنے ڈاکٹر کی ہدایت پر عمل کریں۔
(26 تا 31) ایک سوچ آپ کو دیمک کی طرح کھائے جارہی ہے۔ آپ اپنے دکھ اور درد کو اس ہفتہ اپنے مخلص دوست سے بیان کردیں ورنہ آپ کی یہ حالت مزید بگڑ سکتی ہے ضروری نہیں کہ جس شخص پر اعتماد اور اعتبار کیا جائے وہ آپ کو سوچ کے مطابق ہو خواتین اس ہفتہ اخراجات میں کمی کریں اور یہ ہفتہ **انعامی اسکیموں** میں حصہ لینے والے افراد کے لئے نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ 27 تا 30 دسمبر لڑائی جھگڑا پیدا ہوسکتا ہے۔ آپ صبر وتحمل سے کام لیں جو کچھ آپ سمجھ آرہا ہے اس کو آپ بہتر طور سے سمجھ سکتے ہیں جلد بازی آپ کیلئے بہتر نہ ہوگی۔ اپنے برج کے مطابق صدقے کا اہتمام لازمی کریں۔

شمع بک ڈپو، بھوانہ بازار فیصل آباد 0300-7230290 روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

PICES

تاریخ پیدائش:۔ 20 فروری تا 20 مارچ | نام کا سرحرف:۔ ڈ، چ | موافق دن:۔ جمعرات | حاکم سیارہ:۔ نیپچون

حوت

خاصیت:۔ مہربان، باشعور، عمدہ شخصیت
امراض:۔ لنگڑاپن، آنکھوں کے امراض
ذاتی خصلت:۔ غلط فہمی میں مبتلا، جلد غصہ کا اظہار

موافق عدد:۔ 3
موافق پتھر: زمرد یا قوت
موافق رنگ: گہرا سبز، تیز برزونا، خاکی

جنوری (یکم تا 8) اس ہفتہ عطارد قران مشتری سعد اثرات ظاہر کر رہے ہیں ملازمت میں فرائض منصبی کی بجا آواری سے مادی فوائد ملیں گے حکام بالا کا تعاون شامل حال رہیگا اور ادھورے کاموں کی تکمیل ہوگی راز کے افشاء میں مادی نقصان کا ہونا پایا جاتا ہے۔ انعامی بانڈ میں حصہ لینے سے فائدہ ہوگا۔ زمین و جائیداد سے **متعلقہ مسائل** حسب منشاء حل ہونگے اس سلسلہ میں قانونی چارہ جوئی بہتر رہیگی تصفیہ طلب امور کا فیصلہ آپکے حق میں ہوگا۔ دوسروں کی محنت بھی فائدہ مند ثابت ہوگی۔ زائچہ کے دیگر سیارگان کچھ سعد حالت میں ہیں لہذا آپکا ہفتہ گذشتہ ایام کی نسبت بہتر بسر ہونے کا امکان ہے۔

(9 تا 16) رواں ہفتہ میں ملازمین پر بھروسہ ہرگز نہ کریں یاد رکھیں ملازمین پر بھروسہ کرنا نقصان کا باعث ہوسکتا ہے۔ چند لوگ مل کر آپ کے خلاف **سازشوں کا جال** بن رہے ہیں۔ نہایت احتیاط سے کام لیں۔ ذرا سی غلطی بڑا نقصان کا باعث ہوسکتی ہے۔ لوگوں کی باتوں پر نہ جائیں اپنے کام سے کام رکھیں۔ انہی ایام میں اچانک **بری خبر** مل سکتی ہے لیکن اپنی قوت ارادی کو مضبوط کریں اور حادثات سے نبٹنے کیلئے ذہنی طور پر خود کو تیار کریں۔ کمزور قوت ارادی کی وجہ سے آپ اپنی صحت خراب کر سکتے ہیں۔ شریک حیات سے **تعلقات استوار** رکھیں آپ بہتری کی طرف سفر کرنا شروع ہو جائیں گے۔

(17 تا 25) اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہو رہی ہے عاشق و معشوق کے مابین مفاہمت رہے گی۔ اس ہفتہ کسی بچھڑتے ہوئے دوست یا عزیز سے ملاقات ہوگی **اندرون خانہ** ہر طرح سے خیر و عافیت رہے گی۔ اس ہفتہ زائچہ میں زہرہ اور مشتری سیارگان سعد حالت میں ہیں اس لئے آپ کا یہ ہفتہ ملتے جلے حالات میں بسر ہوگا اس ہفتہ معاملات **عشق و محبت** پروان چڑھیں گے۔ عاشق اور معشوق کے درمیان پیدا شدہ شکوک و شبہات کا ازالہ ہوگا بعض نو آموز حضرات عورتوں کے چنگل میں پھنس کر مالی نقصان کے علاوہ **بدنامی بے عزتی** کا خطرہ مول لینے کا اندیشہ ہے۔

(26 تا 31) اس ہفتہ کے آغاز میں ہی بہتری کے اثرات نظر نہ آئینگے۔ لیکن قریبی عزیزوں سے تعلقات اچھے ہو جائینگے۔ نئے منصوبوں کی تکمیل ممکن ہو سکتی ہے۔ آپ اس دوران بہتر لائحہ عمل بھی تیار کر سکتے ہیں۔ اس ہفتہ سفر نہ کریں تو آپکے حق میں بہتر ہے ازدواجی زندگی متاثر ہوسکتی ہے۔ روپے کے لین دین میں بحث و تکرار فائدہ نہ دیگی معاملہ کو بہتر طریقہ سے سلجھانے کی کوشش کریں۔ حالات بدستور قائم رہینگے آپ کو اپنے غصہ پر کنٹرول کرنا ضروری ہے۔

فروری (یکم تا 8) اس ہفتہ حالات بھی اچھے نہیں ہیں۔ ملازم پیشہ افراد سخت ترین دور سے گزریں گے۔ اس ہفتہ مشتری نحس درجہ ہبوط سے گزرے گا۔ ان دنوں میں آپ افسران بالا یا والدین کے غضب و غصہ کو برداشت کرنا ہوگا۔۔ بزرگوں سے خصوصی دعا کروائیں اعلیٰ عہدوں پر فائز افسران بالا سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ **ملازم پیشہ** افراد یا گھر کے سربراہ کوشش کریں کہ کوئی اہم ذمہ داری اپنے سر نہ لیں ورنہ ان کی سابقہ محنت رائیگاں جاسکتی ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کے اختتام سے کچھ بہتر ہونے والا نہیں ہے محتاط رویہ اختیار کریں کیونکہ سیارہ عطارد جس کا تعلق علم، عقل، قلم، عدالت، فیصلہ، عزیز اقارب سے تعلقات کا ہے آپ کے برج میں حالت رجعت میں جا رہا ہے اس کی یہ نحس حالت 10 مارچ تک رہیگی اس دوران کوئی بھی نیا معاہدہ کرنا یا کوئی **دفتری کاروائی** جس میں بحث و تکرار ہو گریز کریں۔ کسی بھی دشمن سے دھوکہ کا اندیشہ ہے۔ جسمانی مرض مزید بگڑ سکتے ہیں۔ موسم کے مطابق غذا اور لباس استعمال کریں۔ دل اور دماغ پر بوجھ کی کیفیت رہیگی۔ اس دوران یہ سیارہ اپنی طاقت کھو دیگا۔ جسکی وجہ سے آپکی صحت میں سستی اور کاہلی کا شکار رہیگی۔

(17 تا 25) اس ہفتہ اہم نحس اہم نظر زہرہ مقابلہ مشتری قائم ہو رہی ہے اس نظر کے تحت بگڑے ہوئے حالات مزید بگڑ سکتے ہیں طبیعت میں **چڑ چڑاپن** پیدا ہوسکتا ہے۔ آمدن کے مقابلہ میں اخراجات کی زیادتی ہوگی لیکن آپ بہتر حکمت عملی سے ان مشکل حالات کو کنٹرول کر سکیں گے۔ ان ایام میں ایک دوست جس سے آپ کو بہت سے امیدیں تھیں اس ہفتہ **دھوکہ** دے جائیگا۔ اس سے احتیاط برتیں اور حد سے زیادہ اعتبار نہ کریں آپ اپنی عادتوں کے باعث خود اپنے لئے **مسائل** کھڑے کر لیتے ہیں۔ زیادہ بولنا بھی اچھی عادت نہیں عدالتی امور سے دور رہیں ورنہ کوئی نیا مسئلہ کھڑا ہوسکتا۔

(26 تا 29) ان ایام میں نئی جائیداد کی خرید و فروخت نقصان دے سکتی ہے۔ کچھ لوگ آپ سے ملنے کے خواہشمند ہیں جن کو آپ مسلسل غیر اہم سمجھتے جا رہے ہیں **تعلقات** بڑھانا آپکے حق میں بہتر رہیگا پرانے دوست سے مل کر **خوشی** ہوگی۔ عمر رسیدہ لوگوں سے فائدہ ہوسکتا ہے لیکن اسی دوران قریبی عزیز کے صدقے سے بھی دو چار ہو سکتے ہیں۔ بھیانک خواب نظر آنے والے خراب حالات کی طرف اشارہ دیتے ہیں۔ کاروباری حالات اچھے نہ رہینگے۔

شیخ محمد حسین نیوز ایجنٹ ،فوارہ چوک جھنگ صدر 0333-6752004 | روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات

مارچ (یکم تا 8) ان ایام میں جسمانی صحت کا خاص خیال رکھیں ورنہ چھوٹی بیماری طول پکڑ سکتی ہے جس سے ذہنی صلاحیتیں بھی متاثر ہوسکتی ہے کسی کی بھی کی گئی بات کو ذہن میں جگہ نہ کرنے دیں سفر کر سکتے ہیں لیکن احتیاط اب بھی ضروری ہے۔ایک قریبی عزیز آپ سے دھوکہ کرنا چاہتا ہے اور وہ کچھ رقم آپ سے حاصل کرنے کی کوشش میں ہے ارادہ کو بھانپنا ضروری ہے۔اہل خانہ کے ساتھ نرم رویہ اختیار کریں آپ کی سختی آپ کیلئے نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔
(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس مشتری قائم ہورہی ہے جس کے اثرات 09 تا 13 مارچ رہیں گے۔مالی اسکیموں میں حصہ لینے کے لیے مناسب وقت ہے۔کہیں سے مفت کی دولت بھی مل سکتی ہے۔لیکن کاروبار پر توجہ دینے سے مالی فائدہ ہوسکتا ہے۔لکی عدد 3,9 ہے۔جو لوگ عرصہ دراز سے انعامی اسکیموں میں حصہ لے رہے تھے۔اس ہفتہ **قسمت آزمائی** کرسکتے ہیں۔لکی عدد 31,36 ہیں۔کہیں سے مفت کی دولت مل سکتی ہے۔
(17 تا 25) ان ایام میں **غصہ کو کنٹرول** میں کریں کوشش کریں کہ گھر میں پیار اور محبت کا ماحول قائم ہوا بلا وجہ کی تنقید آپ کیلئے ہی نقصان کا باعث ہوسکتی ہے۔رویوں میں تبدیلی لانا ضروری ہے۔کسی دوست کی جانب سے صدمہ ہوسکتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ دوست آپ کا انتہائی قریبی ہو جس سے آپکو خاص رغبت ہو لہذا ذہنی طور پر کسی بھی حادثہ سے نپٹنے کیلئے قبل از وقت **احتیاط** کرنا ضروری ہے۔کاروباری معاملات پر خصوصی توجہ دیں۔
(26 تا 31) اس ہفتہ اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہورہی ہے مشتری کام کے معاملات سے متعلق گھر میں ہوگا اس وقت کام کا دباؤ بڑھ جائے گا لیکن اگر اس دباؤ کا پوری طرح مقابلہ کیا تو **بے حد مفید نتائج** برآمد ہونگے۔ترقی کا امکان ہے یا پھر زیادہ **تسلی بخش** ملازمت مل جائے گی۔اگر موزوں ملازمت کی تلاش ہے تو یہ ہفتہ مقصد کیلئے بہت موافق ثابت ہوگا لیکن یاد رکھئے کہ بہترین نتائج حاصل کرنے کیلئے بھرپور کوشش لازمی ہے۔ اگر کسی صنعتی تنازعے یا جھگڑے میں پھنس گئے تو اس سے **با آسانی چھٹکارا** نہیں ملے گا۔اس ہفتہ مالی فوائد ملنے کا امکان ہے۔
اپریل (یکم تا 8) اس ہفتہ کی ابتداء سے ہی طبیعت میں بے چینی اور **ذہنی دباؤ** رہیگا لیکن آپ کو سب کچھ برداشت کرنا ہوگا۔شخص آپکے گرد جال پھیلا رہا ہے آپ با آسانی اس پر غالب آسکتے ہیں ناخوشگوار واقعہ بھی پیش آسکتا ہے۔نیکی اتنی ہی کریں کہ جتنی اچھی لگے۔قریبی رشتہ داروں سے تعلقات بہتر بنانے اگر کوئی صلح کی جانب ہاتھ بڑھاتا ہے تو آپ کے پیچھے نہیں ہٹنا چاہئے بیمار کی تیمارداری کرنا اپنا فرض سمجھیں گردوپیش کا جائزہ لیں کچھ فائدہ ہوسکتا ہے۔
(9 تا 16) اس ہفتہ نئے تعلقات کا آغاز کیا جاسکے گا۔قریبی تعلقات سے متعلقہ نقطہ نظر میں تبدیلی آئے گی غیر شادی شدہ افراد کی شادی کسی ایسے افراد سے ہوجائے گی جو مضبوط قوت ارادی کا مالک ہوگا۔ان دنوں میں کی گئی شادی زندگی پر گہرے مثبت اثرات مرتب کرے گی۔دوست احباب میں اضافہ ہوگا نئے چہروں سے شناسائی پیدا ہوگی۔اس ہفتہ سیارگان کچھ سعد حالت میں ہیں لہذا آپ کا یہ ہفتہ ملے جلے حالات میں بہتر ہوگا اور کئی نمایاں تبدیلیاں ہونگی کیونکہ اس ہفتہ عطارد تسدیس مشتری کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ **نیا کاروبار** شروع کرنے کیلئے بہترین ایام میں ملازم پیشہ افراد کی ترقی متوقع ہے۔
(17 تا 25) ان ایام میں **نظام ھضم** میں خرابی پیدا ہوسکتی ہے۔سر کا درد شدت بھی پکڑ سکتا ہے اپنی شخصیت میں نکھار پیدا کریں اخراجات میں اضافہ ہوسکتا ہے یہ الگ بات ہے کہ کچھ لوگ آپ کو خودغرض کہتے ہیں۔اس ہفتہ کے درمیانی ایام میں سفر کرنا نحس ثابت ہوگا۔اپنے دوست نما دشمنوں سے احتیاط کریں کاروباری پوزیشن بھی اچھا نہ ہوگی بہتر ہے کہ زیادہ وقت گھر پر ہی پرانے دوستوں سے مل کر یادیں تازہ کرسکتے ہیں۔والدین کی جانب سے خوشخبری مل سکتی ہے۔
(26 تا 30) اس ہفتہ میں عطارد تربیع مشتری کی نظر قائم ہورہی ہے جو کہ نحس ترین نظر ہے۔اس ہفتہ خفیہ اور حفاظتی امور احتیاط طلب ہوں گے کوئی بھی غلط قدم حیثیت وشخصیت پر حرف لاسکتا ہے لہذا راز کا پوشیدہ رکھنا ضروری ہے۔بصورت دیگر افسوس کرنا پڑے گا۔اس ہفتہ کے آخری ایام میں ملازمت پیشہ حضرات کو ساز گار حالات درپیش ہونگے۔شریک حیات کی وجہ سے اخراجات میں زیادتی ہوگی۔یاد رکھیں کسی پر بھروسہ کرنا آپ کیلئے نقصان کا باعث ہوسکتا ہے۔چند لوگ مل کر آپ کے خلاف **سازشوں کا جال** بن رہے گا۔کاروباری معاملات میں اعتبار کرنے کی وجہ سے آپ ہمیشہ نقصان اٹھاتے رہے ہیں۔
مئی (یکم تا 8) اس ہفتہ سے آپ پر نحس اثرات شروع ہیں آپ کے برج کا حاکم مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر حالت رجعت میں ہے اور ان دنوں میں اس کا قیام برج جدی میں ہے یہ رجعی حالت اسی برج میں ختم ہورہی ہے۔اس دوران قیمتی اشیاء الیکٹرک الیکٹرونکس، اسٹاک ایکسچینج، شیئرز، جائیداد کی خرید وفروخت نقصان دہ سکتی ہے۔اس دوران مالی معاملات میں خرابی پیدا ہوگی لیکن قرض دینے سے گریز کریں۔انعامی اسکیموں میں حصہ نہ لیں تو بہتر ہے۔
(9 تا 16) اس ہفتہ خانگی امور احتیاط کے طالب ہیں۔گھریلو مسائل میں غیر ضروری دخل اندازی سے گریز کریں اور نہ ہی دوسروں کو اس کا موقعہ دیں ورنہ پریشانیوں کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ **مالی فوائد** بھی ملنے کا امکان ہے، نیا کاروبار کرنا فائدہ مند ثابت ہوگا۔ملازمتی امور کی انجام دہی کے سلسلے میں ماتحتوں پر اعتبار حد سے زیادہ نہ کریں۔اس ہفتہ عطارد تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔آپ کی اپنی صحت جسمانی ناقص رہنے کا **احتمال** ہے۔سیر وتفریح کی غرض سے جانے کا پروگرام بنا سکتے ہیں اچانک کسی تقریب میں جانے کا اتفاق ہوگا جہاں پر کچھ بچھڑے ہوئے دوستوں سے ملاقات ہوگی۔

(17 تا 25) مشتری تثلیث زحل آپکے برج کا حاکم سیارہ مشتری تثلیث زحل کے باعث کچھ بہتر امیدوں کی نشاندہی کر رہا ہے لیکن اس دوران یہ نہ سمجھیں کہ خطرات ٹل چکے ہیں کاروباری اسکیمیں فائدہ مند رہنگی۔ بہتر **منصوبہ بندی** سے اپنے کاروبار کو بڑھا سکتے ہیں اس ہفتہ کیا گیا کاروباری سفر فائدہ دیگا دیگر مقاصد کیلئے بھی سفر میں کامیابی ہو سکتی ہے۔ اہل خانہ کے ساتھ بہتر تعلقات پیدا ہونگے پرانی کشیدگی کو ختم کر کے نئی زندگی کا آغاز کریں۔
(26 تا 31) اس ہفتہ محبت میں گرفتار ہو سکتے ہیں آپ کی عقلمندی کئی مسائل سے نجات دلوائے گی قریبی سفر بھی پیش آ سکتا ہے۔ شریک حیات یا قریبی دوست سے جو تنازعات پیدا ہو چکے ہیں ان کا حل کرنے کا بہترین وقت ہے۔ ملازم پیشہ افراد ان دنوں تبادلہ یا ترقی کیلئے کوشش کر سکتے ہیں۔ گھریلو ماحول تناؤ کا شکار رہیگا اہل خانہ سے کھل مل جائیں تو اس تناؤ میں کمی آ سکتی ہے۔ ہر معاملہ میں احتیاط کریں۔ گھریلو خواتین ملازمین کو نظر میں رکھیں اور زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ سیر و تفریح کا پراگرام بنالیں **طالب علم** اس ہفتہ اپنی پڑھائی پر خاص توجہ دیں ورنہ **اچھی خبر** سننے کو نہ ملے گی۔ دوران سفر احتیاط برتیں۔

جون (یکم تا 8) ان ایام میں گھر سے نکلتے وقت گھر یا دفتر کی کنڈیاں اور تالے اچھی طرح چیک کر لیں بے احتیاطی نقصان دے سکتی ہے۔ ان دنوں **چوری کا اندیشہ** ہے۔ قیمتی اشیاء اور نقدی سنبھال کر رکھیں گمشدہ چیز کا ملنا ناممکن ہو جائیگا۔ سیارہ زحل کے نحس اثرات آپ کیلئے **خرابیاں** پیدا کر رہے ہیں ذرا سی بات پر بنا ہوکھیل بگڑ سکتا ہے غیر اہم شخص کو اپنے راز دینے کا کوئی فائدہ نہیں بدنامی ہو سکتی ہے۔ **اخراجات** کنٹرول میں کر لیں۔
(9 تا 16) مشکلات سے نکلنے کیلئے ہاتھ پیر مارنا ضروری ہے ان دنوں منصوبہ بندی کرنا بہتر ثابت ہوگا ذہنی دباؤ سے بچیں بلڈ پریشر زیادہ کرنے سے کوئی فائدہ نہیں جو ہونا ہے وہ ہو کر رہتا ہے اپنے برج کے مطابق صدقہ خیرات دے کر گھر سے نکلیں۔ **مالی فائدہ** متوقع ہے۔ تحریری معاہدے کرتے وقت خوب سوچ سمجھ کر کام لیں۔ شریک حیات سے تعلقات بہتر ہو سکتے ہیں۔ خوش اسلوبی سے مسائل کو حل کرنے سے بہت سی خرابیوں سے بچ جائینگے۔
(17 تا 25) اچانک تبدیلیوں کا حاکم سیارہ نیپچون اس ہفتہ آپ کے برج میں رجعت کر رہا ہے جس کے منفی اثرات آپ پر ظاہر ہونے کا امکان ہے۔ ان ایام میں اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں تاکہ پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ کاروبار میں **نقصان** ہو سکتا ہے۔ خواتین خانہ کا رجحان خانہ داری اور گھریلو آرائش کی طرف بڑھے گا۔ روپے پیسے کے معاملات **توجہ طلب** ہونگے سرمایہ کاری نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ سفر میں بھی ناکامی ہو سکتی ہے فی الوقت سفر کا ارادہ ملتوی کر دیں۔ کاروباری حضرات اپنے کاروبار پر توجہ دیں ان ایام میں اخراجات پر کنٹرول کریں **فضول** خرچی نقصان کا باعث ہوگی۔
(26 تا 30) اگر آپ نے اس ہفتہ احتیاط نہ کی تو یقینی نقصان سے آپ نہیں بچ سکتے خصوصاً ان دنوں قرض کا دینا یا کسی سے رقم بطور قرض لینا دونوں ہی آپ کے حق میں بہتر نہیں ہیں قرض کی صورت میں دی گئی رقم واپس نہ ملے گی اور اسی طرح لی گئی رقم بھی واپس نہ دے سکیں گے۔ جسمانی صحت بہتر رہیگی لیکن ضروری ہے کہ اپنا مکمل چیک اپ کروائیں **دیرینہ بیماری** سے نجات مل سکتی ہے ایک بزرگ کی دی گئی دعا سے مسئلہ حل ہوگا۔ سب کو ساتھ لے کر چلیں کچھ لوگ آپ سے بہت سی امیدیں لگائے بیٹھیں ہیں آپ کی جانب سے بھی مثبت رویہ ملنا چاہئے۔ لڑائی جھگڑا یا الجھا ہوا معاملہ حل ہو سکتا ہے۔

جولائی (یکم تا 8) ان ایام میں اپنی **سوچ کو پختہ** کریں طبیعت میں تیزی سے اتار چڑھاؤ رہیگا علم و عقل کا حاکم سیارہ مشتری آپکے زائچہ میں بہتر پوزیشن پر ہے۔ یہ وقت آپ کیلئے بہتر ثابت ہو سکتا ہے **خود غرض** لوگوں کو اپنے قریب نہ آنے دیں ایسے لوگ آپ کے قریب جمع ہونا شروع ہو جائیں گے۔ بہتر لائحہ عمل تیار کر کے آئندہ کی پریشانیوں سے سنبھال سکتے ہیں۔ عدالتی کاموں میں احتیاط کی ضرورت ہے۔ بہتر ہے کہ نہایت احتیاط سے کام لیں ریڑھ کی ہڈی اور کمر میں درد کی شکایت ہو سکتی ہے اپنے مقصد کی تکمیل نہ ہو سکے گی۔ کسی دوسرے کے مسئلہ میں خود کودنے کی کوشش نہ کریں۔
(9 تا 16) ان ایام میں آپ کی **مقبولیت میں کمی** آ سکتی ہے بچوں کی جانب خاص توجہ دیں خاموش رہنے میں ہی بھلائی ہے۔ ملازم پیشہ افراد کو ان دنوں خوشخبری مل سکتی ہے سفر کرنا بھی فائدہ ثابت ہوگا لیکن ایک نقصان ابھی تک آپ کے سر پر کھڑا ہے یا نافع کا ورد 114 بار بعد نماز فجر ایک ہفتہ تک کریں۔ یہ نقصان نفع میں تبدیل ہو سکتا ہے۔ اچانک مہمانوں کی آمد ہو سکتی ہے۔ **خواتین** کچن میں کام کرتے وقت احتیاط برتیں نقصان کا اندیشہ ہے۔
(17 تا 25) وہ کام جن کو آپ نے التواء میں رکھا ہوا تھا ان دنوں میں مکمل کر لیں۔ صحت کا خاص خیال رکھیں اس ہفتہ کچھ **ناکامیاں** بھی ہو سکتی ہیں لیکن اپنی ذہن پر کسی بھی ایسی بات کو سوار نہ ہونے دیں مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ حالات بہتری کی طرف آ سکتے ہیں۔ ملے جلے رنگوں کا استعمال کریں۔ اگر آپ کسی محکمہ میں ملازم ہیں تو آفس کے پردوں کا رنگ تبدیل کر لیں اور ملے جلے رنگ استعمال کریں۔ نیلے رنگ سے گریز کریں نقصان سے بچ سکتے ہیں۔
(26 تا 31) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر عطارد تربیع مشتری بن رہی ہے۔ مشتری آپکے برج کا حاکم سیارہ ہے۔ غیر ملکی سفر کے سلسلہ میں رکاوٹوں اور تاخیر کا حائل ہونا نظر آتا ہے۔ بہت احتیاط سے وقت گزرنا ہوگا۔ جادو کے اثرات تیزی سے اثر کر سکتے ہیں۔ ان اثرات سے بچنے کیلئے روحانی بزرگ سے ملاقات ضروری ہے تاکہ آنے والے خدشات کو دور کیا جا سکے۔ **کاروباری ترقی** کاروباری معاہدے یا نیا کاروبار کرنا آپکے حق میں بہتر نہ ہوگا۔ کوشش کریں ان ایام میں منگنی یا نکاح کی کوئی تقریب نہ کریں۔ سیر و تفریح کا اگر کوئی پروگرام بنایا ہوا ہے تو فی الوقت ملتوی کر دیں۔ صدقے کا خاص اہتمام کریں۔

عبداللطیف بلوچ نیوز ایجنسی، قنوان چوک مظفر گڑھ۔ 0300-6863431 ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

اگست (یکم تا 8) ان ایام میں رُکے ہوئے کاموں کو آسانی سے حل کر سکتے ہیں۔ اپنے مقاصد کی تکمیل ہو سکتی ہے اعتبار کرنا اچھی عادت ہے لیکن یاد رکھیں حد سے زیادہ اعتبار بھی نقصان کا باعث ہے۔ **کاروباری معاملات** بگڑتے جا رہے ہیں۔ کاروبار کو بڑھانے کا یہ مناسب وقت نہیں لین دین سے بھی گریز کریں۔ گہرا رنگ کپڑوں اور بیڈ شیٹ میں استعمال نہ کریں جتنا ہو سکے محنت کریں یہی ایام آپکو بعد میں فائدہ دینگے۔ اہل خانہ کے ساتھ نرم رویہ اختیار کریں۔ سفر اور کاروبار کے دوران **فضول گفتگو** سے پرہیز کریں۔ والدین کی صحت جسمانی کا خاص رکھیں اس وقت اُنکو آپکی سخت ضرورت ہے۔

(9 تا 16) ان ایام میں کاروباری حالات بہتر ہونگے گھریلو اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ طبیعت میں خوشگواری پیدا ہو سکتی ہے۔ معاف کرنا صفت باری تعالیٰ ہے آپ اس شخص کو معاف کر دیں جس کی وجہ سے آپ دُکھ میں مبتلا ہیں ایسا کرنے سے طبیعت میں سکون محسوس کریں گے۔ **اہم فیصلہ** بہت آسانی سے کر پائیں گے پسندیدہ دوستوں سے معاملات شیئر کریں حالات بہتر ہونگے ایک شخص آپکی خوشامد کر کے اپنا فائدہ حاصل کرنا چاہتا ہے احتیاط برتیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ عطارد تثلیث مشتری کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ گھریلو یا دفتری معاملات طے کرتے وقت جذبات کا مظاہرہ نہ کریں ورنہ بننے کا موں میں روکاوٹیں حائل ہونگی اس ہفتہ مالی امور احتیاط کے طالب ہیں۔ یہ ایام **لین دین** کے معاملات میں دوسروں کا حکمی اعتماد نقصان دہ ثابت ہوگا دوسروں کی **مالی اعانت** بھی نقصان دہ ثابت ہوگا **ازدواجی امور** کی انجام دہی بھی بطریق احسن ہوگی۔ گھریلو پریشانیوں نقصان دہ ثابت ہو نگی آپکی اور اہل خانہ کی صحت جسمانی خراب ہونے کا اندیشہ ہے کسی بھی مسئلہ کو ذہن پر سوار نہ کریں بزرگوں کی مدد سے اپنے مسائل آسانی سے حل کر سکتے ہیں۔

(26 تا 31) زہرہ مشتری مقابلہ کی وجہ سے جائیداد یا زمین، پلاٹ کی خرید فروخت فائدہ نہ دیگی۔ والدین یا بزرگوں سے بھی مالی فوائد حاصل کرنے کا اچھا وقت نہیں ہے۔ ان ایام میں صدقہ کیلئے زیر زمین پیدا ہونے والی اشیاء دینا مناسب رہیگا۔ اس صدقے کی برکت سے روزگار میں اضافہ ہوتا ہے۔ **انعامی اسکیموں** میں حصہ لینا بھی نقصان کا باعث ہو سکتا ہے۔ اپنے اخراجات کو کنٹرول کرتے ہوئے آئندہ کی بہتری کیلئے اقدامات کریں۔ کسی قریبی عزیز سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ اپنے ماتحت افراد پر زیادہ اعتبار نہ کریں۔ والدین کی جانب سے صدمہ مل سکتا ہے۔ بزرگوں کی صحت کا خیال رکھیں۔

ستمبر (یکم تا 8) آئندہ ہفتہ 13 ستمبر کو آپ کے برج کا حاکم سیارہ برج جدی میں حالت مستقیم اختیار کر رہا ہے۔ رُکے ہوئے معاملات بہتری کی جانب آنا شروع ہو جائینگے۔ لیکن احتیاط کی اب بھی ضرورت ہے کیونکہ آئندہ دو ہفتہ تک اب بھی خطرے سے آپ باہر نہیں نکلے۔ قرض لینے یا دینے کیلئے اچھا وقت نہیں ہے۔ احتیاط بہتر ہے۔ اپنی **طاقت** کھونے کے بعد یہ سیارہ سابقہ قوت پر بحال ہوگا۔ اس کی استقامت کے ثمرات اسی ہفتہ ملنا شروع ہو جائینگے۔

(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تثلیث مشتری قائم ہو رہی ہے۔ جو لوگ عرصہ دراز سے انعامی اسکیموں میں حصہ لے رہے تھے۔ اس ہفتہ قسمت آزمائی کر سکتے ہیں۔ لکی عدد 31,36 ہیں۔ کہیں سے مفت کی دولت مل سکتی ہے۔ ذرا سی کوشش سے بڑا مالی فائدہ ہو سکتا ہے۔ قیمتی اشیاء چوری ہو جانے کا اندیشہ ہے آپ کو احتیاط کی ضرورت ہے۔ بزرگ کی بات مان لینے میں ہی آپ کا فائدہ ہے۔ **اختلافات** ختم کر دیں اور ان کے سامنے سر کو جھکا دیں ورنہ نقصان ہو سکتا ہے کہ جس کا آپ کو اندازہ ہی نہیں۔ **قیمتی اشیاء** کی خریداری کیلئے یہ ہفتہ بہتر رہیگا۔ چھٹیوں میں سیر و تفریح کا پروگرام بنا سکیں گے طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو پورا کرنے کیلئے تعلیم پر پوری توجہ دیں۔ اہل خانہ کے ہمراہ زیادہ وقت گزارنے سے **پریشانیوں** میں کچھ کمی آئیگی۔

(17 تا 25) عطارد تربیع مشتری کی نظر قائم ہو رہی ہے جو کہ بہت زیادہ نحس ہے آئندہ دنوں میں چند پرانے دوست زندگی سے نکل جائینگے۔ حالات کے تحت جو نئے دوست پیدا ہوں گے۔ آپ کی زندگی پر ان کا خاصا اثر ہوگا۔ سیارہ مشتری **خوش بختی** کا سیارہ ہے۔ مگر اس ہفتہ نحس ہو گیا ہے یہ ہفتہ آپ کیلئے **نحس** ثابت ہوگا۔ اس دوران ملازمت میں ترقی اور کاروبار میں بھی **نقصان** ہو سکتا ہے۔ الیکٹرانک اشیاء کی خریداری کیلئے بہتر ایام نہ ہیں۔

(26 تا 30) ان ایام میں ایک قریبی شخص آپکی **بد نامی** کا سبب بن سکتا ہے بہتر ہے کہ وقتی طور پر اس سے علیحدگی اختیار کر لیں کوشش کریں کہ ان دنوں غصہ کو کنٹرول کر لیں۔ اپنے سابقہ پروگراموں کو عملی جامہ پہنائیں **اہم فیصلے** کرنے کیلئے مناسب دن ہیں دیگر کاموں کو بدستور جاری رکھیں لفظوں میں مٹھاس پیدا کریں۔ **جلد بازی** میں کیا گیا فیصلہ کبھی درست ثابت نہ ہوگا دوست اور دشمن کی پہچان کریں۔ رومانوی اثرات غالب رہ سکتے ہیں

اکتوبر (یکم تا 8) اس ہفتہ شادی میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے نیا کام شروع کرنے سے قبل صدقہ لازمی دیں۔ کوشش کریں کہ قریبی ساتھی سے **غلط فہمی** پیدا نہ ہو یاد رکھیں مصیبت پریشانی بتا کر نہیں آتی۔ اپنی کمزوریوں کو ظاہر نہ ہونے دیں خصوصاً بہن بھائیوں سے تعلقات بہتر بنائیں۔ ان ایام میں محتاط رہیں۔ مزدوروں پلمبروں اور آرائش وغیرہ کا کام کرنے والوں کو کام کیلئے رکھنے سے پہلے گئی دوستوں سے مشورہ ضرور کریں چوری کا اندیشہ ہے۔

(9 تا 16) ان ایام میں **مستقبل** میں بہتر زندگی گزارنے کیلئے ایک اچھا اور بہتر موقع آپ کے ہاتھ میں آئیگا۔ بے روزگار افراد صاحب روزگار ہو سکتے ہیں۔ فضول جگہ پر رقم کو ضائع نہ کریں **اخراجات** کو کنٹرول میں کریں۔ حالات خرابی کی طرف جا سکتے ہیں۔ جہاں اشد ضرورت ہو وہیں خرچ کریں۔ اس ہفتہ ایک نیا دوست آپکے قریب آنے کی کوشش کریگا لیکن احتیاط یہ کرنا ہوگی کہ حد سے زیادہ اس پر اعتبار کرنا آپ کیلئے نقصان کا باعث بنے گا۔

ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات — سعید بک ڈپو، ہارون آباد۔ 0346-7552248

(17 تا 25) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تثلیث مشتری قائم ہو رہی ہے انعامی اسکیموں، لاٹری وغیرہ سے حتی الامکان گریز کریں آمدنی کے ساتھ ساتھ **خرچ** کی زیادتی کا امکان ہے۔ مالی نقصان کا بھی خطرہ ہے اپنی اولاد کی صحت کا بھی خاص خیال رکھیں کاروبار میں **خیر و برکت** رہے گی۔ اس ہفتہ اگر کہیں سے روپیہ وصول کرنا ہے تو تاخیر کے لیے تیار رہیں قریب قریب خاص طور پر محتاط رہیں اگر جلد بازی کی تو مشکل میں پھنس جائیں گے۔

(26 تا 31) ان ایام میں اگر آپ کاروباری ہیں تو کچھ نقصان سے دوچار ہونا پڑیگا اور اگر آپ کا تعلق ملازم پیشہ افراد سے ہے تو **افسران بالا** کی جانب سے اچھی خاصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ یہ وقت انعامی سکیموں میں حصہ لینے کیلئے اچھا نہیں ہے ایسا کرنے سے آپ اپنا نقصان کر بیٹھیں گے۔ کسی حادثہ کی وجہ سے **مالی نقصان** ہوسکتا ہے۔ اگر اس ہفتہ آپ کا ارادی کسی دوسرے شہر میں سفر کرنے کا ہے تو فی الوقت اپنے پروگرام کو ملتوی کر دیں اور آئندہ ہفتہ نیا شیڈول ترتیب دیں۔ پریشانی زیادہ ہونے کی وجہ سے سر میں درد ہوسکتا ہے۔ لیکن دوسروں کی باتوں میں آ کر آپ اپنا بلڈ پریشر ہائی نہ کریں۔

نومبر (یکم تا 8) اس ہفتہ کیا گیا سفر باعث برکت رہیگا شریک حیات کے ساتھ بھی تعلقات بہتر ہونگے۔ اپنا دھیان عبادت الہیٰ کی جانب رکھیں کچھ **فضول لوگ** آپکے خلاف باتیں کر رہے ہیں۔ آپ ان باتوں پر دھیان نہ دیں۔ آپ اپنی بہتری کے متعلق جو کچھ سوچ رہیں ہیں وہ درست ہے۔ ایک قریبی شخص آپ کو دھوکہ دینا چاہتا ہے۔ **بہت احتیاط** برتنا ہوگی اپنی رقم محفوظ رکھیں۔ سفر پر جانے سے قبل اہم اشیاء کو تالے میں رکھ کر اپنی تسلی کر لیں۔ دشمن اب بھی آپ کی ٹوہ میں ہے اپنی کمزوریاں ان لوگوں میں بیاں نہ کریں جن کیلئے بظاہر آپ اہم ہیں ورنہ ایک **بدنامی** آپ کے سر آ جائیگی۔

(9 تا 16) اس ہفتہ اہم نحس اہم نظر زہرہ تربیع مشتری قائم ہو رہی ہے۔ اس نظر کے تحت بگڑے ہوئے حالات مزید بگڑ سکتے ہیں طبیعت میں چڑچڑا پن پیدا ہوسکتا ہے۔ لیکن آپ بہتر **حکمت عملی** سے ان مشکل حالات کو کنٹرول کر سکیں گے۔ آمدن کے مقابلہ میں اخراجات کی زیادتی ہوگی۔ دوسروں سے وابستہ خواہشات کی تکمیل ہو سکے گی۔ غیر شادی شدہ افراد محبوب کو ان ایام میں تحفہ دیں تو ان کی **قدر و تعظیم** میں اضافہ ہوگا۔ صدقہ ضرور دیں۔

(17 تا 25) ایک طویل گردشی دور گزارنے کے بعد آپ کے برج میں تبدیلیوں کا حاکم سیارہ نیپچون اس مستقیم ہو رہا ہے، ان اثرات کے تحت طالب علم اپنی **تعلیمی کمی** کو دور کر سکیں گے شراکت کے کاروبار میں **منافع** حاصل کر سکیں گے۔ کسی عزیز سے اچانک ملاقات سے کاروبار میں بہتری ہو گی ان کے تجربہ سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔ اپنی منزل مقصود کو حاصل کرنے کیلئے آپ کو سخت محنت درکار ہوگی۔ شر پسند عناصر کی ریشہ دوانیوں سے بچیں۔ ٹریفک کے امور احتیاط طلب ہونگے قانونی امور میں آپ کی مصروفیت بڑھنے کا امکان ہے کسی اہم فیصلے کا نتیجہ آپ کے حق میں نہ ہو سکے گا۔ ذہنی پریشانی میں اضافہ ہوگا۔

(26 تا 30) کاروباری اغراض و مقاصد کے تحت کیا جانے والا سفر کامیاب ثابت ہوگا۔ معاملات عشق و محبت روان چڑھیں گے۔ **عاشق و معشوق** کے **مابین مفاہمت** بڑھے گی۔ تجدید مراسم کی کوشش کامیاب ثابت ہوگی۔ نئی سودے بازی یا انعامی اسکیموں سے **کچھ فائدہ** ملے گا۔ اولاد سے متعلقہ امور حسب منشاء ہونگے اس سلسلہ میں **تصفیہ طلب** امر کا فیصلہ آپکے حق میں ہوگا۔ اس ہفتہ عطارد تثلیث مشتری کی خاص اہم نظر قائم ہو رہی ہے۔

دسمبر (یکم تا 8) ازدواجی معاملات بہتری کی جانب آ جائیں گے **آمدنی** بڑھے گی ایک موقع اس ہفتہ ملے گا اور آپکو اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے رواں ہفتہ کے درمیانی ایام آپ کیلئے خوشخبری لا سکتے ہیں۔ یہ خوشخبری مالی بھی ہوسکتی ہے اور کسی **مقصد** میں کامیابی کی جانب اشارہ بھی ملتا ہے۔ شریک حیات سے **تعلقات** خلاف توقع بہتر ہونگے معمولی باتوں کو درگزر کر دیں۔ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت سے بھی فائدہ مل سکتا ہے۔

(9 تا 16) ان ایام اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس مشتری قائم ہو رہی ہے لیکن حاصل ہونے والی رقم کا انعامی اسکیموں یا فضولیات میں ضائع نہ کریں۔ اس ہفتہ نئی عمارت کی تعمیر یا جائیداد کی خرید فائدہ مند ثابت ہوگی۔ کام کی زیادتی کی وجہ سے اس ہفتہ تھکن کا احساس زیادہ ہوگا۔ گرم اشیاء کے استعمال پر توجہ دیں۔ موسم کے مطابق غذاء کا استعمال کریں۔ اگر احتیاط نہ کی تو لمبے عرصے تک مرض سے آپ کی جنگ رہے گی۔ دل و دماغ کو صاف کر لیں۔ روحانیت کی طرف دل کو لائیں اس ہفتہ عدالتی امور بہتر طور سے انجام پائیں گے۔ **لین دین** کے معاملہ میں کوئی بھول نہ کریں بات بات پر جذبات میں نہ آئیں۔

(17 تا 25) مبارک ہو اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ گردشی دور سے باہر نکل چکا ہے۔ اس سعد برج میں اس کا قیام 14 مئی 2021ء تک ہے لہذا اب آپ اپنے رُکے ہوئے امور کو انجام دے سکتے ہیں۔ **پریشانی سے بچنے** کیلئے صدقہ دیں کوشش کریں جتنا جلدی ہو سکے اپنے رکے ہوئے کام مکمل کر لیں سعد وقت آپ کے ہاتھ میں ہے۔ **وقت کی قدر** کریں کیونکہ خوش بخت دور شروع ہو چکا ہے۔ نیا کاروبار شروع کر سکتے ہیں۔

